استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا تھا کہ بعد میری امت کے تہتر فرقے ہو جائینگے ایک ناجی اور سب ناری ہونگے آیا ناری سے مراد کفار ہین یا مسلمان فاسقان کہ بسبب عصیان کے دوزخی ہو جائینگے بعضے صاحب فرماتے ہین کہ رافضی کہ شیخین کی شان مین بے ادبی کرتے مین کافر ہو گئے بعضے کہتے ہین کہ سب اہل ہوا کافر ہین ایک فرقہ مسلمان ہے جسکو اہل سنت وجماعت کہتے ہین اور بعضے صاحب فرماتے ہین کہ رافضی کی توبہ

قبول نہین بلکہ اوسکا قتل کرنا واجب ہے جو شرع شریف مین لکہا ہو ارقام فرمائین

بینوا توجروا

جواب کتابون عقائد اور فقہ مین اسطرح لکہا ہے کہ بہتر فرقہ جو اہل ہوا ہین
ایک بہی کافر نہین ہے چنانچہ عبارۃ اون کتابون کی جو یہان موجود ہین بعینہ
مسئلہ ذیل مین لکہی جاتی ہین اور عبارت فتاوی کی سب آنکہین کفر ہے اوسکا
بہی جواب لکہا جاتا ہے بغور ملاحظہ فرماوین بلکہ اعتقاد کفر کا اہل ہوا جو بدستے
ہین اونکی طرف رکہنا بہی کفر ہے اول تو یہ ہے کہ تمہید ابو الشکور سلمی مین
لکہا ہے کہ جو حدیث شریف تفرقہ امت مین وارد ہوئی ہے اوسمین اختلاف
ہے چنانچہ ایک روایت مین لکہا ہے ستفترق امتی من بعدی ثلثۃ و
سبعون فرقۃ کلہم فی النار الا واحدۃ اور روایت دوسری مین کلہم فی الجنۃ الا واحدۃ
قیل ما تلک الواحدۃ فقال صلی اللہ علیہ وسلم القدریۃ بغور ملاحظہ فرماوین
کہ کفر دونون حدیثون سے ثابت نہین ہوا بلکہ دوسری حدیث سے جنتی ہونا
ثابت کیا ہے کفار کے واسطے کہین بہی لفظ آیا ہے اور کیسی عالم نے اونپر
حکم جزیہ یا استرقاق بسبب کفر کے لکہا ہے اور دوسرے ایک مقام پر لکہا
ہے اعلموا ان الذین مع الجماعۃ والجماعۃ هو اهل السواد الاعظم والسواد
الاعظم بین الجبر والقدر وبین التشبیہ والتعطیل وبین النصب والرفض
وسئل ابو حنیفۃ رح عن السنۃ والجماعۃ فقال لا نصب لا رفض لا جبر
لا قدر لا تشبیہ ولا تعطیل وروی عن ابی حنیفۃ انہ قال شہادۃ اهل
الاهواء مقبولۃ فاذا قبل شہادتہ دل انہ اسلم وروی عن محمد بن الحسن رح
انہ قال الصلوۃ خلف المبتدع جائز الا انہ یکرہ ولانہ اعتقد البدعۃ
علی زعم انہ حق وہو ضلال والثانی انہ اول فی ذلک واستحل التاویل

فلا تکلف تمہید اور جاننا چاہیے کہ بہتر فرقہ جو کتاب توضیحات مین ہین جنکا احوال مرقوم
ہے اونسین بہی کئی فرقہ مثل شاخون کے ظاہر ہوئے ہین چنانچہ فرقہ
تناسخیہ چار قسم ہوکر پہر چوراسی قسم ہوگئے چنانچہ تفصیل اوسکی بہی تمہید
مین موجود ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اور بہی ہر فرقہ مین اقسام ہوئے
جو شخص جس فرقہ کا کام کریگا اوسی مین شمار کیا جاویگا چنانچہ فرقہ
وہابیین کو معتزلہ کہتے ہین اب تفصیل فرقون اور بیان ہر ایک کی بدعت کا موجب
طول ہے غرض سائل جو ہے سب شیخین کفر ہے یا نہین اور توبہ اوسکے
قبول یا قتل اونکی توبہ سے اسکا جواب لکہنا مقصود ہے شرح فقہ اکبر مین
لکہا ہے سب الشیخین لیس بکفر کما صحح ابو الشکور السلمی فی تمہیدہ
وذلك لعدم ثبوتہا مبناہ وعدم تحقیق معناہ فان سب المسلم فسق
کما فی حدیث ثابت رح فیستوی الشیخان وغیرہما فی ہذا الحکم ولانہ
لو فرض ان احدا قتل الشیخین بل والختنین ایضا الجمیع لا یخرج عن کونہ
مسلما عند اہل السنۃ والجماعۃ ومن المعلوم ان السب دون القتل نعم
لو استحل السب او القتل فہو کافر لا محالۃ وعلی تقدیر ثبوت الحدیث یجب ان یؤول
بما اول حدیث من ترك الصلوۃ متعمدا فقد کفر ای مستحلا للترك
اور دوسری جگہہ شرح فقہ اکبر مین لکہا ہے کہ جمع کرنا دونون کا مشکل ہے
ایک تو یہہ اہل قبلہ کافر نہین ہین چنانچہ سب فقہا اور متکلمین کا بہی یہ قول ہے
اور دوسری عبارت فتاوی کی کہ سب شیخین کفر ہے وجہ اشکال کی بیان
کرکے پہر جواب لکہتا ہے یدفع الاشکال بان نقل کتب فتاوی مع جہالۃ
قائلہ وعدم اظہار دلائلہ لیس بحجۃ من ناقلہ اذ مدار الاعتقاد
فی المسائل الدینیۃ علی الادلۃ القطعیۃ علی ان فی تکفیر المسلم تردد

والحذه لا وجود له في اصل الجواهرة وانما وجد على هامش بعض النسخ فالحق
بالاصل مع انه لا ارتباط له بما قبله انتهى اصل حال مسئلہ کا یہ ہے کہ جس زمانہ
مین بحر اور اشباہ تصنیف ہوئی تھی تو مصنف بحر و اشباہ نے لکھا تہا سب الشیخین
کفر لا تقبل توبتہ اس زمانے مین بہائی مصنف کا جسنے نہر الفائق شرح
کنز الدقائق تصنیف کی ہے جسکا نام عمر بن نجیم ہے اور چند علماء شہر مثل
شیخ امین الدین عبد العال وغیرہ جمع ہوکر آئے اور دریافت کیا کہ یہ مسئلہ
سب الشیخین کفر کا کہان سے لکھا ہے کہا جوہرہ سے لکھا ہے جو قدوری کی
شرح ہے علماؤن نے جوہرۂ نیرہ طلب کیا تو جواب دیا کہ میرا جوہرہ اگلی جگہ
اور شہر مین سے جوہرہ منگوا کر ہرچند دیکھا یہ مسئلہ نپایا کہا کون سی جگہہ سے
نقل کیا تہا مقام بتلایا تو عبارت جو بحر مین تھی اوس سے ملا کر دیکھا تو جوہرہ کے
اول اور آخر سے ملا دیا لکھا یا مسئلہ کی وہین خطا ظاہر ہو گئی وقال السید الحموی
فی شرح الاشباہ حکی عن عمر بن نجیم ان اخاہ لما افتی بذلک فطلب النسخ عن کونہ
فلم یوجد الا علی طریق الجوهرة اور سید حموی نے اوسی عبارت کے القیل نعم
واقول على فرض ثبوت ذلك في عامة نسخ الجواهرة لا وجه له يظهر فما قدمنا
من قبول توبته من سب الانبياء عندنا خلافا للمالكية والحنابلة واذا كان
كذلك فلا وجه للقول بعدم قبول توبته من سب الشيخين بل لم يثبت ذلك
عن احد من الائمة فيما اعلم بالفرض اگر ہم کفر مانلین جب بھی یہ لازم نہین آتا ہے
کہ اسکی توبہ قبول نہین اور حکم کرنا ساتھ کفر کے بہت مشکل ہے اختیار مین لکھا ہے
اتفق الائمة على تضليل اهل البدع اجمع وتخطئتهم وسب احد من الصحابة
وبغضه لا يكون كفرا لكن يضلل وذكر في فتح القدير ان الخوارج الذين يستحلون
دماء المسلمين واموالهم ويكفرون الصحابة حكمهم عند جمهور الفقهاء

واهل الحدیث حکم البغاة خیال کیجیے کہ خوارج جو سب سے زیادہ بدعتین
ہین چنانچہ درمختار سے مذکور ہوا اونکے واسطے بھی حکم کفر کا نفرمایا قال ابن
وهو اعرف کلام المجتهدین نعم یقع فی کلام اهل المذهب تکفیر کثیر
ولکن لیس من کلام الفقهاء الذین مجتهدون بل من غیرهم ولا عبرة
لغیر الفقهاء بہت تفصیل سے ردالمحتار جو شرح درالمختار ہے مسئلہ ثابت کی ہے جس صاحب کو زیادہ تحقیق منظور ہو دیکھ لیوے طول کے سبب سے
یہان نہ لکھا بلکہ چند باتین ضروری نقل کردین اور ردالمحتار مین لکھا ہے
ولم یعلل احد بعدم قبول شهادتهم بالکفر کما تری نعم استثنوا الخطابیة
لانهم یرون شهادة الزور لاشیاعهم او للحالف وکذا نص المحدثون
علی روایة اهل الاهواء فهذا فی من تسبب عامة الصحابة وتکفر
بل له فاسد فاعلم ان ما ذکره فی الخلاصة من انه کافر قول
مخالف للمتون والشروح بل هو مخالف لاجماع الفقهاء کما
سمعته وقد الف العلامة ملا علی قاری رسالة فی الرد علی الخلاصة
ولهذا نعلم قطعا ان ما عزی الی الجوهرة من الکفر مع عدم قبول التوبة
علی فرض وجوده فی الجوهرة باطل لا اصل له ولا یجوز العمل به وقد
مر انه اذا کان فی المسئلة خلاف ولو روایة ضعیفة فعلی المفتی ان یمیل
الی عدم التکفیر فکیف یمیل هنا الی التکفیر المخالف للاجماع فضلا عن میله
الی قتله وان تاب وقد مر ایضا ان المذهب قبول توبة ساب الرسول صلی الله
علیه وسلم فکیف ساب الشیخین والعجب من صاحب الجوهرة حیث تساهل
غایة التساهل فی الافتاء بقتله. ردالمحتار شرح درمختار مصنف درمختار
نے کہین اہل اہوا کو کافر نہین لکھا بلکہ باب الحیض مین لکھا ہے کہ لا یفتی بکفر

مسلم کان فی کفرہ خلاف ولو روایۃ ضعیفۃ اور دوسری جگہہ لکہا ہو
اذا کان فی المسئلۃ وجوہ یوجب الکفر وواحد یمنع فعلی المفتی المیل لما یمنع
تعجب ہے صاحب علم سے کہ باوجود این دلائل قویہ مائل باسلام دلیل ضعیف
کو ترجیح دیکر کفر ثابت کرے اور بیباکانہ حکم دیوے کہ توبہ ہی اوسکی قبول نہین بلکہ
قتل اسکی توبہ ہی ظاہر ہے کہ گویا سب علماء کے قول کا انکار ہے در مختار مین
لکہا ہے منکر الاجماع کافر اور تمہید ابو الشکور سلمی مین لکہا ہے من قال لاخوہ
یا کافر او شہد بالکفر علی مؤمن فانہ یصیر کافرا وروی عن النبی صلی اللّٰہ
علیہ وسلم انہ قال من شہد علی امتی بالکفر فہو اولی بہ اہل اہواء جو تہتر
فرقہ مین داخل اسواسطے جو حدیث شریف التفریق امت مین وارد ہوئی ہے
اوسمین لفظ امتی ہے امت حضرت موسی اور حضرت عیسی کا شمار اس مین بہت
کرکے نہین فرمایا تہا اونکے واسطے اور حدیث ہے انہ قال صلی اللّٰہ علیہ وسلم
ان بنی اسرائیل تفرقت بعد موسی علی احدی وسبعین فرقۃ وبعد عیسی
اثنین وسبعین فرقۃ وستفرق امتی من بعدی ثلثۃ وسبعون فرقۃ اگر سب
فرقہ امت محمد صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی مع اصناف کفار شمار کرینگے تو تہتر فرقہ کیونکر
ہونگے پس اگرچہ کفار بہی امت دعوت ہین پس معلوم ہوا کہ مراد امت سے
امت اجابت ہے جنہون نے اسلام قبول کیا تہا المراد بالامۃ من جمیعہم دائرۃ
الدعوۃ من اہل القبلۃ لانا اضافہ الی نفسہ فی الاکثر ما ورد فی الحدیث
علی ہذا الاسلوب فالمراد بہ اہل القبلۃ ولو ارید بہا امۃ الدعوۃ تتناول
بہا اصناف الکفر فکیف یکون تفریق الامۃ الی ثلث وسبعین خدا وند تعالی
غفور الرحیم اور تواب الرحیم ہے اوسکی رحمت کا منکر نہونا چاہیئے توبہ سبکی قبول
ہے اگرچہ پیغمبر ونکی جناب مین بے ادبی کی ہو اوسکی توبہ بہی قبول ہے چنانچہ

ردالمحتار شرح درالمختار سے مذکور ہوا صفة الرحمة لا تتغير وان تغير
احوال الامة اور نیک کام بھی برائی کو دور کرتے ہیں کقوله تعالیٰ ان الحسنات
یذھبن السیئات واللہ اعلم بالصواب۔ المجیب عبد الحی ابن فضل العلماء
والفضلاء مولانا محمد عبد الحلیم افاض اللہ علینا من کمالہ

ہو المصوب۔ فی حدیث ستفترق امتی ثلث وسبعین فرقة میں مراد امت
اجابت کہ عبارت اہل اسلام سے ہے نہ امت دعوت علامہ دوانی شرح عقائد
عضدیہ میں لکھتے ہیں ای امة الاجابة وهم الذين آمنوا بالنبي صلی اللہ علیہ
وعلی آلہ وسلم هو الظاهر فان اکثر ما ورد فی الحدیث علی هذا الاسلوب
اراد به اهل القبلة انتهى اور سب شیخین موجب کفر نہیں ہے ابو شکور سلمی تمہید میں
لکھتے ہیں کلام الروافض مختلف فبعضه يكون كفرا وبعضه لا فلو قال ان
[illegible] انما نزل من السماء كفر ولو قال النبوة كانت لعلي وجبرئيل اخطأ
[illegible] ومن قال ان عليا افضل من رسول الله صلى الله عليه وسلم فهذا
كله كفر واما الذي يكون بدعة ولا يكون كفرا فهو قولهم ان عليا كان
افضل من الشيخين ومنهم من قال يجب اللعن على من خالف عليا
كعائشة ومعاوية وهذا كله وما شابهه بدعة ليس بكفر لانه صادر عن تاويل
انتهى اور مولانا عبد العلی رح شرح مسلم الثبوت میں لکھتے ہیں الصحيح عند الحنفية
ان الروافض ليسوا بكفار والوجه فيه ان مذهبهم وتعصبهم ما وقعوا فيها
منهم لتهمهم على الدين المحمدي ولان كان زعمهم هذا باطلا ولم يكذبوا احمد صلى الله
عليه وسلم في زعمهم فهم غير ملتزمين بالكفر والتزام الكفر كفر دون لزومه
انتهى ملخصا ہرگاہ روافض کا کافر نہ ہونا ثابت ہوا تو پھر قبول کرنے میں شک
نہیں رہا اور اگر بالفرض والتقدیر روافض کافر ہوں اس صورت میں بھی

انکی توبہ قبول ہونے کی کوئی وجہ نہین ہے مقام غور ہے کہ جو شخص مشرک ہو اور اللہ جل شانہ کا شریک بناتا ہو اگر وہ توبہ کرے قبول ہو جاوے کیا روافض مشرک سے بدتر ہو گئے کہ توبہ انکی قبول نہو گی اور صاحب بحر نے جو بحر سے جو مسئلہ عدم قبول توبہ روافض کا نقل کیا ہے وہ غلط ہے قابل التفات کے نہین کیونکہ منافی ہے نصوص قرآنیہ کے قال اللہ تعالی ان اللہ یغفر الذنوب جمیعا انہ ھو الغفور الرحیم واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی اللکھنوی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی وحفظہ عن موجبات الغی ابن المرحوم مولانا محمد عبد الحلیم ادخلہ اللہ فی دار النعیم

فی الواقع حدیث افتراق امت مین ناری سے مراد مسلمین فاسقین ہین کہ بعذاب عصیان سے دوزخ مین جاوینگے اور روافض کہ حضرات شیخین رضی اللہ عنہم کی شان مین تبرا کرتے ہین اور اسیطرح سب اہل ہوا کافر نہین ہین اور توبہ انکی مقبول ہے کما دل ان قول ابی حنیفۃ انہ لا یکفر احد منہم وفی شرحہ الکمال ان عدم تکفیرہم هو المنقول عن جمہور المتکلمین والفقہاء وان الشیخ الاشعری قال ان الاسلام یعمہم واللہ علیم بالصواب وبیدہ الھدایۃ وحسن الثواب حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم غفر لہ العلی الرب الحکیم

مسئلہ

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین بیچ مقدمہ حلت وحرمت ہدہد کے صاحب کتاب حیوۃ الحیوان وصاحب فتاوی برہنہ اسکو حرام اور مکروہ لکھتے ہین اور صاحب غایۃ الکلام وتمییز الکلام نے ہدہد کو حلال لکھا ہے پس مذہب امام اعظم مین یہ حلال ہے یا حرام فتوی حسب مذہب سے اطلاع فرمایئے۔

ہو المصوب ہدہد بمذہب حنفیہ حلال ہے اور کتب معتبرہ مین حرمت اسکی مذکور نہین خزانۃ المفتین مین ہے اکل الخطاف والہدہد وکل ذی طوق یباح

کتاب الحظر والاباحة

انتہی اور بزازیہ مین ہے اکل الهدهد لا باس به وکذا لا باس بالخطاف والقمری
وکل ما لیس له مخلب یختطف به انتہی اور ظہیریہ مین ہے اکل الخطاف
والصلصل والهدهد لا باس به لانها لیست من الطیور التی هی ذوات
مخلب انتہی اور قنیہ مین واقعات ناطفی سے منقول ہے لا باس باکل الهدهد
انتہی اور رحمۃ الامۃ فی اختلاف الائمۃ مین ہے اتفق الائمۃ الثلثۃ علی
تحریم کل ذی مخلب من الطیور وکذا ما یاکل الجیف واما غیر ذلک من الطیور
فکله مباح بالاتفاق المشهور انه لا کراهة فی ما نهی عن قتله کالخطاف والهدهد
والخفاش والطاؤس له عند الشافعی انتہی پس ان عبارات سے صاف
واضح ہوا کہ ہدہد بمذہب حنفی حلال ہے بغیر کراہت اور مصنف حیوۃ الحیوان
شافعی ہے اوسنے موافق اپنے مذہب کے تحریم لکھی ہے اور فتاوی برہنہ کا
مقابلہ کتب معتبرہ کے ساتھ نہین ہو سکتا ہے جبکہ کتب معتبرہ سے حلت ثابت
ہے تو فتاوی برہنہ مین جو ہے غیر مقبول ہوگی واللہ اعلم حررہ

محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتاء ما ایک محلہ ویران مین دو مسجدین تہین اونمین سے ایک مسجد بارش مین بالکل منہدم ہوگئی اور ایک مسجد قریب اوسکے باقی ہے اور اہل محلہ وہان کے اکثر اہل تشیع ہین اور وہ محلہ بہی بالکل گر گیا ہے اور کوئی صورت آبادی محلہ کی معلوم نہین ہوتی ہے پس اس صورت مین اسباب مسجد منہدمہ کا لیکر دوسری جگہہ کسی مسجد کی مرمت مین صرف کیا جاوے خواہ دوسرے محلہ آباد مین اوسی اسباب سے کوئی مسجد تعمیر کیجاوے جائز ہے یا نہین بینوا توجروا

هو المصوب بعض فقہا مثل قاضیخان اپنے فتاوی مین اور ملا خسرو درر مین اور غزی تنویر الابصار مین ایسی صورت مین لکھتے ہین کہ جب مسجد خراب

کتاب الصلوٰۃ

ہوجاوے یہ اور اوسکی آبادی کے کوئی صورت نہو وے اوسکے اسباب کا نقل
کرنا دوسری مسجد کی مرمت کے واسطے جائز ہے لیکن مفتیٰ بہ یہ ہے کہ جائز نہین
کیونکہ اسباب مسجد منہدمہ کا وقف ہے اور وقف مین کسیطرح کا تصرف جائز نہین
اہل اسلام کو لازم ہے کہ بقدر ہمت و وسعت اوسی مسجد منہدمہ کی تعمیر کردین اور
اسباب اوسکا اوسیکی مرمت مین شامل کردین کہ بندگان خدا جو اوسطرف سے
گذر کرین نماز اوسمین ادا کرین بلکہ مسجد نوکی تعمیر سے مسجد منہدمہ کی تعمیر باعث
زیادتی ثواب کی ہے بحر رائق مین ہے قال محمد اذا خرب المسجد ولیس لہ ما یعمر
بہ وقد استغنی الناس عنہ فانہ یعود الی ملک الواقف وقال ابو یوسف ھو
مسجد ابدا الی قیام الساعۃ لا یعود میراثا ولا یجوز نقلہ ونقل مالہ الی مسجد
آخر سواء کانوا یصلون فیہ اولا وھو الفتوی کذا فی الحاوی القدسی
اور شرنبلالی سعادۃ الماجد بعمارۃ المساجد مین لکھتے ہین فی عیمۃ الدھر
سئل علی بن احمد عن مسجد خرب ومات اھلہ ومحلۃ اخری فیھا مسجد ھل
لاھلھا ان یصرفوا وجہ المسجد الخراب الی ھذا المسجد قال لا انتھی واذا
علمت ھذا فما ذکرہ فی الدرر وفتاوی قاضیخان من جواز نقل المسجد اذا
خرب خلاف ما علیہ الفتوی کما ھو المذکور فی الحاوی وخلاف الصحیح
المذکور فی خزانۃ المفتین وقد مشی الشیخ الامام محمد بن سراج الدین الحانوتی
علی القول المفتی بہ من عدم نقل بناء المسجد اور علامہ مختار بن زاہد نے
مجتبیٰ مین تصریح کی ہے کہ اکثر مشائخ حنفیہ فتوی عدم جواز نقل کا دیتے ہین واللہ اعلم

حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

۱۱۵

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین کہ اگر حافظے نخستین
عشرہ رمضان المبارک بمسجدی درسنت تراویح ختم قرآن مجید کردہ در مسجد دیگر

که هنوز مصلیان آنجا ختم نشنیده اند ختم دیگر آغاز نمود درین صورت امام
احتراز فضیلت میکند و سنت موکده از ذمه او ساقط شده و بر گردن این مقتدیان
باقی است کما فی العالمگیریة السنة فی التراویح انما هو الختم مرة والختم مرتین
فضیلة پس بجهت اقتدای لصلی بادے بقیاس عدم جواز اقتدای مفترض
به متنفل سنت موکده این مقتدیان ادا نمی شود یا بوجه آنکه در متنفل و مفترض
تباین ذوات است و در صورت مسئوله توحد ذات و تخالف صفات لهذا بر آن
قیاس کردن قیاس مع الفارق می باشد چه تراویح در همه لیالی رمضان شریف
سنت موکده است چنانکه در فتاوی عالمگیری تصریح بآن واقع شده لو حصل
الختم لیلة التاسع عشر او الحادی عشرین لا یترک التراویح فی بقیة الشهر
لانها سنة موکدة کذا فی الجواهر النیرة درین حالت امام و مقتدی هر دو نماز
تراویح سنت می خوانند جز آنکه ختم بر امام فضیلت است و بر مقتدی سنت پس بقیاس
اقتداء القائم بالقاعد با وصف اولیت قیام بر قعود کما فی فتاوی قاضی خان قال
بعضهم یصح اقتداء القائم بالقاعد فی التراویح عند الکل وهو الصحیح
سنت موکده این مقتدیان ادا خواهد شد یا نه بینوا توجروا

هو الموفق ختم این مقتدیان ادا خواهد شد والله اعلم بالصواب عنده
ام الکتاب کتبه ابو الاحیار محمد نعیم عفی عنه ۱۲۹۸

هو المصوب فقها را اختلاف دارند درین که بعد یک ختم آیا سنت تراویح باقی ماند
یا نه بعض فقها میگویند که نمی ماند چه مشروعیت تراویح نیست مگر برای ختم پس هرگاه
ختم حاصل شد سنت تراویح باقی نماند لیکن مفتی به و مختار محققین آنست که تراویح
سنت علیحده است و ختم سنت علیحده هیچ از این هر دو تابع دیگری نیست پس بعد
ختم سنت تراویح باقی خواهد ماند چنانکه لو حصل [illegible] قول اول در صورت سوال ختم

از ذمهٔ مقتدیان ساقط نخواهد شد بلکه ایشان اگر در عشرهٔ اولی تراویح مع ختم ادا کرده
در تراویح بر ایشان سنت باقی مانده اقتدای شان با چنین امام که در عشرهٔ اواخر
فراغت حاصل ساخته جائز نخواهد بود لعدم جواز اقتدای القوی بالضعیف و در
خزانة الروایة می آرد فی السغناقی امام ختم فی التراویح مرة وختم ثانیا بغیر هؤلاء القوم
لا یخرج هذا القوم الثانی عن السنیة لان الامام خرج من السنة فصار الثانی
فیه یکون ثواب صلاة النفل ولا یکون ثواب صلاة التراویح و در رسالهٔ
مولانا صدر الدین الحسام البنبانی فی مسائل التراویح ان قلت ما تقول فی امام
ختم فی التراویح ثم شرع فی الختم ثانیا هل یجوز الاقتداء لمن لم یسمع الختم ولو اقتدی
به هل یکون هذا الختم محسوبا قلت کانت هذه المسئلة دائرة فی مجالس اساتذة
الدهلی زمانا طویلا فقال بعضهم لا یجوز لانه بناء القوی علی الضعیف اذ هذا
للمقتدی سنة موکدة ولم یبق فی حق الامام سنة موکدة بل صار
تطوعا والسنة اقوی حالا منه وقاسوه علی اقتداء المفترض بالمتنفل وقال
بعضهم یجوز وقد روی بعض اهل العلم من کتاب الفتاوی رجل امام قوم
فی التراویح وختم فیها ثم ام قوما آخرین له ثواب الفضیلة ولهم ثواب الختم و
هذا الکتاب غیر مشهور بین العلماء فلا وثوق به مع انه لا یفهم منه سقوط
سنة الختم انتهی پس بر قول ثانی اگرچه تراویح از ذمهٔ مقتدیان ساقط خواهد شد
چه درست تراویح امام و مقتدی هر دو برابر اند لیکن در سقوط ختم اشکال است
چه فقها در باب اقتدای ضعف حال امام را اگرچه بدو یک رکن باشد مانع اقتدا
می نویسند چنانچه در در مختار وغیره مذکور است اما اقتداء المسافر بالمقیم
فیصح فی الوقت ویتم لا بعده فیما یتغیر لانه اقتداء المفترض بالمتنفل
فی حق القعدة لو اقتدی فی الاولیین او القراءة لو اقتدی فی الاخریین

درین صورت باوجودیکه امام و مقتدی هر دو تحریمهٔ فرض بسته بسبب ضعف یک جزو
از اجزاء نماز امام حکم بفساد اقتدا داده شد پس بنا برعلیه در صورت سوال هم حکم
بعدم سقوط ختم از مقتدیان داده خواهد شد و همین امر از عبارت سغناقی مفهوم
میشود و هرگاه در باب سقوط ختم و عدم سقوط آن اختلافی واقع شد پس امام الاولی
که ختم ثانی را اسماع نماید و برخود نذر کرده گیرد و گوید لله علی ان اختم القرآن فی
صلاة التراویح تا ختم او واجب بشود و اقتدای مقتدیان درست شود چنانچه در
خزانة الروایات تفصیل آن مذکور است والله اعلم حرره محمد عبد الحی عفا عنه

استفتا در تکفیر [illegible] قبله اختلاف است و ظاهر روایات عدم تکفیر است و
مسائل بسیار از کتب فقهیه در مسائل کتاب امامة الصلوة و باب البغاة و کتاب
[illegible] و باب المرتدین مطابق و جمع کنند ظاهر روایت عدم تکفیر مستنبط
است و از منهیات مولانا عبد العزیز صاحب که منه در فرق کفر الزامی و
التزامی است همین مضمون مفهوم میشود و در بحر رائق در کتاب النکاح در باب
المحرمات تحت قول المجوسیة والوثنیة مسطور است واما المعتزلة فمقتضى الوجه
حل مناکحتهم لان الحق عدم تکفیر اهل القبلة کما قدمنا نقله عن الائمة فی
باب الامامة از ینجا نکاح زن رافضیه خارجیه درست است اگرچه بهتر نیست زیرا که
[illegible] تکفیر و در فسق آنها اختلاف نیست رافضیه کفو سنی صالح الاعتقاد نیست کسانیکه
قائل بتکفیر روافض اند اهل قبله غیر سنیان [illegible] و روافض را مرتد می کنند [illegible]
[illegible] روافض [illegible] می دهند حالانکه هر [illegible] را اجازت مداخلت
نیست و علما محققین بر عدم تکفیر اهل قبله در رسالهٔ تحفة الاخوان فی الکفر
والایمان فتوی داده اند چنانچه در [illegible] نکاح رافضیه [illegible] و مطلوب جنازهٔ
رافضی هم مروج است لیکن [illegible] فتوی بر تکفیر رافضی [illegible]

باب العقائد والاهواء [illegible]

نیست لیکن اگر رافضی باخفای رفض وتقیه نکاح از سنیه کرده نکاح باجازت پدر زن واقع شد ومنکوحه سنیه بالغه بود حالا فسخ نکاح می خواهد پس بمحض تقیه کفر فاحش از زن رافضیه نکاح درست واز مرد رافضی نادرست بمثل کتابیه درست واز کتابی حرام و بلحاظ خوف اختلاف کفر روافض فسخ درست است یا درست نیست بینوا بالکتاب وتوجروا الیوم الثواب

هو المصوب درین صورت فسخ درست است چه رافضی فاسق است وفاسق کفو صالحه نیست در در مختار مے آرد قلت فاد البهنسی انها لو تزوجته علی انه حر او سنی او قادر علی المهر والنفقة فبان بخلافه او علی انه فلان بن فلان فاذا هو لقیط او ابن زنا کان لها الخیار فلیحفظ انتهی والله اعلم حرره محمد عبد الحی عفی عنه

استفتا کیا حکم ہے اس صورت میں کہ ایک شخص جیفه مثل رسول الله صلی الله علیه وسلم کے متحقق وموجود عالم میں کہتا ہے یه صحیح العقیده ہے یا فاسد العقیده اور وہ شخص مذکور بالا کافر ہے یا فاسق وگنهگار بینوا وتوجروا ۔ المکلف الی الله علی وجه الله سید احمد المشتهر علی احمد کان الله الصمد

هو المصوب اگر مراد اثبات مماثلت نبوی ہے مماثلت جمیع صفات نبویه حتی که صفت رسالت میں بھی ہے تو یه قول کفر ہے کیونکه قرآن مجید میں خاتم النبیین ہونا آنحضرت صلی الله علیه وسلم کی صفت موجود ہے پس دعوی کرنا دوسرے نبی کا مخالف نص قطعی کے ہے علامه ابو شکور سلمی تمہید میں لکھتے ہیں اعلموا انه الواجب علی کل عاقل ان یصدق ان محمدا کان رسول الله والآن هو رسول الله وکان خاتم الانبیاء ولا یجوز بعده ان یکون احد نبیا ومن ادعی النبوة فی زماننا یکون کافرا انتهی اور اگر مراد مماثلت جمیع صفات کمالیه محمدیه میں سوای نبوت کے ہے تو یه قول فسق اور مخالف جمله اہل سنت کے ہے جمہور علما و شرقا و غربا اتفاق

اس امر کا کہ سکتے ہین کہ جسطرح ذات محمدی جمیع الکمالات الظاہریۃ والباطنیۃ ہے
کوئی مخلوق نہین ہے تمہید مین ہے یجب الاعتقاد بان محمداً اعلم الخلائق
وافضلہم خلافاً للروافض انتہی اور حدیث صحیح مین وارد ہے انا سید
ولد آدم ولا فخر اور دوسری حدیث مین وارد ہے انا اکرم الاولین و
الآخرین اور ابو نعیم نے حلیۃ الاولیا مین روایت کی ہے ان آمنۃ اتاہا آت
بعد ستۃ اشہر من حملہا وقال یا آمنۃ قد حملت بخیر العالمین فاذا وضعتہ
فسمیہ محمداً اور علامہ ابن حجر کی نعمۃ کبری مین لکھتے ہین روی الحافظ ابو بکر
بن عائذ فی کتاب المولد عن ابن عباس قال لما ولد صلی اللہ علیہ وسلم قال فی
اذنہ رضوان خازن الجنان ابشر یا محمد فما بقی لنبی علم الا قد اعطیتہ فانت
اکثرہم علماً واشجعہم قلباً اور مثل اسکے بہت احادیث اور اخبار اس امر پر دلالت
کرتی ہین کہ ذات محمدی افضل المخلوقات ہے ایک بھی مخلوق مثل ذات محمدی
صفات کمالیہ مین نہین ہے چہ جائیکہ کہ چہ مثل اور اگر مراد مماثلت صورت ظاہر
ہین پس یہ امر شرعاً مستبعد نہین ہے ترمذی وغیرہ نے روایت کی ہے کہ امام حسن
اور امام حسین صورت مین اشبہ تھے ساتھ صورت محمدیہ کے مگر یہ امر اثبات طلب
ہے بغیر تحقیق کے دعوی مماثلت کا صورت محمدیہ کے ساتھ جائز نہین ہے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی
والخفی وحفظہ عن موجبات الغی

فی الواقع دعوی کرنے والا مماثلت حضرت رسالت مآب کا ایسا ہے جیسا کہ لکھا
اخی المعظم مولوی محمد عبد الحی صاحب نے واللہ اعلم - نمقہ خادم اولیاء اللہ الکریم
محمد ابراہیم غفر لہ اللہ الرحیم ابن مولانا علی محمد مرحوم ومغفور

واقعی وہ شخص کافر ہے اگر چہ مثل رسول اللہ کے نبوت مین الآن موجود کہتا ہے
واللہ علیم - حررہ محمد نعیم عفی عنہ

ھو الملھم للصدق والصواب چونکہ نظیر حضرت ختم المرسلین کا باجماع علمای اعلام ممتنع الوجود ہے ہاں اختلاف اگر ہے تو اسقدر ہے کہ ممتنع بالغیر یا ممتنع بالذات اکثر علماء کا مسلک اول ہے اور بعض محققین کا مختار قول ثانی بہر تقدیر کوئی ذی علم بالفعل متحقق اور موجود ہونے نظیر آن حضرت کا قائل نہیں پس صورت مسئولہ میں جو شخص کہتا ہے کہ چہ مثل رسول اللہ کے عالم میں متحقق و موجود ہے وہ جاہل وفاسد العقیدہ ہے بلکہ دائرۂ اسلام سے باہر ہے کیونکہ اوسکے اس کلام سے انکار ختم نبوت کا جناب خاتم المرسلین کہ منطوق آیہ کریمہ ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین ہے ظاہر وباہر ہے واللہ اعلم۔ حررہ العبد الخامل محمد عادل عامله الله سبحانه بفضله الشامل

قائل وجود ہونے امثال حضرت خاتم المرسلین کے مجنون ہے اوسکو دار الشفا میں بھیجنا چاہیے کیونکہ اگر فی الجملہ ہوش اور حواس رکھتا تو جانتا کہ دلائل نقلیہ کے عقلی دلائل بھی امتناع نظیر واحد پر قائم ہیں چہ جائے انکہ مثل موجود کہے انا للہ وانا الیہ راجعون۔ کتبہ عبد الحق

واقعی حضرت خاتم المرسلین کی مثل و نظیر کا موجود اعتقاد کرنا مستلزم انکار نصوص قرآنی ہے اور نصوص قطعیہ قرآن مجید کا انکار بلاشبہہ کفر ہے علامہ تورپشتی نے کتاب المعتمد فی المعتقد میں تصریح کی ہے کہ اس مسئلہ کا انکار وہی شخص کرے گا جو ہرگز آنحضرت کی نبوت کا معتقد نہوگا اسلیئے کہ آن حضرت کی رسالت سے بطریق تواتر جو ہمکو ثابت ہوا انجملہ اوسکے یہ بھی ہے کہ آنحضرت سب پیغمبروں کے خاتم ہیں کہ اسوقت سے قیامت تک کوئی نبی آپکے بعد نہوگا اگر وہ شخص آنحضرت کو جمیع ماجاء بہ میں صادق جانتا اور آپکی رسالت کا معتقد و معترف ہوتا تو اسکا بھی انکار نکرتا اور اسکی بھی تصریح کی ہے کہ جو شخص کہے کہ آن حضرت کے

بعد کوئی نبی ہوا ہے یا ہوگا بلکہ وہ شخص جو کہتے کہ ممکن ہے کہ ہوگا وہ کافر ہے
واللہ اعلم کتبہ العبد الشائم الی البرق التہامی محمد عبد اللہ الحسینی البلگرامی

ہو الموفق و المعین فی الواقع قائل اس قول کا زندیق ہے لائق کلام
علمائے کے نہیں ہے - حررہ عبد المسکین ابو الخیر محمد معین الدین تجاوز اللہ
عن سیاٰتہ یوم الدین

استفتا ما قولکم مد ظلکم کہ مصلی فرض عشا وحدہ نماز وتر بجماعت بعد جماعت
تراویح ادا نماید یا تنہا خواند از بعض مسائل فقہیہ جواز جماعت مستفاد و مستنبط میشود
و در جامع الرموز از قنیہ و در مختار عدم جواز مرقوم است فقط

ہو المصوب در قنیہ از عین الائمہ و در تاتار خانیہ از علی بن احمد رح مرقوم
کہ [illegible] فرض با جماعت ادا نکردہ باشد وتر ہم بجماعت ادا نہ سازد و بعینہ در غنیہ وغیرہ
[illegible] ثبت لیکن کدامی وجہ قوی معتد بہ عدم جواز معلوم نمی شود وحق جواز معلوم
و اللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی و حفظہ عن موجبات الغی

فی غنیۃ المستملی فی شرح منیۃ المصلی و اذا لم یصل الفرض مع الامام فعن عین
الائمۃ الکرابیسی انہ لا یتبعہ فی الوتر ولا فی التراویح وکذا اذا لم یتابعہ فی التراویح لا یتابعہ
فی الوتر قال ابو یوسف اذا صلی مع الامام شیئا من التراویح یصلی معہ الوتر وکذا
اذا لم یدرک شیئا وکذا اذا صلی التراویح مع غیرہ لہ ان یصلی الوتر معہ وہو الصحیح
ذکرہ ابو اللیث انتہی و فی مختصرہ و اذا لم یصل الفرض مع الامام قیل لا یتبعہ
فی التراویح ولا فی الوتر وکذا اذا لم یصل معہ التراویح لا یتبعہ فی الوتر والصحیح انہ
یجوز ان یتبعہ فی ذلک کلہ انتہی واللہ علیم بالصواب وعندہ ام الکتاب
کتبہ ابو الاحیاء محمد نعیم عفی عنہ ذنبہ العظیم

واقع شوال ۱۲۸۹ ہجری

برتعلیقات ہدایہ در فصل تراویح این عبارت نوشتہ بودم سئلت فی الست والثمانین بعد الالف والمأتین من الہجرۃ عمن صلی التراویح ثمان رکعات تمسکا بما روی ابن حبان ان النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم انما صلی فی اللیالی الثلث فی رمضان باحدی عشرۃ رکعۃ مع الوتر ثلث رکعۃ بل یکون تارکا للسنۃ فاجبت بجواب بما محصلہ ان جمہور الاصولیین یعرفون السنۃ بما واظب علیہ الرسول ثم فعلی ہذا التعریف یکون السنۃ ہو ذلک القدر المذکور وما زاد یکون مستحبا وعلیہ مشی ابن الہمام فی فتح القدیر ومحققوہم یعرفونہا بما واظب علیہ الرسول او خلفائہ والیہ یشیر عبارات الفقہاء فی مواضع شتی وہو المستفاد من حدیث علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین رواہ ابو داؤد وابن ماجۃ فان کلمۃ علیکم تدل علی اللزوم وکذا عطف الخلفاء علی سنتی والیہ اشار بعض اعیان الدہلی فی کتابہ ازالۃ الخفاء عن خلافۃ الخلفاء کما فی فتح القدیر انہ علیہ السلام ندب الی سنۃ ... لان اللفظ لا یخلو عن شیٔ فعلی ہذا التعریف یکون السنۃ المؤکدۃ ہی عشرون رکعۃ لثبوت مواظبۃ الخلفاء الثلثۃ علیہا وان لم یثبت مواظبۃ الرسول علیہا فمودی ثمان رکعات یکون تارکا للسنۃ المؤکدۃ ... ورد فی روایۃ ابن ابی شیبۃ والبیہقی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم صلی عشرین رکعۃ لکنہ حدیث ضعیف عند المحدثین وللتفصیل موضع آخر فقط

نقل خط مولوی عبد المنان محررہ ۲۱ رمضان ۱۲۸۹ ہجری

فقیر الی اللہ السبحان محمد عبد المنان صانہ اللہ عن الحدثان بخدمت اسلمے زمان لوذعی دوران جناب مولوی عبد الحی صاحب صانہ اللہ عن شر الغی

و بهر کلمه اش از حروف کرم و محبت پر بود بورود خود مسرور الوقت بهتیج ساخت
تذکره که بحکم الارواح مجندة فما تعارف منها ائتلف وما تناکر منها اختلف
پیدا شده بود بدرجه اکمال رسید لازم که تا حصول ملاقات جسمانی از تلاقی روحانی
همیشه شاد و یاد فرموده باشند شکوک که بر تعلیق فقیر بعرض فک آنها تحریر کرده
موجب سرور تمام شد هر چند که فک آن هر دو شک سهل الحصول بود اگر خود معاینه
کتب محققین بحث می فرمودند یا از مولوی نذیر حسین صاحب ام فیضه استفسار
می فرمودند احتیاج استفسار نمی افتاد مگر این هم خوب شد که به فقیر بذریعه این
استفسار ارتباطی پیدا ساختند و بر قول بزرگان مطلب تصنیف مصنفش نیکو
می داند از وباید پرسید عمل فرمودند جزاکم الله جزاء خیر احسب تحریر بعد سوال
بر کاغذ علیحده نویسانیده جواب آنها نوشته ملفوف می فرستم از حسن و قبح آن
بے تکلف مطلع فرمایند و اگر بمولوی نذیر حسین صاحب معائنه کنانیده شود
که جناب شان ما بر کتب محققین نظر بسیط و سیع یقین که ایشان پسند خواهند
والسلام خیر الختام فیه نختم الکلام بخدمت مولوی نذیر حسین صاحب سلمه الله
مع ضمیمه شوق مشحون رسانند و بمولوی کریم الله صاحب نیز تحریر تاریخ یازدهم
شوال بروز پنجشنبه سنه ۱۲۸۸ ہجری

نقل سوال و جواب

سوال اول کدام محقق از اہل اصول و فقها جانب موکدیت بر مواظبت صحابه
رفته است و در کدام کتاب آمده است سوال دوم از کدام حدیث مواظبت
خلفاء راشدین بر بست رکعت تراویح ثابت است بینوا توجروا

هو المصوب جواب سوال اول آنچه مشهور و در مختصرات اصول متداول
مذکور است السنة ما واظب علیه النبی صلی الله علیه وسلم لیکن ارباب نظر دقیق

این تعریف را مخدوش ساخته لفظا و الخلفا را زائد کرده اند و تصریح این امر
کرده اند که همچنان که در ترک سنت نبوی عتاب خواهد شد در ترک سنت خلفا
راشدین نیز شیخ الاسلام بدر الدین العینی در بنایه شرح هدایه سیرة العمرین کالسنة
فی ان فی فعلها ثواب وفی ترکها عتاب لانا امرنا بالاقتداء بهما لقوله علیه
الصلوة والسلام اقتدوا باللذین بعدی ابی بکر وعمر فاذا کان الاقتداء بهما
مامورا به یکون واجبا وتارک الواجب یستحق العقاب والعتاب انتهی ملخصا
ومحقق عصر کمال الدین ابن همام در تحریر الاصول می آرند قسم الحنفیة العزیمة
الی فرض ما قطع بلزومه وواجب ما ظن وسنة الطریقة الدینیة فیه
علیه الصلوة والسلام او الراشدین او بعضهم انتهی ملتقطا و بحر العلوم مولانا
[illegible] بالعلی در شرح تحریر می نویسند ینبغی ان یراد اعم من ان یکون طریقة دینیة
[illegible] فی الدین منه صلی الله علیه وعلی آله وسلم یا من باشره او کان باستمرار الناس
[illegible] باذنه او باذن الخلفاء انتهی و علامه عبد العزیز بخاری در کشف اصول البزدوی
می آرند اما التراویح فی رمضان فانها سنة الصحابة فانه لم یواظب علیها
رسول الله صلی الله علیه وسلم بل واظب علیها الصحابة وهذا مما یندب
الی تحصیله ویلام علی ترکه ولکنه دون ما واظب علیه الرسول صلی الله علیه
وعلی آله وسلم فان سنة النبی اقوی من سنة الصحابة هذا عندنا واصحاب
الشافعی یقولون السنة ما واظب علیه النبی علیه السلام فاما النفل الذی
واظب علیه الصحابة فلیس بسنة وهو علی اصلهم مستقیم فانهم لا یرون
اقوال الصحابة حجة وعندنا اقوالهم حجة فیکون افعالهم سنة لانها طریقة
امرنا باحیائها لقوله تعالی لقد کان لکم فی رسول الله اسوة حسنة ولقوله
علیه الصلوة والسلام علیکم بسنتی وسنة الخلفاء الراشدین انتهی وامیر [illegible]

اتقانی صاحب غایۃ البیان در تبیین شرح منتخب حسامی می نویسند اعلم ان السنۃ
فی اللغۃ ھی الطریقۃ حسنۃ کانت او سیئۃ یدل علیہ قولہ علیہ السلام من
سن سنۃ حسنۃ فلہ اجرھا واجر من عمل بہا الی یوم القیامۃ ومن سن سنۃ
سیئۃ فعلیہ وزرھا ووزر من عمل بہا الی یوم القیامۃ وفی عرف
الشرع یراد بہا طریقۃ الدین اما للرسول او للصحابۃ حتی یقال سنۃ الرسول
او سنۃ الخلفاء الراشدین ولا یختص مطلق السنۃ بسنۃ الرسول خلافاً
للشافعی وقال القاضی ابو زید یحتمل انہ لم یبلغہ استعمال السلف اطلاق
السنۃ علی طریقۃ العمرین والصحابۃ لانہ کان بعد ابی حنیفۃ بقرنین او بقرن
وحکمہا ان یطالب المرء باقامتہا ویعاقب علی ترکہا لانہ لا یخلو اما ان تکون
طریقۃ للرسول او طریقۃ للصحابۃ وکل واحدۃ من الطریقتین امرنا باحیا
ونہینا عن اماتتہا انتہی و علامہ فصیح الدین در شرح وقایہ می آرد السنۃ
الطریقۃ المسلوکۃ فی الدین بلا وجوب ولا افتراض وضدہا بعہم یعنی
مع الترک احیانا وذکر فی المحیط السنۃ سنتان سنۃ النبی صلی اللہ علیہ
وسنۃ اصحابہ فسنۃ الرسول ھی الطریقۃ التی واظب علیہا کرکعتی الفجر وسنۃ
الصحابۃ الطریقۃ التی واظبوا علیہا انتہی وطحطاوی در حاشیہ مراقی الفلاح
می آرد السنۃ عند الحنفیۃ ما فعلہ النبی صلی اللہ علیہ وسلم او صحبہ بعدہ
قال فی السراج ما فعلہ النبی وواحد من اصحابہ فان سنۃ اصحابہ امر علیہ
السلام باتباعہا بقولہ علیکم بسنتی وسنۃ الخلفاء الراشدین وقولہ
اصحابی کالنجوم بایہم اقتدیتم اہتدیتم انتہی علامہ عبد العزیز بخاری
صاحب کشف در تحقیق منتخب حسامی می آرد ذکر ابو الیسر ان حکم السنۃ ہو ان
کل فعل واظب علیہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مثل التشہد فی الصلوۃ

والسنن الرواتب يندب الى تحصيله ويلام على تركه مع لحوق اثم يسير وكل
فعل لم يواظب عليه بل تركه فى بعض الاحوال كالطهارة لكل صلوة وتكرار
الغسل فى اعضاء الوضوء والترتيب فى الوضوء فانه يندب الى تحصيله
ولا يلام على تركه واما التراويح فى رمضان فانها سنة الصحابة اذ لم يواظب
عليها رسول الله بل واظب عليه الصحابة وهى مما يندب الى تحصيله ويلام
على تركه ولكنها دون ما واظب عليه الرسول فان سنة النبى اقوى من
سنة الصحابة قال ابو اليسر هذا عندنا واصحاب الشافعى يقولون السنة
لكل ما واظب عليه الرسول فاما النفل الذى واظب عليه الصحابة فليس
بسنة وهى على اصلهم فانهم لا يرون اقوال الصحابة حجة فلا يرون
افعالهم ايضا سنة وعندنا اقوالهم حجة فيكون افعالهم سنة وذكر غيره
لا خلاف فى ان السنة هى الطريقة المسلوكة فى الدين سواء كان للنبى
صلى الله عليه وسلم او لغيره من اعلام الدين ولكن الخلاف فى ان اطلاق
لفظ السنة ايقع على سنة رسول الله او يحتمل سنته وسنة غيره على ما مر
انتهى وعلامة ابن كمال باشا در ايضاح شرح اصلاح مى نويسد السنة
ما واظب عليه النبى عليه الصلوة والسلام على وجه العبادة مع الترك
فى الجملة هذا هو المشهور فى حده المسطور فى الكتب وفيه قصور لان
ما واظب عليه الخلفاء الراشدون ايضا من السنة الا ترى الى ما قال
صاحب الهداية فى التراويح والاصح انها سنة لانه واظب عليه الخلفاء
الراشدون والدليل على انها سنة قوله عليه السلام عليكم بسنتى وسنة
الخلفاء الراشدين من بعدى انتهى [illegible]
عبارت صاف واضح شد كه [illegible]

وسنت موکدہ ہمچنان کہ بمواظبت نبوی میشود بمواظبت خلفاء نیز جواب سوال دوم مواظبت نبوی کہ موجب سنت وموکدیت ہست بر دو قسم ہست یکی آنکہ آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بارتکاب فعلی مداومت فرمایند مثل جماعت وسنن رواتب وغیرہ دوم آنکہ آن حضرت بامری امر ترغیب علی سبیل المداومت فرمایند نمی بینی کہ اذان را جملہ علماء شرقا وغربا سنت موکدہ می نویسند باوجود آنکہ خود آنحضرت بنفس نفیس یک بار ہم اذان نگفتند چہ جای آنکہ مواظبت بران کردہ باشند وہمچنین مواظبت خلفاء ہم بر دو قسم ہست یکی مواظبت فعلی ودوم مواظبت امری وتشریعی وہر یکے ازین چار قسم مستوجب ملامت عتاب برتارک میشود چنانچہ از تحریر بحر العلوم در شرح تحریر واضح است وجمہور اصولیین اگرچہ تصریح این امر نکردہ اند مگر از کلام ایشان بمواضع عدیدہ این تفصیل مفہوم میشود وبعد تمہید این امر باید دانست کہ دربارہ مواظبت ارتکابی بربست رکعت تراویح حدیثے صریح یافتہ نشد لیکن طائفہ غیرہ فقہا واصولیین تصریح بدان کردہ اند چنانکہ ابن الہمام نیز در شرح قول صاحب ہدایہ والاصح انہا سنۃ لمواظبۃ الخلفاء الراشدین می نویسد فیہ تغلیب اذ المراد بہ کلہم بل عمر وعثمان وعلی انتہی ودر جای دیگر مینویسد عن ابی یوسف ان امکنہ اداءہا فی بیتہ مع مراعات سنۃ القراءۃ یصلیہا فی بیتہ لقولہ علیہ السلام بالصلاۃ فی بیوتکم وجوابہ ان قیام رمضان مستثنی من ذلک لما تقدم من فعلہ علیہ السلام والعذر فی ترکہ وفعل الخلفاء الراشدین انتہی اما مواظبت تشریعی خلفاء بربست رکعت پس از روایات عدیدہ ثابت وہمین قدر برای بودن این مقدار سنت موکدہ واستحقاق ملامت از ترک آن کافی ہست فروی البیہقی فی کتاب المعرفۃ عن السائب بن یزید قال کنا

نقوم فی زمان عمر بعشرین رکعة والوتر در روی مالک عن یزید بن رومان
قال کان الناس تقومون فی رمضان فی زمان عمر بثلث وعشرین
رکعة وروی البیهقی بسند صحیح انهم کانوا یقیمون علی عهد عمر بعشرین رکعة
وعلی عهد عثمان وعلی مثله وروی اصحاب السنن عن عبد الرحمن
قال خرجت مع عمر فی رمضان الی المسجد فاذا الناس اوزاع متفرقون
یصلی الرجل لنفسه ویصلی الرجل فیصلی بصلاته الرهط فقال عمر والله
انی لاارانی لو جمعت هؤلاء علی قارئ واحد لکان امثل فجمعهم علی ابی
بن کعب قال ثم خرجت معه لیلة اخری والناس یصلون بصلاة قارئهم
فقال عمر نعمت البدعة هذه علامه زرقانی در شرح مؤطا می نویسند قال
ابن عبد البر فیه ان عمر کان لا یصلی معهم اما لشغله بامور الناس واما
لانفراده بنفسه فی الصلاة انتهی وعینی در شرح هدایه می آرند فی المغنی
علی انه امر رجلا ان یصلی لهم فی رمضان بعشرین رکعة والوتر انتهی
ازین روایات وامثال آنها صاف واضح که بر بیست رکعت در زمانه خلفاء ثلثه
باذن خلفاء وترغیب ورضای شان مداومت شده وذلک ما اردناه پس
ازینجا دو مقدمه پیدا شدند اول اینکه عشرون رکعة مما واظب علیه
الخلفاء ولو تشریعا ورضاء وکل ما واظب علیه الخلفاء فهو سنة مؤکدة
واز ترتیب این هر دو نتیجه بر آمد عشرون رکعة فی التراویح سنة مؤکدة ولیعلم
تارک السنة المؤکدة معاتب وملام بر آمد تارک عشرین رکعة معاتب وهذا
هو الذی اردنا مما علقناه علی الهدایة والله اعلم بالصواب وعنده
ام الکتاب حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن
ذنبه الخفی والجلی وحفظه عن موجبات الغی ومن شاء زیادة التفصیل فی هذا المبحث

(۱۱۰) **استفتا** ما قولکم حضرات علمای حنفیہ سے صورت مسئلہ کی پوچھی جاتی ہے کہ اگر کوئی شخص مرد ہندی ناخواندہ قوم افغان دعوی نبوت کا اس پیرایہ میں کرے کہ مین وکیل پیغمبر آخر الزمان کا ہون اور واسطے تردید کتب نصاری کے پیغمبر خدا کا بھیجا ہوا آیا ہون کہ ایک مطبع محمدی قائم کرکے کتب تردید دین نصاری تصنیف کرکے چھپوا دون تا دین نصاری باطل اور رد ہوجاوے پس قول کو ان مرد ہندی ناخواندہ سے باور کرنا اور اوسپر اعتقاد لانا کہ یہ وکیل ہمارا فرستادہ نبی آخر الزمان کا ہے یا اوسکی مدد خرچ کرنا بنام مطبع ہونیار روا ہے یا نہین ؟

ہو المصوب اگر وہ شخص اپنی وکالت پر اس امر کو سند گردانتا ہے کہ اسنے آنحضرت کو خواب مین دیکھا ہے پس بعد تحقیق و تفتیش اوسکے خواب کے تصدیق اوسکی ہوسکتی ہے ورنہ قول اوسکا پایۂ اعتبار سے ساقط ہے

واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

(۱۱۱) **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین ایک شخص دعوی کرتا ہے اس بات کا کہ چھہ مثل آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے موجود اور متحقق ہین اور مثل سے یہ غرض رکھتا ہے کہ شریک حضرت رسول مقبول صلعم کے آپکے جمیع صفات اور ماہیت مین اور تمسک کرتا ہے قول حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کا کتاب در منثور سے ان اللہ خلق سبع ارضین فی کل ارض آدم کآدمکم و نوح کنوحکم و ابراہیم کابراہیمکم و موسی کموسیکم و عیسی کعیسیکم و نبی کنبیکم آیا یہ قول اوسکا یعنے موجود و متحقق ہونا امثال حضرت خاتم النبیین صلعم کا عالم مین بمعنے مذکورہ کے حق ہے یا باطل اور یہ عقیدہ

صحیح ہے یا خلاف اہل سنت والجماعت کے اور دلیل میں جو حدیث پیش
کرتا ہے اوسکا کیا حال ہے اور یہ عقیدہ ثابت ہے یا نہیں بینوا توجروا
ہو المصوب اولاً جاننا چاہیے کہ حدیث مذکور صحیح السند اور معتبر ہے
ارباب تحقیق نے اوسکی توثیق کی ہے حافظ جلال الدین تخریج احادیث
شرح مواقف میں لکھتے ہیں روی الحاکم فی مستدرکہ عن ابن عباس فی
قولہ تعالیٰ اللہ الذی خلق سبع سموات ومن الارض مثلہن قال سبع ارضین
فی کل ارض نبی کنبیکم وآدم کآدمکم ونوح کنوحکم وابراہیم کابراہیم
وعیسی کعیسی وقال صحیح انتہی اور علامہ بدر الدین شبلی حنفی آکام المرجان
فی احکام الجان میں لکھتے ہیں قال الحاکم حدثنا احمد بن یعقوب الثقفی حدثنا
عبید حدثنا علی بن حکیم حدثنا شریک عن عطاء عن ابی الضحی عن ابن عباس
ومن الارض مثلہن قال سبع ارضین فی کل ارض نبی کنبیکم وآدم کآدم
ونوح کنوح وابراہیم کابراہیم وعیسی کعیسی قال شیخنا الذہبی اسنادہ حسن
قلت وله شاهد قال الحاکم حدثنا عبید اللہ بن الحسن حدثنا ابراہیم بن الحسین
حدثنا آدم حدثنا شعبة عن عمرو بن مرة عن ابی الضحی عن ابن عباس کما فی
قولہ تعالی خلق سبع سموات ومن الارض مثلہن قال فی کل ارض نحو
ابراہیم قال شیخنا الذہبی ہذا حدیث علی شرط البخاری والمسلم انتہی
وثانیاً سمجھنا چاہیے کہ زمین کے سات طبقات جداگانہ ہونا اور اونمیں مخلوقات
الہی کا موجود ہونا چند احادیث سے ثابت ہے اور مذہب محققین کا یہی ہے
حافظ ابن حجر فتح الباری شرح صحیح بخاری میں لکھتے ہیں قال الداودی فی
قولہ تعالی ومن الارض مثلہن دلالة علی ان الارضین بعضها فوق بعض
ونقل عن بعض المتکلمین ان المثلیة فی العدد خاصة وان السبع متجاورة وحکی

ابن التين عن بعضهم ان الارض واحدة قال وهو مردود بالقرآن والسنة
قلت لعله القول بالتطابق والا فيصير صريحا في المخالفة ويدل للقول الظاهر
ما رواه ابن جرير من طريق شعبة عن عمرو بن مرة عن ابي الضحى عن ابن عباس
في قوله تعالى ومن الارض مثلهن قال في كل ارض مثل ابراهيم ونحو ما
على الارض من الخلق هكذا اخرجه مختصرا واسناده صحيح واخرجه الحاكم و
البيهقي من طريق عطاء عن ابي الضحى مطولا واوله سبع ارضين في كل
ارض آدم كآدمكم ونوح كنوح وابراهيم كابراهيم وعيسى كعيسى ونبي
كنبيكم قال البيهقي اسناده صحيح الا انه شاذ وظاهر قوله تعالى ومن
الارض مثلهن يرد على اهل الهيأة في قولهم ان لا مسافة بين كل
ارض وارض وقد روى احمد والترمذي من حديث ابي هريرة ر
ان بين كل سماء خمس مائة عام وان بين كل ارض وارض خمس مائة عام
اسحاق بن راهويه والبزار حديث ابي ذر نحوه انتهى ملخصا اور علامہ شہاب
خفاجی حنفی حاشیۂ تفسیر بیضاوی میں لکھتے ہیں الذی نعتقده ان الارض سبع
كالسموات ولها سكان من خلقه يعلمهم الله انتهى اور سلیمان جمل حاشیۂ جلالین
میں لکھتے ہیں ذکر اللہ تعالی ان السموات سبع طبقات ولم يات للارض في
التنزيل عدد صريح لا يحتمل التاويل الا قوله تعالى ومن الارض مثلهن
وقد اختلف فيه فقيل اي في العدد لان الكيفية والصفة مختلفة بالمشاهدة
والاخبار فتعين العدد وقيل مثلهن اي في الغلظ وما بينهن وقيل هي
سبع الا انه لم يفتق بعضها عن بعض قاله الماوردي والصحيح هو الاول وانها
سبع كالسموات انتهى اور ثعلبی عرائس میں تحریر کرتے ہیں روی عن عبد الله
بن عمر عن رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم انه قال بين كل ارض الى التي

تليها مسيرة خمس مائة عام وهي سبع طبقات الارض الثانية سجن الريح
ومنها يخرج الرياح المختلفة وفي الارض الثالثة خلق وجوههم كوجوه بني آدم
وافواههم كافواه الكلاب وايديهم كايدي الانس وارجلهم كارجل
البقر واذانهم كاذان البقر واشعارهم كصوف الضان لا يعصون
الله طرفة عين نهارهم ليلنا ونهارنا ليلهم والارض الرابعة فيها
حجارة الكبريت التي وعدها الله لاهل النار يسجر بها جهنم قال رسول الله
صلى الله عليه وسلم والذي نفسي بيده ان فيها اودية من كبريت
لو ارسل الله فيها الجبال الرواسي لماعت والارض الخامسة فيها
[illegible] النار والسادسة فيها دواوين اهل النار واعمالهم واسمها
والسابعة مسكن ابليس وجنوده انتهى ملخصاً از فاضل محمد ابن احمد
ابن [illegible] بدايع الدهور في وقايع الدهور مين لكهتے ہين قال وهب ابن منبه
ان الارض كانت طبقة واحدة ففتقها فصيرها سبعا كما فعل في
السموات وجعل بين الطبقة والطبقة مسيرة خمس مائة عام وهو قوله
تعالى ففتقناهما وجعلها سبعا فكان اسم الطبقة العليا اديما والثانية
بسيطا والثالثة ثقيلا والرابعة بطيحا والخامسة [illegible] والسادسة ماسكة
والسابعة الثرى وسكان الارض الثانية امم يقال لهم الطمس وطعامهم
من لحومهم وشرابهم من دمهم والطبقة الثالثة سكانها امم وجوههم كوجوه
بني آدم وافواههم كافواه الكلاب وايديهم كايدي بني آدم وارجلهم
كارجل البقر وعلى ابدانهم شعر كصوف الغنم وهو لهم ثياب والطبقة
الرابعة سكانها امم يقال لهم الحلهام ليس لهم اعين ولا اقدام بل لهم
اجنحة كاجنحة القطا والخامسة بها امم يقال الخشر وهم كامثال البغال

ولهم اذناب كل ذنب نحو ثلث مائة ذراع والسادسة بنا امر يقال
الحشو مرد هم سود الابدان ولهم مخاليب كمخاليب السباع ويقال
ان الله تبارك وتعالى يسلطهم على ياجوج وماجوج حين يخرجون فيهلكهم والطبقة
السابعة فيها مسكن ابليس وجنوده من المردة والشياطين انتهى ملخصا وثالثا
معلوم کرنا چاہیے کہ جملہ طبقات باقیہ مین انبیا کا ہونا ثابت ہے چنانچہ حدیث
ابن عباس کہ صحیح ہے دلالت کرتی ہے اور قرآن پاک مین ہے ولکل قوم ہاد
یعنی ہر قوم کے واسطے ہادی مبعوث ہوا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے
کہ ہر قوم کے واسطے ایک راہنما مقرر ہوا ہے پس ہر گاہ طبقات باقیہ مین
وجود مخلوقات الٰہی کا ثابت ہے اور کوئی مخلوق حق تعالیٰ کی مہمل نہین
لا بد ہے کہ وہان بھی راہ نما ہونگے اور علامہ جلال الدین محلی کی تفسیر سے
بھی یہہ بات ثابت ہے کہ حضرت جبرئیل طبقات باقیہ مین وحی لیجاتے ہین
چنانچہ تفسیر جلالین مین لکھتے ہین اللہ الذی خلق سبع سموات و
من الارض مثلہن یعنی سبع ارضین یتنزل الامر الوحی بینہن بین السموات السبع والارضین
ینزل به جبرئیل من السماء السابعة الی الارض السابعة انتهى ہر گاہ یہہ
تین امر ذہن نشین ہو گئے اب سمجھنا چاہیے کہ لفظ نبی کنبیکم سے اگر یہ ایک ایک
نبی خاتم النبیین ہونا طبقات باقیہ مین ثابت لیکن اوسکا مثل ہونا ہمارے
خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ ثابت نہین ہو سکتا اسواسطے
کہ کلام عرب مین کاف تشبیہ کے واسطے مستعمل ہے اور تشبیہ مین لازم نہین
کہ مشبہ بہ مثل یا اقوی از مشبہ ہے بلکہ کبھی تشبیہ ناقص کے ساتھ بغرض تفہیم
واسطے ہوتی ہے قرآن پاک مین حق تعالیٰ فرماتا ہے اللہ نور السموات
والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح اس آیت مین حق تعالیٰ نے

اپنے نور کو تشبیہ دی ہے ساتھ نور مشکوٰۃ کے اور یہ ظاہر ہے کہ نور
الٰہی بدرجہا اس نور سے اعلیٰ و احسن ہے چہ نسبت خاک را با عالم پاک لیکن
لفظ نبی کنبیکم سے یہ امر ہرگز نہیں ثابت ہے کہ خاتم الانبیا طبقات باقیہ کا
مثل خاتم الانبیا اس طبقہ کے ہے بلکہ تشبیہ فقط التعلیم و تفہیم کے واسطے
ہے اس غرض سے کہ جس طرح سے ایک خاتم الرسل اس طبقہ میں ہے اسی طرح
ایک ایک خاتم ہر طبقہ میں ہے نہ یہ کہ وہ خاتم مثل اس خاتم کے ہے بلکہ اگر
غور کیا جاوے تو اسی حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خاتم مثل ہمارے
خاتم الانبیاء کے نہیں ہے کیونکہ اسی حدیث میں لفظ آدم کآدمکم بھی وارد
ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ مخلوقات طبقات باقیہ کی اولاد ہمارے
آدم کی نہیں ہے بلکہ دوسرے آدم کی اور تمام کتب عقائد میں یہ امر مصرح
ہے کہ اولاد آدم اس عالم تمام مخلوقات سے حتیٰ کہ ملائکہ سے بھی
افضل ہے اور آیہ ولقد کرمنا بنی آدم سے یہ امر مفہوم ہوتا ہے کیونکہ تمام
مفسرین اور علما کا اتفاق ہے اس امر پر کہ مراد آدم سے اس آیت میں ابو البشر
آدم ہیں نہ آدم طبقات باقیہ بلکہ تمام انبیاء کہ قرآن پاک میں ان کا ذکر ہے
وہ سب مراد انبیاء اسی طبقہ کے ہیں نہ انبیاء طبقات باقیہ کے اور حدیث
صحیح میں وارد ہے انا سید ولد آدم ولا فخر اور دوسری حدیث میں ہے انا
اکرم الاولین والآخرین اب یہاں سے دو مقدمہ ممہد ہوئے اول یہ
کہ ہمارے خاتم الانبیاء تمام اولاد آدم سے افضل ہیں دوسرے یہ کہ
اولاد آدم اس عالم کی تمام مخلوقات سے افضل ہے بعد ترکیب ان دونوں
مقدموں کے نتیجہ نکلا ہمارے خاتم الانبیا افضل ہیں تمام مخلوقات سے
پس مماثلت خاتم الانبیاء طبقات باقیہ کے ساتھ ہمارے خاتم الانبیاء

کیسی ثابت ہوگی علاوہ بریں یہ ہے کہ مماثلت مین اتحاد ماہیت و اتحاد قسم ضرور ہے
اسیواسطے انسان انسان کے مماثل کہلاتا ہے اور انسان جن یا فرشتہ کے
مماثل نہین کہلاتا ہے اور عبارت بدایع الدہور وغیرہ سے جو سابق منقول
ہوئی معلوم ہوتا ہے کہ مخلوقات طبقات باقیہ اس مخلوقات کے صنف سے
نہین ہیں اور بیدا از نصوص قطعیہ سے ثابت ہے کہ نبی ہر قوم کا اوسی قوم کے
صنف سے ہوتا ہے تا امت اوسکے ساتھہ ارتباط پیدا کرے اور اوسکی متابعت
کرے اسیواسطے بنی آدم پر کوئی نبی از قسم جن یا از قسم ملائکہ معبوث نہیں پس ضرور ہے
کہ انبیاء مخلوقات طبقات باقیہ کے اونہین صنف سے اور اونہین کی جنس سے
ہونگے اور ہمارے خاتم الانبیاء ہمارے جنس سے ہین پس دونون خاتم مین مماثلت
کہ عبارت ہے اتحاد صنف و صفات سے کیونکر ہونگی آری اسقدر مین البتہ
شریک ہین کہ ہمارے نبی خاتم الانبیاء اس طبقہ کے ہوئے اور طبقات باقیہ
خاتم اپنے اپنے طبقات کے خاتم ہوئے لیکن مجرد اس شرکت کے
درست نہین ہے الحاصل حدیث مذکور صحیح ہے اور موجود ہونے امثال
افضل مخلوق اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم کا باطل ہے اور اس حدیث سے
ہرگز ثابت نہین ہوتا ہے بلکہ عدم مماثلت اس سے ثابت ہے مقام افسوس
وتعجب ہے کہ از زمان وجود نبوی تا این جزو زمان مدت قریب تیرہ سو کے گذری
اور اس مدت مین صدہا فقہا اور محدثین اور ہزارہا علما اور صحابہ اور تابعین کی
نظر سے حدیث مذکور گذری مگر کسیکے خیال مبارک مین موجود ہونا امثال نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کا نہ آیا آیا تو اس صاحب عقیدہ کی خاطر عاطر مین آیا اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ
رَاجِعُوْنَ لقد صدق رسولنا صلے اللہ علیہ وسلم بَدَأَ الدِّيْنُ غَرِيْبًا
وَسَيَعُوْدُ غَرِيْبًا نازم برین عقل و دانش اگر شیوع جہل کی یہی کیفیت رہی تو کہا

کہ کیسے کیسے عقائد فاسدہ احادیث صحیحہ سے افہام ناقصہ مستنبط کرینگے اور
کیا کیا فساد اس عالم مین برپا کرینگے والی اللہ المشتکی ومنہ البدء والیہ
الرجعی هذا ما خطر بالبال واللہ اعلم بحقیقۃ الحال حررہ الراجی عفو ربہ القوی
المتعوذ من شرور اصحاب الطغیان والغی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی فقط

للہ در المجیب حیث اتی بجواب رائق عجیب فی الواقع در تشبیہ مشارکت مشبہ و مشبہ بہ
در نفس وجہی باشد نہ در امور دیگر مثلا در زید کالاسد مشارکت در شجاعت است
پس از ان مماثلت زید و اسد در ذات وصفات دیگر لازم نمی آید فہکذا فی
ما نحن فیہ واللہ اعلم۔ کتبہ العبد الآثم الاواہ محمد سعد اللہ

[illegible] اب صحیح والرای صائب و نجیح۔ کتبہ محمد لطف اللہ

[illegible] موجود ہونا امثال حضرت خاتم النبیین کا عالم مین بمعنے مذکور کے
[illegible] ہے اور یہ عقیدہ خلاف اہل سنت وجماعت کے ہے
اور جو [illegible] حدیث دلیل مین پیش کرتا ہے بحسب قول حاکم کے صحیح ہے لیکن
اوس سے یہ عقیدہ ثابت نہین واللہ علیم حررہ محمد نعیم

حدیث مذکور صحیح معتبر ہی لیکن اوس سے جو عقیدہ مدعی نے استنباط کیا ہے
وہ باعث کم علمی و نافہمی ہے اور محض خلاف عقائد اہل سنت کے ہے اسکا
جواب جو اخی المعظم مولوی محمد عبد الحی صاحب نے فرمایا ہے کافی و وافی ہے
نمقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم ابن مولوی علی محمد مرحوم

استفتاء چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ زید و بکر کہ ہر دو در علم
وسن مساوی مستعد در مسجد برای ادای نماز حاضر شدہ زید بکر را برای
امامت میگفت و بکر زید را لیکن منظور امامت میکنند و اظہار عذر خود مینمایند

کتاب الصلوۃ

آخر الامر زید مذکور بکر را گفت کہ نماز خود ہا سفر مفرد ادا کنم بکر بود
برین سخن راضی شدہ نیت نماز خود بست و از پس زید مذکور نیز اقتدای او
نمود پس در صورت مسطور نماز زید و بکر صحیح گردید یا نہ وچنین اقتدا از روے
قرآن وحدیث درست است یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب تدافع در امامت با وجود قابلیت مکروہ است ووقوع این امر
از علامات قیامت ہست قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ان من اشراط
الساعۃ ان یتدافع اہل المسجد لا یجدون اماما یصلی بہم رواہ ابو داؤد
وغیرہ زید وبکر را تدافع در امامت جائز نیست لیکن اقتدای زید با بکر صحیح است
ونماز ہر دو صحیح شدہ واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفی عنہ

استفتا ما قولہم رحمہم اللہ تعالے اس مسئلہ مین زید بر ملا بیان کرتا
کہ نماز وتر مین تیسری رکعت مین قبل پڑہنے دعا قنوت کے رفع یدین کرنا
تکبیر کہنا جو مروج ہے سو بدعت سیئہ ہے اسلیئے کہ اس مقام خاص مین
کرنا اور تکبیر کہنا حدیث شریف سے نہین ثابت آیا زید کا بیان صحیح
ہے یا نہین در صورت عدم صحت کے صورت مذکورہ مین رفع یدین کرنا اور
تکبیر کہنا سنت موکدہ ہے یا واجب یا مستحب بینوا توجروا

ہو المصوب تکبیر کہنا اور رفع یدین کرنا بوقت قنوت کے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وعلے آلہ وسلم سے ثابت نہین اور صاحب ہدایہ نے دلیل رفع یدین
مین لکہا ہے بقولہ علیہ الصلوۃ والسلام ترفع الایدی الا فی سبع مواطن
تکبیر الافتتاح وتکبیر القنوت وتکبیر العیدین والاربع فی الحج علامہ بدر الدین
عینی شرح ہدایہ مین بعد ذکر تخریج اس حدیث کے لکہتے ہین فانظر الی
روایاتہم ہل تجد فیہا ذکر رفع الیدین عند القنوت وانما یوجد ہذا عند

اصحابنا فی کتبہم منہم المصنف انتہی کلامہ فی باب صفۃ الصلوۃ اور
باب الوتر میں لکھتے ہیں قد ذکرنا فی باب الصلوۃ انہ لیس فی الحدیث ذکر القنوت
فی مارواہ البخاری والبزار والطبرانی وانما ذکر تکبیر الافتتاح وقع فی باب
صفۃ الصلوۃ من المصنف وھو غریب انتہی اور ملا معین اتباہ اللبیب میں
لکھتے ہیں قولہم بوجوب التکبیر قبل قنوت الوتر انی لم اجد لہ حدیثا مرفوعا
فضلا عن ان اجد مایدل علی استمرارہ عن النبی صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم
ومواظبتہ علیہ حتی یصح القول بوجوبہ منہم ومعہذا اعمل بہ واواظب
علیہ من غیر ترک لحسن الظن بالامام ابی حنیفۃ ولکن لا اعتقد وجوبہ
وقول ابی حنیفۃ بوجوب رفع الیدین عند تکبیر القنوت لم یثبت فی
عندہ اثر صحیح عن تابعی جلیل فضلا عن صحابی وفضلا علی فضل
احادیث صحیح وحالی فیہ کحالی فی التکبیر اعمل بہ ولا اعتقد وجوبہ
وکل ذلک لحسن ادبی مع ابی حنیفۃ بل ومع علماء مذھبہ انتہی
[illegible] سے مفہوم ہوتا ہے کہ رفع یدین اور تکبیر صحابہ اور تابعین سے
بھی ثابت نہیں حال آنکہ امام محمد کتاب الآثار میں فرماتے ہیں عن ابی حنیفۃ
عن حماد عن ابراہیم النخعی ان القنوت فی الوتر واجب فی شہر رمضان وغیرہ
قبل الرکوع واذا اردت ان تقنت فکبر انتہی اور غایۃ البیان میں ہے
روی الطحاوی فی شرح الآثار مسندا الی النخعی قال ترفع الایدی فی
سبعۃ مواطن فی افتتاح الصلوۃ وفی التکبیر للقنوت فی الوتر
وفی العیدین وعند استلام الحجر وعلی الصفا والمروۃ وعرفات و
عند المقامین عند الجمرتین ذکرہ فی باب رفع الیدین عند رویۃ
البیت انتہی اور عینی شرح ہدایہ میں لکھتے ہیں نقل عن المزنی انہ قال

مراد ابوحنیفة تکبیرة فی القنوت لم یثبت فی السنة ولا دل علیه قیاس
وقال ابو نصر لا قطع مذا لضاء منه فان ذلک مروی عن علی وابن عمر والبراء
بن عازب والقیاس یدل علیہ ایضا وقال ابن قدامة فی المغنی روی عن
عمر رضی الله عنه کان اذا فرغ من القرأة فی الوتر کبر انتہی اور ابراہیم حلبی غنیۃ
المستملی شرح منیۃ المصلی مین لکھتے ہین رفع تکبیر القنوت مروی عن عمر
ذکرہ الاثرم والبیہقی فی سند الکبیر انتہی الحاصل رفع یدین اور تکبیر وقت
قنوت اگرچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم سے ثابت نہین مگر ہر گاہ بعض
صحابہ اور بعض تابعین سے ثبوت اوسکا بموجب تحریر ابن قدامہ اور عینی اور
حلبی وغیرہ کے ہوا بدعت سیئہ کسطرح ہوگی آری ثبوت وجوب تکبیر ورفع
کا جیسا کہ علمای حنفیہ لکھتے ہین البتہ مشکل ہے کیونکہ کوئی دلیل وجوب
نہین ہے غایۃ ما فی الباب یہ ہے کہ اگر بہ نیت اقتدای صحابہ اور تابعین
تکبیر کہے اور رفع یدین کرے مثاب ہوگا اور اگر نہ کرے تو معاتب نہین
اعلم بالصواب وعندہ حسن الثواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی وحفظه عن موجبات الغی

استفتا ما قولہم رحمہم اللہ تعالی درین مسئلہ کہ سیاست نزد فقہا چہ معنے
میدارد وقتل سیاسۃ منحصر ست در گلو خفہ کردن مرۃ بعد اخری یا عام است
در ہر جنایت بینوا توجروا

الجواب واللہ اعلم بالصواب در رسالہ جامع تعزیرات از بحر الرائق منقول است
السیاسۃ فعل بشاء من الحاکم لمصلحۃ یراھا وان لم یرد بذلک دلیل جزئی
یعنے سیاست فعلی ہست کہ ظاہر میشود از حاکم وقت بنا بر مصلحتی کہ می بیند آن را
حاکم اگرچہ دلیل جزوی بر فعل مذکور وارد نشدہ باشد و مدار ان دست سیاست

نوعی از تعزیر است که در عقوبات شدیده مثل قتل و حبس ممتد و اخراج بلد مستعمل
میشود و قتل سیاسةً منحصر در خنق مرّة بعد اخری نیست بل عام است در هر
جنایت بحسب مصلحت سلطان و حاکم وقت آری در بعض جرائم تکرار فعل شرط است
مثل خنق و سرقه و لواطت در جامع الرموز مذکور است السیاسة لا یختص
بالزنا بل یجوز فی کل جنایة والرای فیه للامام علی ما فی الکافی کقتل مبتدع
یتوهم منه انتشار بدعة وان لم یحکم بکفره کما فی التمهید و صاحب
در مختار در منتقی شرح ملتقی میگوید السیاسة لا یختص بالزنا بل یجوز فی کل
جنایة رای الامام المصلحة فی النفی والقتل کقتل مبتدع یتوهم انتشار
بدعة وان لم یحکم بکفره و در منح الغفار شرح تنویر الابصار مسطور است
للامام قتل السارق سیاسة لسعیه فی الارض بالفساد و در رد مختار
[illegible] للامام قتل السارق سیاسة لسعیه فی الارض بالفساد و هذا
[illegible] و در [illegible] است لو اعتاد اللواطة قتله الامام سیاسة و در فتاوی
سراج المنیر از کفالة بحر الرائق منقول است یجوز التعزیر بالقتل فی المعاودة
ناقلاً عن التهذیب ان التعزیر یکون بالقتل والضرب والحبس والازعاج
عن الدار الی آخر ما قال والقتل یکون سیاسة و رخصة و اباحة و وجوباً
و در شرح ملتقی الابحر مذکور است من خنق فی المصر مرة ای صار عادة
قتل به ای سیاسة لسعیه بالفساد وکل من کان کذلک یدفع شره
هو المصوب مصافحہ بوقت ملاقات کے سنت ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم اور صحابہ وقت ملاقات کے مصافحہ کرتے تھے اور اوس پر ترغیب فرماتے تھے ابی داؤد نے ابوذر سے روایت کی ما لقیت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قط الا صافحنی اور طحاوی نے شرح معانی الآثار میں شعبی سے روایت کی ہے ان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کانوا اذا التقوا تصافحوا واذا قدموا من سفر تعانقوا اور ترمذی نے براء بن عازب سے روایت کی قال قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم اذا التقی المسلمان فتصافحا وحمد اللہ واستغفرا غفر لهما اور اسی طرح احمد اور طبرانی نے اور بزار وغیرہ نے روایت کی ہے ان احادیث سے معلوم ہوا کہ بوقت ملاقات مصافحہ سنت ہے فاما بوقت رخصت کے پس کسی حدیث صحیح سے ثابت نہیں کہ آنحضرت یا صحابہ بوقت رخصت کے بھی مصافحہ کرتے تھے اور ملا علی قاری شرح مشکوٰۃ میں لکھتے ہیں محل المصافحۃ المشروعۃ اول الملاقات انتہی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ بوقت رخصت کے سنت نہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم الی یوم القیام سے مصافحہ کرنا وقت رخصت کے مسافر سے ہو خواہ غیر مسافر سے کتاب شرعۃ الاسلام میں مذکور ہے ولفظہ

ھکذا کان اصحاب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اذا تلاقوا تعانقوا واذا تفرقوا تصافحوا وحمدوا اللہ واستغفروا عند ذلک وان التقوا وافترقوا فی الیوم مرارًا انتہی البتہ جناب رسول مقبول علیہ الصلوٰۃ والسلام اور تابعین اور تبع تابعین اور ائمہ اربعہ رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین سے ابتک کسی کتاب میں نظر نہیں آیا اور صحابہ کرام سے بھی ابتک اور کتاب میں دیکھا نہیں گیا اور در صورت ثبوت سنت موکدہ نہیں ہے واللہ اعلم بالصواب۔ حررہ ابو الاحیاء

محمد نعیم عفی عنہ [illegible]

اصاب المجیب کتبہ محمد امان الحق عفی عنہ

کتاب الصلوٰۃ
[illegible] ربیع الاول [illegible] ہجری

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین ان سب مسائل میں۔ قریٰ میں جمعہ واجب ہے یا نہیں اگر واجب نہیں ہے تو اسکا کیا جواب ہے کہ آیۂ کریمہ اذا نودی للصلوٰۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی ذکر اللہ مطلق ہے اور حجۃ الوداع میں [illegible] میں ظہر پڑھنا آنحضرت کا اگرچہ حدیث احاد سے ثابت ہے مگر زیادت علی الکتاب بحدیث احاد حنفیوں کے نزدیک درست نہیں ہے۔ شہر وغیرہ میں بعد نماز جمعہ کے چار رکعت نماز ظہر کی پڑھنا اور نیت یہ کرنا کہ نیت کرتا ہون چار رکعت نماز اوس اخیر ظہر کی جسکا وقت پایا اور ادا نکیا کیا اسمین شک میں ڈالنے سے نماز فاسد ہوتی ہے یا نہیں اور اگر فاسد ہوتی ہے تو اسکا کیا جواب ہے کہ حجۃ الوداع میں حضرت علی رض یمن سے تشریف لائے تو آنحضرت نے پوچھا کہ کیف اھللت تب حضرت علی رض نے جواب دیا اھللت کاھلال النبی صلی اللہ علیہ وسلم حالانکہ یہان بھی شک موجود ہے کیونکہ حضرت علی کو معلوم نہ تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تمتع کیا ہے یا قران یا افراد ۳۔ بعد شروع ہونے جماعت فجر کے ادا کرنا سنت فجر کا زاویہ مسجد میں یا ایسے مکان میں جو خارج مسجد کے ہو درست ہے یا نہیں

اور اس باب مین کوئی حدیث قابل احتجاج کے ہے یا نہین اور حجاج بن نصیر اور عباد ابن کثیر کہ جن دونون پہ مدار حنفیت کا اس مسئلہ خاص مین ہے فی الواقع ضعیف ہین یا نہین عینی شرح صحیح بخاری مین تحت مین باب اذا اقیمت الصلوۃ فلا صلوۃ الا المکتوبۃ کے ہے واستدل من اجاز ذلک بقولہ تعالی ولا تبطلوا اعمالکم وبما رواہ البیہقی من طریق حجاج بن نصیر عن عباد بن کثیر عن لیث عن عطاء عن ابی ھریرۃ ان رسول اللہ علیہ السلام قال اذا اقیمت الصلوۃ فلا صلوۃ الا المکتوبۃ الا رکعتی الفجر قال البیہقی ھذہ الزیادۃ لا اصل لھا وحجاج وعباد ضعیفان قالت قال یعقوب ابن شعبۃ سالت ابن معین عن حجاج بن نصیر الفیساطیطی البصری فقال صدوق وذکرہ ابن حبان فی الثقات وعباد ابن کثیر کان من الصالحین وعن ابن مسعود انہ دخل المسجد وقد اقیمت صلوۃ الصبح فرکع رکعتی الفجر الی اسطوانۃ بمحضر حذیفۃ وابی موسی قال ابن بطال وروی مثلہ عن عمر بن الخطاب وابی الدرداء وابن عباس وعن ابن عمر انہ اتی المسجد لصلوۃ الصبح فوجد الامام یصلی فدخل بیت حفصۃ فصلی رکعتین ثم دخل فی صلوۃ الامام انتہی ؏ بعد ادای نماز فجر کے سنت فجر کا ادا کرنا قبل طلوع شمس کے درست ہے یا نہین اور کوئی حدیث اس باب مین وارد ہے یا نہین ؏ اگر کوئی شخص چار رکعت نماز کی نیت کرے اور بعد دو رکعت غلطی سے سلام پھیر کر کلام کرلے تو اس حالت مین بعد یاد آنے کے دو رکعت پڑھنا واجب ہے یا چار رکعت اگر چار رکعت پڑھنا واجب ہے تو حدیث ذوالیدین کی ناسخ کون حدیث ہے آیہ کریمہ قوموا للہ قانتین کی شان نزول یہ ہے کہ لوگ نماز مین عمدا کلام کرتے تھے اوس پر آیت نازل ہوئی پس اس آیت سے نسخ حدیث ذوالیدین ثابت نہین ہوتا ہے

ﷲ جو جنازہ نظر مصلیون سے غائب ہو اوسپر نماز پڑہنا جائز ہے یا نہین
اور اگر نہین جائز ہے تو جنازہ نجاشی پر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے پڑہنے کا جو
حدیث صحیح سے ثابت ہے کیا جواب ہے ﷲ محرم اگر حالت احرام مین
مر جاوے تو تکفین اوسکی مثل عام اموات کے چاہیئے یا بطور خاص اگر مثل
عام اموات کے چاہیئے تو اس حدیث کا کیا جواب ہے کہ ایک شخص حالت
احرام مین اونٹ سے گرا اور گردن ٹوٹ کر مر گیا اوسپر آنحضرت صلعم نے
فرمایا اغسلوہ بماء وسدر وکفنوہ فی ثوبہ ولا تخمروا راسہ فانہ یبعث
یوم القیمۃ یھل انتہی بینوا وتوجروا

ھو المصوب جواب سوال اول حنفیہ کے نزدیک جمعہ قری مین واجب
نہین ہے شافعیہ اور حنابلہ قائل وجوب کے ہین بسند حدیث بخاری وغیرہ
کے التی [illegible] مروی مین جواثا مین کہ ایک قریہ تہا جمعہ قائم کیا گیا اور حنفیہ اوسکو
[illegible] قلا صالحہ اور اپنا استناد ساتھ قول علی مرتضی رض کے لا جمعۃ الا فی مصر
جامع مروی ہے کرتے ہین اسوجہ سے کہ قول صحابی ما لا یدرک بالرای
مین حکم مرفوع مین ہے اور بدون اطلاع حضرت رسول کے ایسے امور کو بیان
کرنا ممکن نہین ہے عینی بنایہ شرح ہدایہ مین لکھتے ہین اما قال لا تجوز فی
القری نفیا لقول الشافعی فانہ لا یشترط المصر بل یجوزھا فی کل موضع
اقامۃ یسکنہ اربعون رجلا احرارا وبہ قال احمد واحتجوا بحدیث ابن عباس انہ قال
اول جمعۃ جمعت بعد جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بجواثا من
البحرین رواہ البخاری وفی لفظ ابی داؤد بجواثا قریۃ من قری البحرین لنا ما ذکرہ
المصنف من الحدیث واما جواثا فقد قال الجوھری ھی اسم لحصن فی البحرین و
فی المبسوط ھی مدینۃ والمدینۃ تسمی قریۃ کما قال اللہ تعالی من ھذہ القریۃ

الطالبو احادیثا انتہی اور حافظ ابن حجر عسقلانی درایہ فی تخریج احادیث الہدایہ
مین کہتے ہین حدیث لاجمعۃ ولا تشریق ولا فطر ولا اضحی الا فی مصر جامع
لم اجدہ مرفوعا وروی عبد الرزاق عن علی موقوفا لا تشریق ولا جمعۃ الا فی
مصر جامع واسنادہ صحیح ورواہ ابن ابی شیبۃ مثلہ وزادہ ولا فطر ولا اضحی
وزاد فی اخرہ او مدینۃ عظیمۃ واسنادہ ضعیف انتہی اور عینی شرح ہدایہ
مین بعد نقل اس حدیث کے کہتے ہین قد ذکر الامام خواہر زادہ فی المبسوط
ان ابا یوسف ذکرہ فی الاملاء مسندا مرفوعا الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم
وابو یوسف امام الحدیث حجۃ فلو لم یثبت عندہ کونہ مرفوعا لما قال مسند
مرفوع ولئن سلمنا انہ موقوف فہو موقوف صحیح وہو محمول علی السماع لانہ
لا یدرک بالعقل انتہی اور آیہ فاسعوا الی ذکر اللہ کا اطلاق باب امکنہ میں غیر مسلم
ہے اجماعا ورنہ جواز جمعہ صحرا مین لازم آویگا اور اسکا کوئی قائل نہین
اجماعا یہہ آیت مخصص ساتھہ بعض اماکن کے ہے اور تخصیص ساتھہ ... موسی
کے انسب ہے ابن ہمام فتح القدیر مین لکہتے ہین دالقاطع للشغب ... عمائہ
فاسعوا الی ذکر اللہ لیس علی اطلاقہ اتفاقا بین الامۃ اذ لا یجوز اقامتہا
فی البراری اجماعا ولا فی کل قریۃ عند الشافعی بل یشترط ان لا یظعن اہلہا
حینا صیفا ولا شتاء فکان خصوص المکان مرادا فیہا اجماعا فقدر القریۃ
الخاصۃ وقدرنا المصر وہو اولی لحدیث علی ونحوہ عورض بفعل غیرہ
کان علیہ مقدما علیہ کیف ولم یتحقق معارضۃ ما ذکرنا ایاہ ولہذا
لم ینقل عن الصحابۃ انہم لما فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع الا
فی الامصار دون القری ولو کان لنقل ولو احادا انتہی پس ما نحن فیہ مین
حنفیہ نے تخصیص اطلاق قرآن ساتھہ خبر احاد کے نہین کی بلکہ تعیین ایک مبہم کی کی

جواب سوال سوم جواز ادای سنت فجر مین بعد اقامت کے کوئی حدیث
صریح صحیح نظر سے نہین گذری بلکہ اوسکے خلاف احادیث صحیحہ موجود ہین
موطا امام مالک مین ہے ان ابا سلمة بن عبد الرحمن بن عوف قال سمع قوم
الاقامة فقاموا یصلون فخرج علیهم النبی صلعم فقال أصلاتان معا وذلك
فی صلوة الصبح فی رکعتین اللتین قبل الصبح اور صحیحین مین ہے عبد الله بن
مالک بن بحینة سے مر النبی صلی الله علیه وسلم برجل وقد اقیمت الصلوة یصلی
رکعتین فلما انصرف لاث به الناس فقال له رسول الله صلعم آلصبح اربعا
آلصبح اربعا اور سنن ابو داود وغیرہ مین عبد الله بن سرجس سے مروی ہے
ان رجلا جاء ورسول الله فی صلوة الصبح فرکع رکعتین خلف الناس ثم
دخل مع النبی صلی الله علیه وسلم فلما قضی رسول الله الصلوة قال یا فلان اجعلت
صلوتك التی صلیت معنا والتی صلیت وحدك اور حدیث اذا اقیمت
الصلوة فلا صلوة الا المکتوبة الا رکعتی الفجر بوجہ مختلف فیہ ہونے حجاج
[illegible] عباد سے معارضہ ساتھ اخبار صحیحہ کے نہین کرسکتے۔ البتہ چند صحابہ رض
سے مروی ہے کہ وہ بعد اقامت کے سنت فجر ادا کرلیا کرتے تھے طحاوی
شرح معانی الآثار مین باسانید متعددہ روایت کرتے ہین دعی سعید بن العاص
ابا موسی وحذیفة وابن مسعود قبل ان یصلی الغداة فلما خرجوا من عنده
اقیمت الصلوة فجلس عبد الله بن مسعود الی اسطوانة من المسجد یصلی
رکعتین ثم دخل المسجد ودخل فی الصلوة وعن ابی مجلز قال دخلت
مع ابن عمر وابن عباس والامام یصلی فاما ابن عمر فقد دخل فی الصف
واما ابن عباس فصلی رکعتین ثم دخل مع الامام فلما سلم الامام قعد
ابن عمر فلما طلعت الشمس رکع رکعتین وعن ابی الدرداء انه کان

يدخل المسجد والناس صفوف في صلوة الفجر فيصلي ركعتين في ناحية المسجد
ثم يدخل مع القوم انتهى **جواب سوال چارم** حنفیہ باستثناء اون اوقات
کے کہ نہی صلوۃ قبل الطلوع وقبل الغروب مین وارد ہین ادا سنت فجر کو بعد
نماز فجر قبل طلوع کے مکروہ لکھتے ہین لیکن سنن ابو داود مین قیس بن عمرو سے
مروی ہے رای رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم رجلا یصلی بعد صلوۃ
الصبح رکعتین فقال رسول اللہ صلوۃ الصبح رکعتان فقال الرجل انی
لم اکن صلیت الرکعتین اللتین قبلهما فصليتهما فسکت رسول اللہ صلعم
جواب سوال پنجم ظاہر استدلال حنفیہ کا ساتھ آیۃ وقوموا للہ قانتین
و حدیث ابو داود وغیرہ ان هذه الصلوة لا يصلح فيها شئ من كلام الناس
ہے اور حدیث ذو الیدین مفید اس امر کو ہے کہ مصلی اگر بگمان اسکے کہ نماز تمام
کر چکا کلام کرے وہ کلام مفسد نہین ہے اور اس امر خاص مین کوئی
ناسخ نظر سے نہین گذری **جواب سوال ششم** خبر صلوۃ نجاشی
صلوۃ علی الغائب ہے لیکن حنفیہ اوسکا جواب دو طرح سے دیتے ہین ایک
یہہ کہ وہ مختصات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ہے دوسرے یہہ کہ وہ جنازہ
آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مقابل کر دیا گیا اور حجاب مرتفع کر دیا گیا تھا
امام محمد موطا مین لکھتے ہین ولیس للنبی صلی اللہ علیہ وسلم فی ھذا کغیرہ
الا یری انہ صلی علی النجاشی بالمدينة وقد مات بالحبشة فصلوة رسول اللہ
برکۃ وطهور فليست كغيرها من الصلوة انتهى اور زرقانی شرح موطا مین لکھتے
ہین فیہ الصلوۃ علی الغائب وبہ قال الشافعی واحمد واکثر السلف وقال
الحنفية والمالكية لا تشرع ونسبه ابن عبد البر الى اكثر العلماء وانهم قالوا
ذلك خصوصية له صلى الله عليه وسلم ودلائل الخصوصية واضحة

لانه والله اعلم احضر روحه او شاهد جنازته ولابن حبان عن عمران بن حصين
فقاموا وصفوا خلفه وهم لا يظنون الا ان جنازته بين يديه انتهى **جواب**
سوال ہفتم ظاہر اس حدیث کا اس امر پر دال ہے کہ محرم کی تکفین مثل عامہ
اموات کے نہین ہے اور حنفیہ اسکو خصوصیت پر محمول کرتے ہین اور بحدیث
اذا مات ابن آدم انقطع عمله الا من ثلاث وغیرہ استناد کرتے ہین **جواب**
سوال دوم چونکہ تعدد جمعہ مین ایک بلد مین اختلاف واقع ہوا اسوجہ
سے متاخرین نے احتیاطاً چار رکعت پڑہنے کا حکم دیا ہے نہ بوجہ شک کے
کیونکہ صحت جمعہ مین بروایات معتبرہ شبہ نہین بلکہ محض بنظر احتیاط رد المحتار
مین ہے قال فی شرح المنیة الاولی هو الاحتیاط لان الخلاف فی جواز التعدد
قوی وکون الصحیح الجواز للفتوی لا یمنع شرعیة للتقوی انتهى والله
اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله
عن ذنبه الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای شریعت محمدیہ صلعم اس صورت مین کہ
قوم مہتر یا ڈوم یا چمار یا دوسادھ جو ہندو و کافر مردار خوار ہوتے ہین اور
اکثر چیزین حرام مثل چوہا اور بلا اور ضب یعنے گوہ اور کیکڑا وغیرہا کے کہایا
کرتے ہین اونکے یہان کی چیزین از قسم حلال پکی ہوئی کہانا یا اونکے ہاتہہ کا پانی
کوئین یا دریا سے نکالا ہوا پینا کہ جسمین کوئی شبہ تلویث اشیاء حرام یا نجاست
وغیرہا کا نہو شرعاً ممنوع ہے یا جائز اور اونکے ہاتہہ سے چیزین مثل روٹی
اور گوشت یا خشکہ اور دال پکوانا یا یہہ سب چیزین اون لوگون کے ہاتہہ
کی چہوئی ہوئی مسلمانون کو کہانا روا ہوگا یا نہین بینوا توجروا
ہو المصوب جب تک کوئی نجاست ظاہری یقیناً اعضای ظاہرہ کافر

ہنود وغیرہ کے ہاتھ سے کھانا پکوانا یا پانی نکلوانا یہ سب درست ہے بوجہ اسکے کہ نجاست کافر کی صرف اعتقادی ہے نہ نجاست ظاہری جیسا کہ بحر الرائق میں ہے لما انزل النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعض المشرکین فی المسجد وسکنہ فیہ علی ما فی الصحیحین علم ان المراد بقولہ تعالی انما المشرکون نجس النجاسة فی اعتقادھم اور یہی اوسمیں ہے سور الآدمی طاھر لا فرق بین الجنب و الطاھر والحائض والنفساء والصغیر والکبیر والمسلم والکافر والذکر والانثی یعنی ان اکل طاھر وطھور من غیر کراھة انتھی واللہ اعلم حررہ

الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

واقعی روا ہوگا جبتک تیقن نجاست نہین ہوگا کتاب فتاوی حمادیہ مین مذکور ہے ولا اطعمة التی تتخذھا اھل الشرک ویتوھم فیھا اصابة النجاسة کل ذلک محکوم لطھارتہ حتی تیقن بنجاستھا انتھی مختصرا واللہ اعلم حررہ ابو الکلام

محمد المدعو ابا النعیم عفی عنہ

استفتا

بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم - اما بعد کیا فرماتے ہین علماے فحول ومفتیان ذوی العقول اس مسئلہ مین کہ ایک شخص حنفی المذہب تقلید شخصی کو واجب نہین جانتا بلکہ جائز کہتا ہے اور نماز مین شرائط اور ارکان وسنن موافق حنفیون کے بجالاتا ہے اور آمین بالجہر کہتا ہے کبھی فعل مسنون کا عامل کہتا ہے نماز پیچھے ایسے شخص کے بلا کراہت جائز ہے یا نہیں اور جو شخص مذکور کی اقتدا کو ناجائز کہے اوسکا کیا حکم ہے مثل اور نماز مین آمین پکار کر کہنے والے کو مسجد سے نکلوا دینا کیسا ہے ابسطوا الجواب لکم الثواب

کتاب التقلید از آزادہ

الجواب بحمد اللہ نستعینہ ونصلی علیہ عقیدہ جواز تقلید شخصی موافق ہے محققین

حنفیون کے جیساکہ فرمایا علامہ عبد العلی بحر العلوم حنفی شرح مسلم الثبوت مین
لا یجب الا استمرار و یتحم الانتقال وھذا ھو الحق الذی ینبغی ان یؤمن و یعتقد
بہ اور کہا علامہ ابن الہمام حنفی نے تحریر مین لو التزم مذھبا معینا کابی حنیفۃ
والشافعی رح فقیل یلزمہ وقیل لا وھو الاصح اور علامہ شرنبلالی حنفی نے
عقد الفرید مین لیس علی الا التزام مذھب معین اور یہی مختار ہے علامہ
محمد عبد العظیم حنفی مفتی مکہ وشاہ ولی اللہ صاحب وشاہ عبد العزیز صاحب وامیر حاج
وسید بادشاہ و قاضی ابو عاصم اور بہت سے مشائخ کبار کا حنفیون کے جبکہ
عقیدہ اوسکا موافق ہو المحققین احناف سلف و خلف کے اور مذہب حنفی
رکھتا ہے اور نماز مین رعایت کرتا ہے شرائط و ارکان و سنن حنفیون کی پس
جماعت ایسے شخص کے بلا خلاف احد کے جائز ہے رسالہ الاہتداء فی الاقتداء
ملا علی قاری مین ہے ذھب عامۃ مشائخنا الی الجواز اذا کان یحتاط فی موضع
الخلاف والا فلا والمعنی انہ یجوز فی المراعی بلا کراھۃ وفی غیرہ معھا ثم المواضع
المھمۃ للمراعاۃ ان یتوضأ من الفصد والحجامۃ والقئ والرعاف ونحو ذلک
لا فیما ھو سنۃ عندہ مکروہ عندنا کرفع الیدین فی الانتقالات وجھر
البسملۃ واخفائھا فھذا و امثالہ لا یمکن الخروج عن عھدۃ الخلاف فکلھم
یتبع مذھبہ ولا یمنع مشربہ انتہی وفی حاشیۃ الاشباہ للخیر الرملی الذی
یمیل الیہ خاطری القول بعدم الکراھۃ اذا لم یتحقق منہ مفسد لکذا فی الشامی
ص ۵۶۶ مطبوع مصر اور قول سدید مین ہے یجوز صلوۃ المسلمین بعضھم
خلف بعض کما کان الصحابۃ رضہ والتابعون ومن بعدھم من الائمۃ الاربعۃ
یصلی بعضھم خلف بعض مع تنازعھم فی ھذہ المسائل المذکورۃ وغیرھا
ولم یقل احد من السلف انہ لا یصلی بعضھم خلف بعض ومن انکر ذلک فھو

امبتدع ضال مخالف للکتاب والسنۃ واجماع سلف الامۃ وائمتہا وقد کان فی الصحابۃ والتابعین ومن بعدھم من یقرء البسملۃ ومنھم من لایقرءھا ومنھم من یجہر بہا ومنھم من لایجہر بہا جہر کی سرون کے بعد کہا ومع ہذا کان بعضہم یصلی خلف بعض مثل ما کان ابوحنیفۃ واصحابہ والشافعی وغیرہم یصلون خلف ائمۃ المدینۃ من المالکیۃ وغیرہم وان کانوا لایقرءون البسملۃ لاسرا ولاجہرا وھکذا فی حجۃ اللہ البالغۃ اور قول عدم جواز اقتدا محض ضلالت وگمراہی ہے فقہ اکبر امام ابی حنیفہ رح مین ہے الصلوۃ خلف کل بر وفاجر من المؤمنین جائزۃ اسکے تحت مین ملا علی قاری فرماتے ہیں فمن ترک الجمعۃ والجماعۃ خلف الامام الفاجر فہو مبتدع عند اکثر العلماء الصحیح انہ یصلیھا ولایعیدھا اور پھر منتقی سے نقل کیا سئل ابوحنیفۃ عن مذھب اھل السنۃ والجماعۃ فقال کذا وکذا وان نصلی خلف کل [illegible] وشرح عقائد مین ہے یجوز الصلوۃ خلف کل بر وفاجر لقولہ صلعم صلوا [illegible] ولان علماء الامۃ کانوا یصلون خلف الفسقۃ واھل الاھواء والبدع من غیر انکیر اور کہا حاشیہ مین اوسکے خلافاً للشیعۃ فانھم قد اشترطوا العصمۃ فی الامامۃ الصغری کما فی الکبری والخوارج ایضا فان الکافر عندھم فاجر پس ثابت ہوا کہ امام اعظم رح اور تمامی اہل سنت والجماعت کا یہی عقیدہ ہے کہ نماز پیچھے ہر مومن کے جائز اور جو شخص جمعہ وجماعت ترک کرے بسبب فاجر ہونے امام کے وہ مبتدع اور ضال ہے اور عقیدہ شیعہ اور خارجی کا رکھتا ہے اور یہہ اختلاف شیعہ اور خارجی کا امام کے بد ہونے کی تقدیر پر ہے اور جبکہ نیک ہو جیسا کہ سوال سے ظاہر ہوتا ہے تو اسمین کسی اہل قبلہ کا اختلاف نہین پس قائل عدم جواز صلوۃ کا پیچھے شخص مذکور کے محض ضال ومضل ہے

نعوذ باللہ من ہذہ العقیدۃ الفاسدۃ **جواب سوال دوم** مومن
کو مسجد سے روکنا خصوصاً فعل مشروع کے سبب سے بڑا گناہ ہے فرمایا
اللہ تعالیٰ نے وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ مَنَعَ مَسَاجِدَ اللّٰہِ اَنْ یُذْکَرَ فِیْہَا اسْمُہٗ وَسَعٰی
فِیْ خَرَابِہَا اُولٰئِکَ مَا کَانَ لَہُمْ اَنْ یَدْخُلُوْہَا اِلَّا خَائِفِیْنَ لَہُمْ فِی الدُّنْیَا
خِزْیٌ وَلَہُمْ فِی الْاٰخِرَۃِ عَذَابٌ عَظِیْمٌ ۵ واقتدا نماز پیچھے ایسے شخص کے بلا کراہت
جائز ہے اور جو شخص مذکور کی اقتدا کو ناجائز کہے وہ مخطی ہے اور آمین پکار کر
کہنے والے کو صرف بوجہ اس عمل کے مسجد سے نکلوا دینا درست نہیں ہے واللہ اعلم

حررہ ابو الاحیاء محمد نعیم غفر لہ العلی الرب الحکیم [illegible]

المجیب الراجی الی رحمۃ ربہ الرحیم ابو محی الدین محمد ابراہیم غفر لہ ولوالدیہ ۵

[illegible] بیشک ہے فی الواقع جو حنفی تقلید شخصی کو واجب نہ جانتا ہو اور ارکان
[illegible] حنفیہ کے کرتا ہو اور آمین بالجہر کو بھی مسنون سمجھتا ہو اوسکے
پیچھے [illegible] جائز ہے اور حکم کرنا عدم جواز امامت اس شخص کا ضلالت
ہے۔ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا ہو اللہ الاکبر چہ میفرمایند علمای دین محققین درین مسئلہ کہ خواندن
قنوت در نوازل در صلوۃ جہریہ یا صرف در نماز فجر چنانکہ در بحر الرائق ودر مختار
و اشباہ و نظائر ناقلاً عن فتح القدیر وغیرہ نوشتہ معمول بہ ہست یا منسوخ و از
صحابہ کرام بعد از جناب سرور صلی اللہ علیہ وسلم منقول ہست یا نہ و اگر کسے در حادثہ
سلطان روم خواند مصیب ہست یا مخطی بینوا توجروا

ہو المصوب نزد حنفیہ قنوت در فجر وغیرہ سوای وتر در غیر نوازل منسوخ است
فاما بوقت نزول نوازل و وقائع پس نزد حنفیہ ہم در فجر مشروع است و از آنحضرت

فی باب الصلوۃ در ماہ جمادی الاولی [illegible] ہجری از دہلی

صلی اللہ علیہ وسلم وصحابۂ کرام بعد آنحضرت صلعم قنوت بوقت نزول نوازل
منقول است وحادثۂ سلطان روم حادثہ ایست عظیمہ خواندن قنوت برای
فتح سلطان اسلام وهزیمت اهل کفر وضلالت در نماز فجر برای اهل اسلام مشائخ
مستحب است بلکہ از درجۂ سنیت منحط نیست بدر الدین عینی حنفی در عمدۃ القاری
بشرح صحیح البخاری می نویسند روی الطبرانی فی الاوسط من حدیث ابرہیم
بن علقمۃ والاسود عن عبد اللہ بن مسعود قال ما قنت رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم فی شئ من صلواتہ الا فی الوتر وانہ کان اذا حارب قنت فی
الصلوات کلھن ولا قنت ابوبکر ولا عمر ولا عثمان حتی ماتوا ولا قنت علی
حتی حارب اهل الشام فکان یقنت فی الصلوات کلھن وکان معاویۃ یدعو
علیہ ایضا وقال شیخنا زین الدین العراقی ان ابن مسعود لم یدرک حرب علی مع
اهل الشام ولا موت عثمان فانہ مات فی زمن عثمان قلت یحتمل ان یکون
قولہ ولا عثمان الخ من کلام ابراهیم وعلقمۃ والاسود انتہی مرتضیٰ
حسینی زبیدی مصری حنفی در کتاب خود عقود الجواہر المنیفۃ فی ادلۃ مذهب
الامام ابی حنیفۃ می نویسند اخرج عبد الرزاق فی مصنفہ عن ابی جعفر الرازی
عن الربیع عن انس لم یزل رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقنت فی الفجر حتی فارق
الدنیا وکذا عند الطبرانی وصححہ الحاکم فی الاربعین والدارقطنی ویعارضہ ما
عند الطبرانی ایضا من روایۃ غالب بن فرقد الطحان کنت عند انس بن مالک
شہرین فلم یقنت فی صلوۃ الغداۃ والجواب ان المراد بالحدیث الاول انہ کان
یقنت فیہ عند النوازل واختصاصہ بالنوازل قد ثبت بحدیث انس نفسہ
عند الخطیب فی کتاب القنوت واسنادہ صحیح قالہ صاحب التنقیح بلفظ کان لا یقنت
الا ان یدعو لقوم او علی قوم وحدیث ابی ہریرۃ عند ابن حبان بلفظ لا یقنت

في صلوة الصبح الا ان يدعو لقوم او على قوم واسناده صحيح قاله الحافظ
فيكون حديث انس المتقدم منسوخ بصريح حديثه وعليه يحمل قول من قال
من الصحابة به فلا يكون بالنسبة الى النازلة منسوخا بل مستمرا وبه قال
جماعة من اهل الحديث اذ ليس في الحديث ما يعارضه الا حديث ابن مسعود
المتقدم فان فيه لم يقنت قبله ولا بعده وقول الطحاوى والترك دليل النسخ
ظاهره ان المراد به نسخ القنوت مطلقا اى سواء كان في النوازل او غيرها وهو
مشكل لما ثبت عن ابى بكر انه قنت عند محاربة مسيلمة وكذلك عمر وكذلك على
ومعاوية عند محاربتهما والذى يؤخذ من مجموع الاخبار انه صلى الله عليه
وسلم كان لا يقنت الا في النوازل ومن ثم ذهب جمع من العلماء الى عدم
نسخه فيها بل هو امر مستمر مشروع وجعلوا خصوص ما روى من قنوته في الفجر عند
[illegible] ناسخا للعموم الذى روى انه لم يزل يقنت في الفجر حتى فارق الدنيا
[illegible] المعنى لم يترك القنوت في الفجر عند النوازل حتى فارق الدنيا وجعلوا
الترك المروى عن ابن مسعود يعنى ترك الدعاء على اولئك القوم بعينهم لا ترك
القنوت قال في الملتقط قال الطحاوى انما لا يقنت عندنا في الفجر من دون وقوع
بلية فان وقعت فتنة او بلية فلا باس به وقال ابراهيم الحلبي في شرح المنية هو
مذهبنا وعليه الجمهور وانما نبهت على هذه المسئلة لان غالب مشائخنا حملوا
الترك على نسخ نفس الحكم انتهى وعينى در بنايه شرح هدايه مى آرند ان نزلت بالمسلمين
نازلة قنت الامام في صلوة الفجر وبه قال الاكثرون واحمد وقال الطحاوى انما لا نقنت
عندنا في صلوة الفجر من غير بلية فان وقعت بلية او فتنة فلا باس به فعله
رسول الله صلى الله عليه وسلم انتهى وابن همام حنفى در فتح القدير مى گويند
قد روى عن الصديق انه قنت عند محاربة الصحابة مسيلمة الكذاب وعند

محاربة اهل الكتاب وكذلك عمر وكذا علی فی محاربة معاوية ومعاوية فی
محاربته وهذا يشعر لنا ان القنوت للنازلة مستمر لم ينسخ وبه قال جماعة من
اهل الحديث وحملوا عليه حديث ابی جعفر عن انس مازال رسول الله يقنت
اى فی الفجر حتى فارق الدنيا اى عند النوازل وماذكرنا من اخبار الخلفاء يفيد
تقرره لفعلهم ذلك بعد النبی عليه الصلوة والسلام انتهى وابراهيم حلبی در
غنية المستملی شرح منية المصلی مے آرند القنوت لوكان سنة راتبة لنقله عليه السلام
بكل صبح يجهر به ويؤمن من خلفه كما قال الشافعی او يسر به بحيث يقطع القراة
الجهرية ويليث مليا كما قال مالك الى ان توفاه الله لم يتحقق فيه هذا الاختلاف
بل كان سبيله ان ينقل كنقل جهر القراة ومخافتها وجميع ما ورد من قنوته
وقنوت الخلفاء انما هو قنوت النوازل فانه محل الاجتهاد فان حديث انس
عليه السلام لم يزل يقنت حتى فارق الدنيا ونحوه مما عن الصحابة يتبين
فانه روى عن ابی بكر انه قنت عند محاربة مسيلمة وكذلك قنت علی عند
محاربة معاوية وحديث ابی حنيفة انه عليه السلام قنت شهرا لم يقنت قبله
ولا بعده ينفيه فوجب كون بقاء القنوت فی النوازل مجتهدا فيه وذلك انه
لم يؤثر عنه عليه الصلوة والسلام انه قال لا قنوت فی نازلة بعد هذه
بل مجتهد الامر بعدها فيصحبه الاجتهاد بان يظن ان ذلك انما هو لرفع
شرعيته ونسخه نظرا الى سبب تركه وهو انه لما نزل قوله تعالى ليس لك
من الامر شیء او انه لعدم وقوع نازلة تستدعی القنوت بعدها فتكون
شرعيته مستمرة وهو محمل قنوت من الصحابة وهو مذهبنا ومذهب الجمهور
واما القنوت فی الصلوات كلها عند النوازل فلم يقل به الا الشافعی
وابن عابدين شامی در رد المحتار بعد نقل قدری از عبارت مذكوره غنية ميگويند

هو صريح في ان قنوت النازلة عندنا مختص بصلوة الفجر دون غيرها
من الصلوة الجهرية والسرية وهل القنوت ههنا قبل الركوع ام بعده لم اره
والذي يظهر لي انه يقنت بعد الركوع لا قبله بدليل ان ما استدل به الشافعي
على قنوت الفجر وفيه التصريح بالقنوت بعد الركوع حمله اصحابنا على قنوت
النازلة ثم رأيت الشرنبلالي في مراقي الفلاح صرح بانه بعده واستظهر
الحموي انه قبله والاظهر ما قلناه انتهى والله اعلم بالصواب حرره الراجي
عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي فقط

محمد عبد الحي ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین کہ ثبوت ایمان والدین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم کا ہے یا نہیں اور جو کوئی ان دونوں کیطرف تحریرًا یا تقریرًا نسبت کفر
کرے اوسکا کیا حکم ہے

هو المصوب اس مسئلہ میں علماء کا اختلاف واقع ہے بعض ایمان بعد الاحیاء کے
قائل ہوئے ہیں اور بعض احادیث احیا کو موضوع کہتے ہیں اور عدم ایمان کے
قائل ہیں مگر بوجہ ہونے اونکے ارباب فطرت سے نجات کے قائل ہیں علامہ جلال الدین
سیوطی نے اس باب میں سات رسالے تحریر کیے ہیں اور بشد ومد نجات ثابت کرتی
ہیں اور ملا علی قاری اور ابراہیم حلبی اونکے بعض رسائل کی رد لکھ چکے لیکن چونکہ
اس باب میں دلائل متعارض ہیں اسوجہ سے سکوت اسلم ہی اور یہہ کہنا کہ والدین
رسول اللہ صلعم کے کافر ہیں یا فی النار ہیں بڑی بے ادبی و موجب اذیت رسول اللہ صلعم
ہے حموی شرح اشباہ میں لکھتے ہیں اعلم ان السلف اختلفوا في ابوي رسول الله صلعم
هل ماتا على الكفر ام لا فذهب الى الاول جماعة منهم صاحب النسبة وذهب
الى الثاني جماعة ونفر من الجمع الاول قالوا انهما في النار وسئل ابن العربي
احد الائمة المالكية عن رجل قال ان ابا النبي في النار فاجاب بانه ملعون لانه

قال ان الذین یوذون الله ورسوله لعنهم الله فی الدنیا والاخرة ولا
اعظم من ان یقال عن ابیه انه فی النار وقال السهیلی فی الروض لانقلیس
ان نقول ذلک فی ابویه لقوله صلی الله علیه وسلم لا توذوا الاحیاء
والله یقول ان الذین یوذون الله ورسوله الایة وامرنا بمسک اللسان
ذکر اصحابه بشیء یرجع الی العیب فیهم فلان نمسک عن ابویه احق واحری
المرام فی هذه المسئلة ان هذه المسئلة لیست من الاعتقادات
منها واما اللسان فهذا الامساک عما یتبادر منه النقصان انتهی والله اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ تعالی اس مسئلہ میں کہ اگر شفیع نے طلب تملیک
ایک ماہ تک بغیر عذر ترک کی تو شفعہ اوسکا باطل ہوا یا نہیں بینوا توجروا

الجواب ہو الموفق للصواب صورت مرقومہ میں نزدیک محققین کے
شفعہ شفیع کا باطل ہوا کیونکہ اگرچہ اس مسئلہ میں دو قول ہیں ایک امام ابو حنیفہ
کا اور دوسرا امام محمد اور زفر رحمہما اللہ کا لیکن محققین نے نظر بر رفع ضرر
کے قول ثانی پر فتوی دیا ہے فتاوی عالمگیری میں مرقوم ہے وعن محمد و
زفر رحمہما اللہ وھو روایة عن ابی یوسف رحمہ اللہ ان اشہد وترک المخاصمة شہرا
من غیر عذر تبطل شفعته والفتوی علی قولہما کذا فی محیط السرخسی اور
فرماتے ہیں الفتوی الیوم علی ہذا لتغیر احوال الناس فی الاضرار بالغیر انتہی
اور رد المحتار میں مرقوم ہے قال شیخ الاسلام وقاضیخان فی فتاواہ
علی الجامع ومشی علیہ فی الوقایة والنقایة والذخیرة والملتقی وفی
عن البرہان انه اصح ما یفتی به قال یعنی انه اصح من تصحیح الهدایة والکافی
وتمامه فیہا وعزاہ القہستانی الی المشاہیر کالمحیط والخلاصة والمضمرات

كتاب الشفعة

وغیرها انتهی واللہ اعلم وعلمہ اتم

فی الواقع اگرچہ اس مسئلہ مین امام ابوحنیفہ کے نزدیک موافق ظاہر الروایۃ کے
شفعہ باطل نہوگا اور ہدایہ و کافی مین اسیکو مفتی بہ لکھا ہے لیکن جماعت کثیر
محققین حنفیہ کے قائل فتوی قول امام محمد ہے نہایہ شرح ہدایہ مین ہے ان ترک
هذا الطلب بغير عذر لا تبطل شفعته وان طالت المدة وعلى قولهما تبطل
اذا طالت المدة واختلفت الروايات عنهما فی طول المدة ففی رواية عن محمد
ثلاثة ايام وفی اخرى بشهر وهو احدى الروايات عن ابی يوسف قال شيخ الاسلام
الفتوى اليوم على هذا وهكذا ذكر ايضا فی الجامع الصغير لقاضيخان فكان ما
اختاره فی الكتاب ان الفتوى على قول ابی حنيفة مخالفا الروايات هذه الكتب
انتهی اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے قال فی شرح المجمع فی الجامع الخانی الفتوى
على قول محمد لتغير احوال الناس فی قصد الاضرار انتهی وبه ظهر ان فتاواهم
بخلاف ظاهر الرواية لتغير الزمان ونظائره كثيرة وقصد الاضرار فی
زماننا كثير انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

واقعی شفعہ اسکا باطل ہوا مطابق فتوای متاخرین کے جیسے کمال الدرایہ فی
شرح النقاية وبتاخيره شهرا من غير عذر مرض وحبس يبطل عند محمد وهو
قول زفر واختيار الكرخی وبه ای بقول محمد يفتى اليوم لقصد اهل الزمان
الى الاضرار بغيره انتهی مختصرا وفی شرح البرجندی لمختصر الوقاية وبه
ای بقول محمد يفتى كذا فی مبسوط الامام خواهر زاده والمحيط والذخيرة
والتتمة وفتاوى قاضيخان والخلاصة انتهی والله عليم حرره ابو الاسعاد
محمد نعیم غفر له العلی الرب الحکیم

کتاب الطہارۃ

استفتنا بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ قول است علمای دین متین رحمکم اللہ در جواز و عدم جواز تیمم بضرب دست بر وسادہ و بساط و نمدہ و بانات وغیرہ از قسم پارچہ کہ غبار بران و نہ بر دست محسوس میگردد مگر بوقت ضرب در ہوا چیزے پنداشتہ میشود و بودن غبار بر اشیاء مذکورہ بقدر یجوز بہ التیمم بضرب الید علیہا چگونہ شناختہ می شود بینوا بالتفصیل والاسناد توجروا من رب العباد فی یوم التناد۔

ہو المصوب بوقت ضرب دست بر وسادہ وغیرہ در ہوا غبار محسوس شدہ و دران غبار ضربات تیمم و مسح وجہ و کفین ادا کردہ شد تیمم جائز خواہد شد خواہ آن غبار بر دست محسوس باشد یا نباشد و خواہ بران وسادہ وغیرہ بدون ضرب ید مشاہد باشد یا نباشد عینی در شرح کنز می نویسد یجوز التیمم ایضا بالنقع بان نفض ثوبا او حصیرا طاہرا ثم تیمم بغبارہ جاز انتہی در زخیرہ مے آرد لو نفض لبدہ او ثوبہ او الاشیاء الطاہرۃ فتیمم بغبارہا جاز و ان ینفض ثوبہ او لبدہ فیرتفع غبارہ فرفع یدیہ فی الھواء قریبا منہ فوقع علی یدہ و تیمم او ضرب یدہ علی اللبد والثوب وارتفع غبارہ فرفع یدیہ وتیمم جاز انتہی و در رد المحتار ست قال الرملی الصحیح التفصیل ان استبان اثر الغبار جاز والا فلا لوجود الشرط خصوصا فی ثیاب ذوی الاشغال انتہی و ہمچنین است در بسیاری از کتب فقہ و اشتراط محسوس شدن غبار بر وسادہ وغیرہ بدون ضرب ید وغیرہ یا محسوس شدنش بر ہر دو دست از عبارات کتب معتمدہ بدرجہ ثبوت نرسیدہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

صح الجواب نمقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم غفر لہ اللہ الرحیم

محمد ابراہیم

۱۸۱
استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک شخص قوم چمار سے ہے اور ابتک وہ اپنے آبا و اجداد کے دین پر ہے لیکن مالدار ہے اسنے اپنی لڑکی کی شادی کی اور اسمین تمام رسومات مثلاً شراب خواری و باجا و ناچ و آتشبازی و پوجا اپنے دیوتاؤن کا وغیرہم بڑی دھوم دہام سے کیا چنانچہ صرف شراب دو ہزار روپیہ کی آئی تھی وقس علی ہذا سب سامان مہیا کیا اور چند اہل ایمان کی بھی دعوت کی اور مسلمانون نے انکار کیا تب اوسنے ایک مولوی صاحب کی کچھہ نذر کی مولویصاحب نے اپنا پیٹ بہر کر کھدیا کہ اسکی دعوت لینی درست ہے انکے حسب ارشاد انکے ساتھہ چند مسلمانون نے اور بھی دعوت قبول کی اور اوسکے وہان جاکر کھانا کھایا باوجودیکہ اشیای مذکورہ موجود تھی اب عوام الناس مین افساد برپا ہے بعض کہتے ہین کہ ایسی دعوت لینی درست ہے ورنہ فلانے صاحب کیون لیتے بعض کہتے ہین کہ نادرست ہے کیونکہ ایک تو وہ چمار [illegible] دوسرے وہان پوجا و رقص و سرود و شراب خواری وغیرہ موجود تھا لہذا آپکی خدمت مین گذارش یہہ ہے کہ للہ جسقدر جلد ہوسکے موافق کتب معتبرہ دینیہ کے آپ رقم فرمائیے کہ مولویصاحب مذکور کا کہنا حق تھا یا ناحق اگر حق تھا تو اسکے حقانیت کی دلیل اگر ناحق تھا تو انپر کیا لازم ہے اور چمار کی دعوت قبول کرنی مسلمانون کو درست ہے یا نہین اور جو شخص اوسکی اس قسم کی مجلس مین جاوے اور کھاوے اور اوسکی مجلس کو زینت دے وہ فاسق ہوتا ہے

یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب ایسی مجلس دعوت مین کہ وہان ناچ و باجا و شراب خواری و پوجا وغیرہ افعال محرمہ و اطوار شرک موجود ہون اور ان امور کا ہونا پہلے سے معلوم ہو ہے جانا اور شرکت کرنا نہین درست ہے بلکہ ایسے امور مین برضا و رغبت شرکت کرنا

فسق ہے اور اگر ان امور کا ہونا پہلے سے نہیں معلوم تھا بلکہ بعد جانے کے صاحب دعوت کے مکان پر معلوم ہوا پس اگر محرمات اوسی مقام پر ہوں جہاں کھانا کھلایا جاتا ہے وہاں سے واپس آنا لازم ہے اور شریک ہونا اور اوس مجلس مین دعوت کھانا نہیں درست ہے اور اگر اوس مقام پر نہو بلکہ دوسرے درجہ مین ہوں اوس صورت مین اگر یہہ شخص جسکی دعوت کی گئی ہے مقتدیٰ مثلاً عالم یا مفتی ہے اوسکو دعوت کھانا نہیں درست ہے اور اگر مقتدیٰ نہیں ہے تو اوسکو شریک ہونا درست ہے مگر بشرطہ قدرت منکرات سے منع کرنا لازم ہے درمختار مین ہے دعی الی ولیمۃ وثمہ لعب اوغناء قعد واکل لو المنکر فی المنزل فلو علی المائدۃ لا ینبغی ان یقعد بل یخرج معرضا فان قدر علی المنع فعل والا صبران لم یکن ممن یقتدی بہ ولم یقدر علی المنع خرج ولم یقعد لان فیہ شین الدین وان علم اولا باللعب لا یحضر اصلا سواء کان ممن یقتدی بہ اولا لان حق الدعوۃ انما یلزمہ بعد الحضور لا قبلہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

صح الجواب منقہ خادم اولیاء اللہ الکریم محمد ابراہیم غفرلہ اللہ الرحیم

۱۴۳ استفتا چہ میفرمایند علمای دین اندرین مسئلہ کہ جماعت نسار منفردات شرعا جائز است یانہ واز احادیث نبویہ واخبار صحابہ مشروعیت آن ثابت است یانہ وبر تقدیر ثبوت مشروعیت آن طریقہ قیام امام چیست آیا زنی کہ امام باشد مثل رجال از جملہ مقتدیات مقدم باشد یا بوسط وانچہ مشہور است کہ جماعت نسار مکروہ است بکراہت تحریم آیا سند معتد بہ از آن یافتہ شدہ است یانہ بینوا توجروا

کتاب الصلوۃ

الجواب در باب کراهت تحریمیه جماعة النساء وحدهن کدام سند معتدبه از نظرم نگذشته است لیکن اتفاق فقهای حنفیه که عموما در متون یافته میشود دلالت دارد بر آنکه نزد ایشان اصلی و دلیلی باشد والله اعلم بالصواب لیکن عمل بران اولی واحسن معلوم می شود چراکه در احادیث صلوة النساء در بیتی که استر و اظلم باشد قرینه بر نبودن جماعت ایشان ظاهر است که ظلمت خانه مناسب جماعت نیست والله اعلم کتبه احمد علی عفی عنه

۱۴۳ استفتا چه میفرمایند علمای دین اندرین مسئله که جماعت نساء منفردات شرعا جائز است یا نه واز احادیث نبویه و اخبار صحابه مشروعیت آن ثابت است یا نه و بر تقدیر ثبوت مشروعیت آن طریقه امام چیست یعنی زنیکه امام باشد مثل امام رجال از جمله مقتدیات متقدم باشد یا بوسط آنها قیام سازد وانچه مشهور است که جماعت نساء مکروه است بکراهت تحریم نزد امام رح آیا سند از روایات کراهت یافته شده است یا نه بینوا توجروا

الجواب ومن الله الموفق للصواب نفس جواز جماعت نساء منفردات و مشروعیت آن از احادیث و اخبار ثابت بوده است و طریقش همینکه زن امام وسط مقتدیات قیام سازد لا غیر قال فی فتح القدیر نقلا عن المستدرک للحاکم عن عائشة رضی الله عنها انها کانت تؤذن وتقیم وتؤم النساء فتقوم وسطهن وعن کتاب الآثار لمحمد رح اخبرنا ابو حنیفة رح عن حماد بن ابی سلیمان عن ابی ابراهیم النخعی ان عائشة رضی الله تعالی عنها کانت تؤم النساء فی شهر رمضان فتقوم وسطا وعن ابی داؤد فی بعض نسخه ان ام ورقة بنت عبد الله بن الحارث بن عمر الانصاریة کان رسول الله صلی الله علیه وسلم یزورها وجعل لها مؤذنا وامرها ان تؤم اهل دارها وعن

کتاب الصلوٰة — تاریخ ثانی روز جمعه ۱۲۹۹ الهجری از شهر رامپور رسیده

ابن عباس رضی الله تعالی عنهما قال تؤم المرأة النساء تقوم وسطهن انتهی
ملخصًا و سند کراهت تحریمی نزد حنفیه این است که قیام زن امام وسط متضمن
که جزو طریق جماعت ایشان به ثبوت نرسیده مخالف است وجوب تقدم امام
را که ثابت است بمواظبت آن حضرت صلی الله علیه وسلم و لهذا امثال روایات
مسطوره نزد حنفیه محمول بر ابتدای اسلام و نسخ است و حالا جماعت ایشان
بوجه تحقق نفس شرائط جواز صلوة و مخالفت وجوب مذکوره جائز بکراهت
تحریمی است قال فی البحر الرائق علی قول الکنز وجماعة النساء ای وکره جماعة
النساء وحدهن لانها لا تخلوا عن ارتکاب محرم وهو قیام الامام
وسط الصف فیکره کالعراة کذا فی الهدایة وهو یدل علی انها کراهة تحریم
لان التقدم واجب علی الامام للمواظبة من النبی صلی الله علیه وسلم وترک
الواجب موجب لکراهة التحریم المقتضیة انتهی ثم قال بعید هذا
قوله فان فعلن تقف الامام وسطهن کالعراة لان عائشة رضی الله عنها
فعلت کذلک وحمل فعلها الجماعة علی ابتداء الاسلام انتهی وقد بحث فی
العنایة هنا بان المذهب عندنا ان انتفاء صفة الوجوب یستلزم انتفاء
صفة الجواز کما عرف ولا فرق بین الوجوب والندب فی ذلک لوجود الموجب
فیهما کوجوده فیه وهو واضح للمزاولین فی علم اخر و قررناه فی التقریر فاذا
نسخت الندبیة نسخ الجواز والاستدلال بالمنسوخ غیر صحیح ثم اجاب بان الجواز
الباقی جواز مع الکراهة والذی کان فی ضمن الندبیة نسخ معها فالاستدلال
به لبیان انها کانت ونسخت وانما جوابی فی زماننا بمقتضی الجواز الذی
کان من اجتماع شرائطه ودفع موانعه مع ما یوجب کراهته من ارتکاب محرم
انتهی آری جماعت نساء منفردات در نماز جنازه بلا کراهت جائز است کما

بسط فی البحر والفتح فقط

الجواب صحیح — [seal:] احمد احمد ... علاء الدین ۱۲۹۲ — [seal:] حیدر علیخان عفا الله عنه ... محمد عبد القادر ۱۲

الجواب صحیح — [seal:] عبد القادر ... محی الدین محمد — العبد محمد امداد حسین — [seal:] محمد ... امداد حسین — [seal:] محمد ... ارشاد حسین ۱۲

استفتا ۱۳۱۴ بسم الله الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ بکری چھہ مہینے کی اگر توانا اور فربہ ہو قربانی اوسکی درست ہے یا نہین جیساکہ دنبہ اور بھیڑ درست ہے اور اس مسئلہ مین کہ ایک شخص بیان کرتا ہے کہ جس لڑکے کیطرف سے عقیقہ نہوا ہو اگر وہ لڑکا مرجاوے تو اوسکے ماں باپ مستحق شفاعت کے نہونگے یعنے وہ لڑکا اپنے ماں باپ کی شفاعت نکرے گا اور سند مین اسکی حدیث نقل کرتے ہین الغلام مرتہن بعقیقتہ الخ پس حدیث شریف کا خلاصہ مطلب کیا ہے بینوا توجروا

الصواب بکری چھہ مہینے کی نہین درست ہے اور دنبہ چھہ مہینے کا اگر توانا ہو درست ہے یہی مذہب حنفیہ کا بلکہ جمہور علماء کا ہے اور احادیث سے بھی یہی ثابت ہے ہدایہ و بنایہ شرح ہدایہ مین ہے ویجزی من ذلک کلہ الثنی فصاعدا الا الضان فان الجذع منہ یجزی والتقیید بالضان لان الجذع من الابل والبقر والغنم لا یجزی بل لا یجزی منہا الا الثنی انتہی اور منح الغفار شرح تنویر الابصار مین ہے وصح الجذع من الضان وصح الثنی فصاعدا من الثلاثۃ ای من الشاۃ اعم من ان یکون ضانا او معزا ومن البقر ومن الابل والجذع شاۃ لہا ستۃ اشہر الضان مایکون لہ ستۃ انتہی اس سے صاف واضح ہے کہ بکری اور بھیڑ اور ایسی گاے اور اونٹ چھہ مہینے کا نہین درست ہے فقط دنبہ چھہ مہینے کا درست

اور یہ ہی اور کتب فقہ میں بھی موجود ہے اور شرح مسند امام اعظم میں ہے
فی صحیح مسلم عن جابر لا تذبحوا الا مسنۃ الا ان یعسر علیکم فتذبحوا جذعۃ
من الضان وبہ قال الجمہور یجوز الجذع من الضان لا من غیرہ انتہی اور
حدیث الغلام مرتہن بعقیقتہ کے معنے محدثین کے نزدیک یہی ہیں کہ وہ لڑکا
جسکا عقیقہ نہوا ہو وہ والدین کی شفاعت کرنے سے محروم رہیگا شمس الدین
محمد بن عبد الرحمن السخاوی اپنی کتاب ارتیاح الاکباد فی فقد الاولاد میں
لکھتے ہیں ذکر البیہقی عن سلیمان بن شرحبیل حدثنا یحیی بن حمزۃ قال قلت
لعطاء الخراسانی ما معنی مرتہن بعقیقتہ فقال تحرم شفاعۃ والدہ ولذا
قال الامام احمد انہ مرتہن عن الشفاعۃ لوالدہ واستحسنہ الخطابی حیث
قال تکلم الناس فی ہذا واجود ما قیل فیہ ما ذہب الیہ احمد ان ہذا
فی الشفاعۃ یرید انہ اذا لم یعق عنہ فمات طفلا لم یشفع والدیہ
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز
عن ذنبہ الجلی والخفی

واقعی بکری چھ مہینے کی اگرچہ فربہ ہو قربانی اوسکی درست نہیں فی جامع الرموز
وانما قال من الضان لانہ لا یجوز من المعز وغیرہ بلا خلاف کما فی المبسوط
ونحوہ انتہی اور حدیث شریف کا خلاصہ نزدیک جناب امام ہمام شیخ اکمل
مولانا احمد بن حنبل کے یہی ہے کہ وہ لڑکا شفاعت نکریگا فی مفاتیح الجنان
ومصابیح الجنان وعن سمرۃ رضی اللہ عنہ انہ قال رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم الغلام مرتہن بعقیقتہ قیل معناہ انہ محبوس سلامتہ
عن الآفات بعقیقتہ او انہ کالشیء المرہون لا یتم الاستمتاع بہ دون ان یقابل
بالعقیقۃ وقیل معناہ ان شفاعتہ لابویہ معلق بعقیقتہ لا یشفع لہما ان طفل

لم یعق عنه انتهى وفي الكاشف حقائق السنن المحمدية شرح مشكوة
المصابيح وقال صاحب النهاية معنى قوله رهينة بعقيقته ان العقيقة لازمة له لابد
منها فشبهه في لزومها له وعدم انفكاكه منه بالرهن في يد المرتهن قد
تكلم الناس فيه واجود ما قال احمد بن حنبل معناه انه اذا مات طفلا
ولم يعق عنه لم يشفع في والديه وروى عن قتادة انه يحرم شفاعتهم
اقول ولا ريب ان الامام احمد بن حنبل ما ذهب الى هذا القول الا بعد ما
تلقى من الصحابة والتابعين على انه امام من الائمة الكبار يجب ان يتلقى
كلامه بالقبول ويحسن الظن به انتهى مختصرا والله عليم بالصواب وعنده
ام الكتاب حرره العبد الفقير الى العلي الرب الحكيم ابو الاخيار محمد نعيم عفي عنه

كتاب الصلوة

استفتا چه میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین درین مسائل مندرجه
الات مفصله ذیل سوال اول صوت زن در نماز ستر است یا نیست و زن را در نماز
دست بستن سنت است یا زیر سینه و زیر ناف هم و زن را قعده اولی
وجلسه اخیره مثل مرد سنت است یا تورک و زن را در سجده تجافی اعضا مثل
مرد سنت است یا بالعکس و اگر زن در قعده هر دو جلسه مثل مرد کرد و تورک نکرد
و در سجده تجافی اعضا مثل مرد کرد پس ترک سنت کرد یا نماز فاسد شد و زنان
جمع شده کسی زن را اگر امام کنند پس ادای اقتدا نماید پس بکدام هیأت
جماعت کنند یعنی امام متوسط و داخل صف اول باشد یا مقدم مثل جماعت
مردان واین جماعت جائز است یا مکروه سوال ثانی کسی صحابه زنان را
جمع کرده بنفسها امام شده بجماعت نماز خوانده است یا نه اگر خوانده است
قراة وامین تکبیرات انتقال تسمیع تحمید و تسلیم بالجهر کرده یا باخفا و کسی حدیث
صریحا در صحاح وغیره مشتمل بر کیفیات مذکوره مفصلا مروی است یا نه اگر

ہست چہ طور است وسندش چیست و در کدام کتاب است و اقوال ائمہ مجتہدین و محدثین محققین درین مسئلہ بکدام نہج منقول است سوال ثالث حدیث مراسیل ابی داؤد المذکور فی بحر الرائق و شرح المنهاج لابن الحجر عسقلانی المحذوف السند انه علیه السلام مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأة لیست فی ذلک کالرجل انتهی سند این حدیث مرویست یا نہ و اگر مروی بکدام طریق مروی است وسندی کہ در مراسیل ابو داؤد است تعدیل و توثیق رواۃ آن حدیث چہ طور است و کدام کدام محدثین بعدالت شان مُقر ہستند و این حدیث مخصص عموم حدیث صلوا کما رأیتمونی اصلی شدن میتواند یا نہ و حدیث مرسل صحیح مخصص عموم حدیث موصول مرفوع صحیح میتواند شد یا نہ و اگر میتواند شد پس این مذہب مختار کدام کدام علماء مجتہدین و محدثین است و حدیث مرسل اگر بطریق رواۃ مجہول العدالۃ مروی باشد و بطریق آخرین موصولا مروی باشد لیکن در ان ہر دو یک راوی متروک الحدیث باشد پس آن حدیث مرسل حکما موصول شد یا نہ و حکما موصول شد پس مخصص عموم حدیث صحیح مرفوع موصول شدن میتواند یا نہ چیست و قائلش کیست اگر کسے در حالت رکوع پس امام نیت کردہ در نماز داخل شد و رکوع کرد پس رکعت خود را یافت یا نہ و اگر یافت پس اگر رکعت را در شمار نیاورد و گفت کہ بوجہ نخواندن من سورۂ فاتحہ را رکعت قابل شمار نماند و ہمچون فرضیت آن رکعت بر من باقی ماند ادا نشد پس قول شخص موافق جمہور صحیح است یا نہ

ہو المصوب در بودن صوت زن ستر اختلاف فقہاء واقع است صاحب محیط در بحث اذان و صاحب کافی و قاضیخان تصریح صوت المرأۃ عورۃ

کرده عدم جواز اذان زن را مبنی کردند و صاحب بحر و اشباه و صاحب نهر
و در مختار ترجیح اینکه آواز زن ستر نیست کرده اند و در نوازل ابو اللیث آمده
نغمة المرأة عورة و صاحب فتح القدیر می نویسد و علی هذا لو قیل بانها اذا
جهرت بالقراءة فی الصلوٰة فسدت صلوٰتها کان متجها و حق درین باب آنست
که مطلق آواز ستر نیست البته رفع صوت مع تمطیط و غیره ستر است شرنبلالی
در مراقی الفلاح شرح نور الایضاح می نویسد تقدم فی الاذان ان صوتها
عورة و لیس المراد به مجرد کلامها بل ما یحصل من تلیینه و تمطیطه
ولا یحل له سماعها و ابو العباس قرطبی در کتاب السماع نوشته لا یظن من
لا فطنة عنده انا اذا قلنا صوت المرأة عورة انا نرید بذلک کلامها
لان ذلک لیس بصحیح فانا نجیز الکلام مع الاجانب و محاورتهن عند
الحاجة الی ذلک ولا نجیز لهن رفع صوتهن ولا تمطیطها ولا تقطیعها لما فی
ذلک من استمالة الرجال الیهن و تحریک الشهوات و من هذا لم یجز ان
تؤذن المرأة و جماعت زنان نزد اکثر حنفیه مکروه است لیکن دلیلی معتد به بر کراهت
یافته نمیشود و اکثر فقها بر کراهت قائم کرده اند مخدوش اند چنانکه از سعایه [illegible] فتح القدیر
و بنایه شرح هدایه للعینی واضح میشود و از آثار و اخبار مشروعیت جماعت
نساء منفردات ثابت میشود و در سنن ابی داؤد در حدیث طویل مروی است
و کانت ای ام ورقة قرأت القرآن فاستأذنت النبی صلی الله علیه وسلم
ان تتخذ فی دارها مؤذنا فاذن لها و امرها ان تؤم اهل دارها و در کتاب
الآثار لمحمد بن الحسن است اخبرنا ابو حنیفة نا حماد عن ابراهیم عن عائشة
انها کانت تؤم النساء فی شهر رمضان فتقوم وسطهن و ابن حجر عسقلانی
در تخریج احادیث شرح رافعی می نویسد اخرج ابن ابی شیبة ثم الحاکم من طریق

ابن ابی لیلی عن عطاء عن عایشة انها کانت تؤم النساء فتقوم معهن فی الصف
واخرج الشافعی وابن ابی شیبة وعبد الرزاق عن ام سلمة انها امت النساء
فقامت وسطهن ودر مستدرک حاکم مروی ست ان عائشة کانت تؤذن و
تقیم وتؤم النساء فتقوم وسطهن ذکره العینی فی البنایة ازین روایات معلوم
شده کر زنے کہ امام باشد در جماعت زنان در وسط صف قیام سازد وتقدم مثل
رجال برای آن مشروع نیست واین ہم معلوم شد کہ زن امام راجہر بالقراءۃ
وجہر تکبیرات وغیرہ باید چہ بدون آن صورت اقتدا نمی بندد وآواز زن اگرچہ بر
مذہب بعضے ستر ہست لیکن آن در حق رجال نہ در حق زنان وتحقیق این مبحث
کما ینبغی در رسالۂ خود تحفۃ النبلاء فیما یتعلق بجماعة النساء کردہ ام من شاء
فلیرجع الیہ وزن را در نماز دست بر سینہ بستن مسنون است چہ این بیشتر
برای زن باعث ستر است ملا محمد قائم سندی در رسالۂ خود فوز الکرام بما ثبت
فی وضع الیدین تحت السرة او فوقها عن الشفیع المظلل بالغمام می نویسد ثبت
ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم ثبت عنہ الامر بوضع الیدین علی الصدر و
السرة وکذا عن الصحابة والتابعین واجمعوا علی وسعهما والاصل فی اعمال النبی
صلی اللہ علیہ وسلم التعبد والتعلیم والموافقة بین الرجال والنساء الا فی
ما استثنت وروی ابو داؤد فی مراسیله عن یزید بن ابی حبیب ان رسول اللہ
مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی بعض فان المرأة
لیست فی ذلک کالرجل قال البیهقی هو احسن من موصولین فی هذا الباب
واستنبط المجتهدون منه ان امرة بضم اللحم لکونه استر لهن مع اختیار
علمائنا فی حق الرجل الوضع تحت السرة وحق المرأة الوضع علی الصدر لانه
استر لها انتهى وحافظ ابن حجر در تخریج احادیث رافعی می نویسند

روى ابوداؤد فى المراسيل عن يزيد بن ابى حبيب ان النبى صلى الله عليه وسلم مر على
امرأتين تصليان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الى الارض فان المرأة فى
ذلك ليست كالرجل ورواه البيهقى من طريقين موصولين لكن فى كل منهما
متروك واين حديث اگرچه مرسل است ليكن بوجه اعتضاد طريقين موصولين
اگرچه در آن هر دو متروک واقع است قوتے حاصل شده وهچو مرسل مقبول و مخصص
حديث موصول مى تواند شد شمس الدين سخاوى در فتح المغيث بشرح الفية
الحديث مى نويسد المرسل بالمسند يعتضد ويصير دليلا آخر فيرجح بهما الخبر
عند معارضة خبرا ليس له الا طريق مسند وربما يكون المسند حسنا فيرتقى
المرسل به لكن هذا انما ياتى اذا كان المسند بمفرده صالحا للحجية اما اذا كان
[illegible] الى اعتضاد فلا اذ كل منهما اعتضد بالآخر وصار به حجة قال شيخنا
[illegible] اعتضاد هذا المسند كاعتضاده بمرسل آخر لاشتراكهما فى عدم
[illegible] الحجية ولكن قد اجيب بان القوة انما حصلت من هيأة الاجتماع اذ
بانضمام احدهما الى الآخر قوى الظن بان له اصلا وزن را در قعده تورك
مسنون است واگر مثل رجال قعده كرده نمازش صحيح خواهد شد در مسند حصفكى
مے آرد ابو حنيفة عن نافع عن ابن عمر انه سئل كيف كان النساء يصلين
على عهد رسول الله قال كن يتربعن ثم امرهن ان يحتفزن ملا على قارى در
شرحش مى نويسد هو بالحاء المهملة والفاء والزاء المعجمة اى يضممن اعضائهن
بان يتوركن ودر صحيح بخارى است كانت ام الدرداء تجلس فى صلوتها جلسة
الرجل وكانت فقيهة وعينى در شرح هدايه مى نويسد ان كانت امرأة جلست
على اليتها اليسرى لان مراعاة الستر لها اولى وكانت ام الدرداء تجلس
جلسة الرجل وهو قول النخعى ومالك وكانت صفية ونساء ابن عمر يجلسن

متربعات لان ذلك استر لهن ت. ک امام در رکوع مدرک رکعت ہست بوجہ نخواندن فاتحہ رکعتش غیر معتد بہ نخواہد شد نزد جمہور العلماء من الصحابۃ والتابعین ومن بعدہم وتحقیقش مع بسط ولائل در رسالۂ خود امام الکلام فیما یتعلق بالقرأۃ خلف الامام کردہ ام من اراد الاطلاع فلیرجع الیہ واللہ اعلم ۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۴۶ **استفتا** کیا فرماتے ہین علماء دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ باہم زید اور عمرو کے نزاع اس بات کی ہے کہ زید بنسبت عمرو کے مدعی اس امر کا ہے کہ تو نے مجھسے وعدہ کیا تھا کہ مین جب مال کھنڈسار ستاجر خرید کرونگا تو مین تجکو شریک کر لونگا اور عمرو اس سے منکر ہے عمرو نے خود مستقل بلا شرکت احد مال کھنڈسار ستاجر کو خرید کیا اور بیعنامہ جانب ستاجر بنام عمرو مشتری مستقل ہا لکھا تعلق زید مال مشتریہ عمرو مین شرعًا حقیقۃ ہے یا نہین بفرض قول زید نفس وعدہ موجب تحاسب وجوب مال ف مستعمرو شرعًا ہے یا نہین یا شرعًا عمرو مذکور مالک مستقل کل مال مشتریہ ابر کا ہو

ہو المصوب اگر فی الواقع عمرو نے وعدہ اشتراک کا کیا تھا تو اوسکے وفا کرنے سے وہ گنہگار ہوا حموی حاشیۂ اشباہ مین لکھتے ہین فی الذخیرۃ من کتاب العاریۃ ما یفید ان خلف الوعد مکروہ انتہی اور اشباہ مین ہے الخلف فی الوعد حرام کذا فی اضحیۃ الذخیرۃ انتہی لیکن بمجرد وعدہ عمرو پر لازم نہین ہے اور زید کو استحقاق شرعی اوس مال جسکو عمرو نے باستقلال خرید کیا نہین ہے فتاوی بزازیہ کی کتاب الکراہیۃ مین ہے لا یستحق بالشرط شئ لعدم العقد انتہی اور یہی اوسمین کتاب الکفالۃ مین ہے لو قال الذہب الذی لک علی فلان ادفعہ او اسلمہ

الیاء لا یکون کفالۃ و ما لم یقل لفظاً یدل علی اللزوم کضمنت او کفلت
او علی او الی انتہی اور اشباہ میں ہے لا یلزم الوعد الا اذا کان معلقاً و فی
بیع الوفاء انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۵ (مہر: محمد عبد الحی ۱۲۹۰ ابو الحسنات)

۱۴۷ استفتا سوال اول جو شخص حدیث رفع سبابہ کی رواۃ میں جیسے یہہ
حدیث صحیح مسلم میں مروی ہے یہہ شبہہ کرے کہ یہہ راوی مسلم و عاقل تھے یا نہیں
حالانکہ علمای دین پر یہہ امر ظاہر ہے کہ اونمیں سے اصحاب قرون ثلاثہ و اکابر ائمہ
ہی ہیں جنمیں سے اکثر کے اوصاف بالخصوص یا بالعموم احادیث سے ثابت
ہیں اور اوس شخص کو اونکی بزرگی کتب رجال وغیرہا سے دکھائی بھی گئی پس بسبب
اس شبہہ کے اوسپر کیا حکم ہوگا سوال دوم جو راوی کتب رجال میں منجملہ الفاظ
ثقت صدوق کے ایک یا دو یا تین لفظ کے ساتھہ وصف کیا جاوے پس
کیا اس سے اوس راوی میں وہ شرائط اربعہ راوی کے جو اصول فقہ میں بیان
کئے گئے ہیں یعنے عقل و اسلام و ضبط و عدالت تا وقتیکہ کچھہ جرح مثل
صدوق سیئ الحفظ صدوق یہم اور مانند اسکے اوسمیں نکی گئی ہو ثابت ہوجاوینگے
یا نہیں ہوجاینگے اور یہہ تردد رہیگا کہ یہہ راوی مسلم تھا یا نہیں عاقل تھا
یا نہیں ضابط تھا یا نہیں عادل تھا یا نہیں سوال سوم اگر کوئی کہے کہ تقریب
میں جو جرح و تعدیل رجال مذکور ہے صرف اوسی پر اعتبار مجھکو نہیں آتا
کوئی اور بھی صاحب تقریب کے سوا اوسکے قول کی تصدیق کرے تو قابل
اخذ ہوگا یہہ کہنا اوسکا بجا ہے یا جہالت اور گمراہی کی بات ہے سوال
چہارم صحیح مسلم کے باب صفۃ الجلوس فی الصلوۃ وکیفیۃ وضع الیدین
علی الفخذین میں اس اسناد میں حدثنا عبد بن حمید قال نا یونس بن محمد

کتاب الصلوٰۃ
(از مقام ... مرسلہ مولوی محمد علیم الدین مدرس ... ماہ رجب سنہ ۱۲۹۷ھ)

قال انا حماد بن سلمة عن ایوب عن نافع عن ابن عمران رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
کان اذا قعد فی التشہد الحدیث ابن عمر سے راوی نافع مولے ابن عمر ہین جسکی
نسبت تقریب مین مسطور ہے ثقہ ثبت فقیہ مشہور من الثالثۃ یا اور کوئی نافع
اور اسی اسناد مین حماد بن سلمہ جو ایوب سے راوی ہین اونکی نسبت تقریب
مین مسطور ہے تغیر حفظہ باٰخرہ پس قبل تغیر حفظ حماد کے یہہ روایت صحیح مسلم
مین اخذ کی گئی ہے جیسا کہ نووی نے مقدمہ شرح صحیح مسلم مین لکھا ہے واعلم
ان ماکان من ھذا القبیل محتاجہ فی الصحیحین فھو مما علم انہ اخذ قبل الاختلاط
یا بخلاف اسکے بعد تغیر حفظ حماد کے **سوال پنجم** رفع سبابہ کی حدیث جو باسانید
متعددہ صحیح مسلم مین مروی ہے اوسکے سب راوی تقریب مین مذکور ہین یا نہین
سوال ششم زید کہتا ہے کہ تشہد مین رفع سبابہ جو حدیث شریف
مین آیا ہے مین جب کرون گا کہ یہہ معلوم ہو جائے کہ آنحضرتؐ پر کیا امر صحیح
یا سنت یا مستحب یا مباح پس یہہ کہنا اوسکا درست ہے یا مبنی بر جہالت
سوال ہفتم زید کہتا ہے کہ حدیث جبکہ متواتر یا مشہور ہو تو اوسپر عمل کرنا
اور اگر خبر واحد ہے تو اوسپر عمل کرنا واجب نہین حالانکہ اصول فقہ مین مرقوم
ہے خبر واحد کی نسبت وانہ یوجب العمل دون العلم الیقین پس موافق اصول
حنفیہ کے یہہ کہنا اوسکا صحیح اور حدیث کو بوجہ خبر واحد ہونے کے غیر معمول
ٹھہرانا جائز ہے یا نہین اور اگر نہین ہے تو زید پر بوجہ اس قول وعقیدہ
کے کیا حکم دیا جاوے گا بینوا توجروا **سوال** متعلقہ مصافحہ۔ مرقاۃ
شرح مشکوۃ مین مصافحہ بعد الصلوۃ کو بدعت مذمومہ اور رد المحتار حاشیہ در مختار
مین بحوالہ تبیین المحارم نقلا عن الملتقط مکروہ وسنت روافض اور مجموعہ مآوراء النہر
مین بحوالہ کافی مکروہ وسنت روافض اور فتاوی ابراہیم شاہی مین مکروہ وسنت

روافض اور محیط مین مصافحہ بعد صلوۃ الجمعۃ و عیدین کو مکروہ و سنت
روافض اور مجالس الابرار مین بدعت و مردود اور وظائف النبی مین بدعت
ممنوعہ اور ترجمہ مشکوۃ شیخ عبد الحق رح مین بدعت لکہا ہے یا نہین

بینوا توجروا

ہو المصوب جواب سوال اولی ایسا شخص جو رواۃ صحیح مسلم مین شبہ کرے کہ
مسلم و عاقل تھے یا نہین وہ شخص یا تو محض جاہل ہے فنون حدیث و اسماء رجال
سے مطلقا واقفیت نہین رکھتا ہے یا معاند اور گمراہ ہے ائمہ حدیث نے
اس امر پر اتفاق کیا ہے کہ اصح الکتب بعد کتاب اللہ صحیح بخاری پھر صحیح مسلم ہے
اور اس امر پر کہ رواۃ صحیحین کے سب قابل قبول اور مستجمع شرائط قبول ہین ہان
چند رواۃ بخاری و مسلم کے کہ اونپر دارقطنی وغیرہ نے جرح کی ہے لیکن اکثر
[illegible]ن کا دفع شراح حدیث نے خصوصا حافظ ابن حجر عسقلانی نے
[illegible] الباری مین کردیا ہے ملا اکرم بن عبد الرحمن سندی حنفی امعان النظر
شرح شرح نخبۃ الفکر مین لکھتے ہین ویلتحق بہذا التفاضل ما اتفق الشیخان
علی تخریجہ بالنسبۃ الی ما انفرد بہ احدہما و ما انفرد بہ البخاری بالنسبۃ
الی ما انفرد بہ مسلم فالاول من المرتبۃ العلیا والثانی مما یلیہا والثالثۃ
مما یلیہا لاتفاق العلماء بعدہما علی تلقی کتابیہما بالقبول واختلاف بعضہم
فی ایہما انتہی اور بھی بعد چند سطور کے لکھتے ہین ورواتہما قد حصل الاتفاق
علی القول بتعدیلہم بطریق اللزوم فان العلماء لما تلقوا کتابیہما بالقبول
لزم القول بتعدیل رجالہما فہم مقدمون علی غیرہم فی روایاتہم وہذا
اصل لایخرج عنہ الا بدلیل انتہی اور سیوطی تدریب الراوی شرح تقریب النواوی
مین لکھتے ہین قال ابن دقیق العید فی الاقتراح یعرف ثقۃ الراوی بالتنصیص علیہ

من روايته او تخريج احد الشيخين له في الصحيح وان تكلم في بعض من خرج له
فلا يلتفت اليه او تخريج من اشترط الصحة انتهى اور ملا علی قاری حنفی شرح
شرح نخبة الفكر میں کہتے ہیں رواتهما قد حصل الاتفاق على القول بكونهم
عدولا وضابطا وغيرهما من اوصاف الصحة غالبا بطريق اللزوم فهم
اي البخاري ومسلم وصاحب شرطهما ورجالهما مقدمون على غيرهم في
رواياتهم انتهى اور ایسا ہی شرح الفية الحديث للعراقي وللسخاوي
وللانصاري میں اور مقدمہ ابن صلاح میں اور خلاصہ طیبی اور مختصر
ابن جماعة میں الی غیر ذلک من کتب الاصول مذکور ہے جواب سوال دوم
یہ الفاظ عمدہ ترین مراتب تعدیل سے ہیں اور بعد ورود ان الفاظ کے
کسی راوی کے حق میں شبہ اسلام یا عقل یا ضبط یا عدالت میں کرنا کسی
عاقل کا کام نہیں ہے سخاوی فتح المغيث بشرح الفية الحديث میں لکھتے
ہیں قال الذهبي ان قولهم ثبت وحجة وامام وثقة ومتقن من عبارات
التعديل التي لا نزاع فيها انتهى اور مقدمہ ابن صلاح اور مختصر جرجانی
وغیرہ میں ہے اما الفاظ التعديل فعلى مراتب الاولى قال ابن ابي حاتم
اذا قيل للواحد انه ثقة او متقن فهو ممن يحتج بحديثه قلت وكذا اذا
قيل ثبت او حجة وكذا اذا قيل في العدل انه حافظ او ضابط انتهى
جواب سوال سوم یہ کہنا اوسکا ضلالت و حماقت ہے اولا تو اسوجہ سے
کہ جلالت قدر مصنف تقریب حافظ ابن حجر عسقلانی کے کتب تواریخ
اور طبقات کے معائنہ سے معلوم ہوتی ہے اس امر کو مقتضی ہے کہ اونکا
قول باب جرح و تعدیل میں خواہ مخواہ معتبر ہوگا ثانیا اسوجہ سے کہ جو
تعدیل و جرح تقریب میں مذکور ہے وہ صرف قول مصنف تقریب کا نہیں ہے

بالکہ قول ایک جماعت ائمہ حدیث کا ہی اسوجہ سے اولا ابو الحجاج مزی دمشقی نے جو باب
رجال مین دستگاہ تمام رکھتے تھے صحاح ستہ کے رجال کے واسطے تہذیب الکمال
تالیف کی اور اوسمین اقوال محدثین متقدمین سے جرح و تعدیل نقل کی
بعد اوسکے حافظ ابن حجر نے اوسکی تلخیص کر کے مع زیادات کثیرہ کے
تہذیب التہذیب تصنیف کی پھر اوسکی تلخیص تقریب مین کی پس جو جرح
و تعدیل تقریب مین مذکور ہے وہ وہی ہے کہ تہذیب التہذیب اور تہذیب مین مسطور
اقوال محدثین مذکور ہے پس کوئی جرح و تعدیل تقریب مین ایسی نہین ہے
کہ جسکی تصدیق باقوال محدثین سابقین نہوئی ہو جیسا کہ ماہرین پر ظاہر ہے
ومن لم یجعل اللہ لہ نورا فما لہ من نور جواب سوال چہارم فی الواقع
یہ بات قبل اختلاط کے ہے نہ بعد اختلاط کے جیسا کہ نووی کی عبارت
سے واضح ہوا اور فتح المغیث مین ہے ما یقع فی الصحیحین او احدہما من
الموصوف بالاختلاط فانا نعرف علی الجملۃ ان ذلک مما ثبت عند
الشیخ انہ من قدیم حدیثہ انتہی جواب سوال پنجم رفع سبابہ کی جو احادیث
صحیح مسلم مین ہین اونکے سب رواۃ کا حال تقریب مین مذکور ہے جیسا ناظر
تقریب وغیرہ پر ظاہر ہے اور احادیث رفع سبابہ کی سوای صحیح مسلم کے
اور کتب حدیث مین بھی بطرق متعددہ مروی ہین مثل سنن ابو داؤد
و سنن نسائی و سنن دارمی و جامع ترمذی و سنن بیہقی و مسند احمد و
موطا مالک و موطا محمد و مصنف عبد الرزاق و مسند ابو یعلی و مصنف
ابن ابی شیبہ و معجم طبرانی و سنن سعید بن منصور وغیرہ چنانچہ ملا علی قاری
حنفی نے اپنے رسالہ تزئین العبارۃ لتحسین الاشارۃ مین بعد ذکر ان
سب روایات کے تحریر کیا ہے و بالجملۃ فیما صح کونہ فی الصحاح الستۃ وغیرہا

مجملا لان یکون متواترا بل یصح ان یقال انه متواتر معنے فکیف یجوز لمؤمن بالله ورسوله ان یعدل عن العمل به ویأتی التعلیل فی معرض النص الجلیل مع ان ذلک مدخول صدہ من العلیل انتہی اور بعد اسکے بتفصیل تمام سنیت اشارہ کو ثابت کیا ہے اور قول عدم رفع کو مردود کردیا ہے جواب

سوال ششم وہفتم یہ دونون قول زید کے مخالف اصول حنفیہ کے ہین تمام کتب اصول از مختصرات تا مطولات اس امر کی تحقیق سے مالا مال ہین بلکہ خلاف ائمہ ثلاثہ ابو حنیفہ ومحمد وابو یوسف کے بھی ہے کیونکہ امام ابو یوسف نے امالی مین سنت اشارہ کی تصریح کی ہے اور امام محمد نے موطا مین بھی اسکو ذکر کیا ہے اور اسکو امام ابو حنیفہ کی طرف منسوب کیا ہے۔

جواب سوال مصافحہ فی الواقع ان کتب مین مصافحہ بعد الصبح والعصر کو بدعت ومکروہ وممنوع وغیرہ لکھا ہے اور ایسا ہی اور کتب محققین مین موجود ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۱۳۵ کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ مثلاً زید نے کسیقدر روپیہ حسبۃً للہ ایک مسلمان کی دوکان مین جمع کردیا اس غرض سے کہ اوس سے کاروبار تجارت کا ہو اور اوسکی اصل یا منافع سے صرف مدرسۂ اسلامیہ کا جو فلان مسجد جامع مین ہی عمل مین آیا کرے اور ایک وصیت نامہ بھی اسی مضمون کا لکھکر چند اشخاص اسلام کو جنکے مشورہ سے مہمات مسجد مذکور مع چند مساجد دیگر کی انجام ہوتے تھے اور منجملہ اون اشخاص کے زید خود بھی تھا واسطے انصرام اس وصیت کے وصی مقرر کیا اور یہ اشخاص ممبران کمیٹی مساجد مذکور کہلاتے تھے بعدہ ممبران کمیٹی نے

بعدہ ابدید کثرت رای کے اوس مدرسہ سے مدرس عربی کو مع طلبہ اوس
مسجد سے اوٹھاکر دوسری مسجد مین لیگئے جسکے مہمات متعلق ممبران کمیٹی
مذکور کے نہ تھے بلکہ وہ اہتمام مین صرف خالد کے تھی جو اس کمیٹی کا افسر تھا
مگر نام اوسی جزو مدرسہ کا جو مسجد آخر الذکر مین اوٹھہ گیا وہی مدرسہ
اسلامیہ واقع مسجد اول الذکر قائم رہنے دیا اور ایک مدرس حافظ قرآن
مع طلبہ مسجد اول الذکر مین رہنے دیا اور چندہ جو نام سے مدرسہ اسلامیہ
واقع مسجد اول الذکر کے وصول ہوتا تھا اوس سے تنخواہ دونون مدرسون
کی دیجاتی تھی بعدہ زید فوت ہوا اور عمرو بجاے اوسکے ممبر اوس کمیٹی کا بشورہ
جملہ ممبران کمیٹی باقی ماندہ کے مقرر ہوا بعدہ بکر منجملہ ممبران کمیٹی کے ایک
[illegible] مجلس شورہ مساجد مذکور سے اور مدرس مذکور مداخلت
[illegible] مداخلت مسجد اول الذکر سے باتفاق جملہ بقیہ ممبران کمیٹی
[illegible] مگر خالد افسر کمیٹی نے مسجد آخر الذکر مین اوسکو قائم رہنے
دیا و برخاست نہین کیا اوسیوقت مسجد اول الذکر مین دوسرا مدرس عربی
مقرر ہوا اور چندہ جو واسطے مدرسہ کے مسلمانون سے وصول ہوتا تھا
متفرق ہوگیا کچھہ مسلمان مدرسہ جدید واقع مسجد اول الذکر مین دینے
لگے اور کچھہ مسلمان مسجد آخر الذکر مین اور اہتمام دونون مدارس کا
علحدہ ہوگیا مدرسہ مسجد اول الذکر باہتمام عمرو کے رہا اور مدرسہ آخر الذکر
باہتمام بکر کے لیکن مدرس حافظ قرآن کی تنخواہ کسی مصلحت سے مسجد آخر الذکر
کے چندہ سے بدستور ملتی تھی بعدہ مدرس حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر
بہ ترک نوکری رخصت ہوا اور بجای اپنے دوسرے حافظ کو مقرر کرنا چاہا
لیکن عمرو مہتمم مدرسہ مسجد اول الذکر نے بنا منظوری اوسکے دوسرا حافظ

مقرر کیا الابکر نے اوسی حافظ کو جسکو حافظ معزول نے مقرر کرنا چاہا تھا مسجد
آخر الذکر مین مقرر کر دیا اور مدرسہ حفظ قرآن وہان بھی جاری کیا اور تنخواہ
مدرس حافظ قرآن متعینہ مسجد اول الذکر کو جو چندہ مسجد آخر الذکر سے
ملتی تھی موقوف کردی اب دونون مسجدون کے مدارس کے چندے اور
مصارف بالکل علیحدہ ہوگئے ہر ایک کی آمدنی اور مصارف سے دوسرے مدرسے اور
مسجد سے تعلق نہین ہے پس اب وہ روپیہ جو زید نے واسطے مصارف مدرسہ
مسجد جامع یعنے مسجد اول الذکر کے دوکان مذکور مین جمع کیا تھا کس مدرسہ
کے مصارف مین خرچ ہونا شرعاً واجب ہے آیا ممبران کمیٹی کو صرف کرنا
اوس روپیہ کا مدرسہ اسلامیہ مسجد جامع مین داخل ہے یا مدرسہ واقع مسجد
آخر الذکر مین و اگر اوس روپیہ سے کوئی جائداد تعمیر ہوئی ہو تو اوس [illegible]
کس مدرسہ مین شرعاً صرف ہونا چاہیئے اور کس مدرسہ مین [illegible]
سے تعمیل وصیت ہوتی ہے اور کس مدرسہ مین صرف ہونا خلاف
ہے اور اوس خلاف تعمیل وصیت سے ممبران کمیٹی جو اوصیا عند اللہ
مین گنہگار ہونگے یا نہین بینوا بالکتاب و توجروا بالصواب ؎

ہو المصوب چونکہ شرط واقف کی لازم العمل ہے اور صورت سوال مین
واقف نے تقیید مدرسہ اسلامیہ ساتھہ واقع مسجد جامع کے کی ہے بنا علیہ
اوس روپیہ کا مصرف ہونا مدرسہ مسجد جامع مین چاہیئے نہ مسجد اخیر کے
مدرسہ مین بحر الرائق شرح کنز الدقائق مین ہے فان قلت اذا کان لہ درس
فی جامع ولم یشرط بینہ ان یکون عما علیہ فی مدرسۃ ہل یستحق المعلوم فی
المدرسۃ قلت لا یستحق الا اذا باشر فی المکان المعین بکتاب الوقف لقولہ فی
شرح المنظومۃ اما لو شرط الواقف فی ذلک کلہ شرعاً اتبعت انتہی

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

(مهر: ابو الحسنات محمد عبد الحی)

فی کتاب الصلوة

در شعبان ۱۲۹۰ هجری مرسله مولوی محمد سعید [illegible]

۱۲۹ استفتا چه میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین درین مسائل اول آنکه قیام امام در محراب بطوری که در کتب فقهیه مذکورست سنت است یا مستحب یا مباح زیراکه در اکثر کتب معتبره بلفظ لا باس گفته اند ودر تاتارخانیه به نقل شامی سنت فرموده دوم آنکه احداث محاریب در مسجد واحد جائز است یا نه در تاتارخانیه وجامع الرموز وصلوة مسعودی ودر مختار وعالمگیری وغیره خبری آورده اند که نصب محاریب از صحابه وتابعین رضی الله عنهم صادر شده ودر جذب القلوب وسفر السعادت آورده که در زمان آنحضرت صلی الله علیه وسلم محاریب نبودند ودر فتح القدیر وکبیری باین لفظ آورده فانه یبنی فیه المحاریب من لدن رسول الله صلی الله علیه وسلم ولو لم تبین کان ان یتقدم فی محاذات ذلک المکان ودر رد المحتار فی ذیل قوله فوق بیت آه آورده ای موضع اعد للسنن والنوافل بان یتخذ له محراب وینظف ویطیب کما امر به صلی الله علیه وسلم فهذا مندوب ودر غرایب آورده وبه امر یعنی صلی الله علیه وسلم اصحابه لیتخذوا فی منازلهم محاریب لصلوتهم ازینجا معلوم میگردد که در عصر آن حضرت نیز محاریب بوده اند پس بعد از تحقیق مزید وتفتیش بلیغ بروایات کتب ظاهر الروایت مع ادله شروح آنها بینوا توجروا

هو المصوب عبارات فقها در باب محاریب مختلف اند بعض از آنها دال بر آن اند که وجود آنها در عصر نبوی بوده وبعض بر آن دال اند که بنای محاریب محدث است وآنچه از معاینه کتب احادیث واضح می شود این است که حدوث محاریب بطوریکه مروج اند در عهد نبوی نبوده بلکه اصل آن از نصاری است

وآن حضرت صلی الله علیه وسلم ازان منع فرموده وحدوث آنها در عهد تابعین
گشته واز جمیع اصحابه بران انکار رفته علامه جلال الدین سیوطی در تفسیر
در منثور زیر آیه کریمه فنادته الملائکة وهو قائم یصلی فی المحراب مینویسد اخرج
الطبرانی والبیهقی فی سننه عن ابن عمر ان النبی صلی الله علیه وسلم قال اتقوا
هذه المذابح یعنی المحاریب واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن موسی الجهنی
قال قال رسول الله لا تزال امتی بخیر ما لم یتخذوا فی مساجدهم مذابح کمذابح
النصاری واخرج ابن ابی شیبة فی المصنف عن ابن مسعود قال اتقوا هذه
المحاریب واخرج ابن ابی شیبة عن عبید ابن ابی الجعد قال کان اصحاب محمد
یقولون ان من اشراط الساعة ان یتخذ المذابح فی المسجد یعنی الطاقات
واخرج ابن ابی شیبة عن ابی ذر قال ان من اشراط الساعة ان تتخذ المذابح
فی المساجد واخرج عن کعب انه کره المذبح فی المسجد انتهی ونیز سیوطی در کتاب
الوسائل بمعرفة الاوائل می نویسد اول من احدث المحراب المجوف عمر بن عبد العزیز
حین بنی المسجد النبوی ذکره الواقدی عن محمد بن هلال المسجدی
ونیز سیوطی در رساله خود اعلام الاریب بحدوث بدعة المحاریب نوشته
ان قوما خفی علیهم کون المحراب فی المساجد بدعة وظنوا انه کان فی مسجد النبی
صلی الله علیه وسلم فی زمنه ولم یکن قط فی زمانه ولا فی زمان الخلفاء
ومن بعدهم الی المائة الاولی وانما حدث فی اول المائة الثانیة مع ورود
الحدیث بالنهی عن اتخاذه وانه من شان الکنائس وان اتخاذه فی المسجد
من اشراط الساعة انتهی پس از سیوطی دران رساله ذکر اخبار وآثار مع ذکر
سند آنها وتوثیق رواة کرده منجمله آن همان اخبار اند که از در منثور منقول شد
ومنجمله آن قول ابن مسعود انما کانت المحاریب للکنائس فلا تشبهوا باهل الکتاب

کتاب الصلوة

[illegible]

اور حالت نماز مین اونکے نزدیک سجدہ صاد کا درست ہے یا نہین سوال دوم تراویح مین امام اگر شافعی ہو اور مقتدی حنفی ہو اوسپر سورۂ صاد کا سجدہ واجب ہوگا یا نہین اور اگر مقتدی پر واجب ہوگا تو اوسکو حالت نماز یا بعد نماز ادا کر سکتا ہے یا نہین اور اگر ادا نہین کر سکتا تو اوسکے ذمہ پر باقی رہتا ہے یا ساقط ہو جاتا ہے اور حالت اقتدا مین اگر ضمن رکوع وسجود صلوٰۃ مین نیت کرے تو ادا ہو سکتا ہے یا نہین سوال سوم تراویح میں اگر امام شافعی ہو بلحاظ اسکے مقتدیون سے جو حنفی ہین سجدہ صاد کا اچھی طرح سے ادا ہو جاوے یک ترویحہ کا امام حنفی ہو کے رکوع سجدہ کا صاد کے پڑھ کے سجدہ کرے اور شافعی اوسکی اقتدا کرے تو جائز ہے یا نہین اور تعدد امام سے تراویح مین کچھ خلل ہوتا ہے یا نہین اور ایک ترویحہ مین حنفی کے امام ہونے تحقیر و استخفاف شافعیہ لازم آتا ہے یا نہین بینوا [illegible]

ہو المصوب جواب سوال اول سجدہ سورۂ صاد کا شافعیہ کے نزدیک واجب نہین بلکہ خارج نماز مستحب ہے اور حالت نماز مین حرام ہے بلکہ مفسد صلوٰۃ ہے اگر سجدہ کرنے والا عمداً سجدہ کرے اور حکم حرمت سے واقف ہو علامہ عسقلانی شافعی ارشاد الساری شرح صحیح البخاری مین لکھتے ہین یستحب السجود لص فی غیر الصلوٰۃ ویحرم فیہا فان سجد فیہا عامداً عالماً بتحریمہا بطلت صلوتہ بخلاف ما اذا سجدہا لعذر انتہی جواب سوال دوم وجوب سجدۂ تلاوت کے ایک تلاوت آیہ سجدہ دوسرے سماع آیت سجدہ تیسرے [illegible] نہو جیساکہ غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے یجب علی السامع وعلی المؤتم تلاوۃ امامہ وان لم یسمعہا الوجوب [illegible]

وقریب المخرج نہین ہے اور نہ متحد المخرج ہے اور یہی حال ذال وزا کا ہی ہے
بلکہ اگر اشتباہ الصوت یا قریب المخرج یا اتحاد مخرج ہے تو ضاد و دال مین البتہ
اسواسطے کہ اگر ضاد و ظا مین اشتباہ الصوت فے الواقع ہوتا تو از روی عمومیت
عبارت فتاوی قاضی خان والکان لا یمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقة کالضاد
مع الطاء الخ ضرور تھا کہ جہان کہین صرف ضاد ہو اگر اوسکے بدلے ظا پڑھ لیا
تو مفسد صلوۃ نہو حالانکہ یہہ حکم مطلقاً راست نہین آتا ہے کیونکہ اوسی فتاوی
مین موجود ہے وکذا لو قرء غیر المغضوب بالظاء او بالذال تفسد صلوتہ پس
عمومیت اس قاعدہ کی باطل ہوئی دوم ذخیرہ کہ کتب معتبرہ اور متداولہ مین سے
ہے اوسمین لکہا ہے کہ اگر دو حرف ایسے ہون کہ درمیان اون دونون حرفون
کے نہ اتحاد مخرج ہو اور نہ قرب اوسکا مگر یہہ کہ بیچ ابدال ایک کی بجائے دوسرے
کے بلوی عام ہو جیسے لانا زای محض کا بجای ذال معجمہ کے یا ظا معجمہ کا بجای
ضاد معجمہ کے پس اس صورت مین نزدیک بعض مشائخ کے نماز فاسد نہوگی
ہکذا فے المنیۃ اور فتاوی قاضیخان مین اسکے برخلاف لکہا ہے کیونکہ مذہب بدلنا
ظای معجمہ بجای ضاد معجمہ و بالعکس اوسکو منسوب باکثر فقہاء کیا ہے اور قول فساد صلوۃ
کو اس صورت مین منسوب بہ بعض کیا ہے جیسا کہ ملاحظہ عبارت مرقوم السابق
والکان الخ سے ظاہر ہوتا ہے اور صاحب درمختار نے بھی اس قول مین موافقت
قاضی خان کی کی ہے چنانچہ عبارت درمختار یہہ ہے کالضاد مع الظاء فاکثرہم
علے انہ لو تفسد ہا پس یا ان دونون عبارت یعنے قاضیخان و ذخیرہ مین
تطبیق دیجاوے یا کوئی قول ان دونون سے غلط قرار دیا جاوے ورنہ جمع
النقیضین لازم آتا ہے اور ہر دو روایات مین تعارض واقع ہوتا ہے اور
اصول کا مسئلہ ہے اذا تعارضا تساقطا سیوم بعض لوگ اس عبارت فتاوی

هو المصوب مختفی نرہے کہ درباب زلۃ قاری کے ساتھ ابدال ایک حرف
کے دوسرے حرف کے ساتھ اختلاف متقدمین و متاخرین مین واقع ہے متقدمین
کی رای یہہ ہے کہ اگر ایسی تغیر ہو جس سے بوجہ فساد معنی کے کفر لازم آتا ہے تو نماز
فاسد ہو جاویگی اور اگر ایسی تغیر نہو پس اگر بعد تغیر کے ایسی لفظ پڑہی کہ مثل اوسکا
کہین کلام اللہ مین موجود نہو اور معنی اوس لفظ کا اصل لفظ قرآن کے معنے سے
بعید ہو جیسے عذاب کی جگہہ عتاب پڑہنا تو بھی نماز فاسد ہو جاویگی اور ایسی ہی
اگر اوس لفظ کے بعد تغیر کے پیدا ہوئی ہے کچہہ معنے نہون جیسے سرائر کی جگہہ سرائل
پڑہنا اور اگر مثل اوسکا قرآن مین موجود ہو اور معنے اوسکے بعید ہون لیکن تغیر
بہ تغیر فاحش نہون تو بھی نماز فاسد ہوگی امام ابو حنیفہ و محمد کے نزدیک نہ ابو یوسف
کے نزدیک اور اگر مثل اوسکا قرآن مین نہو لیکن معنے متغیر نہون جیسے قیام کی
جگہہ پر قیام مین پڑہنا اس صورت مین ابو یوسف کے نزدیک نماز فاسد ہوگی نہ
ابو حنیفہ و محمد کے اور یہہ تفصیل قدما کے نزدیک ہر صورت تغیر مین ہے
اعراب کے ہو یا بوجہ ابدال حرف کے یا غیر ذلک اور متاخرین کی رای یہہ ہے
کہ اگر تغیر بوجہ خطا فی الاعراب کے ہو نماز نہ فاسد ہوگی تغیر معنے ہو یا نہو اور اگر
خطا تبدیل حرف ہو پس اگر دونو حرف مین بغیر مشقت فصل و امتیاز ممکن ہے
تو نماز فاسد ہوگی باتفاق المتاخرین جیسے صالحات کی جگہہ طالحات اور اگر اون
دونو حرف مین بمشقت امتیاز ہوتی ہو جیسے ظای معجمہ مکان ضاد معجمہ اور صاد
مہملہ مکان سین مہملہ اور طا مکان تا پس نزدیک اکثر متاخرین کے نماز فاسد نہوگی
لعموم البلوی اور بعض متاخرین کے نزدیک اگر دونو حرف قریب المخرج ہین تو
فساد نہوگا اور اگر نہین تو فاسد ہوگی غنیۃ المستملی شرح منیۃ المصلی مین ہے

ان الخطاء فی القرآن اما ان یکون فی الاعراب ای الحرکات والسکون ویدخل فیه
تخفیف المشدد وقصر الممدود وعکسهما او فی الحرف موضع حرف مکان آخر او لم یکن
الا ما کان من تبدیل الجمل مفصولا بوقف تام والا لم یکن التغیر کذلک فان
الاصل فیه انه ان لم یکن مثاله فی القرآن والمعنی بعید من معنی لفظ القرآن
متغیر تغیرا فاحشا قویا بحیث لا مناسبة بین المعنیین اصلا تفسد کما اذا قرأ
هذا الغبار مکان هذا الغراب وکذا اذا لم یکن مثله فی القرآن ولا معنی له کما
اذا قرأ یوم تبلی السرائل مکان السرائر وان کان مثله فی القرآن ومعنی اللفظ الذی
قرأه بعید من معنی اللفظ المراد ولم یکن تغیرا فاحشا تفسد ایضا عند ابی حنیفة
ومحمد وهو الاحوط وقال بعض المشائخ لا تفسد لعموم البلوی وهو قول ابی یوسف
وان لم یکن مثله فی القرآن ولکن لم یتغیر المعنی نحو قیامین مکان قوامین
[illegible] علی العکس فالمعتبر فی عدم الفساد عند تغیر المعنی کثیرا وجود
[illegible] ان عنده والموافقة فی المعنی عندهما فهذه قواعد المتقدمین
واما المتأخرین کمحمد ابن مقاتل ومحمد بن سلام واسمعیل الزاهد
وابی بکر بن سلیمان البلخی والهندوانی والحلوانی فاتفقوا علی ان الخطاء ان کان
فی الاعراب لا یفسد مطلقا وان کان مما اعتقاده کفر لان اکثر الناس
لا یمیزون بین وجوه الاعراب وان کان الخطاء بابدال حرف بحرف فان امکن
الفصل بین الحرفین بلا کلفة کالصاد مکان الطاء فاتفقوا علی انه مفسد
وان لم یکن الا بمشقة کالظاء مکان الضاد والصاد مکان السین والطاء
مع التاء فاکثرهم علی عدم الفساد لعموم البلوی وعن ابن مقاتل یعتبر
قرب المخرج وعدمه انتهی ملخصا اور فتاوی بزازیہ میں ہے ان تغیر المعنی
ولیس مثله فی القرآن فسد ولا عبرة لقرب المخرج وانما العبرة لاتفاق المعنی

عندهما ولوجود المثل في القرآن عنده والاصل فيه انه ان امكن الفصل
بين الحرفين بلا كلفة كالصاد مع الطاء بان قرء الطالحات مكان الصالحات
فسد عند الكل وان لم يمكن الا مشقة كالظاء مع الضاد والصاد مع السين
والطاء مع التاء فالاكثر على انه لا يفسد لعموم البلوى واطلق البعض
الفساد ان تغير المعنى وقال القاضي ابو الحسن وابو عاصم ان تعمد فسد
وان جرى على لسانه لو كان لا يعرف التمييز لا يفسد وهو اعدل الاقاويل
وهو المختار انتهى از رد المحتار مين ہے قال في الخانية والخلاصة والاصل
فيما اذا ذكر حرفا مكان حرف وغير المعنى ان امكن الفصل بينهما بلا مشقة
تفسد والا يمكن الا بمشقة كالظاء مع الضاد المعجمتين والصاد والسين
المهملتين والطاء مع التاء قال اكثرهم لا تفسد وفي خزانة الاكمل قال
القاضي ابو عاصم ان تعمد ذلك تفسد وان جرى على لسانه و
التمييز لا تفسد وهو المختار حلية انتهى اور خزانة الروايات مين ہے
لو قرء الضاد مكان الظاء او على العكس تفسد عند ابي حنيفة ومحمد
عامة المشائخ كابي مطيع ومحمد بن سلمة لان العجم بلوى عاما في الغياثية
ان قرء الله السمد مكان الصمد او السيف مكان الصيف او السالحين
مكان الصالحين او قرأ غير المغضوب بالظاء والضالين بالطاء او بالدال
قال بعضهم لا تفسد لانه بلوى عام فان العوام لا يميزون ولا يعرفون
مخارج الحروف منهم ابو القاسم ومحمد بن سلمة وكثير من المشائخ افتوا به
وبعضهم قالوا ان تغير المعنى تفسد صلوته منهم ابو مطيع وقال القاضي الامام
ابو الحسن والقاضي الامام ابو عاصم ان تعمد في ذلك تفسد وان جرى على
لسانه او لا يعرف التميز لا تفسد وهذا اعدل الاقاويل وهو المختار وفي الذخيرة

ان الحرفين اذا كانا من مخرج واحد او كان بينهما قريب المخرج و احدهما
يبدل بالآخر كان ذكر هذا الحرف كذكر هذا الحرف فلا يوجب فساد الصلوٰة
وكذا اذا لم يكن بين الحرفين اتحاد المخرج ولا قربه الا ان فيه بلوى العامة
نحو ان ياتى بالذال مكان الضاد و ان ياتى بالزاء المحض مكان الذال و
الظاء مكان الضاد لا تفسد عند بعض المشائخ انتهى اور خزانة المفتين مين
نقلاً عن الخلاصة مرقوم ہے ان ذكر حرفاً مكان حرف وغير المعنى فان امكن الفصل
بين الحرفين كالطاء مكان الصاد تفسد صلوته و ان كان لا يمكن الفصل بين
الحرفين الا بمشقة كالظاء مع الضاد والطاء مع التاء والصاد مع السين
فالاكثر على انه لا يفسد انتهى ان عبارات سے يہ معلوم ہوا كہ مفتى بہ اور اكثر مشائخ
كا قول يہ ہے كہ مدار فساد و عدم فساد حصول امتياز بين الحرفين بمشقت و بلا مشقت
[illegible] كے نزديك بر تقدير تغير معنى كے صورت مشقت مين تعمد موجب فساد
[illegible] عمد عفو ہے اور بعض كے نزديك اعتبار قرب مخرج و بعد مخرج كا
[illegible] قريب المخرج كے ساتھ ہوئى نماز نہ فاسد ہوگى ورنہ ہوگى اور بعض كے
نزديك اگر چہ بلوى عام ہو نماز نہ فاسد ہوگى اگر چہ قرب مخرج و اتحاد مخرج نہ ہو اور
معنى بھى متغير ہو يہ سب اقوال متاخرين كے ہين ہرگاہ يہ امر ممہد ہو اب سمجھنا
چاہيئے كہ غير المغضوب عليهم ولا الضالين مين بنا بر قول متقدمين كے فتاوى
قاضيخان مين مرقوم ہے لو قرء غير المغضوب بالظاء او بالذال تفسد ولو قرء
الضالين بالذال لا تفسد ولو قرء الدالين بالدال تفسد انتهى اور غنية المستملى
مين ہے غير المغضوب بالظاء والذال المعجمتين تفسد اذ ليس لهما معنى و اما
الضالين بالظاء المعجمة او الدال المهملة لا تفسد لوجود لفظهما فى القرآن
وقرب المعنى لصحة تقدير ولا الظالين اى المستمرين فى الضلال والدالين

ای القائلین هل ندلکم علی رجل الآیه ولو قرء بالدال المعجمة تفسد لبعد معناہ لانه اسم فاعل من ذل النفلة اما وصح عند تقلها علی الجرید لتحمله ولیس من الذلة اذ لم یستعمل الوصف منها علی فاعل بل فعیل انتهی اور بنا بر مذہب اکثر مشائخ کے ظا اور ذال ساتھ پڑھنے سے نماز نہ فاسد ہوگی بوجہ تعسر امتیاز درمیان ض معجمہ و ظا معجمہ اور ذال معجمہ کے بخلاف دال مہملہ کے کہ اسمین اور ضاد معجمہ مین امتیاز بمشقت نہین ہے اور ایسا ہی بنا بر مذہب مختار کے در صورت عدم تعمد کے جیسا کہ عبارت خزانۃ الروایۃ وغیرہ سے واضح ہے پس لازم ہے کہ ض معجمہ اپنے مخرج سے کہ ممتاز ہے مخارج تمام حروف سے اخراج کیا جاوے اور بقصد ادا ضاد معجمہ کے اگر ظا معجمہ یا ذال معجمہ ادا ہوگا تو نماز بمذہب مختار صحیح رہیگی اور اگر دال مہملہ ادا ہوگی نماز فاسد ہوگی هذا هو خلاصة الكلام فی هذا الباب والله اعلم بالصواب **جواب سوال اول** جو شخص کہتا ہے کہ حرف ض بصورت ظا یا ذا پڑھا تو مفسد ہے اور بصورت دال مفسد نہین یہ قول نہ موافق مختار اکثر مشائخ کے ہے کیونکہ اونکے نزدیک ظا اور ذا سے نماز نہین فاسد ہوتی ہے اور نہ موافق متقدمین کے کیونکہ اونکی راے پر بھی ظا ولا الضالین مین مفسد نہین ہے جیسا کہ عبارت قاضیخان و غنیہ سے ظاہر ہے بلکہ موافق عبارت قاضی خان کے ذال معجمہ بھی ولا الضالین مین مفسد نہین اور دال مہملہ مفسد اور عبارت غنیہ اسکے عکس پر دال ہے اور دلیل اوس شخص کی بھی قابل التفات نہین کیونکہ تمام کتب فقہیہ وغیرہ مین مذکور ہے کہ ضاد اور ظا مشتبہ الصوت و متعسر الامتیاز ہین اور بر بنا اس قاعدہ متاخرین کے حرف ضاد جہان ہو اوسکے بدلے اگر ظا پڑھ لیا جاوے نماز نہ فاسد ہوگی اور عبارت قاضیخان کی ولو قرء غیر المغضوب بالظاء او الدال تفسد تفرع

طریقہ قدما ریہ بلحاظ تغیر معنے و عدم تغیر ہے نہ طریقہ مختار پر جیسا کہ صاحب غنیہ
بعد ذکر فروع مذکورہ فتاوی قاضیخان کے کہتے ہین ھذا ما ذکرہ قاضیخان
من ابدال ھذہ الاحرف الثلثۃ بعضہا من بعض وکلہ مخرج علی قواعد
المتقدمین انتہی جواب سوال دوم جو قاعدہ فتاوی قاضیخان وغیرہ
مین منسوب بطرف اکثر مشائخ ہے اوسمین اعتبار فصل بمشقت و بلا مشقت و تعسر
امتیاز و عدم تعسر امتیاز کیا گیا ہے اور جو قاعدہ ذخیرہ مین منسوب بیعض مشائخ
ہے اوسمین قطع نظر اسکے اعتبار بلوی عامہ کا کیا گیا ہے پس دونون قاعدے
جدا گانہ ہین اسیوجہ سے صاحب غنیہ شرح منیہ نے اولاً قاعدہ مذکورہ فتاوی
قاضیخان کو بطرف اکثر منسوب کر کے بمقام قاعدہ ذخیرہ تحریر کیا ھذہ قاعدۃ
اخری لبعض المتأخرین اعتبروا فیہ البلوی العامۃ انتہی جواب سوال سوم
مذکورہ قاضیخان مین ولا الظالین نسخ مطبوعہ مین زلت ناسخ ہے
اسے کہ اس شرح کو اوسنے بعد ذکر المغضوب کے لکھا ہے پس ظاہر یہ ہے
کہ یہ ذکر الضالین کا ذکر ہے جو اوسکے ساتھ متصل ہے اور وہ نہین ہے
مگر ساتھ ضاد معجمہ کے اور بھی اسوجہ سے کہ اگر ظالین ظا معجمہ سے ہو تو لفظ
بالظا کے اوسکے کلام مین لغو ہوئی جاتی ہے اور بھی اسوجہ سے کہ اور کتب
فقہیہ مین مسئلہ و لا الضالین کا مذکور ہے پس یہ عبارت و لا الضالین بالضاد
المعجمہ مین متفرع اوپر قول مشائخ متقدمین کے ہے اور جو طحطاوی و بزازیہ
وغیرہ مین مذکور ہے کہ ذال معجمہ اور ظا معجمہ و لا الضالین مین مفسد نہین ہے
وہ متفرع ہے مذہب مختار متاخرین پر فلا تعارض و لا تساقط عبارت طحطاوی
یہ ہے فی البزازیۃ قال غیر المغضوب بالظاء او الذالین بالذال او الظاء
قیل لا تفسد لعموم البلوی فان العوام لا یعرفون مخارج الحروف وکثیر

من المشائخ افتوا به انتہی اس عبارت مین کہین دال مہملہ کا ذکر نہین جیسا کہ سائل نے ذکر کیا ہے شاید اوسنے معجمہ کو مہملہ سمجھا اور یہی مسئلہ اور کتب مین بھی اسیطور سے مذکور ہے کہین دال مہملہ کا نشان نہین ہے بلکہ ذال معجمہ اور ظاء معجمہ پر جواز کا ذکر ہے اور برطبق مذہب متاخرین دال مہملہ کے ساتھہ جواز لکن بھی نہین کیونکہ ضاد معجمہ اور دال مہملہ مین تعسر امتیاز جو باعث جواز ہے نہین ہے البتہ برطبق مذہب متقدمین دال مہملہ مین جواز غنیہ مین مذکور ہے جیسا کہ جواب سابقہ سے واضح ہے لیکن ظاہر یہ ہے کہ صاحب غنیہ سے اس مقام پر عبارت فتاوی قاضیخان کے سمجھنے مین غلطی واقع ہوگئی ذال معجمہ کو مہملہ اور مہملہ کو معجمہ سمجھے حکم صاحب غنیہ کا عکس حکم قاضیخان ہوگیا ہے جواب سوال چارم قراء عرب وعجم کا ولا الضالین کو دال مہملہ سے پڑہنا غلط محض ہے کیونکہ جنکو تمیز مخرج ضاد اور دال مین نہین اور دونون مین امتیاز پر قدرت نہین وہ قاری اور علمای عرب اور عجم بھی جو فن قرأت سے واقف ہین اور مسائل فقہیہ پر مطلع دال مہملہ نہین پڑہتے ہین اور جو ایسے نہین وہ حکم عوام مین ہین اونکا اعتبار نہین واللہ اعلم بالصواب وعندہ ام الکتاب۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ومفتیان شرع متین ان صورتون مین کہ کسی ہندو بیدین بت پرست نے اپنے کسی تہوار یا تقریب شادی یا غمی مین کسی مسلمان دیندار پرہیزگار یا مسلمان بے نماز زناکار شراب خوار بدعتی کو دعوت کری اور اون مسلمانون نے اوسکی دعوت قبول کی اور کوئی چیز مثل کہانے کے کہانے یا کہانے کا سامان یا نقد روپیہ لیا اور اوسی اپنے ہاتہہ پکایا اور کہایا تو اسطرحکا ہندو کا کہانا اور دعوت لینا درست ہے یا نہین فقط ۲۔ اگر اسطرحکا کہانا

هندؤنکا درست هو تو قیمها ورنه اون کهانے والون کی کیا سزا ہے فقط [illegible]
مبتدع و شیعه و سود خوار و رشوت خوار و شراب خوار کے گهر مسلمان دیندار کو کهانا
اور نوکری کرنا درست ہے یا نهین باوجودیکه اوسکے گهر کهیتی بهی هوتی ہے
اور مال حلال بهی ہے فقط ۔ ایک شخص کبهی نماز پڑهتا ہے اور کبهی غفلت سے
نهین پڑهتا ہے اور ایک شخص مقیم همیشه نماز پڑهتا ہے اور مسئله دانی اور قرأت
اور عمر مین برابر پس ان دونون مین کسکی امامت جائز ہے اور کون کسکے پیچهے
نماز پڑه سکتا ہے ۔ ایک شخص معذور جنب که غسل کرنے سے عاجز اور احتمال
بیماری بڑهنے کا ہے اور وضو کرنے مین کچهه ضرر بهی نهین پس وه شخص وضو کر
نماز ادا کرے یا تیمم کرکے فقط ۔ ایک شخص نے اپنی زوجه اور لڑکے کو سوای ظلم کر
کبهه شفقت شوهرانه اور پدرانه سے نهین دیکها اور نه پرورش کیا اسلیئے وه زوجه
[illegible] اوس سے دور هو گیا اور ایک سیطرح پرورش پاکر هوشیار هوا چونکه
زوجه [illegible] واجب الاطاعة هین اور یه دونون بسبب بیمهری اوسکی اطاعت
سے محروم رہے پس اسمین گناهگار کون ہے اور کون کسکے واسطے پوچها جایگا
باوجودیکه زوجه اور لڑکا اپنی خواهش سے اطاعت سے محروم نهین ہے فقط ۔
ایک شخص بارها اپنے لڑکے کو نماز کے لیئے تاکید کرتا ہے لیکن وه نهین سنتا ہے
پس ایسے لڑکے کو حسب شرع دور کرنا چاهیئے یا بسبب محبت کے رکهنا چاهیئے
اور بسبب پیار کے رکهنے بهی تو وه شخص اپنے لڑکے بے نمازی کے لیئے ماخوذ
هوگا یا نهین فقط ۔ افیون اور گانجا اور مدک کهانا حرام ہے یا نهین مع تاریخ فقط
و عصبه بنفسه اور عصبه بالغیر مین کسکو ترجیح ہے امثال ۔ ام ۔ بنت ۔ اخت ابن الاخ
زوجه ام بنت ۔ اخت ابن الاخ ۔ زوج ام بنت ۔ اخت ابن الاخ ۔ بینوا توجروا
هو المصوب جواب سوال اول هندوسکے تهوار کے دن هدیه یا دعوت لینا

مسلمان کو نہین درست ہے جیساکہ فتاوی ذخیرہ مین ہے لاینبغی للمومن
ان یقبل ہدیۃ الکافر فی یوم عیدہم ولو قبل لا یرسل الیہم شیئاً انتہی
اور خزانۃ الروایات مین ہے فی الفصول والتاتارخانیۃ من المحیط ما یاتی
المجوس فی یوم نیروزہم من الاطعمۃ الی الاکابر والسادات ممن کانت بینہ
وبینہم معرفۃ وذہاب جمیع فقد قیل من اخذ ذلک علی وجہ الموافقۃ
یصرہ ذلک بدینہ انتہی باقی تقریب شادی اور غمی مین اگر ہندو دعوت
کرے تو اوسکا قبول کرنا درست ہے بعض فقہا کے نزدیک اور بعض کے
نزدیک مکروہ ہے جیساکہ خزانۃ الروایات مین ہے فی مفید المستفید من
الواقعات لا باس بالذہاب الی ضیافۃ اہل الذمۃ ہکذا ذکر محمد لکن المذکور
فی النوازل یخالف ہذا فانہ کرہ فیہ الاجابۃ انتہی اور بر تقدیر جواز قبول
ضیافت وہ بشروط ساتھ اس امر کے ہے کہ مجلس دعوت غنا و مزامیر و
شراب خواری و اطوار کفر و شرک و محرمات سے خالی ہو اور اگر اوس محل
ایسے امور ہون تو جانا نہین درست ہے جیساکہ درمختار مین ہے
ولیمۃ وثمہ لعب او غناء قعد واکل لو المنکر فی المنزل فلو علی المائدۃ لا ینبغی
ان یقعد بل یخرج فان قدر علی المنع فعل والا صبر ان علم اولا باللعب
لا یحضر اصلاً سواء کان ممن یقتدی بہ اولا انتہی جواب سوال دوم
جس شخص نے دعوت ہندو کے تہوار کی قبول کی یا ضیافت تقریب مین باوجود
موجود ہونے منکرات شرعیہ کے گیا اوسپر توبہ و استغفار لازم ہے جواب
سوال سوم اگر مال حلال غالب ہے تو اوسکے یہان کھانا کھانا اور نوکری کرنا
درست ہے اور اگر حرام غالب ہے تو نہین درست ہے جب تک کہ نہ معلوم ہو
کہ یہ کھانا یا یہ تنخواہ مال حلال سے ہے اشباہ مین ہے اذا کان غالب مال المہدی

حلالا فلا باس بقبول هدیته واکل ماله لم یتبین انه حرام وان کان غالب
ماله الحرام لا یقبلها ولا یاکل الا اذا قال انه حلال ورثه او استقرضه انتهی
جواب سوال چہارم جو شخص ہمیشہ نماز پڑھتا ہے وہی قابل امامت ہے
تنویر الابصار اور در مختار میں ہے الاحق بالامامة الاعلم باحکام الصلوة
ثم الاحسن تلاوة وتجویدا للقراءة ثم الاورع ای الاکثر اتقاء للشبهات والتقوی
اتقاء المحرمات انتهی جواب سوال پنجم ہرگاہ وضو سے اوسکو عجز نہیں چاہیے
کہ تیمم جنابت کا کرے اور وضو کرکے نماز ادا کرے مدار اباحت تیمم عجز ہے
اصل سے جیسا کہ کتب فقہ میں مبسوط ہے و اذ لیس فلیس جواب سوال ششم ایسی
صورت میں کہ نافرمانی کی ابتدا اور زیادتی پسر و زوجہ کی جانب سے ہو وہ ماخوذ
نہوگا جواب سوال ہفتم اگر اپنے لڑکے کو باقتضای محبت پدری رکھیگا تو بعد
... وہ بقدر طاقت خود نصیحت کرتا جاتا ہے ماخوذ نہوگا جواب سوال
ہشتم یہ سب چیزیں کہ مسکر ہیں حرام ہیں احادیث صحیحہ میں وارد ہے کل
مسکر حرام اور یہی وارد ہے ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام اور فتاوی بزازیہ
میں ہے قال محمد ما اسکر کثیرہ فقلیلہ حرام وهو نجس ایضا قالوا وبقول
محمد ناخذ انتهی جواب سوال نہم ان صورتوں میں عصبہ بالغیر بوجہ قرب کے
مقدم ہے اور عصبہ بنفسہ محجوب ہے فتاوی عالمگیریہ میں ہے العصبة
مع غیرها اذا کانت اقرب الی المیت من العصبة بنفسها کانت العصبة مع
غیرها اولی بیانه اذا هلک الرجل وترک اختا لاب وام وابن اخ لاب
فنصف المیراث للبنت والنصف للاخت ولا شیء لابن الاخ لان الاخت صارت
عصبة مع البنت وهی اولی الی المیت من ابن الاخ وکذلک اذا کان مکان
ابن الاخ اخا لاب لا شیء للاخ کذا فی المحیط انتهی والله اعلم حررہ الراجی

استفتا [١٥٣] سوال خطبہ آخر جمعہ رمضان مین الوداع یا الفراق پڑہنا درست ہے یا نہین سوال مردے کو قبر مین جمال مبارک آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دکھلایا جاتا ہے یا نہین ؟

ھو المصوب الوداع یا الفراق کا خطبہ آخر رمضان مین پڑہنا اور کلمات حسرت ورخصت کے ادا کرنا فی نفسہ امر مباح ہے بلکہ اگر یہہ کلمات باعث ندامت وتوبہ سامعان ہوئی تو امید ثواب ہے مگر اس طریقہ کا ثبوت قرون ثلثہ مین نہین ہے البتہ آخر شعبان مین خطبہ استقبال رمضان احادیث مین وارد ہے جیسا کہ در منثور مین ہے اخرج العقیلی وضعفہ وابن خزیمۃ والبیہقی والخطیب والاصبھانی عن سلمان الفارسی قال خطبنا رسول اللہ صلعم فی آخر یوم من شعبان فقال الحدیث بطولہ اور شاید جسنی اس طریقہ کا ایجاد کیا اوسنے خطبۂ آخر رمضان کو خطبہ استقبال پر قیاس کیا لیکن اہتمام کرنا خطبۂ وداع کا جیسا کہ اس زمانہ مین مروج ہے اور اوس تک پہونچانا خالی ابتداع سے نہین علمائے معتمدین کو لازم ہے کہ اس طریقہ کا التزام کو چہوڑین تا عوام اعتقاد استحباب وسنیت بلکہ ضروری ہونے اس طریقہ خاص سے نجات پاوین - اور مردے کو قبر مین جمال مبارک کا دیکھنا نہین ثابت ہے جلال الدین سیوطی کے رسالہ شرح الصدور مین مرقوم ہے سئل الحافظ ابن حجر ھل یکشف للمیت حتی یرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فاجاب انہ لم یرد ھذا فی حدیث وانما ادعاہ بعض من لا یحتج بہ لغیر مستند سوی قولہ فی ھذا الرجل ولا حجۃ فیہ لان الاشارۃ الی الحاضر فے الذھن انتہی واللہ اعلم

حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا [١٥٤] چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ

که کسے نابکار ماذونیت حضرت سید المرسلین صلی الله علیه وآله وسلم بشفاعت آیت
باستدلال آیهٔ کریمهٔ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ جم غفیر مسلمانان را
از تشفیع المذنبین بودن آن سرور صلی الله علیه وآله وسلم در شک اندازد در حق این
چنین کس چه باید گفت و ماذونیت حضرت خاتم الانبیاء والمرسلین صلعم بشفاعت
امت چه در دنیا و چه در آخرت از روی قرآن مجید و حدیث ثابت است یا نه بینوا توجروا
هو المصوب آن کسیکه در تشفیع بودن آن حضرت صلی الله علیه وآله وسلم شک اندازد
یا معاند و ملحد است یا زندیق از آیات کثیره مثل واستغفر لذنبك وللمؤمنین والمؤمنات
و آیهٔ عسی ان یبعثك ربك مقاما محمودا و آیه ولسوف یعطیك ربك فترضی
و غیر ذلک و حدیث مشهوره که در صحاح سته و غیره ماثور اند ثبوت شفاعت محمدیه بحد
[illegible] شده است و در ماذون بودن آن حضرت صلی الله علیه وسلم برای شفاعت
[illegible] صحیحه وارد شده و انما ابن حجر مکی در زواجر عن اقتراف الکبائر فی آر واخرج
[illegible] وصححه رأیت ما تلقی امتی بعدی واسفك بعضهم دم بعض فسألته
ان یولینی فیهم شفاعة ففعل ملخصا واحمد بسند صحیح انه صلی الله علیه وسلم
قال لقد اعطیت اللیلة خمسا ما اعطیهن احد قبلی الی ان قال والخامسة هی
ما قیل لی سل فان کل نبی قد سأل فاخرت مسئلتی الی یوم القیامة فهی لکم و
لمن شهد ان لا اله الا الله والطبرانی باسانید احدها جید لا اخبرکم بما خیرنی
ربی آنفا قلنا بلی یا رسول الله قال خیرنی بین ان یدخل ثلث امتی فی الجنة بغیر
حساب ولا عذاب وبین الشفاعة قلنا یا رسول الله ما اخترت قال الشفاعة
انتهی تلخیصا ازین روایات ثابت شد که آن حضرت صلی الله علیه وسلم را حق جل شانه
اذن شفاعت داده و وعدهٔ مقام محمود فرموده و بر ظاهر که مدعو عدهٔ الٰهی را و
الٰهی خلف و کذب محال است و آیه من ذا الذی یشفع عنده الا باذنه وغیره

پس از تواتر احادیث ابن چنین آیات ہمین قدر مستفاد است کہ صورت شفاعت احمدی بدون اذن الٰہی ہی نخواہد شد بلکہ اذن ہمان روز خواہد شد از ما قبل نشده است واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

۱۵۳

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین نسبت طعام ہنود کے تر و خشک مین کچھ فرق ہے یا نہین لیکن تر مثل خشکہ و خشک مثل نان و حلوا وغیرہ کے بینوا توجروا

ہو المصوب کچھ فرق نہین نصاب الاحتساب مین سئل عما ابتلینا بہ من شراء التمن والخل واللبن والجبن وسائر المائعات من الہنود علی احتمال تلوث اوانیہم فان نسائہم لایتوقین من السرقین فعلی المحتسب ان لم یدا منہم ان یسکر علیہم ان یجتنبوا من السرقین والمیتة فان شق علیہم یامرہم ان یاتوا اوانیہم مسلما یغسلہما او یغسلوا ایدیہم برائی من المسلم والا فالاباحة فتوی تقوی وکذا لاباس بطعام المجوس کلہ الا الذبیحة انتہی واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۵۴

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین جہوا ہنود کا و طعام تحفہ ہنود جو کہ باحتیاط پکایا گیا ہے مسلمان کو کھانا جائز ہے یا نہین بینوا ہذا العبد فی الفتاوی الغرابیة لایکره للمسلمین ان یعزی الکافرین ویعود مرضاہم ویاکل طعامہم وفی السراجیة لاباس بطعام المجوس الا الذبیحة انتہی فقط

ہو المصوب جائز ہے جیسا کہ خزانة الروایات مین ہے فی متفرقات دستور القضاة عن الینابیع لاباس بعیادة اہل الذمة وحضور جنائزہم واکل طعامہم والمعاملة معہم وفی المضمرات لایکره للمسلمین ان یعزیہم ویعود

مشتمل سوالات مرسلہ مولوی خدا بخش مدرس [illegible] ذیقعدہ [illegible] ہجری

في كتاب الصلوة

في كتاب الحظر والاباحة

كتاب الصلوة

ہو المصوب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بعد وتر کے دو رکعت نفل بیٹھکے پڑھنا ثابت ہے جیسا کہ صحیح مسلم مین مروی ہے سألت عائشة عن صلوة رسول الله صلى الله عليه وسلم فقالت كان يصلى ثلث عشرة ركعة يصلى ثمان ركعات ثم يوتر ثم يصلى ركعتين وهو جالس فاذا اراد ان يركع قام فركع ثم يصلى ركعتين بين النداء والاقامة من صلوة الصبح نووی شرح صحیح مسلم مین لکھتے ہین الصواب ان هاتين الركعتين فعلهما رسول الله صلى الله عليه وسلم بعد الوتر جالسا لبيان جواز الصلوة بعد الوتر وبيان جواز النفل جالسا ولم يواظب على ذلك بل فعله مرة او مرتين او مرات قليلة انتهى اور بعد دو رکعت سنت ظہر و مغرب و عشاء کے دو رکعت نفل پڑھنا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ابتک نظر سے نہیں گذرا لیکن جو شخص بقصد ثواب بدون اعتقاد سنیت پڑھے گا وہ ثواب پاویگا کیونکہ حدیث مین وارد ہے الصلوة خير موضوع فمن شاء فليستكثر البتہ ان اوقات مین نفل دو رکعت کھڑے ہوکے پڑھنا چاہیے نہ بیٹھکے جیسا کہ اکثر عوام کی عادت ہے اس وجہ سے کہ صحیح مسلم و موطا مالک وغیرہ کتب معتبرہ مین مروی ہے صلوة الرجل قاعدا نصف صلوته قائما واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۱۰ کیا فرماتے ہین علماء دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ اکثر کتب فقہیہ مین دیکھا جاتا ہے کہ جو جھوٹا آدمی کا مسلم ہو یا کافر پاک ہے آیا اس قیاس پر اگر کوئی ہنود حقہ یا ظروف مسلمان کا سہوا یا قصدا جھوٹا کردے اور پھر مسلمان اوس چیز کو سہواً یا قصداً دھو کر یا بدون اسکے اپنے استعمال

[illegible]

این امور غیر ضروریہ پرورش نا جائز و باعث حرمان ثواب عمل صالح است در موطا امام محمد است اخبرنا مالک اخبرنا یزید بن خصیفة ان السائب بن یزید
انه سمع سفین بن ابی زهیر یحدث اناسا معه وهو عند باب المسجد قال سمعت رسول
الله صلی الله علیه وسلم یقول من اقتنی کلبا لا یغنی به زرعا ولا ضرعا نقص من عمله
کل یوم قیراط قال محمد یکره اقتناء الکلب لغیر منفعة فاما کلب الزرع او الضرع
او الصید او الحرس فلا باس اخبرنا مالک عن عبد الملک بن میسرة عن ابراهیم
النخعی قال رخص رسول الله لاهل البیت القاصی فی الکلب یتخذونه قال محمد
وهذا للحرس اخبرنا مالک اخبرنا عبد الله بن دینار عن ابن عمر قال من اقتنی کلبا
الا کلبا ماشیة او ضاریا نقص من عمله کل یوم قیراطان انتهی ملخصا و در احادیث
صحیحه وارد است که پروردن سگ و پرورش در مکان سد راه نزول ملائکه رحمت
میگردد و سیوطی در رساله الحبائک فی اخبار الملائک می آرد اخرج ابن ماجه
عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم ان الملائکة لا تدخل بیتا فیه
کلب ولا صورة واخرج احمد ومسلم وابو داود والترمذی عن ابی هریرة قال
قال رسول الله صلی الله علیه وسلم لا تصحب الملائکة رفقة فیها کلب ولا جرس
واخرج ابو داود والنسائی والحاکم عن علی قال قال رسول الله صلی الله علیه
وسلم لا تدخل الملائکة بیتا فیه صورة ولا کلب ولا جنب انتهی والله اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا اہل اسلام کو ہنود اور یہود و نصاریٰ سے اور مجوس سے سود لینا
جائز ہے یا نہیں۔ زید کی دختر صالحہ کو ہندہ زوجہ برادر ماموں زاد
خالد دختر ہندہ سے برادر حقیقی زید کو عقد کرنا جائز ہے یا نہیں
رضاعی حیا... ہے یا نہیں اور زید پر حرام ہے یا نہیں

هو المصوب جواب اول دار الحرب میں اہل اسلام کو کفار سے سود ہنود ہوں یا
یہود یا نصاریٰ امام ابو حنیفہ کے نزدیک سود لینا جائز ہے جیسا کہ ہدایہ وغیرہ میں
ہے لا ربوا بین المسلم والکافر فی دار الحرب لیکن با وجود یہ [illegible] نصاری میں
میں دار الحرب نہیں ہیں ان کافر سے سود لینا نہیں جائز ہے جواب ثانی وہم خالہ
ہمشیرہ رضاعی صالحہ ہوئی لیکن نہ وہ زید پر حرام ہے نہ اوسکے برادر پر جیسا کہ درمختار
وغیرہ میں مصرح ہے وقس علیہ [illegible] یحل اخت ابنہ و بنتہ واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوال ما یقول العلماء فی هذه المسئلة ذکر فی کتب الاحناف
ان سنة الفجر لا تقضی الا اذا فاتت مع الفجر فتقضی تبعا للفرض قبل الزوال
واما بعده فلا تقضی قبل طلوع الشمس بالاجماع لکراهة النفل بعد الصبح
علیه السلام لا صلوة بعد الصبح حتی تطلع الشمس ولا صلوة
[illegible] الشمس رواه ابو داؤد لکن یعارضه ما روی قیس بن عمرو [illegible]
رسول الله [illegible] یصلی بعد صلوة الصبح رکعتین فقال صلوة الصبح رکعتین
فقال الرجل انی لم اکن صلیت الرکعتین اللتین قبلهما فصلیتهما الآن فسکت
رسول الله رواه ابو داؤد فما وجه التوفیق ودفع التعارض بینوا توجروا
هو المصوب لا شک فی صحة الاحادیث التی وردت بالمنع عن الصلوة بعد
طلوع الفجر حتی تطلع الشمس [illegible] تقرب من التواتر [illegible]
وغیرهما وکذا لا شبهة فی کون الحدیث الدال علی جواز اداء [illegible]
الفجر قبل طلوع الشمس [illegible] الا ان اصحابنا لما اثبتوا فی الاصول ان النص المبیح
والمحرم اذا تعارضا یقدم المحرم وان القول مقدم علی الفعل والتقریر حکموا [illegible]
بالمنع [illegible]

كتاب الصلوة [illegible]

بعد ذکر التعارض بين الصحيح والحاظر اذا تعارضا جعل الحاظر متاخرا وقد ورد النهي في كثير من الاحاديث انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتا چه میفرمایند علمای دین درین مسئله که زن تابعداری شوهر نکند و سخن او نشنود باوجودیکه باو فهمایش تا چنانکه باید کرده است پس شوهر او را چه لازم خواهد بود و هم تابعداری والدین از تابعداری شوهر مقدم دارد و داند اگر کسے کلام مجید به آواز بلند خواند و کسانیکه هر چهار جانب شخص خواننده نشسته اند بوجه چند گوش دارند یا بوجه درپیش کارهای دنیاوی به شنیدن آن میل نکنند پس درین حالت شخص خواننده را لازم خواهد بود که آهسته بخواند اگر نخواند درین حالت مسئله چه میگویند

هو المصوب تابعداری شوهر بر زن مقدم است از تابعداری والدین و زنیکه در خلاف مرضی شوهر سرگرم باشد او را شوهرش نصیحت لسانی سازد اگر ازین هم اثری نشد ازو ترک کلام و مجامعت سازد تا او را تنبیه حاصل شود اگر ازین هم اثری نشد بضرب تکلیف ده نگردد درست است قال الله تعالى في كتابه واللاتي تخافون نشوزهن فعظوهن واهجروهن في المضاجع واضربوهن فان اطعنكم فلا تبغوا عليهن سبيلا واخرج الحكيم الترمذي في نوادر الاصول عن انس ان رجلا انطلق غازيا واوصى امرأته ان لا تنزل من فوق البيت وكان والدها في اسفل البيت فاشتكى ابوها فارسلت الى رسول الله صلى الله عليه وسلم تخبره وتستأمره فارسل اليها اتقي الله واطيعي زوجك ثم ان والدها توفي فارسلت اليه تستأمره فارسل اليها بمثل ذلك واخرج البزار والطبراني في الاوسط عن عائشة سألت رسول الله صلى الله عليه وسلم اي الناس اعظم حقا على المرأة قال زوجها قلت اي الناس اعظم حقا على الرجل قال امه واخرج ابن جرير وابن المنذر وابن ابي حاتم والبيهقي في سننه عن ابن عباس في قوله تعالى واللاتي تخافون نشوزهن قال

تلك المرأة تنشز وتستخف بحق زوجها ولا تطيع امره وامره الله ان يعظها ويذكرها الله فان قبلت والا يهجرها في المضاجع ولا يكلمها من غير ان يذر نكاحها فان بقيت والا ضربها ضربا غير مبرح ولا يكسر لها عظما ولا يجرح جرحا كذا في الدر المنثور لجلال الدين السيوطي والله اعلم

جواب سوال دوم شنیدن قرآن شریف فرض است بر سامعین و اگر سامعین و حاضرین مشغول بکار باشند و توجه بسماعت نسازند درین صورت قاری را لازم که آهسته بخواند و باعث گنه گار شدن حاضرین نشود علامه منقاری زاده در رسالهٔ خود الاتباع فی مسئلة الاستماع که در بحث سماعت قرآن تالیف ساخته و تفصیل داده درین مسئله کرده می نویسد فی المحیط یکره رفع الصوت بقراءة القرآن عند المشتغلین لان فیه منع غیره عن شغله وفی شرح التحفة نقلا عن ظهیر الدین المرتاشی لا یقرء القرآن جهرا عند المشتغلین بالاعمال لما فیه من قطعهم عن الاعمال او ترك الاستماع امرأة تغزل فی البیت لیس لاحد ان یقرء القرآن عنده جهرا انتهی ملخصا

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

١٢٥ استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ تعریف صحیح مصر کی کیا ہے اگر یہ ہے کہ اوس جگہہ کے رہنے والون سے اکبر مساجد بہر جاتی ہے تو رہنے والون مین بعض لوگ ایسے ہین کہ اون پر جمعہ واجب نہین مثل صبی اور مرأة اور مسافر اور کافر وغیرہ کے ان لوگون کا اعتبار ہوگا یا نہین بینوا بالتفصیل بحوالة الکتاب توجروا من الله الجلیل النعم الثواب

ہو المصوب مصر کی تعریف مین فقہاء کا اختلاف واقع ہے اور مختار اکثر فقہاء اور مفتی بہ نزدیک جمہور متاخرین کے تعریف مصر مین یہی ہے کہ اوس جگہہ کے رہنے والون کو اکبر مساجد اوس جگہہ کے کافی نہو اور مراد اون لوگون سے وہ لوگ ہین جنپر جمعہ فرض ہے

کتاب الصلوٰۃ

اور صبی اور کافر وغیرہ جو مکلف جمعہ کے ساتھ نہیں ہیں شارح النقایہ برجندی
شرح مختصر وقایہ میں لکھتے ہیں وما لا یسع أکبر مساجده أهله مسمى عند الثلجي مروي
عن أبي يوسف والمراد أهله من يجب عليهم الجمعة وعنه أيضا كل موضع
يسكن فيه عشرة آلاف رجل وعنه أيضا أن كل موضع له أمير وقاض ينفذ الأحكام ويقيم
الحدود وهو اختيار الكرخي كذا في الهداية والظاهر أن المراد بأكبر المساجد هو المسجد
الجامع لكن في الخزانة أن أحسن ما قيل في الباب أنه إذا كانوا بحال لو اجتمعوا في أكبر
مساجدهم لا يسعهم حتى احتاجوا إلى بناء المسجد الجامع فهذا صريح في أن المراد بأكبر
المساجد غير المسجد الجامع وقد صرح في فتاوى الزاهدي على أن المراد بأكبر المساجد
أكبر المساجد للصلوات الخمس وقال بعضهم هو أن يعيش كل محترف بحرفته من سنة إلى
سنة من غير أن يحتاج إلى حرفة أخرى وقال بعضهم هو أن يكون بحال لو قصدهم
عدو يمكنهم دفعه وقال بعضهم هو أن يولد فيه كل يوم ويموت فيه إنسان وقيل
أن لا يعرف عدد أهلها إلا بكلفة ومشقة انتهى ملخصا اور تنویر الابصار اور اس کی شرح
میں ہے ما لا يسع أكبر مساجده أهله المكلفين بها وعليه فتوى أكثر الفقهاء
مجتبى انتهى ورد المحتار میں ہے قوله المكلفين بها احترز به عن أصحاب الأعذار مثل النساء
والصبيان والمسافرين عن القهستاني قوله وعليه فتوى أكثر الفقهاء وقال أبو شجاع
هذا أحسن ما قيل فيه وفي الولوالجية هو صحيح وعليه مشى في الوقاية ومتن المختار
وشرحه وقدمه في متن الدرر على القول الآخر وظاهره ترجيحه وأيده صدر الشريعة
بقوله لظهور التواني في أحكام الشرع سيما في إقامة الحدود في الأمصار انتهى اور
بحر الرائق میں ہے في المجتبى عن أبي يوسف أنه إذا اجتمعوا في أكبر مساجدهم للصلوات
الخمس لم يسعهم وعليه الفتوى لأكثر الفقهاء وقال أبو شجاع هذا أحسن ما قيل انتهى
والله أعلم حرره الراجي عفو ربه القوي أبو الحسنات محمد عبد الحي

١٦٦

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید اپنی زوجہ کو حکم ادای نماز پنجگانہ کرتا ہے زوجہ کبہی نماز پڑہتی ہے اور کبہی قصدًا قضا کرتی ہے اسوجہ سے زید منکوحۂ مذکورہ سے ناراض رہتا ہے اس صورت مین شرع شریف کیا حکم کرتی ہے آیا زید اوس سے ہمخوابی ترک کرے یا تنبیہًا اوسے مارے یا طلاق دیوے بینوا بالتفصیل بحوالۃ الکتاب تؤجروا من الله الجلیل نعم الثواب ؏

ہو المصوب اگر وہ عورت نصیحت زبانی نہین مانتی ہے اوس سے بہ نیت تنبیہ اور زجر کے ہمخوابی ترک کرے اور تنبیہًا اوسکو مارنا بھی درست ہے مگر نہ اسطرح پر کہ اوسکو زائد تکلیف ہو اور طلاق دیدینا بھی درست ہے مگر ضروری نہین اور اگر وہ عورت کسیطرح نہ مانے اوسکو اپنی زوجیت مین باقی رکہنا ممنوع نہین ہے کیونکہ ذمہ شوہر کا بوجہ نصیحت کے [illegible] عدم قبول نصیحت کا وبال اوس عورت پر ہوگا اشباہ مین ہے للزوج ان یضربہا [illegible] علی ترك الزینة بعد طلبہا و علی عدم اجابتہا الی فراشه وهی طاهرة من الحیض والنفاس و علی خروجها من منزله بغیر حق و علی ترك الصلوة فی روایة انتهی حموی حواشی اشباہ مین لکہتے ہین قوله و علی ترك الصلوة فی روایة مشی علیه فی الکنز تبعًا للکثیرین وفی النهایة تبعًا لما فی الحاکم انه لا یجوز له لان المنفعة لا تعود الیه بل الیها انتهی اور خزانۃ الروایات مین ہے فی الخانیة له ان یضربها علی اربعة منها ترك الزینة اذا اراد الزوج الزینة والثانیة ترك الغسل من الحیض والنفاس والجنابة والثالثة ترك الصلوة والرابعة الخروج من منزله بغیر اذنه بعد ایفاء المهر وفی القنیة له امرأة فاسقة لا تنزجر بالزجر لا یجب علیه تطلیقها وفی الخانیة رجل له امرأة لا تصلی کان له ان یطلق انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ؏ | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا زید ساٹھہ برس کی عمر مین ایک زوجہ اور تین بیٹے اور دو بیٹیان چھوڑ کر مفقود الخبر ہوگیا اب تقسیم ترکہ مین کب تک انتظار ہونا چاہیئے اور اندر میعاد کے اونکے وارث کے درمیان مین اوسکے ترکہ کا نفع کیونکر متصور ہوگا اور اوسکے انتظام کی کیا صورت ہوگی فقط

ہو المصوب اوسکے تقسیم ترکہ مین بیس سال اور انتظار چاہیئے تا ونتے برس اوکی عمر کے پورے ہوجاوین بعد اوسکے جو ورثہ اوسوقت موجود ہونگے اونپر وہ ترکہ تقسیم ہوگا اور اتنی مدت تک مال اوسکا اوسکے وکیل اور امین کے قبضہ مین رہے گا اگر وہ کسیکو وکیل ویا امین کرگیا ہو ورنہ حاکم کسی محافظ کو مقرر کرے گا اور ورثہ اوسکے مال سے نفع نہین اوٹھا سکتے ہین درمختار مین ہے فی معروضات المفتی ابی السعود لیس لامین بیت المال نزعه من ید من بیده ممن امن علیه قبل ذهابه انتهی اور [illegible] لایقسم ماله ونصب القاضی من یاخذ حقه ویحفظ ماله ویقوم علیه [illegible] الی موت اقرانه فی بلده علی المذهب انتهی اور رد المحتار مین ہے قوله [illegible] قیل یقدر بتسعین سنة من حین ولادته واختاره فی الکنز وهو الارفق هدایة وعلیه الفتوی ذخیرة انتهی والله اعلم ـ حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا نیل یعنے وسمہ سیاہ کا موی ریش سفید مین خضاب لگانا حرام محض ہے اور مرتکب اوسکا صرف خاطی ہے یا مرتکب گناہ بینوا توجروا

ہو المصوب خضاب برنگ سیاہ خالص ممنوع وگناہ کبیرہ ہے ابن حجر مکی نے زواجر مین اسکو کبائر مین شمار کیا ہے اسوجہ سے کہ حدیث مین وارد ہے یکون فی آخر الزمان قوم یخضبون بالسواد کحواصل الحمام لایجدون رائحة الجنة رواہ ابوداؤد والنسائی یعنے آخر زمان مین ایسے لوگ ہونگے کہ سیاہ خضاب کرینگے

مانند رنگ دانہ دانہ کبوتران کے وہ لوگ نہ پاوینگے بوی جنت کو اور طبرانی نے روایت کیا ہے من خضب بالسواد سود اللہ وجہہ یوم القیامۃ یعنے جو شخص سیاہ خضاب کرے گا بروز قیامت حق تعالی اوسکو سیہ رو کرے گا اور ملا علی قاری شرح شمائل ترمذی مین لکھتے ہین ذھب اکثر العلماء الی کراہۃ الخضاب بالسواد وجنح النوری الی انھا کراھۃ تحریم وان من العلماء من رخص فیہ للجھاد ولم یرخص فیہ لغیرہ انتہی پس برگ نیل سے اگر سیاہ خضاب ہووے وہ ممنوع ہے مثل اسکے کہ پہلے بالون کو مہندی سے رنگین کرے اوسکے بعد استعمال نیل کا کرے اس صورت مین رنگ سیاہ ہوتا ہے اور اگر رنگ خالص سیاہ نہووے مثلاً نیل کے ساتھ مہندی وغیرہ شریک کیا جاوے جس سے رنگ مائل بسرخی ہو تو درست ہے جیسا کہ امام محمد موطا مین لکھتے ہین لا نری بالخضاب بالوسمۃ والحناء والصفرۃ باساً انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

استفتا ساذڑہ کا کہانا درست ہے یا نہین یعنے جب وہ کسی شخص خاص کی ملک نہین ہے تو بنام خدا ذبح کرکے کہانا جائز ہوگا یا نہین بینوا۔۔

ہو المصوب نہین جائز ہوگا جب تک مالک اوسکا اجازت نہ دیوے اسوجہ سے کہ وہ کسی جانور کا بغیر اجازت اوس شخص کے جو باوی ملک مالک سے اوسکو نہین نکالتا ہے جیسا کہ در مختار مین ہے المختار فی الصید انہ لا یملکہ اذا لم یحجہ وکذا فی الدابۃ اذا سیبہا کما بسطہ الشہید الزیلعی انتہی اور در مختار مین ہے ان کان مہملاً فہو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ زیلعی انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

استفتا بکر برادر زادہ ہندہ اور زید خواہر زادہ ہندہ ہے اور ہندہ لاولد ہے اور زید کو اوسنے فرزندی مین لیکر پرورش کیا ہے اسوجہ سے ہندہ نے کل جائداد

[illegible]

اپنی زید کو ہبہ کردی تو اس ہبہ کرنے سے ہندہ مواخذہ دار عند اللہ و عند الرسول
ہوگی یا نہین ؟

ہو المصوب اس ہبہ سے ہندہ گنہگار ہوگی کتب فقہ و حدیث مین تصریح اس کی ہے کہ اگر بعض اولاد کو ہبہ مین فضیلت دی بغیر وجہ شرعی کے تو گناہ لازم آویگا جیساکہ سراج منیر مین ہے لو اعطے بعض ولدہ شیئا دون البعض لزیادة رشدہ لا بأس بہ و لو کانا سواء یجوز فی القضاء و لکن ہو آثم کما فی المختار انتہی چہ جائیکہ ایسے شخص کو کل مال ہبہ کرے جو وارث شرعی نہین ہے کہ اوس سے حرمان وارث لازم آوے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۱۷۱ **استفتا** مالش کرنا چربی شیر کا واسطے دوا کے جائز ہے یا نہین اور بغیر دہوئے اوسکے نماز درست ہے یا نہین ؟

ہو المصوب چربی شیر کی حرام اور نجس ہے اور تداوی بالمحرم مین اختلاف ہے بعض مطلقا ممنوع کہتے ہین اور بعض بشرط ضرورت اسطرح پر کہ بالخبر طبیب حاذق مسلم یہ معلوم ہو کہ اوس مرض کی کوئی اور دوا نہین ہے اور اسمین شفا مظنون ہے جائز رکھتے ہین جیساکہ در مختار مین ہے اختلف فی التداوی بالمحرم و ظاہر المذہب المنع کما فی رضاع البحر لکن نقل المصنف ثمہ و ہنا عن الحاوی قیل یرخص اذا علم فیہ الشفاء و لم یعلم دواء آخر کما رخص الخمر للعطشان و علیہ الفتوی انتہی و بر تقدیر استعمال بغیر دہوئے کپڑے کے نماز نہین جائز ہے - واللہ اعلم - حررہ محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

۱۷۲ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ رویت ہلال ایک ملک کی دوسرے ملک مین معتبر ہے یا نہین اور اگر معتبر ہے تو وہ دونون ملک کتنے بعد پر واقع ہون اور اختلاف مطالع کا کتنے مسافت زمین مین معتبر ہے کتب معتبرہ و حدیث صحیحہ سے

بہ عبارت و تمام کتاب تحریر فرمائیے بینوا توجروا فقط

ہوالمصوب حنفیہ کا اس باب مین اختلاف ہے بعض کی رای یہہ ہے کہ اختلاف
مطالع کا مطلقا اعتبار نہین ہے حتے کہ اہل مشرق پر رویت ہلال مغرب جب خبر واحد
کی بطور شرعی پہونچ جاوے روزہ واجب ہے اور بعض کی یہہ رای ہے کہ جسقدر
مسافت مین بحسب قواعد مبرہنہ علم ہیات اختلاف مطالع ہوتا ہے اور ایک شہر مین
رویت ہوسکتی ہے دوسرے مین نہین اوسقدر مین اختلاف مطالع معتبر ہے اور اس سے
کم مین نہین اور اوسنے مسافت اختلاف مطالع کا بقدر ایک مہینہ کے ہے پس جب ایک
شہر مین مثلاً لکھنو یا اوسکے اطراف مین چاند رمضان کا دیکھا گیا پس جو شہر اوس سے
ایک مہینہ کی یا زائد اس سے مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہہ حکم لازم نہوگا اور
جو شہر اس سے کم مسافت رکھتا ہے وہان کے لوگون پر یہہ حکم لازم ہوگا اور یہی مذہب
[illegible] ثانیہ کا ہے اور موافق حدیث ابن عباس کے جو صحیح مسلم اور جامع ترمذی وغیرہ
[illegible] ہے تاتارخانیہ مین ہے اہل بلدۃ اذا رأوا الہلال ہل یلزمہ فی حق کل بلدۃ
اختلف المشائخ فیہ فبعض قالوا لا یلزمہ وفی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع فی
ظاہر الروایۃ وفی القدوری اذا کان بین البلدتین تفاوت لا یختلف بہ المطالع یلزمہ
وذکر شمس الائمۃ الحلوانی انہ الصحیح من مذہب اصحابنا انتہی اور طحطاوی حاشیہ
مراقی الفلاح مین لکھتے ہین قیل یختلف باختلاف المطالع واختارہ صاحب التجرید
وہو الاشبہ لان انفصال الہلال من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار
ہذا مثبت فی علم الافلاک والہیأت واقل ما یختلف بہ المطالع مسیرۃ شہر کما
فی بحر الجواہر انتہی اور زیلعی شرح کنز مین لکھتے ہین اکثر المشائخ علی انہ لا یعتبر اختلاف
المطالع والاشبہ انہ یعتبر لان کل قوم مخاطبون بما عندہم وانفصال الہلال
من شعاع الشمس یختلف باختلاف الاقطار والدلیل علی اعتبارہ ما روی عن کریب

ان ام الفضل بعثته الى معاوية قال فقدمت الشام فقضيت حاجتها واستهل
شهر رمضان وانا بالشام فرأينا الهلال ليلة الجمعة ثم قدمت المدينة في
آخر الشهر فسألني ابن عباس ثم ذكر الهلال فقال متى رأيتم الهلال فقلت رأيناه ليلة الجمعة
فقال انت رأيته قلت نعم ورآه الناس وصاموا وصام معاوية فقال لكنا
رأيناه ليلة السبت فلا نزال نصوم حتى نكمل ثلاثين او نراه فقلت او لا تكتفي
برؤية معاوية وصيامه قال لا هكذا امرنا رسول الله صلى الله عليه وسلم قال في
المنتقى رواه الجماعة الا البخاري وابن ماجة انتهى اور مختارات النوازل مین ہے
اهل بلدة صاموا تسعة وعشرين يوما بالرؤية واهل بلدة اخرى صاموا ثلثين
بالرؤية فعلى الاولين قضاء يوم اذا لم يختلف المطالع بينهما واما اذا اختلف
لا يجب القضاء انتهى اور یہ جو عوام مین مشہور ہے لكل اهل بلد رؤيتهم اس سے یہ مراد
نہین ہے کہ مطلقا ایک جگہہ کی رویت دوسری مقام پر معتبر نہو ورنہ لازم آوے کہ
ایک شہر مین رویت ہو اور دوسرے شہر کہ اوس سے صرف دو ایک [illegible]
کوس دور ہو رویت نہو تو وہ رویت اون لوگون کے حق مین معتبر نہو اور ایسا امر کوئی
عاقل کہ جسکو کتب حدیث کے ساتھہ ممارست اور فن ہیأت کے ساتھہ مناسبت ہے
تجویز نکریگا بل لا يقول به الا جاهل غبي ادعوی بلکہ مراد اوس سے یہی ہے کہ جن
دو بلاد مین اختلاف مطالع ہوتا ہے اور یہہ ممکن ہے کہ ایک جگہہ ہلال دیکھا جاوے
اور دوسری جگہہ نہین ایسے دو بلاد مین ایک جگہہ کا حکم دوسری جگہہ لازم نہوگا اور
اگر ایسا نہو جیسے دونون شہر مین مسافت ایک مہینہ سے کم ہو تو ضرور حکم ایک جگہہ
کا دوسری جگہہ پر لازم ہوگا اور ایک روزہ قضا کرنا پڑے گا والله اعلم حرره الراجي
عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلي
والخفي

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک
قصبہ مین نماز جمعہ کی ایک مسجد مین بجماعت کثیر ہوتی تھی اور اون نمازیون مین بعض
بعض شخص آمین بالجہر و رفع یدین کرنے والے تھے اور برسون سے اسکا جھگڑا تھا
اتفاقاً ایک جاہل نے عین نماز مین آمین بالجہر کرنے والیکو مارا تو اس صورت مین اوس مسجد
مین اذن عام ہے یا نہین اور حال یہہ کہ امام نے کسیکو منع نہین کیا کہ تم یہان نماز
نہ پڑھو اور بسبب مارپیٹ کے عالم آمین بالجہر و اسلیے یہہ فرماتے ہین کہ اس مسجد مین
نماز جمعہ کی نہین ہوتی اور اوس مارپیٹ کو سبب عدم اذن عام قرار دیتے ہین تو
اس صورت مین کیا حکم ہے آیا نماز جمعہ کی اوس مسجد مین ہوتی ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب آمین بالجہر کہنے والے کو کہ جسنے ایک فعل موافق احادیث
صحیحہ اور مطابق ایک جماعت ائمہ مجتہدین و محدثین کے کیا مارنا حرام ہے مارنیوالا
[illegible] کے ہے لیکن صرف اسقدر سے اذن عام مین تخلل نہین ہوتا اگر مسجد
سے جمعہ کے روز نمازیون کو ممانعت نہ کیجاوے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک قصبہ مین چند اشخاص
آمین بالجہر کہتے ہین اور نہ کہنے والے کو بھلا برا کہتے ہین بلکہ بعض بعض جاہل آمین
بالجہر کہنیوالے نہ کہنے والے کو کافر بھی کہتے ہین بسبب ان کلمات ناشائستہ کے
ایک جاہل نے آمین بالجہر و رفع یدین والے کو مارا اور قبل مارنے کے بہت فساد
جسطرحسے اور کبائر سے توبہ ہوتی ہے اور ایسی محفل مین شریک ہونا اور نکاح
پڑہنا باوجود علم اس امر کے حرام ہے والله اعلم حررہ ابوالحسنات محمد عبدالحی عفا عنہ

استفتا سوال اول کیا فرماتے ہین علما اس مسئلہ مین کہ زید نے بکر سے
ایک لونڈی خرید کی باین طور کہ عمر نامی ایک اپنے دوست کو روپیہ دیا کہ وہی
عمر اوس مبلغ کا ایجاب وقبول کرے اپنے نام سے اور روپیہ ادا کرے مگر مقصود
اس خریداری سے تمتع زید کا ہو چنانچہ بکر نے بعت کہا اور عمر نے اشتریت کہا

كتاب النكاح

كتاب البيوع

اور بیع تمام ہوئی اور زر ثمن اوسکا عمرو نے بکر کو ادا کر دیا اب یہ لونڈی زید کی
ملک ہوگی یا عمرو کی اور زید پر حلال ہونے کے واسطے عمرو کی جانب سے بیع یا تملیک کا
نسبت زید کے ضروری ہے یا نہین خصوصًا ایسی صورت مین کہ جب عمرو کو اقرار
ہے کہ بینے اپنے روپیہ سے خرید کیا اور خود اپنے واسطے لیا ابھا اگر زید ثابت
کردے کہ خریداری زید کے روپیہ سے ہوئی تو اوسکو دعوی عمرو پر اپنے
روپیہ پانے کا ہوگا یا لونڈی کے ملک کا ہوگا اور بعد ادای زر ثمن اگر خالد دعوی
ہو کہ وہ لونڈی ملک میری تھی بکر کی ملک ہی نہین تھی چنانچہ بشہادت عدول
اوسکا دعوی ثابت ہوا اور قاضی نے ملک عمرو سے اوسکو خارج کر دیا تو عمرو اوسکا
زر ثمن بکر سے واپس پانے کا مستحق ہے یا نہین اور معاملات مین نیت اور مقصود
[illegible]ین کو باوجود ایجاب و قبول صریحی کچھ دخل ہے یا نہین بینوا توجروا فقط
سوال دوم اگر اسی طور سے زید کوئی عقار نام عمرو کے خرید کرے یعنے ایجاب
بیع عمرو اپنے نام قبول کرے بقصد تمتع زید اور زر ثمن زید سے لیکر ادا کرے اور
اسوجہ سے زید اپنے کو مشتری عقار سمجھے باوجود اسکے کہ ایجاب و قبول مین ذکر
زید کا کسیطرح درمیان مین نہین آیا اور عمرو کو انکار بھی زید کے تمتع مقصود ہونے سے
ہے اور وہ عقار بوجہ دعوی داری خالد بشہادت عدول ملک عمرو سے نکل جاوے
تو عمرو اصل بائع پر دعوی واپسی زر ثمن کر سکتا ہے یا نہین اور احکام مشتری
ہونیکے قضاءً و شرعًا عمرو سے متعین ہونگے یا زید سے بینوا توجروا
ہو المصوب جواب سوال اول اس صورت مین عمرو لونڈی کے خریدنے کے
واسطے زید کی طرف سے وکیل ہوا پس اگر توکیل جاریہ معینہ کی تھی اور عمرو نے
اوسیکو خرید کیا تو وہ جاریہ ملک زید کی ہوگی اور عمرو کو اپنے واسطے اوسکا
خرید کرنا درست نہین اور زید پر وہ جاریہ حلال ہوگی حاجت تجدید تملیک

کی نہین آرے اگر عمرو نے بمواجہہ زید کے اوسنے جاریہ کو خرید کیا اور تصریح کردی کہ مین اپنے واسطے خرید کرتا ہون نہ زید کے واسطے اس صورت مین البتہ وہ جاریہ عمرو کی ہوگی اور سوای اسکے اور کسی صورت مین وہ جاریہ عمرو کی نہیں ہوسکتی ہدایہ مین ہے لو وکلہ لشراء شیء بعینہ فلیس له ان یشتریہ لنفسہ انتہی اور کفایہ مین ہے سوای لوی عنہ العقد الشراء لنفسہ اوصرح بالشراء لنفسہ بان قال شہدوا انی قد اشتریتہ لنفسی وہذا اذا کان الموکل غائبا فان کان حاضرا اوصرح الوکیل بالشراء لنفسہ یصیر مشتریا لنفسہ کذا فی التتمۃ انتہی تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے الوکیل لشراء شیء بعینہ اذا اشتراہ لنفسہ بمثل الذی امر بہ فی غیبۃ الموکل یکون مشتریا للموکل ولا یملک الشراء لنفسہ ما لم یخرج عن الوکالۃ وہو یملک اخراج نفسہ عن الوکالۃ عند حضرۃ الموکل لا عند غیبتہ کذا فی الخانیہ انتہی پس جب زید ثابت کردے گا کہ یہ خریداری اوسکے روپیہ سے ہوئی تو اوسکو دعوی عمرو سے لونڈی کا ہوگا اور در صورت استحقاق عمرو کو بکر سے واپسی زر ثمن کی ضرور ہوگی جیسا کہ درمختار مین ہے ونثبت رجوع المشتری علی بائعہ بالثمن اذا کان الاستحقاق بالبینۃ لما سبق الحاجۃ متعدیۃ انتہی اور اگر توکیل جاریہ غیر معینہ کی شراء کی تھی پس اگر عمرو نے زید کے روپیہ سے خرید کیا یا بوقت خرید نیت زید کے واسطے لینے کی کی تو وہ جاریہ زید کی ہوگی نہین تو عمرو کی جیسا ہدایہ مین ہے ان وکل لشراء عنہ لغیر عینہ فاشتری عبدا فہو للوکیل الا ان یقول نویت الشراء للموکل او یشتریہ بمال الموکل انتہی — جواب سوال دوم

اس صورت میں وہ شراء عمر کی زید کے واسطے صحیح جاویگی تنقیح الاشباہ

میں ہے ان تکاذبا ای الوکیل والموکل فی النیۃ یحکم النقد بالاجماع انتہی

اور حقوق عقد راجع بطرف عمر کے ہونگے تنویر الابصار میں ہے حقوق عقد

لابد من اضافتہ الی الوکیل کبیع یتعلق بہ انتہی اور عمر واصل بائع پر دعوے

واپسی زر ثمن کر سکتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۰۹

استفتا ما قول العلماء جزاکم اللہ عنا جزاء حسنا دریں کس کہ عمدا

وسہوا و بغضا ہمہ علماء وارث الانبیاء را دشنام بہ مثل بہن چود و دیگرہا اعاذنا اللہ

از روی تفاخر و کبر و بغض دہد و بآن صاحبان مسند نشین تفاخر ورزد در حق

آن کس چہ حکم است بینوا توجروا

الجواب اگر مقصود آن دشنام دہندہ استخفاف علم و تحقیر علماء من حیث العلم

است اما حکم بکفرش میدہند ورنہ در فاسق و فاجر بودن آنکس و مستحق

غضب الٰہی و مستوجب عذاب دنیوی و اخروی شدن آن شبہ نیست سبب و

شتم وطعن بر مسلم کائنا من کان موجب فسق است چہ جای کہ سب و شتم علماء

صاحب فتاوی بزازیہ می نویسند الاستخفاف بالعلماء لکونہم علماء استخفاف

بالعلم والعلم صفۃ اللہ منحہ فضلا علی خیار عبادہ لیدلوا خلقہ علی

شریعتہ نیابۃ عن رسلہ فاستخفافہ بہذا یعلم انہ الی من یعود فانتہی الی نبیہ

قال لعنہ تسمیہ اولعلوی علویک یکفر ان قصد بہ الاستخفاف

بالدین انتہی و نور الدین علی سمہودی در رسالہ خود جواہر العقدین فی فضل

الشرفین نوشتہ قد ترجم الامام النووی فی مقدمۃ شرحہ للمہذب بالنہی

الاکید والوعید الشدید لمن یوذی او ینقص الفقہاء والحث علی کرامہم

وتعظيم حرماته ثم اورد قوله تعالى ومن يعظم شعائر الله فانها من تقوى القلوب
وقوله تعالى ومن يعظم حرمات الله فهو خير له عند ربه وقوله تعالى والذين
يؤذون المومنين والمومنات بغير ما اكتسبوا فقد احتملوا بهتانا واثما مبينا
قلت وجه الدلالة في آيتين الاولين ظاهر لان علماء الدين من اعظم شعائر الله
اذ المراد من شعائر الله اعلام دينه وهم من اعظم حرماته واما وجه الدلالة
من الآية الثالثة فهو ان هذا الوعيد اذا ثبت لفاعل ذلك بالنسبة الى عامة
المومنين فما ظنك بخاصتهم وعن ابي امامة رض مرفوعا ثلاثة لا يستخفهم
الا المنافق ذو الشيبة في الاسلام وذو العلم وامام مقسط رواه الطبراني
في الكبير وعن عبد الله بن عمرو قال قال رسول الله صلى الله عليه وسلم ليس منا
من لم يوقر كبيرنا ولم يرحم صغيرنا ولم يعرف لعالمنا حقه رواه الترمذي
وعن ابي بكرة رض سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول اغد عالما او متعلما
او مستمعا او محبا ولا تكن خامسة فتهلك قال عطاء قال لي مسعر زدتنا
خامسة لم يكن عندنا والخامسة ان تبغض العلم واهله رواه الطبراني في الثلاثة
والبزار ورجاله موثقون وقال النووي في التبيان وشرح المهذب قال
الحافظ ابو القاسم بن عساكر اعلم يا اخي ان لحوم العلماء مسمومة وعادة
الله في هتك استار منتقصيهم معلومة وان من اطلق لسانه في العلماء بالثلب ابتلاه
الله قبل موته بموت القلب انتهى ملخصا والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

محمد عبد الحي ابو الحسنات

استفتاء ما قولكم رحمكم الله في من صلى العشاء والتراويح والوتر في مسجد
حال كونه اماما ثم ام قوما آخرين بالتراويح في ترويحة او ترويحتين في مسجد
آخر معتقدا بان التراويح وسائر السنن والنفل في حكم واحد على رواية مخرجة

من بياض محمد هاشم التتهوي ناقلاً عن متانة الروايات وهي هذه وصح
اقتداؤهم لان السنة والتطوع في حكم واحد ومستدلاً بانه يكتفي مطلق النية
في التراويح وغيرها من السنن كالنوافل فانه هو مذهب الجمهور وعامة
المشائخ ومتمسكاً برواية ملتقطة من تلك البياض منقولة عن شرح
شرعة الاسلام وعباداتها هذه ما اجتمع الحلال والحرام الا وغلب الحرام واين
ضابطه در معاملات است واما در عبادات چون نماز و روزه و مانند آن علما گفته
اگرنه روایت عدم جواز باشد ویک روایت جواز مفتی را باید که بر جواز فتوی دهد
انتهى ومتشبثاً بما قال كمال الدين ابن الهمام ان نفس النية يحصل بنفس الفعل على
الوجه الذي فعله عليه الصلوة والسلام وهو عليه السلام لم يكن ينوي السنة
بل الصلوة لله تعالى فعلوان وصف السنة ثبت بعد فعله على ذلك الوجه تسمية
لفعله لا انه وصف يتوقف حصوله على النية انتهى ملخصا فهل يكره اقتداء
القوم ام لا وهل تكره امامة ذلك الرجل ام لا وهل يلزم بناء القوي على
الضعيف ام لا وهل يرجح التعيين في السنن المؤكدة ام الاطلاق وما في الفتاوى
الهندية ولو صلى التراويح مقتديا بمن يصلي مكتوبة او وترا او نافلة الاصح انه
لا يصح الاقتداء به لانه مكروه ومخالف لعمل السلف انتهى وسبب عدم الصحة
مخالفة عمل السلف ام غيرها افيدوا الجواب بالتفصيل والاطناب توجروا عند
الملك الوهاب فانه حصل امر عظيم بجوابكم بينهم وبكلامكم [illegible]

هو المصوب اختلف فقهاؤنا الحنفية في هذا الباب في موضعين الاول
في نية التراويح فظاهر الرواية كما في التجنيس والذخيرة انه يكفي للتراويح وسائر
السنن نية مطلق الصلوة وصححه صاحب الهداية في الهداية وفي مختارات النوازل
واختاره ابن الهمام في فتح القدير ونسبه الى المحققين وحققه بما حقق وتبعه

تعظيم لسبي الرمضان سنح مواهب الرحمن وصححه في جامع المضمرات والدر الخفي
هو المعتمد في حاوية البناوي وفي منية المصلي هو المختار والقول الثاني فيهما
انه لابد في التراويح والسنن من تعيين الاستنان ومتابعة الرسول صلى الله
عليه وسلم وصححه بعض ارباب الفتاوى كقاضي خان حيث قال في فتاواه
قال بعضهم يجوز اداء السنن بنية الصلوة او التطوع قال بعضهم
لا يجوز وهو الصحيح انتهى وكصاحب البزازية حيث قال ان نوى في التراويح
مطلق الصلوة والنفل قال الصحيح انه لا يجوز لانها سنة مخصوصة فيراعى صفته
الخاصة للخروج عن العهدة واكثر المتاخرين على ان التراويح والسنن تتادى
بمطلق النية انتهى ومثله في الظهيرية وغيرها فقد اختلف التصحيح والترجيح في هذه
المسئلة ولذا ذكر صاحب السراجية وصاحب المنية وصاحب الظهيرية وابن الهمام
وتلميذه قاسم بن قطلوبغا وغيرهم ان الاحتياط ان لا يكتفي بمطلق النية الا ...
الثاني في اقتداء من يصلي التراويح بمن يصلي النافلة وبمن صلى التراويح
واما الباس ثانيا فمن مجوز ومن مانع قال قاضيخان الصحيح انه لا يجوز انتهى
وقال الصدر الشهيد في واقعاته امام يصلي التراويح في مسجدين في كل مسجد على الكمال
انتهى وقال قاسم بن قطلوبغا في فتاواه اذا صلى التراويح مقتديا بمن يصلي المكتوبة
او الوتر او نافلة غير التراويح اختلف المتاخرون فيه منهم من بنى هذا على الاختلاف
في النية فمن قال من المتاخرين ان التراويح لا يتادى بمطلق النية حتى ينويها
قال ههنا لا يصح لانها لا تتادى الا بنيتها فلا تتادى الا بنية الامام وهي لم
ينويه ومن قال من المتاخرين انها تتادى بمطلق النية ينبغي ان يقول ههنا يصح والاصح
انه لا يصح وهو مكروه انتهى وقال في جامع المضمرات شرح مختصر القدوري في
الكبرى قوم صلوا التراويح ثم ارادوا ان يصلوها بعد ذلك يصلون فرادى

لانه تطوع وصلوة التطوع بجماعة ليست بمستحبة انتهى وقال في خزانة الروايات نقلا عن رسالة
صدر الدين الحسام البيهالي هذه التراويح للمقتدين سنة موكدة وليس للامام سنة موكدة
بل صار تطوعا في حقه والسنة اقوى حالا من التطوع وقاسوه على اقتداء المفترض بالمتنفل وفي
رواية المضمرات قوم صلوا التراويح ثم ارادوا الخ وفي رواية نصاب الفقه لو صلى الامام التراويح في المسجد على
الكمال لا يجوز له ان يفعل لان التراويح سنة والسنن لا تتكرر في الوقت الواحد فاذا فعل ذلك لا يكون سنة والفتوى
على ذلك وقال بعضهم يجوز لانه اقتداء المتنفل بالمتنفل وكل سنة فهي نفل بالحقيقة انتهى
والذي يظهر بالنظر الدقيق في الاختلاف الاول جواز التراويح وسائر السنن بنية
مطلقة وبنية النفل كما حققه ابن الهمام وفي الاختلاف هو اداء التراويح عن
المقتدين خلف من يصلي التطوع الا انه لا يخلو عن كراهة المخالفة لسلف
والملخص في هذا ان ينذر الامام الذي صلى التراويح ويوجب على نفسه قدر ما يريد
[illegible] به مع الجماعة الثانية فيكون ذلك عليه واجبا ويخرج عن شبهة بناء
[illegible] الضعيف والله اعلم بالصواب وعنده حسن الثواب - حرره الراجي
عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

سوال **استفتا** شخصي بمريدان خود تعليم ميكند كه يا شيخ عبد القادر شيئا لله بطور دعا
وورد بخواند براى قضاء حاجات مفيد است وبه بعض كسان باين طريق تعليم ميكند كه
يا شيخ براى حصول مراد بدرگاه خدا دعا كنيد پس براى تعليم كننده چه حكم است وهر دو كلام
كلام شرك است يا نه وآيا شيخ عبد القادر چنين قدرت دارند كه فرياد هر كس شنيده براى
ندا كننده دعا كنند وبه فرياد رسند يا نه بينوا توجروا

هو المصوب از چنين وظيفه احتراز لازم وواجب اولا ازين جهت كه اين وظيفه
متضمن شيئا لله است وبعض فقها را ازهمچو لفظ حكم كفر كرده اند چنانكه در در مختار مى نويسند
[illegible] شيئا لله قيل يكفر [illegible]

[illegible]

واتفقوا ان كل شيء والكل مفتقر ومحتاج اليه ينبغي عدم التكفير فانه يمكن ان يقول اردت طلب شيء اكراما لشيخ الرهبانية قلت ينبغي او يجب التباعد عن هذه العبارة وقد مران ما فيه خلاف يومر بالتوبة والاستغفار وتجديد النكاح انتهى ثانيا ازين جهت كه اين وظيفه متضمن است نداي اموات را از امكنه بعيده و شرعا ثابت نيست كه ارواح اوليا قدرتے حاصل هست كه از امكنه بعيده ندارا بشنوند البته سماع اموات سلام زائر قبر را ثابت هست بلكه اعتقاد اينكه كسے غير حق سبحانه حاضر و ناظر و عالم خفي وجلي در هر وقت و هر آن است اعتقاد شرك است در فتاوى بزازيه مينويسد تزوج بلا شهود وقال خدا و رسول خدا و فرشتگان را گواه كردم يكفر لانه اعتقد ان الرسول والملك يعلمان الغيب وقال علماء نا من قال ان ارواح المشائخ حاضرة تعلم يكفر انتهى وحضرت شيخ عبد القادر اگرچه از اجلۂ اوليای امت محمديه هستند و مناقب و فضائل شان لا تعد ولا تحصى اند ليكن چنين قدرت شان را از امكنه بعيده بشنوند و به فرياد رسند ثابت نيست و اعتقاد اينكه آنجناب حال مريدان خود ميدانند و نداي شان مي شنوند از عقائد شرك است والله اعلم

حرره ابو الحسنات محمد عبد الحي عفا عنه

٢١٧

استفتا سوال آنكه در كتب فقه مصرح است كه اذا مات الحمار في المملحة فصار ملحا او وقع الروث في البئر فصار حماة زالت النجاسة وطهرت عند ابي حنيفة ومحمد خلافا لابي يوسف والفتوى على قول محمد درين باب دليل نقلي از شارع يافته ميشود يا نه وفرق درين صورت و درانچه قطرۂ شراب يا بول در چاه افتاد كه مهتدان حكم نجاست آن ميدهند چيست بينوا توجروا

هو المصوب در باب طهارت شي نجس به تبديل حقيقت نص صريح از شارع تا حال هنوز نگذشته استخراج اين حكم از نظائر آن هست چنانكه ابن الهمام در فتح القدير مينويسد

قول محمد هو المختار لان الشرع رتب وصف النجاسة علی تلک الحقیقة وتنتفی
الحقیقة بانتفاء بعض اجزاء مفهومها فکیف بالکل فان الملح غیر العظم واللحم
فاذا صار ملحا ترتب علیه حکم الملح ونظیره فی الشرع النطفة نجسة وتصیر
علقة وهی نجسة وتصیر مضغة فتطهر والعصیر طاهر فیصیر خمرا فینجس ویصیر
خلا فیطهر فعرفنا ان استحالة العین تستتبع زوال الوصف المرتب علیها انتهی
وفرق درین صورت ودر صورت افتادن نجس در چاه آنست که درین صورت تغیر
حقیقت گشته مستلزم تغیر وصف نجاست می گردد ودران صورت اختلاط وتلاشی میگردد
وبسبب اختلاط تام تمیز باقی نمی ماند نه آنکه آن نجس فی نفسه آب میگردد والله اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

٢١٤

سوال اگر شخصی در هر رکعت فرائض بعد فاتحه وضم سوره یا قبل ضم سوره
[illegible] الله میخواند نماز او بلا کراهت درست است یا بکراهت بینوا توجروا

هو المصوب — جواب نماز او بلا کراهت درست است لما اخرجه الترمذی والبزار وعلقه
البخاری فی صحیحه عن انس کان رجل من الانصار یؤمهم فی مسجد قباء وکان یقرء لهم
فی الصلوة مما یقرء به وکلما افتتح سورة افتتح بقل هو الله احد حتی یفرغ منها ثم
یقرأ سورة اخری معها وکان یصنع ذلک فی کل رکعة فکلمه اصحابه فقالوا انک
تفتتح بهذه السورة ثم لا تری انها تجزئک حتی تقرء باخری فاما ان تقرأ بها
واما ان تدعها وتقرأ باخری فقال ما انا بتارکها ان احببتم ان اؤمکم بذلک فعلت
وان کرهتم ترکتکم وکانوا یرون انه من افضلهم وکرهوا ان یؤمهم غیره فلما
اتاهم النبی صلی الله علیه وسلم اخبروه الخبر فقال یا فلان ما یمنعک ان تفعل
ما یامرک به اصحابک وما یحملک علی لزوم هذه السورة فی کل سورة فقال انی
احبها فقال حبک ایاها ادخلک الجنة انتهی پس ازین حدیث تقریر نبوی وسکوت

وسکوت آنحضرت بر فعل آن صحابی ثابت شد و این قدر در باب رفع کراہت کافی است چه اگر مکروه بودے بر توجیه آن صحابی التفات نکرده ممانعت فرمودے لیکن چونکه این طریقه خلاف طریقهٔ غالبه آنحضرت صلی اللہ علیه وسلم وجمهور صحابه است ترک آن اولی است والتزام آن خلاف اولے ولہذا در فتح القدیر وغیره نوشته لو جمع بین سورتین فی رکعة لا ینبغی ان یفعل ولو فعل لا باس به انتهی واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

۲۱۴

استفتا سوال سنت فجر اگر بضرورت شمول جماعت ترک شود پس اداے آن قبل از طلوع آفتاب بلا کراہت جائز است یا نه بینوا توجروا

ہو المصوب از حدیث قیس خرج النبی صلی اللہ علیه وسلم فاقیمت الصلوٰة فصلیت معه الصبح ثم انصرف النبی صلی اللہ علیه وسلم فوجدنی اصلی فقال مهلا یا قیس اصلاتان ثم قال لم اکن رکعت رکعتی الفجر قال فلا اذن اخرجه الترمذی وابن ماجة وغیرهما عدم کراہت ثابت است وضعف این حدیث که ترمذی وغیره بیان کرده است نه بدرجه است که مسقط احتجاج باشد لیکن حنفیه بسبب تقریر اصول حکم کراہت میدہند عینی در عمدة القاری شرح صحیح البخاری می نویسند قلت استقرت القاعدة ان المبیح والحاضر اذا تعارضا جعل الحاضر متاخرا وقد ورد النهی فی احادیث کثیرة انتهی ولکل وجهة هو مولیها فاستبقوا الخیرات واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

۲۱۵

استفتا نماز نفل که زائد از دو رکعت بیک سلام باشد در قعدات متوسطه صرف التحیات بخواند یا مع درود بینوا توجروا

[illegible]

وتر و نیضے مع درود مگر درسنت ظہر وجمعہ ومختار متاخرین قول ثانی است در درمختار می نویسد و لا یصلی علی النبی فی القعدة الاولی فی الاربع قبل الظہر والجمعة بعدها و فی البواقی من ذوات الاربع یصلی ویستفتح ویتعوذ فی القیام ولو نذرا لان کل شفع صلوٰة علیحدة وقیل لا یاتی فی الکل وصححہ فی القنیة انتہی واللہ اعلم

حررہ ابوالحسنات محمد عبدالحی عفا عنہ

۲۱۶ استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اور مفتیان شرع متین اس صورت مین کہ پہلی ایک مسجد خام مائل عن القبلہ تہی بعد اوسکے اوسمین اور زمین شامل کرکے منہدم کرکے اسطور پر مسجد پختہ بنوائی گئی کہ ایک جزو اوس مسجد خام کا بعینہ و اسطے اشیاء مسجد مثل سوٹا و رسی و غیرہ کے بمصلحت خارج کردیا گیا تو آیا اب اوس پر کہ مثل حجرہ کے قرار دیا گیا ہے احکام مسجد کے جاری ہونگے یا نہین جیسے جنب و غیرہ اوسمین داخل ہوسکتے ہین یا نہین اور یہ قرار دینا جائز ہے یا نہین بجواب الکتب تحریر فرمائین عند اللہ ماجور ہونگے فقط

ہوالمصوب مسجد کے جمیع اجزا کا حکم مسجد ہین ہین کسی جزو کو اوسکے مسجد سے خارج کرنا نہین درست ہے اور احکام مسجد کے ہمیشہ اوسپر نافذ ہونگے بحرالرائق مین ہے قال ابو یوسف ہو مسجد ابدا الی قیام الساعة لا یعود میراثا ولا یجوز نقلہ ولا نقل مالہ الی مسجد آخر سواء کانوا یصلون فیہ او لا وعلیہ الفتوی کذا فی الحاوی القدسی انتہی اور بہی اوسمین ہے لا یجوز للمقیم ان یجعل شیئا من المسجد مستغلا ولا مسکنا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۱۵ استفتا ما قولکم رحمکم اللہ اس مسئلہ مین کہ زید نے ایک عبارت جو ہمتر کے اخبار سے اپنے اخبار مین بغرض اعلان اور اشاعت کے نقل کرکے چھاپی

کتاب الحظر والاباحة

یہی ہذہ عبارت لنا بہ خطی مختصر وطی جبرئیلؑ طول طویل مثل شیطان کی آنت کے مثلاً
انشاء اللہ تعالیٰ بمنہ وکرمہ لفانہ ہذا در خاص شہر فلان و محلہ فلان مکٹ لگایا گیا
وغیرہ اسکو عمرو نے دیکھ کے کہا آپ ایسے ثقہ اور دیندار کے اخبار میں نسبت
الفاظ معظمہ انشاء اللہ تعالیٰ بمنہ وکرمہ کے شیطان کی آنت لکھنا سوء ادبی بلکہ منجر
بکفر ہے کیونکہ توہین استعانت باری تعالیٰ شانہ نکلتی ہے ایسے امور کا لحاظ رکھئے زید نے
اسکے جواب میں کہا کہ ہرگز اسمین سوء ادبی اور انجرار بکفر لازم نہیں آتا اسواسطے
کہ ہمنے حکم طول طویل شیطان کی آنت کا نسبت کل عبارت مذکور کے دیا ہے
اور جو حکم کل کا ہووے وہی اوسکے اجزا کا ہو ضرور نہیں اگر بالفرض تحریر
اس فقرہ کی منجر بکفر اور بے ادبی کے ہو تو ناقل اسکا بری ہے کہ نقل کفر کفر
نباشد۔ انتہی پس تاویل اور توجیہ کرنے والا اسکا از روے آداب شریعت
محمدیہ کے کیسا ہے بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل ۵ؔ

ہو المصوب اگر مقصود توہین اسم باری عزشانہ ہوتی اس قسم کی عبارت
موجب کفر ہو جاتی اور ہرگاہ مقصود توہین نہیں اور حکم ساتھ اوس عبارت
تبیحہ کے مجموع من حیث المجموع پر ہے صرف انشاء اللہ پر نہیں اسوجہ سے
کفر نہو گا مگر چونکہ ظاہر عبارت سے ایہام خلاف مقصود کا بھی ہوتا ہے اسوجہ
سے ایسی عبارت کے ساتھ تکلم منع ہے اور خالی سوء ادبی سے نہیں ہے
اور توجیہ اور بیان مقصود رافع سوء ادبی کا نہیں ہو سکتا رد المحتار علی الدر المختار
مین بحث قول صاحب درمختار مین وکرہ قولہ فی دعائہ بمعقد العز من عرشک
لمجرد الایہام کاف فی المنع عن التکلم بہذا الکلام وان احتمل معنی صحیحا
لذا اعلل المشائخ بقولہم لانہ یوہم تعلق عزہ بالعرش ونظیرہ ما قالوا
فی انا مومن انشاء اللہ فانہم کرہوا ذلک وان قصد التبرک دون التعلیق

لما فیہ من الایہام انتہی اور یہی رد المحتار مین تحت قول صاحب درمختار کے
کذا قول شیٔ للہ قیل یکفرہ مرقوم ہے لعل وجہہ انہ طلب شیئاً للہ واللہ غنی
عن کل شیٔ والکل مفتقر ومحتاج الیہ وینبغی ان یرجح عدم التکفیر فانہ یمکن
ان یقول اردت اطلب شیئاً اکراماً للہ شرح الوہبانیۃ قلت فینبغی اوجب التباعد
عن ہذہ العبارۃ انتہی یہان سے معلوم ہوا کہ اس قسم کی عبارتین کہ محتمل معنے
غیر مشروع کو ہون اگر مراد اون سے معنے صحیح ہون تکلم ساتھ اونکے ناجائز
ہے اور نقل کفر اگرچہ کفر نہین لیکن سوء ادبی سے خالی نہین ہے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

سوال ۲۱۸

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ان مسئلون مین کہ ائمہ اربعہ رحمہم اللہ
تعالی کے سوا اور کسی مجتہد اور عالم کے جو اونہون نے کوئی مسئلہ خلاف ائمہ
اربعہ رحمہم اللہ تعالی کے کہا ہو تو اونکی تضلیل اور اونکو گمراہ کہنا درست ہے
یا نہین اور گمراہ کہنے والے پر شرعاً کیا حکم ہے اور داؤد ظاہری گمراہ ہے یا نہین
کہ وہ ظاہر حدیث [illegible] ایسا کہنا روا ہے یا نہین اور داؤد ظاہری کو مطلق گمراہ
کہنا یا اس مسئلہ مین خاص کرکے جو داؤد ظاہری نے ربائبکم اللاتی فی
حجورکم مین کہا ہے کہ اگر ربیبہ گود مین ہو تو حرام ہے والا نہین اس کہنے کے
سبب داؤد ظاہری کو گمراہ کہنا جائز ہے یا نہین اور داؤد ظاہری کے
کہنے کے موافق اگر کسینے عقیدہ رکہا تو کیا وہ بہی داؤد ظاہری کے شریک
گمراہ ہوا یا نہین اور اس عبارت سے تفسیر آیات الاحکام کا کیا مطلب اور مراد ہے
پہر ربائب کی حرمت مین دو قیدین ذکر کی ہین ایک اللاتی فی حجورکم دوسرے
من نسائکم اللاتی دخلتم بہن پہلے قید اتفاقی ہے اور حضرت علیؓ سے مروی
ہے اور داؤد نے کہا ہے کہ جو ربیبہ اوسکی گود مین نہو تو وہ حرام نہین

اور دوسرے ربائبکم سے متعلق ہے الخ بینوا توجروا

ھو المصوب قید اللاتی نے تجور کم کی بمذہب صحیح و نیز بنا بر جمہور اتفاقی ہے اور داود کے نزدیک موافق روایت علی مرتضیٰ رض کے اتفاقی نہیں ہے جیسا کہ فتح القدیر میں ہے سواء کانت فی حجرہ او حجر غیرہ وھو مذھب الجمھور وتمامه علی ورجع ابن مسعود الی قول الجمھور انتہی اور اگرچہ صحیح اس باب میں قول جمہور ہے مگر داود ظاہری کو اسکے خلاف سے گمراہ کہنا نہیں جائز ہے کیونکہ اختلاف مسائل فرعیہ باعث تفسیق و تضلیل کا نہیں ہے تذکرۃ الحفاظ میں ہے قال یحیی بن سعید الانصاری اھل العلم اھل توسعۃ وما برح المفتون یختلفون فیحلل ھذا ویحرم ھذا فلا یعیب ھذا علی ھذا ولا ھذا علی ھذا انتہی اور شرح مقاصد میں ہے المحققون من الماتریدیۃ والاشاعرۃ لا ینسب احدھما الآخر الی البدعۃ والضلالۃ خلافا للمبطلین المتعصبین حتی ربما جعلوا الاختلاف فی الفروع ایضا بدعۃ وضلالۃ انتہی الخ کسی مجتہد کو اور ایسے ہی داود ظاہری کو کسی مسئلہ میں کہ انہوں نے خلاف ائمہ اربعہ یا جمہور کے کیا ہو اگرچہ وہ مسئلہ انکا غیر مقبول و باطل ہو گمراہ کہنا نہیں درست ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

٢١٩

استفتا زید از بکر سوال کرد کہ موطوءہ خسر سوای ام الزوجہ حرام است یا حلال بکر جواب دادہ کہ فقہای محققین درین مختلف اند بعض حرام می گویند بعض حلال و محدثین مطلقاً حرام میگویند این جواب صحیح است یا نہ اگر موطوءہ خسر سوائے ام النبی زوجہ و ام رضاعی حرام است پس ماخذش چیست چہ مراد از امہات نساء در کلام اللہ سوائے ام النبی و رضاعی دیگری مراد نیست بینوا توجروا

هو المصوب کتب معتبرهٔ حنفیه ذکر حرمت موطوهٔ خسر سے سوای ام النبی ورضاعی زوجہ کے خالی ہین اور کوئی وجہ شرعی اوسکی حرمت کی نہین معلوم ہوتی ہے واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا عنہ

٢٢٠

استفتا ما قولکم در حالت وقوع سہو بمقتدی آیا اعادہ صلوۃ بروجہ تعذر جائز لازم است یا آنکہ بسبب متابعت امام سہو از و مرفوع است بینوا توجروا

هو المصوب در نہر فائق بحسب اقتضای قواعد مقررہ حکم اعادہ دادہ می نویسد ثم مقتضی کلامہم انہ یعیدہا لثبوت الکراہۃ مع تعذر الجائز انتہی لیکن حدیثے کہ درین باب مستند است دلالت بر عفو ورفع سہو وکفایت صلوۃ امام می سازد علی متقی در منہج العمال آوردہ الامام لکفی من وراءہ فان سہی الامام فعلیہ سجدتا السہو وعلی من وراءہ ان یسجدوا معہ فان سہی احد من خلفہ فلیس علیہ ان یسجد والامام یکفیہ اخرجہ عن عمر انتہی یعنی بیہقی فی السنن عن عمر عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم واللہ اعلم

حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا عنہ

٢٢١

استفتا چہ میفرمایند علمای دین درین مسئلہ کہ درین ملک ہندوستان کہ در قبضۂ نصاری اند نماز جمعہ واجب است یا نہ واگر جمعہ گذارد بعدہ اربع رکعات آخر الظہر احتیاطاً گذاردیا نہ واگر گذارد منفرد گذارد یا بجماعت کہ سنت موکدہ است بینوا توجروا

هو المصوب مخفی نماند کہ بلادیکہ در قبضۂ نصاری اند دار الاسلام ہستند شروط بودن دار الاسلام دار الحرب دران موجود نیستند چہ اگرچہ دران احکام کفرہ جاری اند لیکن معہذا احکام اسلام ہم خصوصاً اصول وارکان اسلام جاری اند وکفرہ در بعض امور رجوع بطرف علمای اسلام می سازند ودر فتاوی بزازیہ می آرد

کتاب الصلوة — ماه شعبان [illegible] ملتان اندرون لوهاری دروازه

کتاب الصلوة — [illegible] مولوی محمد عبد القادر صاحب [illegible] شعبان ۱۳۰۲ [illegible]

قال السيد امام البلاد التي في أيدي الكفرة اليوم لاشك انها بلاد الاسلام بعد
ان لم يظهر وانها احكام الكفرة بل القضاة مسلمون واما البلاد التي عليها ولاة كفار
مسلم فيجوز به اقامة الجمع والاعياد ـ واخذ الخراج وتقليد القضاة وتزويج الايامى
والارامل والتي عليها كفار فيجوز فيها ايضا اقامة الجمع والاعياد والقاضي قاضي بتراضي
المسلمين وقد تقرر ان بقاء شيء من العلة يبقي الحكم وقد حكمنا بلا خلاف بان هذه
الديار قبل استيلاء التتار كان من ديار الاسلام وبعد استيلائهم اعلان
الاذان والجمع والجماعات والحكم بمقتضى الشرع والفتوى والتدريس شائع
بلا نكير من ملوكهم فالحكم بانها من دار الحرب لا جهة له الى الدراية والرواية
واعلان بيع الخمور واخذ الضرائب والمكوس والحكم من النقض برسم التتار كاعلان
في قريطة بطليا الطاغوت ومع ذلك كانت بلدة اسلام بلا ريب وذكر في الوالجي
انما يصير دار الحرب باجراء احكام الكفر وان لا يحكم فيها بحكم من احكام الاسلام
يتصل بدار الحرب وان لا يبقى فيها مسلم ولا ذمي آمنا بالامان الاول فاذا اجتمعت
الشرائط كلها صارت دار حرب وعند تعارض الادلة والشرائط يبقى ما كان ويترجح
جانب الاسلام احتياطا انتهى ملخصا وقاضي محمد اعلى تهانوي در رساله احكام الاراضي
مي نويسد الحق ان ما في ايدي الكفار من بلاد المسلمين فهو دار الاسلام بلا
لانها غير متصلة ببلادهم ولانهم لم يظهروا فيها احكامهم انتهى ودر جامع المضمرات
مي آرد دار الاسلام لا تصير دار حرب الا باجراء احكام الشرك فيها وان تكون متصلا
بدار الحرب لا يكون بينها وبين دار الحرب مصر من امصار المسلمين وان لا يبقى فيها
مسلم ولا ذمي بالامان الاول فما لم توجد هذه الشرائط الثلثة لا تصير
دار حرب ومعنى قولنا ان لا يبقى فيها مسلم او ذمي آمنا بالامان الاول ان لا يبقى فيها
مسلم او ذمي آمنا على نفسه بالامان للمشركين وقالا اذا اجرى فيها احكام الشرك

لانها تصير دار الحرب سواء كانت متصلة بدار الحرب او لم تكن بقي مسلم او ذمي
بالامان الاول او لم يبق و دار الاسلام لا تصير دار الحرب اذا بقي شئ من احكام الاسلام
وان زال غلبة اهل الاسلام و دار الحرب يصير دار الاسلام باجراء احكام الاسلام
فيها وان بقي فيها كافر اصلي و لم يكن متصلة بدار الاسلام كذا في شرح سير الاصل
وفي سير الاصل لابي اليسر ان دار الاسلام لا يصير دار حرب ما لم يتعلل به جميع
ما صارت به دار الاسلام لان الحكم اذا ثبت لعلة فما بقي شئ من العلة يبقى الحكم
ببقائه وفي المنثور دار الاسلام انما صارت دار اسلام باجراء احكام الاسلام
فما بقي علقة من علائق الاسلام يترجح جانب الاسلام انتهى و عتابي در شرح زيادات
مي طرازد دار الاسلام انما تصير دار الحرب بثلاث شرائط احدها اجراء احكام الكفر
على سبيل الاشتهار و الثاني ان تكون متاخمة بدار الحرب اي متصلة لا يتخلل بينهما
من بلاد المسلمين والثالث ان لا يبقى فيها مسلم او ذمي امنا بالامان الاول فهذه
الشرائط ليكون علما على تمام القهر و الاستيلاء و دار الاسلام يحتاط لاثباته
والاحتياط في اثباته لها ان يكتفي باحدى هذه الشرائط لصيرورة دار الحرب دار الاسلام
والاحتياط في ابقائه لها ان تشترط هذه الشرائط الثلثة لصيرورة دار الاسلام
دار حرب وعندهما يصير دار الاسلام دار حرب باجراء احكام الكفر فيها انتهى
و طحطاوي در حواشي درمختار ميگويد قوله باجراء احكام الشرك اي على سبيل الاشتهار
وان لا يحكم فيها بحكم اهل الاسلام هندية و ظاهره انه لو اجريت احكام المسلمين واحكام
اهل الشرك لا تكون دار حرب انتهى ازين عبارات واضح است كه بلاد هند كه هنوز در ان
احكام اسلام جاري اند و در باب اقامت جمعه و جماعت و اذان و غيره شعائر اسلام
از كفار مانعي نيست دار الحرب نيستند هرگاه اين امر مهمد شد پس معلوم بايد كرد كه فرضيت
جمعه مثل فرضيت صلوات خمسه از نصوص ثابت است مقيد بوقت دون وقت

در بلاد هند هم فرضیت الآن کما کان اما آنچه که بذهن عوام میرسد که در کتب فقه
از شرائط ادای جمعه سلطان مذکور است و آن درین بلاد مفقود لیس مدفوع است
باین وجه که در جامع الرموز می نویسد والسلطان ای الخلیفة او الوالی الذی لوقه
وال عادلا کان او جائرا والاطلاق مشعر بان الاسلام لیس بشرط وهذا اذا امکن استیذانه
والا فالسلطان لیس بشرط حتی لو اجتمعوا علی رجل وصلوا جاز کما فی الجلال انتهی
و در رد المحتار می نویسد فی معراج الدرایة عن المبسوط البلاد التی فی ایدی الکفار بلاد
الاسلام لا بلاد الحرب لانهم لم یظهروا فیها حکم الکفر بل القضاة والولاة مسلمون
یطیعونهم عن ضرورة او بدونها وکل مصر فیه وال من جهتهم یجوز له اقامة
الجمع والاعیاد والحد وتقلید القضاة ولو کان الولاة کفارا یجوز للمسلمین اقامة الجمعة
ویصیر القاضی قاضیا بتراضی المسلمین انتهی و در حجة الله البالغة مرقوم است والامام
احق باقامة الصلوة ای صلوة الجمعة وهو قول علی اربع الی الامام ولیس
الاسلام مشروطا انتهی و شاه محمد افضل آلهآبادی در رسالة الاحوطیه می نویسد
پیشتر می آید که اگر والی مصر میرود و خلیفه نیست یا صاحب شرط یا قاضی با مردمان نماز
گذارد جائز است و اگر یکی از ایشان نباشد و مردمان با مردی جمع شوند و آن مرد
با ایشان نماز گذارد جائز باشد و نیز گذشت که احتیاج سلطان برای اقامت جمعه
بجهت آنست که رایها مختلف اند و از انجا معلوم میشود که اگر اتفاق رایها باشد
جائز شود چنانکه در سائر صلوة پس ازین احکام معلوم میشود که سلطان برای
دفع اختلاف درکار میشود و هرگاه ملاحظهٔ اختلاف درمیان نباشد باین طور
که اجتماع آرا او باشد یا کسی متوجه اقامت آن شود و دفع اختلاف نماید جمعه جائز شود
و اما ادای چار رکعت به نیت آخر ظهر بعد ادای نماز جمعه پس مبنی بر احتیاط است نه
بر اشتباه در صحت جمعه و هر چند که بعضی فقها حکم عدم ادای آن داده اند لیکن

صحیح آنست که ادای آن احتیاطاً مستحسن است لیکن بدون جماعت چه جماعت
ظهر دران روز ممنوع عنه است و این ظهر محض احتیاطی است دران بدرجهٔ اولی
جماعت مکروه خواهد شد و تفصیل این مسئله بما لامزید علیه در رسالة الاحوطیه
فی الجمع بین الظهر والجمعة موجود است و در در مختار بعد ذکر اختلاف در تعدد
جمعه و ترجیح جواز تعدد نوشته و علی المرجوح فالجمعة لمن سبق تحریمة وتفسد
بالمعیة والاشتباه فیصلی بعدها آخر ظهر و کل ذلک خلاف المذهب فلا یعول
علیه کما حرره فی البحر انتهی و در رد المحتار می نویسد تفریعه علی المرجوح یفید
انه علی الراجح من جواز التعدد لا یصلیها بناء علی ما قدمه عن البحر انه افتی
بذلک مراراً خوف اعتقاد عدم فرضیة الجمعة اقول وفیه نظر بل هو الاحتیاط
فی الخروج عن العهدة بیقین لان جواز التعدد وان کان ارجح واقوی دلیلاً
لکن فیه شبهة قویة انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین اہمین علمای دین بیچ اس کے کہ زید نے کسی مفتی کا فتوی
دیکھا آنکھ سے نہ عبارت اوسکی دیکھی نہ سنی اور الزام لگا دیا کہ پانی کسی عورت
مسلمان کا جھوٹا پینے کو ناجائز اور مکروہ لکھا ہے اور اوسپر لعن وطعن اور وہابی
اور بے ایمان کہنا کیسا ہے

ہو المصوب زید اس حالت مین گنہگار ہوا توبہ نصوح اوسکو لازم ہے
بغیر اطلاع حقیقت الامر الزام لگا دینا اور افترا کرنا کبائر سے ہے اور لعن وطعن
کرنا اور وہابی و بے ایمان کہنا ہر مسلمان کے حق مین کبیرہ ہے چہ جائیکہ کسی عالم
کے حق مین تمام نصوص قرآنیہ واحادیث ایسے امور کی ممانعت سے مالامال ہین
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۲۲

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس معاملہ مین کہ زید نے ایک عورت
قوم پاسن کو کلمہ و استغفار پڑہا کر مسلمان کیا کسی مسلمان نے کوئی اعتراض اوسکے
اسلام لانے اور زید کے مسلمان کرنے پر کسیطرح سے کسیطرح پر نہین کیا تہا خودبخود
زید نے اپنی پیالے مین پانی منگا کر مسماۃ کو دیا کہ نصف اسمین سے پی کے باقی
چھوڑ دے مسماۃ نے نصف پیا باقی چھوڑ دیا اوس پانی کو زید نے پیا اور عمرو کو
اسیطرح سے حاضرین جماعت نے تھوڑا تھوڑا تبرکاً پیا جسقدر کم ہوتا تہا زید پانی
ملاتا تہا بعدہ جلسہ برخاست ہوا صرف یہہ بات نہین معلوم ہوئی کہ آیا یہی قاعدہ
ہے اور اسیطرح مسلمان ہوتا ہے کوئی آدمی کسی ملت و قوم کا ہو یا اسی قوم کے
واسطے یہہ خاص قاعدہ ہے حسب شرع شریف کے یا اگر اس قاعدہ کا برتاؤ نہ ہوتا
تو مسلمان ہونے مین شک ہوتا یا نہین یا اگر بلا اعتراض کسی مسلمان کے اور بدون
کسیکے شک لاکے ہونے اوسکے مسلمان ہونے اور زید کے مسلمان کرنے کے
بلا سبب اور بلا وجہ ایسا فعل عمل کیا گیا تو یہہ فعل داخل جاہلیت و حماقت
کے ہے اور زید سے سرزد ہوا یا نہین جسکا کوئی نتیجہ نہین تہا سچا لیکر وہ کلمہ پڑہ کر
استغفار کرکے پاک و طاہرہ بروی شرع شریف ہوئی تو کیا عذر اور کیا شک
اوسکے اسلام لانے پر زید کو یا دوسرے مسلمانون کو تہا بلکہ شک لانے والا
کافر تہا ازآن بعد زید نے معًا بلا توقف ساعتے اپنے مکان میں جاکر دریافت
کیا کہ ایک عورت مسلمان ہوئی فلان ملت کی تہی وہ مکان مین رہے اور روٹی
پکاوے۔ نامنظور ہوا۔ تو اس سے کوئی علت غائی زید کی پیدا ہوتی ہے یا نہین
اگر پیدا ہوئی تو اس پانی پینے اور پلانے سے صاف صاف ما فی الضمیر زید کا ثابت
اور معلوم ہوا کہ یہہ فعل اسوجہ سے عمل کیا گیا کہ حاضرین قصبہ جب اسکا جھوٹا پانی
تو بحالت موجودگی مکان زید کے کوئی صاحبان قصبہ مین معترض اوسکی قوم پر نہین ہونگے

اور کراہیت نہین کرینگے تو زہے وہ عورت پر تو اپنے پیشہ حرامکاری مین قیم سرآئے
قصبہ ہوئی پہلے لوگ اوسکی قومیت اور بدملت ہونے سے پرہیز کرتے تھے اب
مسلمان ہونے سے اور زید کے پانی پینے اور چند مسلمانون کے پانی پلانے سے
قطعًا و مطلقًا نفرت نہین تھا لیکہ زید کا تقوی ایسا تھا کہ کسیکا لوٹا خود واسطے وضو
کے نہین لیتا تھا حتے کہ نماز جمعہ مین خطبہ ختم ہوگیا اور رکعت اول ختم ہوگئی اور لوٹا خاص زید
کا خالی نہ تھا مروت مانع تھی سے لے نہ سکا جب لوٹا خاص ملا تب وضو ہوا اور شرکت
نماز مین ہوئی کسیکے ظرف کو پاک نہین سمجھکے کمال کراہت سے زید پانی پیتا ہے تو زید
نے دفعتًا ایسا فعل اگر وقوع مین آیا تو بہ تعلق غرض وجاہت ولغویت وحماقت
ہوا یا نہین فقط

ہو المحبوب کسیکے مسلمان کرنے مین یہہ ضرورت نہین کہ اوسکا جھوٹا پانی پیا جا
جاوے اور یہہ فعل بلا وجہ سوجہ و بلا ضرورت شرعی داخل لغویت سے ہے
نہ جبکہ بعض کتب فقہ مین مثل درمختار وغیرہ کے مرقوم ہے کہ جھوٹا اجنبی
عورت کا مرد اجنبی کو ومرد اجنبی کا عورت اجنبیہ کو اگرچہ پاک ہے لیکن مکروہ ہے
اور رد المحتار مین یہہ مرقوم ہے کہ کراہت اوسوقت ہے کہ جب مقصود استلذاذ ہو
عبارت درمختار یہہ ہے نعم یکرہ سورہا للرجل کعکسہ للاستلذاذ واستعمال ریق
الغیر وہو لا یجوز مجتبی انتہی اور رد المحتار مین مرقوم ہے قال الرملی ویجب تقییدہ
بغیر الزوجۃ والمحارم انتہی اور یہی اوسمین ہے والذی یظہر ان العلۃ
الاستلذاذ فقط ویفہم انہ حیث لا استلذاذ ولا کراہۃ لاسیما اذا کان یعافہ
انتہی پس بربنار عبارت درمختار یہہ فعل زید یعنے اجنبیہ کا جھوٹا پینا اور پلانا مکروہ
ہوا اور بربنار تحریر صاحب رد المحتار حاشیہ درمختار اگر استلذاذ حاصل ہوا تو مکروہ
ہوا اور برتقدیر عدم استلذاذ اگرچہ مکروہ نہین ہوا لیکن اجتناب اوس سے بہتر تھا

واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[مہر: ابو الحسنات محمد عبد الحی]

۱۲۴

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علماء دین کہ زید کے پاس ایک مسماۃ قوم ہنود سے آئی اور بیان کیا کہ مین مسلمان ہون یعنے مسلمان کے ساتھ گھر سے خاوند کو ترک کر کے رہتی ہون مجھے دین محمدی مین آنا منظور ہے ابھی طرح سے مجھکو کلمہ پڑہا دو زید نے محض انکار کر کے جواب دیا کہ بخوف سرکار ہم ایسا نہین کرینگے مسماۃ نے زید سے کہا کہ مین ایک سال سے پاس مسلمان کے ہون جسکو زید جانتا تھا اگر دعوی ہے خاوند کو تو وہ زیور کا مدعی ہے عدالت مین نہ میرا کیونکہ مین اوسکے کام کی کب ہون دوسری ملت مین مین آگئی ہون مگر زید نے جواب ہی دیا ہرگز کلمہ نہ پڑہایا واقعی جب وہ پاس مسلمان کے ہے اور اوسکے خاوند کو دعوی عورت کا نہین بلکہ زیور کا ہے اور اسکا علم ہے تو جواب دینا اوسکو یا تا ... کلمہ

ہو المصوب ایسی صورت مین کلمہ نہ پڑہانا اور مسلمان نکرنا حرام ہے

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

[مہر: ابو الحسنات محمد عبد الحی]

۱۲۵

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علماء دین کہ زید نے بکر سے پچاس روپے قرض لیکر سودی ایک روپیہ ماہوار کی بر صاف تمسک لکھدیا چند سال تک بتبدیل تمسک کرتا رہا بعدہ عزم بیت اللہ شریف کیا زید نے بکر سے درخواست حج جانے اور تمہید سستی ادای قرضۂ مذکور کے بیان کی بکر نے وہ قرضہ مع سود کے معاف کیا زید روانہ حج کعبہ ہوا صرف بیت اللہ شریف جاکر حج کر کے مکان کو واپس آیا زید جہاز پر سوار ہوا ایک شخص مسافر اوس طرف کا جانے والا جس مقام پر مکان زید کا تھا جہاز پر ساتھی ہوا وہ علیل ہوا اوسنے دو اشرفی دین کہ میرے مکان مین لڑکی کو دینا وہ مسافر مر گیا جب زید مکان پر پہونچا مسافر کے لڑکے کو خبر ہوئی وہ متقاضی ہوا بشکل تمام

نصف سے کم ادا کیا ما بقے کا عذر ہے آرتے بلے ہو تا ہے اوسنے تقاضا ترک کیا محول بہ قیامت کر دیا اور اب بہی زید سودی روپیہ لیکر اپنے صرف مین لاتا ہے پہر بروی حکم شرع شریف کیا ہے

هو المصوب زید اس صورت مین بوجہ ارتکاب ان امور کے فاسق ہے اوسپر توبہ کرنا لازم ہے ایک تو بوجہ خیانت کے جو جل شانہ فرماتا ہے ان اللہ یامرکم ان تودوا الامانات الی اهلہا اور حدیث صحیح مین وارد ہے لا ایمان لمن لا امانۃ لہ دوسرے بوجہ سود دینے اور سودی قرضہ لینے کے حدیث صحیح مین وارد ہے لعن اللہ آکل الربا وموکلہ وکاتبہ وشاہدہ اور قرآن پاک مین ارشاد ہے واحل اللہ البیع وحرم الربا الی آخر الآیات فی سورۃ البقرۃ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید نے حالت مرض سخت مین کہ زندگی سے نا امید تہا یہ نذر کی کہ اگر مین اس مرض سے اچہا ہو جاؤن تو ڈیڑہ برس روزہ رکہون اب اوسکو صحت ہو گئی اس صورت مین کوئی روزہ مثل روزہ ایام بیض وغیرہ کے رکہنے سے یا کسیطرح صدقہ دینے سے ڈیڑہ برس کے روزے اوسکے ذمہ سے ساقط ہو سکتے ہین یا نہین بینوا توجروا

هو المصوب صدقہ دینے سے نذر مذکور ساقط نہین ہوگی ضرور ہے کہ اوسیقدر روزے رکہے جاوین خواہ ایام بیض مین خواہ کسی اور ایام مین اور چونکہ اوسنے نذر مین یہ نہین کہا ہے کہ علے الاتصال اسقدر روزے رکہون گا اسوجہ سے اوسکو اختیار ہے کہ متفرق روزے رکہے واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ عورت اجنبیہ کا جوٹھا پانی پاک ہے یا نہین اگر پاک ہے تو مرد اجنبی کو اوسکا پینا جائز ہے یا نہین

ھو المصوب پینا جوٹھا پانی آدمی کا کہ منہ اوسکا نجس بنجاست ظاہرہ نہو خواہ مرد ہو یا عورت پاک ہے اور اوسکا پینا اگر عورت کا جوٹھا ہے تو مرد اجنبی کو مکروہ ہے وبالعکس فی الدر المختار نعم یکرہ سورھا للرجل کعکسہ انتہی واللہ اعلم

کتبہ العبد الفقیر محمد المدعو بادریس النگرامی عفا اللہ عنہ

استفتا کیا فرماتے ہین طوطیان بوستان احادیث وحاملان قرآن و احادیث کہ منبر بائین طرف یا داہنی طرف یا اوسط مسجد مین تہا زمانہ حضرت صلعم مین اور درمیان منبر اور محراب کے کسقدر فرق تھا اور جواب سب مسئلون کا عبارت عربی کے بجنسہ مع حوالہ الکتاب مع شرط صحیح اور ضعیف کے

ھو المصوب مسجد نبوی مین آنحضرت صلعم اور خلفاء رض کے زمانہ مین محراب نہ تھی جیسا کہ سمہودی نے وفاء الوفا باخبار دار المصطفی مین لکہا ہے المسجد الشریف لم یکن لہ محراب فی عہدہ صلعم ولا فی زمن الخلفاء بعدہ وان اول من احدثہ عمر بن عبد العزیز فی عمارۃ الولید انتہی اور منبر مقام قیام امام سے داہنی طرف تہا جیسا کہ وفاء الوفاء مین ہے قال النووی فی مناسکہ وفی احیاء علوم الدین انہ ای المصلی یجعل عمود المنبر حذاء منکبہ الایمن ویستقبل الساریۃ التی الی جانبہا الصندوق فذلک موقف رسول اللہ صلعم انتہی اور مابین منبر و مقام مصلی رسول ؐ کے ۱۴ ذرع ایک بالشت فرق تہا جیسا کہ اسی مین ہے قال ابن زبالۃ ان مابین المنبر ومقام النبی صلی اللہ علیہ وسلم

الذی کان یصلی فیہ حتے توفی اربعة عشر ذراعا وشبرا انتہی اور منبر وسط
مسجد مین تھا اور فاصلہ درمیان اوسکے اور درمیان دیوار جہت قبلہ کے بقدر
ایک ذرعہ کے تھا جیسا کہ وفاء الوفا مین ہے قد سہودی یحیی فی ترجمة ما جاء
فی زیادة الولید ان عمر بن عبد العزیز حضر رجالا من قریش فاروه مسجد
رسول اللہ الذی زاد فیہ عثمان فقلع عمر بن عبد العزیز المسجد الاول الذی
کان فی عہدہ صلی اللہ علیہ وسلم فکان جدار القبلة من وراء المنبر
ذراعا او اکثر من ذراع انتہی اور یہی اوسین ہے موضع المنبر لم یتغیر
ویبعد کل البعد ان یجعل النبی صلی اللہ علیہ وسلم موضع منبرہ فی طرف
مسجدہ ولا یتوسط اصحابہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

محمد عبد الحی ابو الحسنات

باب احکام المسجد

[illegible]

سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اور مفتیان شرع متین
اس مسئلہ مین کہ ایک بزرگ نے محلہ مین ایک مسجد بنوائی تھی اور بعد زمانہ
دراز کے وہ احاطہ مسجد منہدم ہوگیا اب اولاد اون بزرگ یعنی بانی مسجد کے چند شخص ملکر
چاہتے ہین کہ اوس مسجد قدیم کو بنواوین اور آباد کرین چنانچہ زائد از نصف
تیار بھی ہوگئی اب ایک شخص اہل محلہ سے کہ جو اولاد مین اون بزرگ یعنی بانی
مسجد کے نہین ہے مانع اور قالع تعمیر مسجد معمرۃ النصف کا ہے اور کہتا ہے
کہ ہمکو استحقاق اس مسجد کے انہدام کا ہے اور ہم اسکو توڑ دینگے کیونکہ میرے
دادا نے اس مسجد کو بنایا ہے میرے سوا کسی غیر کو حق بنانے یا توڑنے کا نہین
ہے اور اصل کیفیت یہ ہے کہ بعد انہدام مسجد قدیم کے جد مانع مسجد قدیم نے
زر مرسلہ زن بیوہ سے کہ یکے از معتقدان اون بزرگ بانی مسجد قدیم کی تھی
مسجد منہدمہ شروع کی لیکن وہ ناتیار رہکر تھوڑے عرصہ بعد بالکل مسمار ہوگئی

بھائی کے پدر مانع مسجد قدیم نے ایک مکان جدید بنام نہاد مسجد زمین مشترکہ مین بعض
اشخاص کی جواب تعمیر مسجد قدیم کی کرتے ہین بنایا اور اوسمین دو صورت الم کی جو
چند بتیون نصب ہین اور عشرۂ محرم مین پہول اور سہرا اون بتیون مین چڑھتا ہے
اور دسوین محرم کو مثل تعزیہ کے وہ پہول اور سہرہ دفن ہوتا ہے بنوایا اور بانی
مسجد جدید یعنے پدر مانع و تابع مسجد قدیم عقیدہ کہ سب حضرت معاویہ رضی کا بھی رکھتا
بلکہ اپنے مصنفات مین اون حضرت کی شان مین اوسنے لکھا ہے (ہرکہ لعنت براوکند
لعنت برانکس باد الخ) اس سبب سے بعض اشخاص محلہ اور مالک زمین مشترکہ مسجد جدید کو
جواب تعمیر مسجد قدیم کرتے ہین اوس مسجد جدید مین نماز نہین پڑھتے ہین اور مانع مسجد
قدیم بھی صورت الم کو منہدم نہین کرتا ہے اور کہتا ہے کہ یہ صورت الم میرے باپ نے
بنائی ہے اور اب وہ قضا کر گئے ہم اب اسکو نہین توڑینگے اور جو توڑے گا اوسکو ہم
مزاحمت کرینگے کیونکہ میرے باپ کا بنایا ہوا ہے اور اب تھوڑے زمانے
مسجد قدیم اوس محلہ سے دوسرے محلہ مین چلا گیا ہے تو ایسی صورت مین بنانا اور
مسجد قدیم کا اون لوگون کو جو اولاد بانی مسجد قدیم مین ہین بحیثیت وراثت یا بحیثیت
حق اسلام جائز ہے یا نہین اور وہ مسجد جدید جسمین صورت الم ہے اور زمین مشترکہ
مین بلا رضامندی دیگر شرکا تیار ہوئی ہے حکم مسجد مین ہے یا نہین اور مانع مسجد
قدیم کو کہ جواب نصف سے زیادہ تیار ہوگئی ہے حق انہدام کا ہے یا نہین اور حق
مین مانع مسجد یعنے توڑنے والے کے علمای دین کیا حکم دیتے ان سب امور مستفسرہ کو
کتب احادیث اور فقہ سے جسطرح ثابت ہو مفصل بیان فرماوین بینوا توجروا فقط
اور مانع مسجد قدیم معمرۃ النصف یہ بھی کہتا ہے کہ عرس خواجہ عثمان ہارونی مین جو
میری طرف سے ہوتا ہے فقرا آتے ہین اور مسجد قدیم مین بیٹھتے ہین اسواسطے ہم
اسکو منہدم کر دینگے آیا شکست و برخاست فقرا جو تھوڑے زمانے سے اون مسجد قدیم

مین ہوتی ہے باعث انہدام مسجد قدیم ہوسکتا ہی یا نہین

ہو المصوب وہ مسجد جو زمین مشترک مین بلا رضامندی دیگر شرکا تیار ہوئی ہے حکم مسجد مین نہین ہے اسوجہ سے کہ شرائط صحت وقف سے مملوک ہونا اوس موقوف کا واقف کے لیئے ہے جیسا کہ بحر الرائق وغیرہ مین ہے ومن شرائطہ ملك الواقف وقت الوقف اور ہرگاہ وہ زمین مشترک کل ملک بانی مسجد مین نہ تھی اور بنا ہر شرکا کی اجازت نہ تھی لا جرم وقف اوسکا غیر معتبر ہوگا اور مسجد قدیم کی تعمیر کا حق اہل محلہ کو اور اولاد بانی کو حاصل ہے اور کسیکو اوسکی ممانعت کا حق نہین رد المحتار مین ہے اما اہلہا ای اہل المحلۃ فلہم ان یہدموہا ویجددوا بنائہ ویفرشوا الحصیر ویعلقوا القنادیل لکن من مالہم لا من مال المسجد ویضعوا حیضان الماء للشرب والوضوء ان لم یعرف للمسجد بان وکذا البانی اولی ولیس لورثتہ منعہم من نقضہ والزیادۃ فیہ ہرگاہ تعمیر کرنے والے اہل محلہ ہین اور اولاد بین بانی قدیم کی ہین اونکو یہ امر کا حاصل ہے اور مانع کو ممانعت حرام ہے اور انہدام تعمیر شدہ کی موجب گناہ ہے قال اللہ جل وعلا فی کتابہ المعلی ومن اظلم ممن منع مساجد اللہ ان یذکر فیہا اسمہ وسعی فی خرابہا انتہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

مسئلہ ۲۳۱ **استفتا** ما قولکم ارشدکم اللہ تعالی مصلیان را گذاردن نماز تراویح باقتدا امامے کہ در مسجد دیگر یکبار نماز تراویح بایک ختم قرآن با جماعت مقتدیان گذاردہ جائز است یا نہ تفصیل این اجمال اینکہ اگر حافظے در مسجدے نماز تراویح بایک ختم قرآن در عشرہ اولے ماہ مبارک با گروہے از مصلیان گذارد وہمان حافظ خواہد کہ در عشرہ ثانیہ نماز تراویح با ختم قرآن مرۃ بعد اولی در مسجد دیگر با دیگر گروہ از مصلیان کہ ہنوز نماز تراویح با ختم قرآن نگذاردہ اند گذارد جائز است یا نہ بعض از متفقہین میگویند کہ این حافظ را

کتاب الصلوٰۃ فرستادہ مولوی [illegible] مولوی محمد احسان [illegible] ماہ رمضان [illegible]

نماز تراویح چنین مصلیان را خوانانیدن و این مصلیان را نماز تراویح خلف چنین
حافظی خواندن جائز نیست بدلیل اینکه در کتب فقهیه آورده اند که السنة فی التراویح
الختم مرة پس حافظی که در مسجدی یکبار با ختم قرآن قوم را نماز تراویح خوانانید از
عهده سنت ختم فراغت کرد ختم دیگر را او بر آوردن جز تنفل و تطوع متصور نباشد
و مصلیان مسجد دیگر که هنوز در تراویح مع الختم بر داشته اند سنت ختم بر ذمت ایشان
پس اقتدا ر خلف امام متنفل فی الختم نباید کرد که اقتدای متسنن فی الختم خلف
تنفل فی الختم باعث لزوم بنای قوی بر ضعیف و بنا بر معدوم جائز نیست کاقتداء
المفترض بالمتنفل حالانکه این چنین طریقه تراویح خواندن و خوانانیدن در بلاد و دیار
مشارق و مغارب عموما و خصوصا در حفاظ شائع و ذائع است که یک حافظ در ایام صیام
در مساجد کثیره ختوم کامله قرآن یعنی بتمامه بکرات و مرات میکند سواء کانت متصلا
او لا بینوا توجروا فقط

هو المصوب فقهاء اختلاف دارند در نیکه بعد یک ختم در بقیه لیالی رمضان
آیا تراویح سنت موکده می ماند یا نه بعض میگویند که مشروعیت و سنت تراویح نیست
مگر برای ختم هرگاه ختم حاصل گشت سنت تراویح باقی نماند بلکه از قبیل نوافل محضه
گشته لیکن مختار و مفتی به بلکه صحیح آنست که تراویح در جمیع لیالی رمضان سنت موکده
است و ختم سنت علحده است یکی ازین هر دو تابع دیگری نیست پس بعد ختم سنت
تراویح باقی خواهد ماند پس بر قول اول در صورت سوال بحسب تصریح بعض فقهاء نماز
تراویح و ختم از ذمه مقتدیان ساقط خواهد شد بلکه ایشان اگر در عشره اول تراویح
مع ختم ادا نکرده اند تراویح بر ایشان سنت باقی مانده پس اقتدای شان با چنین
کس که از ختم فراغ حاصل کرده جائز نخواهد بود در خزانة الروایات می نویسد فی السغناقی
امام ختم فی التراویح مرة و ختم ثانیا بغیر هذه القوم لا یخرج القوم الثانی عن السنة

لان الامام خرج عن السنة فصار النفل فيكون في صلوة النفل ولا يذكرون ثواب صلوة التراويح
وفي رسالة صدر الدين الحسام البنانی فان قلت ما تقول في امام ختم في التراويح
ثم شرع في الختم ثانيا هل يجوز الاقتداء لمن لم يسمع الختم ولو اقتدى به هل يكون
هذه الختم محسوبا قلت كانت هذه المسئلة دائرة في مجلس اساتذة الدهلي
زمانا طويلا فقال بعضهم لا يجوز لانه بناء القوي على الضعيف اوهل التراويح
للمقتدي سنة موكدة ولم يبق في حق الامام سنة موكدة بل صار في حقه
تطوعا والسنة اقوى حالا منه وقاسوه على اقتداء المفترض بالمتنفل انتهى
مبنے این حکم بر آنست که اقتدای مودی سنت موکده بمودی نفل محض جائز نیست
پس هرگاه از ذمه امام سنت تراویح ساقط شد تراویح در حق او نفل باقی ماند و بر
ذمه مقتدیان تراویح وختم هر دو سنت اند فلا یجوز اقتدائهم به. لیکن این مسئله هم اتفاقی
نیست اختلاف فقها دران واقع است بعض اقتدای مودی سنت با مودی تطوعات
جائز نمی دارند لئلا یلزم الاقتداء بالضعیف کما لا یجوز اقتداء المفترض بالمتنفل
وبناء علیه در فتاوی قاضیخان وغیره در باب اقتدای مودی تراویح با مودی تطوع
مرقوم است الصحيح انه لا يجوز انتهى وبعض جائز میدارند لان كل سنة فهي نفل بالحقيقة
فليس فيه الا اقتداء المتنفل بالمتنفل كما في خزانة الروايات وغيره ولعل الحق يدور
على القول الثاني وبر تقدیر قول دوم که صحیح ومختار جمهور است در صورت سوال عدم
سقوط سنت ختم از مقتدیان وجهی معتد به معلوم نمی شود چه نفس نماز تراویح در حق امام
ومقتدی هر دو سنت موکده است فلیس هناک الا اقتداء المثل بالمثل باقی ماند
تسنن وتنفل ختم پس برای هر کس همین قدر سنت است ویک ختم در تراویح ادا نمود
خواه بقرات خود یا بسماعت از دیگر خواه آن شخص دیگر بطور سنت خواند یا بطور
تنفل یا بطور وجوب بنذر وغیره وهر سنت در حقیقت نفل است چنانکه در فتح القدیر

می آرد فی الاصل هو نفل لانه یتوقف حصوله علی معرفة السنة انتهی پس هرگاه امام قرائت قرآن ساخته اگرچه آن قرائت برای او سنت موکده نباشد و کسی آن را استماع کرده سنت ختم از ذمه مقتدی ساقط شد چه سنت در حق او صرف سماع قرآن بود من غیر تقیید کون القاری مفترضاً او مستنا فی القراءة و از جنبا ایما مرشود که درین صورت یک رکن امام یعنی قراة ضعیف شد آن را دفع باین طور باید کرد که همچون ضعف مانع اقتدا نیست فان کل سنة نقل در خزانة الروایات می نویسد قد سئل بعض اهل العلوم عمن کان القاری ام قوما فی التراویح و ختم فیها ثم ام قوما آخرین له ثواب الفضیلة وهو ثواب الختم انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۲۱

استفتا سوال چند مصلیان باعث عدم تیسر قرآن باوجود تمکن بر رفتن تراویح مسجد محله خود وا گذاشته که دران مسجد موذن و امام بخصوصیت به مسجد محله دیگر بجهت استماع ختم قرآن می روند جائز هست یا نه بینوا توجروا

هو المصوب جائز است والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۲۲

استفتا — چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئله که اگر زید از عمرو رخصت شده و کسی از ینها مسافر نیستند و باهم مصافحه نمودند پس این مصافحه جائز خواهد شد یا نه مع سند کتاب بیان فرمایند بینوا توجروا

هو المصوب مصافحه بوقت ملاقات مسنون است علی قاری در شرح مشکوة می نویسد محل المصافحة المشروعة اول الملاقات انتهی و بوقت رخصت مسنون نیست البته در شرعة الاسلام مذکور است که صحابه بوقت رخصت مصافحه میکردند عبارتش این است کان اصحاب رسول الله اذا تلاقوا تعانقوا واذا تفرقوا تصافحوا

و حمد واللہ واستغفر واعبد ذلک فان التقوی افتر قوای الیہ مرا آ انتہی واللہ

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

۲۳۳ استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ کہال درخت کی کہانا از روی شرع شریف کے حلال ہے یا حرام ہے یا مکروہ کدام مکروہ اور پایہ گاو یا بہینس کے کہ جو نے زمانہ ایام سرما مین کہایا جاتا ہے کہانا درست ہے یا نہین اور کہال مرغ اور پایہ گاو وغیرہ مین کسقدر فرق ہے صاف صاف بجوالہ کتب مع عبارات کے ملاحظہ فرماکر مزین بمہر و دستخط فرمایئے بینوا توجروا

ہو المصوب درست ہے نہایۃ البیان فیما یحل و یحرم من الحیوان مین بحث ذکر احکام شاۃ مین ہے و پوست دبنجہ قبل دباغت حلال ہست باین طور کہ شور یا پاک کردہ بخورد و وقتیکہ دبیغ شد از خوردن بیرون باشد لکن انتفاع دیگر لوی درست کتاب المومنین و در زیلعی مذکور ہست اگر سر گوسفند خون آلودہ سوختہ شود شود از ان خون پس گرفتہ شود از ان شوربا جائز نیست و سوختنش مانند منسل ست انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۳۴ استفتا سوال کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ ایک یا دو مینگنی جو ہے کی پلاؤ کی دیگ مین یا شیر برنج مین سے نکلے تو وہ کل نجس ہے یا کسیقدر اور کسینی جو لاعلمی سے کہایا تو کہلانے والا عاصی ہوگا یا نہین اور روٹی کا کیا حکم ہے جس روٹی مین مینگنی نکلے وہی نجس ہے یا کل روٹیان اوس آٹے کی صاف صاف بجوالہ کتب مع عبارت کے ملاحظہ فرماکے مزین بمہر و دستخط فرمایئے بینوا توجروا

ہو المصوب جس روٹی مین مینگنی نکلے اگر مینگنی سخت ہو وہ پہینک دیجاوے اور روٹی کہائی جاوے

اور اگر بالکل مخلوط ہوگئی اور ریزہ ریزہ ہوکر ملگئی تو وہ روٹی کھائی جاویگی
فتاوی سراجیہ میں ہے خبز وجد فی خلاله سرقین فارة فان کان قلی صلبا
یرمی و یوکل الخبز انتہی باقی صرف ایک روٹی میں نکلنے سے اور روٹی اوس کی کی
کھانا منع نہیں ہے اور شیر برنج وغیرہ میں اگر مینگنی سخت نکلی اور بالکل مخلوط نہوئی
ہو تو بعض متاخرین نے فتوی دیا ہے کہ مینگنی پھینکدی جاوے اور وہ کھایا جاوے
مگر مقتضای احتیاط یہہ ہے کہ نکھایا جاوے خزانة الروایات میں مذکور ہے
فی العتابیة خرء الفارة بخرف من المتاخرین من رخص فی الدهن و فی الطعام
ان کان قلیل لا یفسد ما لم یوجد ریحه او طعمه انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربه
القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا سوال کیا فرماتے ہیں علمای دین اس مسئلہ میں کہ قطعہ اراضی ہے
مشترک کہ اوسمیں حصہ و ملکیت ہنود و مسلمانان کی ہے اور اوس اراضی
میں کہ وہ تاہنوز تقسیم نہیں ہے کوئی شخص مسجد خواہ مسجدگاہ اپنا ہنود بلا اجازت
مسلمانان کے زبردستی زمین لیکر بنوالے تو ایسی مسجد بنائی ہوئی میں نماز پڑھنا
عند الشرع شریف درست ہے بلا کراہت یا بکراہت یا نہیں بینوا بالکتاب
توجروا بالصواب

ہو المصوب شرائط وقف سے یہہ ہے کہ شی موقوف بوقت وقف ملک
واقف ہووے جیساکہ بحر رائق وغیرہ میں ہے من شرائطه ملك الواقف عند الوقف
انتہی پس وہ مسجد جو زمین مشترک میں بلا اذن شرکا بنائی گئی وہ شرعاً مسجد
نہوگی اور اوسمیں نماز پڑھنے سے ثواب نماز مسجد کا نہ ملیگا بلکہ ایسے مقام پر نماز
پڑھنا نچاہیئے صدر شہید کتاب الواقعات میں لکھتے ہیں مسجد بنی علی سور المسجد
لا ینبغی ان یصلی فیه لان السور حق العامة فلا یجعل حق الصلاة رضا بكتا

تونبنی المسجد علی ارض الغصب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا سوال زید نے بحالت صحت ذات و ثبات عقل کے ایک وصیت نامہ لکھا اور عمرو اپنے بیٹے کو وصی مقرر کر کے قابض و دخیل اپنے روبرو کل املاک اپنی پر کرا دیا بعد اسکے زید مر گیا اوسوقت مساۃ ہندہ بنت زید نے بہ تسلیم وصیت نامہ قبضہ و دخل عمرو کا بحال رکھا اور عمرو مذکور قریب بیس سال کے قابض و دخیل رہکر مطابق وصیت نامہ کے عمل درآمد کرتا رہا اب عمرو مر گیا اور لسنے چھوڑا اصل موصی کی دختر ہندہ کو اور ہندہ کی بیٹون کو یعنے موصی کے نواسون کو اور تین بیٹے نابالغ اور تین لڑکیان نابالغہ اور مساۃ صالحہ ایک بیٹی بالغہ اور مسمی بکر ایک بیٹے بالغ ہندہ سے بکر سعید و صالح ہے اور بہ نسبت جملہ ورثہ کے لائق اہتمام [illegible] وغیرہ ہے بذریعہ وصیت نامہ مذکور قابض املاک ہوا اور ساتھہ امانت اور دیانت کے تعمیل امور مندرجہ وصیت نامہ کرتا ہے سوال اول بموجب وصیت نامہ کے وصی بہ نسبت چار آنہ کے اشخاص مذکورہ مین سے کون شخص ہوگا سوال دوسرا اور جو شخص وصی ہوگا بہ نسبت چار آنہ کے وہی شخص وصی و منتظم بہ نسبت بارہ آنہ کے بھی ہوگا سوال تیسرا درحالیکہ وہی شخص وصی ہو تو ورثا سے موصی کو اختیار انتزاع قبضہ کا اوس شخص سے نسبت چار آنے کے یا بارہ آنے بقیہ کے حاصل ہے

بینوا توجروا

الحنفية ايضًا تقتضي الافتاء به فان قول الصحابي فيما لا يعقل بالراي في حكم المرفوع عندهم فلا جرم جوز الحنفية ايضًا الافتاء به في موضع الضرورة كما في جامع الرموز بعد ذكر مذهب مالك فلو افتى به في موضع الضرورة ينبغي ان لا باس به على ما اظن انتهى وذكر ابن وهبان في منظومته انه لو افتى به في موضع الضرورة يجوز انتهى ومثله في رد المحتار وغيره والله اعلم هذا مختصر الكلام والتفصيل يستدعي بسطا بسيطا في المرام وخير الكلام ما قل ودل حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

٢٦٣

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جمعہ کے روز بعد فرض کے چار رکعت آخری ظہر اس نیت سے پڑہے کہ یہ چار رکعت بہی فرض ہے اور جو کوئی اوسکے پڑہنے کو منع کرے یا فرض کہنے کو منع کرے تو ان منع کرنے والے کو گمراہ اور لامذہب کہے تو اوسکے لیے کچہ گناہ ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اگرچہ اس مسئلہ مین جواز و عدم جواز مین چار رکعت آخری ظہر کے علما کا بہت سا اختلاف ہے لیکن صاحب رد المحتار نے بعد رد و قدح بہت کے پڑہنا آخری ظہر کا خوب تحقیق سے ثابت کیا ہے بلکہ وقت قائم ہونے شک واشتباہ جمعہ کے صحیح ہونے مین واجب لکھا ہے جیسا کہ کہا وبالجملة فقد ثبت انه لا ينبغي الاتيان بهذه الاربع الخ اما عند قيام الشك والاشتباه في صحة الجمعة فالظاهر الوجوب الخ اور واجب عمل مین حکم فرض کا رکھتا ہے اور اطلاق فرض کا بہی اوسپر صحیح ہی جیسا کہ وتر کی نماز عمل مین فرض ہے اور اعتقاد مین واجب کہا صاحب مذکور نے واعلم ان الفرض نوعان فرض عملًا وعلمًا وفرض عملًا فقط اما الاول كالصلوة الخمس الخ والثاني كالوتر فانه فرض عملًا كما ذكرناه وليس فرضًا علمًا

قال فی شرح المنیة الصغیر والاولی ان یصلی بعد الجمعة سنتها ثم الاربع بهذ
النیة ای بنیة اخر ظہر ادرکته ولم اصله ثم رکعتین سنة الوقت وینبغی ان یقرء السورة
مع الفاتحة فی ہذه الاربع ان لم یکن علیه قضاء فان وقعت فرضا فالسورة لا تضر
وان وقعت نفلا فقراءة السورة واجبة فقط والله اعلم بالصواب حرره الراجی الی الله الصمد
محمد عبد الحلیم نظام الدین احمد عفا عنه الله الکریم وتجاوز عن سیئاته بفضله العمیم (مہر: محمد عبد الحلیم)
الجواب صحیح والمجیب نجیح حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی (مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات ١٢٩٣)

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ خالد نے ایک قطعہ باغ جو ادہ قطعہ اراضی
اپنی پاس ولید کے رہن رکہی اور فصل اوس باغ کی یا منافع اراضی کا خالد نے ولید کو بعوض اوس
روپیہ کے حلال اور مباح کر دیا ہے ایسا منافع جائز ہے یا نہین اگر نہین ہے تو کیون نہین بینوا توجروا

ہو المصوب ایسا منافع ناجائز ہے حواشی درمختار للطحطاوی مین ہے فی شرح الملتقی انه یکره
بلا اذن وبه ای بالاذن یکره کما فی المضمرات وغیرہا انتہی اور بہی اسی مین ہے والغالب من احوال الناس
انما یریدون عند الدفع الانتفاع ولولاه لما اعطاه الدراہم وہذا بمنزلة الشرط لان المعروف کالمشروط
وہو مما یعین المنع انتہی اس سے معلوم ہوا کہ اگر راہن اجازت نہ دے تو نفع لینا
مرتہن کو حرام ہے اور اگر اجازت دے تو مکروہ تحریمی ہے خصوصاً جبکہ مشروط
ہو یا حکم مشروط مین ہو جیسا کہ اس زمانہ مین دستور ہے کہ بعض تو ایسے معاملہ کے
وقت راہن سے شرط اذن کی کر لیتے ہین اور رہن نامہ مین لکہوا لیتے ہین اور
بعض معاملین اگرچہ بظاہر شرط نہین کرتے ہین لیکن مقصود اونکو یہی ہوتا ہے
یہانتک کہ اگر اونکو یہہ معلوم ہو کہ راہن اجازت منافع وفصل وغیرہ کی نہ دیگا تو
کبہی رہن نہ لیوین یہہ صورت حکما مشروط کی ہے اور حدیث مین بہی ایسی صورت
سے ممانعت وارد ہے تاریخ بخاری مین حضرت انس سے مروی ہے قال قال النبی
صلعم اذا اقرض احدکم قلا یاخذ ہدیة کذا فی اغاثة اللہفان اور بہی اوسمین ہے

في صحيح البخاري عن ابي بردة عن ابي موسى قال قدمت المدينة فلقيت عبد الله
بن سلام فقال لي انك بارض الربا فيها فاش فاذا كان لك على رجل حق فاهدى
اليك حمل تبن او حمل شعير فلا تاخذه فانه ربا وجاء هذا المعنى عن ابن مسعود وابن عباس
وابن عمر انتهى اور مصنف ابن ابی شیبہ مین عطا سے مروی ہے کانوا ای الصحابة
یکرہون کل قرض جر به منفعة اور مسند حارث بن اسامہ مین آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم سے مروی ہے کل قرض جر به نفعا فهو ربا انتہی ان احادیث سے اور
اقوال صحابہ سے معلوم ہوا کہ قرض دینے والے کو کسیطرح کا ہدیہ قبول کرنا اوس شخص کا جسنے
قرض لیا ہے یا اوس سے کسیطرح کی منفعت حاصل کرنا مکروہ تحریمی ہے اگرچہ رضا
ورغبت اوس شخص کے ہو اور یہہ جو بعض کتب حنفیہ مین مرقوم ہے کہ نفع لینا مرتہن کو
باذن راہن جائز ہے اوس سے مراد یہہ ہے کہ جب اذن خالص ہو شائبہ اوسمین
کا نہ ہو نہ عبارت مین اور نہ خاطر مین اور جب دل مین خیال آگیا جیسا کہ اس
زمانے مین ہے تو وہ حکم ربا مین داخل ہوگیا علاوہ ازین جیسے ایک جماعت فقہا
کی اذن کے صورت مین جائز رکھتے ہین ایک جم غفیر فقہا کی منع ہی کرتی ہے عبارت
طحطاوی کی اسپر شاہد ہے اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہے لیس للمرتہن ولا
للراهن ان يزرع الارض ولا يواجرها لانه ليس لهما الانتفاع بالرهن انتهى
اور قنیہ مین جامع التفاریق سے منقول ہے عن ابی یوسف المرتهن يسكن الدار باذن الراهن يكره انتهى
اور مجمع البرکات مین ہے الحاصل ان المرتهن لا ينتفع بالرهن سواء اذن له الراهن او لم ياذن وفي
التهذيب يكره للمرتهن الانتفاع بالرهن وان اذن له الراهن كذا في المعدن انتهى اور حواشی اشباہ
مین ہے في الجامع لجد الائمة عن عبد الله محمد بن اسلم انه لا يحل له ان ينتفع بشيء منه وان
اذن له الراهن لانه اذن في الربا لانه يستوفي دينه فيكون المنفعة ربا
انتہی اور اشباہ مین ہے يكره للمرتهن الانتفاع بالرهن باذن الراهن انتهى

اور زیادہ تحقیق اس مسئلہ کی میرے رسالہ القلائد المتحلی فیما یتعلق باسماء المرقص بالمرعد مین موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۶۴

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین و مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ زید نے ایک قطعہ نوٹ اپنا پاس عمرو کے اس غرض سے رکھدیا ہے کہ عمرو منافع اوسکا زید کو دیا کرے پس یہ منافع جائز ہے یا نہین اگر نہین ہے تو کیون کیا یہہ بہی داخل سود ہے بینوا توجروا

هو المصوب یہ منافع صریح سود اور حرام ہے اس سبب سے کہ نوٹ اگرچہ ظاہر کاغذ ہے لیکن بسبب استعمال وہ روپیہ ہے اسیوجہ سے اگر کسیکا نوٹ مثلاً دس روپیہ کا ہلاک ہو گیا تو مالک دس روپیہ ہلاک کرنے والے سے بہر لیتا ہے نہ قیمت اوسقدر کاغذ کی کہ شاید دو ایک پیسا ہو پس نوٹ کا رکھنا بعینہ روپیہ کا رکھنا اور اوس سے منافع لینا حرام قطعی ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۶۵

استفتا انقلاب نحاس وغیرہ بطرف ذہب وفضہ کہ نتیجہ علم کیمیا ہست ممکن است یا نہ بینوا توجروا

هو المصوب علماء حکمت درین باب اختلاف دارند بعضے مثل شیخ رئیس وغیرہ قائل بامتناعش گشتہ اند لیکن دلیلے قوی کہ مفید استحالہ باشد نزد شان نیست و جمعی از اشیائیان قائل بامکان اند و ادلہ امتناع را از بیخ برکندہ اند در کشف الظنون عن اسامی الکتب والفنون می نویسد حاصل ما ذکرہ ای الصفدی فی شرح لامیۃ العجم ان الناس فیہ علی طریقین فقال کثیر منہم ببطلانہ منہم الشیخ الرئیس ابن سینا ابطلہ بمقدمات من کتاب الشفا والشیخ تقی الدین

ابن تیمیة صنف رسالة فی الکیمیا فی انکاره وصنف یعقوب الکندی ایضا
رسالة فی ابطاله لکنهم لم یوردوا شیئا یفید الظن لامتناعه فضلا عن الیقین
وذهب آخرون الی امکانه منهم الامام الرازی فانه فی المباحث المشرقیة عقد
فصلا فی بیان امکانه والشیخ نجم الدین بن ابی الدار البغدادی رد علی الشیخ
ابن تیمیة وزیف ما قاله فی رسالته ورد ابو بکر محمد بن زکریا الرازی علی یعقوب
الکندی واستدل الامام فی الملخص علی امکانه فقال الامکان العقلی ثابت
لان الاجسام مشترکة فی الجسمیة فیجب ان یصح علی کل واحد ما یصح علی
الآخر وحکی ابن ماجة الاندلسی فی بعض تالیفه عن الشیخ ابی نصر الفارابی انه
قال قد بین ارسطو فی کتابه من المعادن ان صناعة الکیمیاء داخلة تحت
الامکان الا انها من الممکن الذی یعسر وجوده بالفعل انتهی ملخصا واکثر از
فقهاء شرع هم قائل بامکان هستند ابن حجر مکی هیتمی در تحفه شرح منهاج در باب
الاجناس می نویسد اختلف فی انقلاب الشیء عن حقیقته کالنحاس الی الذهب
هل هو ثابت فقیل نعم لانقلاب العصا ثعبانا حقیقة اذ لا یبطل الاعجاز وقیل
لا لان قلب الحقائق محال والحق الاول انتهی ونیز می نویسند کثیرا ما یسأل
عن تعلم علم الکیمیا وحله ولم نر لاحد کلاما فی ذلک والذی یظهر انه
ینبنی علی هذا الخلاف فعلی الاول من علم العلم الموصل لذلک القلب
علما یقینا جاز له علمه وتعلیمه اذ لا محذور فیه بوجه وان قلنا بالثانی
او لم یعلم الانسان ذلک بالعلم الیقینی وکان ذلک وسیلة الی الغش فالوجه
الحرمة انتهی ودر رد المحتار حاشیه در مختار بعد نقل این عبارت می نویسد
حاصله انا اذا قلنا باثبات قلب الحقائق وهو الحق جاز العمل به وتعلمه
لانه لیس بغش لان النحاس ینقلب ذهبا او فضة حقیقة وان قلنا انه غیر ثابت

لایجوز لانہ غش کما لا یجوز لمن لا یعلمہ حقیقۃ ما فیہ من اتلاف مال المسلمین او غش المسلمین والظاہر ان مذہبنا ثبوت انقلاب الحقائق لما ذکروہ فی انقلاب العین فی النجاسۃ کانقلاب الخمر خلا والدم مسکا وغیرہ ذلک انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا نماز میں ارسال یدین کی حدیث وارد ہوئی ہے یا نہیں ؟

ہو المصوب بعض روایات میں ارسال وارد ہوا ہے طبرانی نے معاذ سے روایت کی ہے ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کان اذا کان فی الصلوۃ رفع یدیہ قبال اذنیہ فاذا کبر ارسلھما اور ابن ابی شیبہ نے عمرو بن دینار سے روایت کی ہے قال کان ابن الزبیر اذا صلی ارسل یدیہ جمہور کے نزدیک اس ارسال سے مراد وہ ارسال ہے کہ قبل وضع کے اور بعد تحریمہ کے کسیقدر ارسال مستحب ہے اور تمام قیام میں صرف ارسال نہیں ثابت ہے اور شیخ دہلوی فتح المنان نے تائید مذہب النعمان میں لکھتے ہیں مذہب مالک ارسال الیدین وھو عزیمۃ عندہم والوضع رخصۃ والعجب انہ لا یوجد حدیث یتمسک بہ لا فی جامع الاصول الذی جمع احادیث الکتب ومنھا الموطا ولا فی الجامع الکبیر وجمع الجوامع للسیوطی وقد ادعی احاطۃ الاحادیث فی جمعہا من نحو خمسین کتابا لا من روایۃ مالک ولا من روایۃ غیرہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۔

استفتا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لحم بقر کا کھایا ہے یا نہیں ؟

ہو المصوب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا بقر کو ذبح کرنا اپنے ازواج کیطرف

حجة الوداع میں اور آپکی ازواج کے پاس اوس گوشت کا آنا صحیح مسلم و صحیح بخاری وغیرہ میں موجود ہے اور کہانا آپکا صراحۃً کسی روایت میں نظر سے نہیں گذرا اور شیخ دہلوی نے مدارج النبوۃ میں لکہا ہے و خوردہ است آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لحم تا اونہ از لحم بقر بخصوص معلوم نشدہ جز آنکہ در حدیث آمدہ است کہ آنحضرت قربانی کرد از ازواج مطہرہ خود گاوی را و ظاہر آنست کہ از آن ہم خوردہ باشد انتہی اور صحیح مسلم میں آخر کتاب الزکوۃ میں حضرت عائشہ سے مروی ہے قالت لنبی صلی اللہ علیہ وسلم بلحم بقر فقیل ہذا ما تصدق بہ علی بریرۃ فقال ہو لہا صدقۃ ولنا ہدیۃ انتہی اس سے ظاہر معلوم ہوتا ہے کہ آپنے تناول فرمایا اور محتمل ہے کہ آپنے خود نہ کہایا ہو ازواج کو دیدیا ہو واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی ۔

کتاب العقائد

مستفتی ما قولکم رحمکم اللہ تعالی درین مسئلہ کہ عادت عوام این دیار ہست کہ در وقت مصیبت و حاجت از دور و بعید انبیا علیہم السلام یا اولیای کرام را بطریق استمداد مے خوانند و اعتقاد میدارند کہ ایشان حاضر و ناظر اند و در ہمہ حال و ہر وقت کہ بالمزوم ایشان را می خوانیم مطلع گشتہ در انجاح مقاصد دعا میکنند این صورت جائز ہست یا نہ بینوا توجروا۔

الجواب ہو الموفق للصواب صورت مذکورہ حرام بلکہ شرک صریح ہست چہ این صورت متضمن اعتقاد علم غیب است برای غیر او تعالی و اعتقاد مذکور شرک صریح است بیانش آنکہ شرک در شرع عبارت است از شریک گردانیدن غیر او تعالی شانہ در ذات یا صفات مختصہ یا عبادت وی عز وجل و علم غیب از صفات مختصہ وی سبحانہ و تعالی ست کما ہو مصرح فی کتب العقائد لا نطول بذکر العبارات کلہا بل نقتصر علی نقل عبارۃ علی القاری نے شرح الفقہ الاکبر و سے ہے

بالجملة العلم بالغيب امر تفرد به سبحانه وتعالى ولا سبيل اليه للعباد الا باعلام منه والهام بطريق المعجزة والكرامة وارشاد الى الاستدلال بالامارات فيما يمكن فيه ذلك ولهذا ذكر في الفتاوى ان قول القائل عند رؤية هالة القمر اي دائرته يكون مطر مدعيا علم الغيب لا بعلامة كفر وذكر الحنفية تصريحا بالتكفير باعتقاد ان النبي صلى الله عليه وسلم يعلم الغيب لمعارضة قوله تعالى قل لا يعلم من في السموات والارض الغيب الا الله كذا في المسايرة انتهى ملخصا

ودرین جزو زمان رسائل متعدده درین باب تالیف شده وفتویها نوشته آمد من شاء الاطلاع على الدلائل فليرجع اليها والله اعلم وعلمه اتم كتبه محمد بشير عفي الله عنه

صح الجواب عبد الصمد پشاوری صح الجواب ذو الفقار ربه صح الجواب سید محمد سیفو الله

هو المصوب في الواقع ایجو اعتقاد که حضرات انبیا و اولیا هر وقت ناظر اند و بهمه حال بر بندها مطلع میشوند اگرچه از بعید باشند شرک است چه از مختصات حق جل جلاله است کسی را دران شرکت نیست در فتاوی بزازیه تزوج بلا شهود وقال خدای و رسول خدای و فرشتگان را گواه کردم یکفر لانه اعتقد ان الرسول والملك يعلمان الغيب انتهى ونیز در بزازیه است وعن هذا قال علمائونا من قال ان ارواح المشائخ حاضرة تعلم يكفر انتهى والله اعلم

حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتا نمبر ۲۶۹ چهار مسئله مسئله طلاق لغت عربی ہے معنے اسکے چهوڑ دینے کے ہین پس اس صورت مین اگر کوئی زوج اپنی زوجه کو بلغت هندی کہے که ہمنے تجکو چهوڑ دیا اور بہر زوج عرصه سال یا دو سال تک نان نفقه یا اور کسی طور سے پرسان حال زوجه مذکوره کا نهو تو ایسی حالت مین زوجه پر طلاق واقع ہوگا یا نہین

مسئله جبکه زوج نے اپنی زوجه کو گہر سے اپنے نکالدیا اور آپ سفر دور دراز کیا

اور زوجہ اپنے ماں باپ کے گھر چلی آئی اور عرصہ دو سال یا زیادہ گذر گیا زوج
کبھی پرخاش و پرسان حال نان نفقہ یا خط کتابت سے زوجہ کا نہوا پس آیا ایسی
حالت میں زوجہ کے والدین کو اختیار ہوگا کہ نکاح کو جو کہ زوج مذکور سے ہوا ہے
فسخ کر کے اپنی لڑکی کا نکاح کسی دوسرے مرد سے کر دیوین یا نہیں۔ بینوا توجروا۔
مسئلہ زن منکوحہ اپنے خاوند کے گھر سے نکل جاوے اور بازار عام زنا ہر ایک کی ساتھ
کرتی ہو اور یہی کسب شعار ہو یہ بات بخوبی ہر کس خورد و کلاں پر بلکہ اوسکے زوج
پر معروف و معلوم ہو جاوے اور اسکو عرصہ پانچ سات برس کا گذر جاوے زوج
مذکور کو زن زانیہ سے کچھ سروکار نہیں ہو اگرچہ زوج موصی الیہ طلاق دینے سے انکار
کرتا ہو تو ایسی حالت میں زن موصی الیہ مطلقہ ہوگی یا نہیں اور قابل دین مہر پانے
کے ہوگی یا نہیں۔ مسئلہ جبکہ زن منکوحہ بلا اجازت شوہر کے گھر سے شوہر کے
[illegible] کر اپنے ماں باپ کے گھر یا ایک قریہ سے دوسرے قریہ میں چلی جاوے تو آیا ایسی
حالت میں دین مہر زوجہ مذکور کا جو کہ اوپر ذمہ زوج اوسکی کے فرض ہے باطل ہوگا یا نہیں۔

ہو المصوب جواب سوال اول۔ اس لفظ سے کہ ہمنے تجکو چھوڑ دیا کہ معنے
صریح طلاق کے ہیں طلاق واقع ہو جاوے گا۔ جواب سوال دوم۔ اس صورت
میں نکاح دوسرا نہیں ہو سکتا جب تک کہ شوہر طلاق نہ دیوے۔ جواب سوال سوم
ایسی حالت میں بغیر طلاق دینے شوہر کے زن مطلقہ نہوگی اور مہر اوسکا شوہر
پر واجب الادا ہوگا۔ جواب سوال چہارم۔ ایسی حالت میں نان و نفقہ عورت کا
ذمہ شوہر سے ساقط ہو جاوے گا لیکن دین مہر ساقط نہوگا واللہ اعلم۔ حررہ
الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای محققین اس مسئلہ میں کہ اگر کوئی
شخص جناب خیر البشر علیہ صلوۃ اللہ الاکبر کی نعت میں معلوم ہر چیز در شعر لکھے تو متنی

اصطلاحی کیا ہونگے اور اگر معنے لغوی لیئے جاوین تو لفظ معلم شر فعل شر پر دلیل!
ترک شر پر اوران دونون صورتون مین کاتب اس نعت کا مرتکب کسی گناہ کا یا خلاف
کسی سوء ادب مین ہوسکتا ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اس لفظ کے یہ معنے ہوسکتے ہین کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے ہر خیر کی خیریت کو اور ہر شر کی شریت کو تعلیم کیا این معنے اس لفظ کا اطلاق
درست ہوگا گر احتمال اسمین دوسرے معنے قبیح کا ہے کہ آپنے ارتکاب شر کی تعلیم
کی پس اطلاق ایسے لفظ کا خالی سوء ادبی سے نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو
ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

استفتا کیا فرماتے ہین علمای شرع شریف اس مسئلہ مین کہ کوئی عرق
انگریزی جسمین ڈاکٹرون کے بیان سے شراب کا ملا ہونا معلوم ہوتا ہے الا اس
مقدار کہ جز اوسکی باندہی کا ہوسکے اور نشہ نہ لاوے اور رنگ و بو ۔
محتمل ہین ایسے کہ ناواقف کو شبہہ مین ڈال سکتی ہین اور مزہ اوسکا تیج ۔
معلوم ہوتا ہے واللہ اعلم شراب کا یہی مزہ ہے یا کچھہ اور خلاصہ یہہ کہ تغیران
تینون چیزون کا ملاحقہ ثابت نہین ہوسکتا پس پینا ایسی دوا کا عند الشرع
درست ہے یا نہین ؎

ہو المصوب جس دوا مین شراب کا ملنا اگرچہ ایک قطرہ بھی ہو یقینی یا ظنی
ہو اوسکا پینا حرام ہے واللہ اعلم ۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ؎

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین متین اس مسئلہ مین کہ جسطرح
نماز متوضی کی متیمم کے پیچھے حالت عذر مین درست ہے اسیطرح نماز غاسل کی
جنب متیمم کے پیچھے درست ہے یا نہین ؎

ہو المصوب درست ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین ان مسئلون مین ۱ شیعہ کو کافر کہنا چاہیئے یا نہین ۲ حضرت کو دافع البلاء کہنا چاہیئے یا نہین ۳ جو شخص کہ خلاف لا تقربوا الزنا و لا تاکلوا الربا کرے اوسکو کافر کہنا چاہیئے یا نہین ۔

ہو المصوب جو شیعہ کہ منکر ضروریات دین ہین وہ کافر ہین اور صرف تبرائی شیعہ کافر نہین ہین اور جو شخص لا تقربوا الزنا وغیرہ کے خلاف کرے وہ کافر نہین فاسق ہے اور آن حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دافع البلاء باین معنے کہنا کہ آپکے ذریعہ سے بلاء دفع ہوتی ہے درست ہے اور باین معنے کہ آپ خود استقلالاً دفع کرتے ہین نہین درست ہے لیسے الفاظ سے کہ موہم معنی غیر مشروع کو ہوو مین بچنا اولی ہے الفاظ تعریفات صحیحہ شرعیہ منقولہ کچھ کم نہین ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ اہل التشیع چہ باشندگان لکھنؤ وچہ ساکنان جوار لکھنؤ آنانکہ فی زماننا موجود ہستند طعام خانہای شان و ذبیحہ دست آنہا جائز است یا نہ بینوا توجروا ۔
دیگر زید بحالت غفلت و جاہلیت زنا کرد زان بعد بہوش آمدہ و خوف خدا در دلش پیدا شد توبہ کردہ درین حالت بباعث توبہ نمودن زید از جرم زنا بری شد یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب شیعہ کہ منکر ضروریات دین اند مثل آنانکہ علی رض را خدا میگویند و ہمچنین آنانکہ قذف حضرت عائشہ رض میسازند کافر اند ذبیحہ شان ناجائز و آنانکہ چنان نیستند اگرچہ سب شیخین میسازند کافر نیستند بلکہ فاسق ذبیحہ شان درست است

کتاب الحظر والاباحة — مرسلہ مولوی محمد ... صاحب ... محررہ ۲۲ ربیع الاول ۱۲۹۵ھ

کتاب الاضحیة — مرسلہ مولوی ... صاحب ... محررہ ۲۲ ربیع الاول ۱۲۹۵ھ

وجرم زنا از توبہ نصوح معاف میشود واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

(۲۷۵) **استفتا سوال** چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین باب زید بابت قرضہ یکصد روپیہ از آن خود بنام بکر دعوی بعدالت نمود و در دوران مقدمہ بست وپنج روپیہ خرچہ اسٹامپ و محنتانہ وکیل وغیرہ نیز زید را دادنی افتاد وبوقت ڈگری زر اصل وخرچہ جملہ یکصد وبست وپنج روپیہ مندرج ڈگری گردیدہ پس زید را صرف یکصد روپیہ اصل گرفتن جائز است یا زر خرچہ ہم
بینوا توجروا

ہو المصوب زر خرچہ گرفتن شرعا جائز نیست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

(۲۷۶) **استفتا سوال اول** تجارت چرم ذبیحہ وغیر ذبیحہ بلا دباغت درست ہے یا نہیں حسب الارشاد ہر چہار امام رحمۃ اللہ علیہم ارشاد فرماوین **سوال دوم** تجارت غلہ کیونکر حلال ہے اور کس صورت مین اطلاق حرمت ہے **سوال سوم** جہت خرید غلہ روپیہ کا دینا قبل درو زراعت کے بعد بٹے وزن کے درست ہے یا نہیں **سوال چہارم** زید نے بکر کو دو روپیہ دیے اور غلہ کا دینا بروقت درو زراعت کے بہ تعین وزن وقت تعین قرار پایا یا کہ بلا تعین وزن بوقت معین نرخ بازار قرار پایا مگر زید کو غلہ نہین ملا اور بعد درو زراعت غلہ ہی کم وزن سے فروخت ہوا تو زید نے اوسی حساب سے دو روپیہ کا تین خواہ چار بیگہ کر ٹھہرا کر اور اوسکا مطالبہ کیا اس صورت مین اطلاق حلت ہے یا حرمت بینوا توجروا

ہو المصوب تجارت چرم کی بغیر دباغت کے حرام ہے اور تجارت غلہ ہر طرح درست ہے جبتک کہ کوئی معاملہ خلاف شرع نہو اور زر واسطے خرید غلہ کے قبل از

روپیہ دینا درست ہے مگر طے کرنا وزن کا اور بیان کرنا جنس و وصف غلہ کا ضرور ہے اور بدون تعیین وزن کے اس طور پر کہ جو نرخ بازار ہو گا لینگے نہیں درست ہے اور جس صورت مین کہ روپیہ دینے والے کو غلہ نہیں ملا اوسکو صرف اپنا روپیہ واپس کر لینا درست ہے یا اوسقدر غلہ لینا جو وزن مقرر ہو گیا ہو زیادہ کم نہیں درست ہے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا [illegible] سوال چیست حکم شرع کہ شیخ بشارت اللہ چہار پسران مسمی منور و پیر محمد و امان علی و زور آور گذاشت و ہیچ ترکۂ جدی و کسبی نگذاشت مسمیان مذکور بعد وفات پدر جدا جدا بود و باش ساختند شیخ منور از قوت بازوی خود زرے پیدا کرد و سامان کشتکاری و ہمیکہ داری ساخت و برادران خود را یکجا ساختہ شریک درد و توش گردانید پیر محمد و زور آور بعد چندی علیحدہ شدند امان علی تا امروز بفضلہ حال شریک حال ماندہ باتفاق پسران منور کشتکاری و زراعت میکردند درین مدت آنچہ فائدہ و منافع گردید از ان شیخ منور در شادی برادر خود مسمی امان علی و تقریبات پسران خود صرف کرد حالا بسبب ناموافقت باہمی امان علی علیحدہ شدہ دعوی تقسیم جائداد موجودہ از قسم نقد و جنس و اثاث البیت مع زیور و اسباب جہیز زنہای پسران منور میکند پس شرعا جائز ہست یا نہ و اگر جائز ہست چہ قدر امان علی را میرسد بینوا توجروا

ہو المصوب درین صورت چونکہ اصل مال پیدا کردہ شیخ منور ہست امان علی برادران حصہ نیست مگر بقدر محنت و اعانت کاشتکاری وغیرہ امان علی مستحق اجر مثل خواہد بود واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب البیوع

[illegible]

استفتا ۲۷۶ بعالی خدمت علمای دین و مفتیان شرع متین اینکه
کسے نام خود که هدایت علی میداشت بابهام اسمای شرکیه تبدیل نموده هدایت الله
نهاد شخصے بران معترض شد که لفظ هدایت مشترک ست بین معنیین ارائة الطریق
والیصال الی المطلوب و هکذا لفظ علی بغیر الف و لام مشترک هست بین اسمای آلهیه
و حضرت علی کرم الله وجهه مجیب گفت که درین صورت تائید اثبات مدعای سست
چه هرگاه لفظ هدایت و علی مشترک شد بین معنیین پس برین تقدیر چهار احتمال
متحقق میشوند یکی ازان از هدایت معنے اول و از علی الله جلشانه دوم از هدایت
معنے ثانی و از علی جل جلاله سیوم از هدایت معنی اول و از علی حضرت علی کرم الله
وجهه چهارم از هدایت معنی ثانی و از علی حضرت علی پس سه احتمال اول خالی از نقصان
شرعیه هستند البته احتمال رابع خالی از ممنوعیت نیست چه در جمله اسمای شرکیه
مفهوم میشود پس هر اسمیکه داخل شود بین اسمای شرکیه و عدم احتراز ازان
بلکه واجب کما هو ثابت و اگر کسے بر اسم متنازع فیه قیاس نموده بر عبد الله شک
ثابت کند و یا بر علی گفتن ممانعت نماید آیا اعتراض معترض و قیاس او صحیح است
یا نه و بر تقدیر صحت اعتراض تائید کلام مجیب قرار می یابد یا چنانکه معترض صاحب
تصور فرموده اند بینوا توجروا

هو المصوب لفظ علی که از اسمای آلهیه هست الف لام بران زائد میشود
یا برای تعظیم چنانکه در الفضل و النعمان وغیره رضی در شرح کافیه می نویسد
وقد یزاد اللام فی العلم و قال الکوفیون قد یکون اللام للتعظیم کما فی الله و فی
الاعلام ولا یعرفها البصریون انتهی ملخصًا و ابن مالک در الفیه و شراح الفیه
اعلام زیادت لام ذکر کرده و به الفضل و نحو ذلک تمثیل کرده اند و علی کل تقدیر
لام بر اسمای آلهیه سوای لفظ الله جزء علم نیست و بر لفظ علی که از اسمای مرتضی است

لا مرداخل نمیشود مجر الکلام در حواشی میرزاہد ملا جلال مینویسند دخول اللام علی الاعلام قبیح سوی لفظ محمد علی مسماہ الصلوٰۃ والسلام وسوی لفظ علی رضی اللہ عن مسماہ انتہی بنا برعلیہ ہدایت العلی اولیٰ ہست از ہدایت علی چہ در اول اشتباہ اضافت ہدایت بسوی علی مرتضیٰ نیست و در صورت ثانیہ بسبب اشتراک لفظ ہدایت بحسب استعمال و اشتراک لفظ علی اشتباہ امر ممنوع موجود و در اسامی از ہیچو اسم کہ ایہام مضمون غیر مشروع سازد احتراز لازم ہمین سبب علمار از تسمیہ بعبد النبی وغیرہ منع ساختہ اند و امادر عبد اللہ وغیرہ پس ایہام امر غیر مشروع نیست بل ہو احب الاسمار الی اللہ علی ما ورد بہ الحدیث و ہمچنین در یا علی ہرگاہ مقصود ندار پروردگار باشد نزاعی نیست واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۴۷۹ زید نے اپنی عورت مدخولہ سے کہا لفظ واحد مین طلاق طلاق ہے طلاق ہے تب اوس سے پوچھا کہ تمنے کتنی طلاق دی ہین تب او سنے جواب دیا کہ صرف ایک طلاق کی تائید مین باقی لفظون کو مینے ادا کیا ہے اب اوسکی عورت پر کے طلاق واقع ہوئی ہونگی

ہو المصوب اس صورت مین اوسکی تصدیق فیما بینہ و بین اللہ کیجاویگی لیکن قاضی اسکو تسلیم نہ کرے گا در مختار مین ہے کرر لفظ الطلاق وقع الکل وان نوی التاکید دین انتہی واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۴۸۰ زید کو عمرو فریب سے اپنے مکان کے اندر لیگیا چند آدمیون کو بلا کے زید سے اوسکی بی بی کو جبراً تین طلاق دلوایا بلکہ عمرو کے مددگار اور عمرو لاٹھی لیکر آمادہ ہوئے کہ اگر ذرہ طلاق دینے مین انکار کیا تو فوراً مار ڈالین گے

کتاب الطلاق

کتاب الطلاق

بعد طلاق دینے کے رہا کیا چونکہ زید اور اوسکی بی بی سے نہایت الفت ہے دیا لال
از حد محال ہے بضرورت بہ تقلید مذہب شافعی نکاح جائز ہے یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب عند الضرورة الشدیدة تقلید مذہب شافعی درست ہے —
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۴۸۱ ایک شخص کی چار بیبیان ہین ایک مکان مین چارون موجود تہین
دروازہ بند تہا شوہر نے باہر سے پکارا کسی بی بی نے اندر سے جواب دیا اور جواب دیکر خاموش
ہو گئی صبح کو مرد نے کہا کہ جس بی بی نے جواب دیا اوسکو تین طلاق ہے سویرے لوگون نے
پوچھا کہ کس نے جواب دیا ہے ہر ایک نے انکار کیا اب کس پر طلاق واقع ہوا بینوا توجروا

ہو المصوب اس صورت مین سب سے وطی کرنا بسبب اشتباہ کے حرام ہے جبتک کہ تعیین
مطلقہ کی معلوم نہو اشباہ مین ہے الاصل فی الابضاع التحریم فاذا تقابل فی المرأة
حل وحرمة غلبت الحرمة ولہذا لا یجوز التحری فی الفروج وانا طلق احدی نسائہ
بعینہا بالاتیان ثم نسیہا وکذلک ان میر کلین الا واحدة لم یسعہ ان یقربہا
انہا غیر المیتا لفقیہ انتہی اور یہی اوسمین ہے دوسرے مقام مین ہے لو اختلطت
بغیرہا فلیس لہ الوطی ولا بالتحری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۴۸۲ جسکے ہاتہہ پاؤن اعضاء وضو سے کٹے ہون اوسکی نماز کیونکر
درست ہے بینوا توجروا

ہو المصوب جو عضو اعضاء وضو سے بالکل کٹا ہوا اوسکو دہونا فرض
اوس شخص سے ساقط ہے بقیہ اعضا کو دہو لے اور نماز پڑہے بحر الرائق مین ہے
لو قطعت یدہ او رجلہ فلم یبق من المرفق والکعب شیٔ سقط الغسل ولو بقی
انتہی اور رد المحتار مین ہے مقطوع الیدین والرجلین اذا کان بوجہہ جراحة

کتاب الطلاق

کتاب الصلوٰة

یصلی بغیر طهارة انتهی اور اسکے حاشیہ رد المحتار مین ہے قوله مقطوع الیدین
ای من فوق المرفقین والکعبین وما مسح محل القطع قوله اذا کان بوجهه جراحة
ای ولا یستطیع علی التراب لم یمکن غسله انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا اس دیار مین عرصۂ دوماه سے لوگون نے عجب ایک نئی صورت
ذکر کی جاری کی ہے وه یہ ہے کہ نماز فرض کی سلام کے بعد زور سے تین چار بار سب
مقتدی لا اله الا الله کہتے ہین اور سب ہی دُہنتے ہین جب الله اکبر کہتے ہین کیا اسطرح
سے ذہن دُہن کر حضرت صلی الله علیه وسلم کے زمانے مین لوگ الله اکبر کہا کرتے تھے
یا بعد نماز کے بعد یا صحابه رضی الله عنهم کے زمانه مین لوگ کہا کرتے تھے یا ہمارے
امام اعظم رحمة الله علیه کے وقت مین یہہ دستور رہا یا امام کے شاگردون سے یہہ صورت
ذکر کی منقول ہے اگر اسطرح کے ذکر ان حضرات مین کسی سے کسی معتبر کتاب مین منقول ہین
تو کبھی ذکر خیر و کار خیر جان کر ذکر مذکور کو بہ ہیئت کذائی رواج دین اور اگر اسطرح کی
ذکر امام اور شاگردان امام سے منقول نہین تو پھر اس ذکر محدث کو کیا کہین گے اور ایسے
ذکر سے لوگون کو بصورت اختیار باز رکہین یا اجازت کرنے کی دیوین اور ہمارے
حنفی مذہب مین علاوه اس محل خاص کے جو ذکر کہ ثابت ہے وہان زور سے ذکر کرنا
افضل ہے یا آہستہ بینوا توجروا

هو المصوب اس قسم کا ذکر آنحضرت صلی الله علیه وسلم اور صحابہ سے اور ائمہ وغیرہ سے
منقول نہین اور بتصریح علمای حنفیه و غیر حنفیه ذکر بعد نماز کے سرا مستحب ہے نہ جہرا البتہ
بعض احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرت صلعم کے زمانے مین صحابه بعد نماز کے جہرا تکبیر کہتے تھے
جیسا کہ صحیح بخاری و مسلم مین ہے ابن عباس سے قال کنت اعرف انقضاء صلوة النبی
بالتکبیر انتهی فتح الباری مین ہے الظاهر انه لم یکن یجهر الجماعة لانه کان صغیرا

لابو الطیب علی ذلک فکان یعرف انقضاء الصلوٰۃ بما ذکر قال غیرہ یحتمل ان یکون حاضرا
فی اٰخر الصفوف فکان لا یعرف انقضائہا بالتسلیم وانما کان یعرفہ بالتکبیر انتہٰی
لیکن شراح حدیث نے اسکو حالت جہاد وغیرہ پر محمول کیا اور سرکو جہر سے افضل قرار دیا
اور بعضوں نے اسکو بعض اوقات پر محمول کیا اور التزام کو اسکے منع کیا کتاب المدخل لابن الحاج
المالکی میں ہے اما ما رواہ ابن الزبیر کان رسول اللہ صلعم اذا سلم من صلوتہ یقول
بصوتہ الاعلیٰ لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وہو علی کل شیء
قدیر لا حول ولا قوۃ الا باللہ ولا نعبد الا ایاہ لہ النعمۃ ولہ الفضل ولہ الثناء الحسن
الجمیل لا الہ الا اللہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون وما روی البخاری عن
ابن عباس ان رفع الصوت بالذکر حین ینصرف الناس من المکتوبۃ کان علی عہد
رسول اللہ فالجواب من وجہین احدہما ما ذکرہ الامام الشافعی فی کتاب الام حیث قال
واختار للامام والماموم ان یذکر اللہ بعد الانصراف من الصلوۃ ویخفیان
الا ان یکون اماما یجب ان یتعلم منہ فیجہر حتی یری انہ قد تعلم منہ ثم یسر فان اللہ
ولا تجہر بصلوتک ولا تخافت بہا یعنی الدعاء لا تجہر ترفع ولا تخافت حتی لا تسمع
نفسک واحسب ما روی ابن الزبیر من تہلیل النبی صلعم وما روی ابن عباس من تکبیرہ
کما رویناہ انما جہر قلیلا لیتعلم الناس منہ وذلک لان عامۃ الروایات التی کتبناہا
لیس یذکر فیہا بعد التسلیم ولا تکبیر انتہی کلامہ بلفظہ فیحمل الامام الشافعی
ذلک علی سبیل التعلیم فان حصل التعلیم امسک وہذا بخلاف ما یعہد الیوم من
القرأۃ والذکر جہرا ودجاعۃ فانہم لا یریدون التعلیم بل التواب الجواب الثانی
ما ذکرہ ابو الحسن ابن بطال فی شرح صحیح البخاری لما ان تکلم علی حدیث ابن عباس
قال یحتمل ان یکون اراد بہ المجاہدین فان کان کذلک فہو الآن وعلیہ العمل
ہو ان المجاہدین اذا صلوا الخمس فیستحب لہم ان یکبروا جہرا یرفعون اصواتہم

لم يجهر العدو فان لم يشتمل على ذلك فيكون منسوخا بالاجماع لانه لا يعمل احد
من العلماء يقول به انتهى اور يہى مدخل مين دوسرے مقام مين ہے ويحذروا
جميعا من الجهر بالذكر والدعاء عند الفراغ من الصلوة ان كان في جماعة فان
ذلك من البدع انتهى اور علامه شيخ الاسلام بدر الدين العينى الحنفى بنايه شرح ہدايه
مين لكهتے ہين قال ابو بكر الرازى قال مشائخنا التكبير جهرا في غير ايام التشريق
والاضحى لا يسن الا بازاء العدو واللصوص وقيل وكذا في الحريق والمخاوف كلها
انتهى وفي نصاب الاحتساب اذا كبروا على اثر الصلوة جهرا يكره وانه بدعة يعني سوى
ايام النحر والتشريق انتهى اور عبارات حنفيه اس قسم كى بہت ہين جس سے كراہت ذكر
جہرى بجز چند مواضع مستثناة كے ثابت ہوتى ہے تفصيل اسكى ميرے رساله سباحة الفكر
بالجهر بالذكر مين موجود ہے الحاصل ذكر جہرى بعد نماز كے سواى ايام تشريق وغيره
كے احيانا ہو تو كچهه مضائقه نهين بشرطيكه جہر مفرط نہو اور ايسى اگر مقصود جہر سے
تعليم ہو اور بدون ان اغراض كے اوسكا التزام واہتمام كرنا جيساكه سوال مين مذكور
ہے خلاف طريقه نبويه وطريقه سلف صالح ہے والله اعلم حرره الراجى عفو ربه
القوى ابو الحسنات محمد عبد الحى تجاوز الله عن ذنبه الجلى والخفى

۲۸۴

استفتا چه ميفرمايند علماى دين درين صورت كه مثلا درميان زيد و
عمرو بحث درين امر است كه زيد ميگويد كه گواهان نفى متواتر دران صورت شرعا مقبول
اند كه كسان كوفه گواهى دهند كه فلان كس درفلان سال درمقام كوفه بود زيرا كه
اين متضمن نفى بودنش دربصره است نه اينكه چهل يا پنجاه كسان شهر بصره گواهى دهند
كه فلان كس درفلان سال دربصره نيامده بود چه اين گواهى برعلم نيست بلكه برعدم
علم آمدنش هست وزيد استدلال قول خود بروايت فتاوى هنديه مرقومه ذيل ميكند
وعمرو اين گواهى عدم علم را نيز جائز ميگويد واستدلال قول خود بروايت حموى مرقومه

باب الشهادة

بحث میکند ومیگوید که این گواهی بر عدم علم نیست بلکه بر علم عدم آمدن فلان است پس
قول واسعة لال زید صحیح است یا عمرو بینوا بالدلائل والتفصیل لتکون الخواطر لتسکنوا
وانتم توجروا باجر الجلیل — زروایة فتاوی هندیه اقام امرأة رجلین ان فلانا طلق امرأته
یوم النحر بالکوفة واقام فلان البینة انه کان فی ذلک الیوم حاجا بمکة فالبینة بینة
المدعی ولا یلتفت الی بینة المدعی علیه الا ان تاتی العامة وتشهد بذلک فیرجح
بشهادتهم کذا فی الذخیرة انتهی زروایة حموی قال فی المحیط ان تواتر عند الناس و
علم الکل عدم کونه فی ذلک المکان والزمان لا تسمع الدعوی علیه ویقضی بفراغ
ذمته لانه یلزم تکذیب الثابت بالضرورة والضروریات مما لا یدخلها الشک انتهی
هو المصوب شهادت نفی در هر دو صورت خواه نفی بمعنی باشد واثبات صورت
مثل گواهی باین طور که فلان کس در فلان سال در کوفه بود که متضمن نفی بودن
بصره است وخواه نفی صریح باشد مثل آنکه گواهی دهند که در بصره نبوده مگر
مگر بر تقدیری که امر مشهود به متواتر باشد خواه نفی صریح باشد یا نفی ضمنی درین صورت
مقبول است در روایت فتاوی هندیه متضمن یک صورت وروایت حموی متضمن صورت دیگر است وبنابر
بزازیه می آرد وشهد انه استقرض من فلان فی یوم کذا فی بلد کذا فبرهن علی
انه لم یکن فی ذلک المکان بل کان فی مکان آخر لا یقبل لان قوله لم یکن فیه نفی
صورة ومعنی وقوله بل کان فی کذا نفی معنی واصله ما ذکر فی النوادر عن الثانی
شهدا علیه بقول او فعل یلزم علیه بذلک اجارة او کتابة او بیع او طلاق او
عتاق او قصاص او قتل فی مکان وزمان وصفات فبرهن المشهود علیه انه
لم یکن ثمه یومئذ لا یقبل لکن قال فی المحیط ان تواتر عند الناس وعلم الکل عدم
کونه فی ذلک المکان والزمان لا یسمع الدعوی ویقضی بفراغ الذمة لانه
یلزم تکذیب الثابت بالضرورة والضروریات مما لا یدخلها الشک وکذا

كل بينة اقامت على ان فلانا لم يفعل ولم يقل ولم يقر انتهى و در درمختار می نویسد شهادة النفی المتواتر مقبولة انتهى در ردالمحتار میگوید بخلاف غیره فلا يقبل سواء كان نفيا صورة او معنى وسواء احاط به علم الشاهد اولا انتهى ـ والله اعلم

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی

۲۰۵

استفتا سوال اول کہنا یا رسول اللہ و یا ولی اللہ کا جائز ہے یا نہین سوال دوم مدد چاہنا پیغمبران و ولی اللہ سے جائز ہے یا نہین سوال سیوم شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق جانتے ہو و شفاعت ہو چکی یا نہین و کہنا اب شفیع المذنبین کا جائز ہے یا نہین سوال چہارم اب رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہین یا نہین و نبوت ختم ہو گئی یا نہین و خاتم النبیین ہین یا نہین سوال پنجم چار امام و چار مذہب کو حق جانتے ہو یا نہین سوال ششم تقلید مذہب کا واجب و فرض جانتے ہو یا نہین سوال ہفتم ثواب [illegible] شریف و کلام اللہ پاک و خیرات و صدقہ کا بروح مردگان پہونچتا ہے یا نہین سوال ہشتم مولود شریف کرنا و شیرینی پر فاتحہ کرنا و قیام کرنا و خوشبو پہلانا کہ مکہ شریف و مدینہ منورہ مین جاری ہے اس ملک مین بہی جائز ہے یا نہین سوال نہم کرامات اولیاء اللہ حق ہے یا نہین اگر حق ہے تو بعد ممات کے بہی حق ہے یا نہین ؟

جوابات مولوی محمد اسحق صاحب

جواب سوال اول کہنا یا رسول اللہ ساتھ صلوٰۃ و سلام کے جائز ہے جیسا کہ التحیات وغیرہ سے سمجھا جاتا ہے باقی کہنا یا رسول اللہ و یا ولی اللہ کا جو ہندیون کی عادت ہے کہ اوٹھتے بیٹھتے کہا کرتے ہین سارے فقہاء حنفیون کے نزدیک بالاتفاق ناجائز ہے بلکہ اس محل خاص مین بمقتضای آیۂ اَلَّذِیْنَ یَذْکُرُوْنَ اللّٰہَ قِیَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰی جُنُوْبِهِمْ الآیة موافق دستور قرون ثلثه یا اللہ یا رحیم یا کریم وغیرہ کہنے کی عادت کرنا چاہیے

جواب سوال دوم مرد جاہنا واسطے قبول ہونے دعا اور حاصل ہونے مطلب کے جناب بالاتفاق جائز تھا اور ذات بابرکات آپ لوگون کی سبب حصول مطلب اور موجب قبولیت دعا ہوتی رہی اور سلف صالح کا قرون ثلثہ وغیرہ مین یہی دستور رہا کہ جو حضرات اپنے زمانہ مین صالح وولی اللہ معلوم ہوئے اونکو لوگ اپنے قبولیت دعا کے واسطے تکلیف دیتے رہے اور اونسے دعا کرانے کی خواستگاری یہی بنار علیہ اگر ابھی کوئی صالح ویا ولی اللہ معلوم ہو اور اوس سے لوگ دعا کرائین یا اپنی دعا کی قبولیت مین اوسکو وسیلہ ٹھہرائین جیسا کہ حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ مین حضرت عباس رضی اللہ عنہ کو لوگون نے پیشوا کرکے اپنی طلب حاجت کی تھی بالاتفاق جائز ہوگا اور اسمین کسی فقہای حنفیہ کا اختلاف نہین باقی رہا بعد عالم وصال کے اونسے دعا کرانے یا واسطے حاجت روائی اپنی کسیطرح اونکو تکلیف دینے یہہ دستور قرون ثلثہ مشہود لہا بالخیر مین اور زمانہ مجتہدین مین پایا نہین گیا بنار علیہ ہمارے فقہا اسمین مختلف ہین اکثر عدم جواز کے قائل ہین اس بنا پر کہ سماع موتی ثابت نہین جیسا کتاب الایمان فتح القدیر حاشیہ ہدایہ مین و مستخلص شرح کنز مین و کنایہ شرح ہدایہ و در مختار و دیگر فتاوی مین صراحۃً و اشارۃً لکھا ہے دیکھے جسکا جی چاہے اور واضح رہے کہ یہی مذہب اکثر فقہا کا قابل فتوی زمانہ حال کے ہے کیونکہ اسمین احتیاط ہے جیسا کہ واقف کتب فقہ پر مخفی نہین واللہ اعلم وعلمہ اتم جواب سوال ثالث شفاعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو حق جانتا ہون جسکو آپکے شفیع ہونے مین شک ہے وہ میرے نزدیک بلکہ سارے اہل اسلام کے نزدیک گمراہ ہے وظہور شفاعت انشاء اللہ روز محشر مین ہوگا کہ سب کوئی نفسی نفسی کہیں گے اور آپ رحمۃ للعالمین و شفیع المذنبین ہم گنہگارون کی شفاعت کے لئے امتی امتی کہتے ہوئے سجدہ مین جاوینگے اور بحکم اشفع تشفع سب سے پہلے ہم امت گنہگارون کو جنت مین داخل کرائین گے اللہم ارزقنا شفاعتہ

اور واضح رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم شفیع الکافرین و شفیع المشرکین نہین
اور آپ بیشک شفیع المذنبین ہین اور آپکو شفیع المذنبین کہنا جائز بلکہ ضرور ہے
جیساکہ کتب عقائد و کتب فقہ و احادیث اس سے مملو ہے فقط جواب سوال رابع
رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم رسول ہین نبوت ختم ہو گئی اب کوئی نبی قیامت تک
نہین ہوسکتا کہ آپ خاتم النبیین ہین فقط جواب سوال خامس چارون مذہب اور
چار امام کو حق جانتا ہون بلکہ تقلید امام اعظم کوفی رحمۃ اللہ علیہ کو سبکی تقلید سے
احسن سمجھتا ہون اور نہین او نہین کا مقلد ہون فقط جواب سوال سادس
مسائل اجتہادیہ مین تقلید ائمہ مجتہدین ضرور ادب جانتا ہون فقط جواب سوال
سابع ثواب درود شریف و قرآن مجید و خیرات و صدقہ کا خواہ مالی ہو یا بدنی موافق
[illegible] جماعت فقہاء حنفیہ ہمارے پہونچتا ہے جیساکہ کتاب البحر عن الغیرین
[illegible] کنز والاشباہ درمختار وغیرہ نے بتصریح لکھا ہے واللہ اعلم و علمہ اتم جواب
ثامن: مولد شریف یعنی وقائع ولادت و معجزات بیان کرنا خواہ ملک ہند
ہو یا سندھ ایران ہو یا توران خراسان ہو یا ملتان روم ہو یا شام جائز ہے
اسمین کسی اہل اسلام کو کلام نہین باقی سائل جو یہہ بیان کرتا ہے کہ کعبہ شریف مین
شیرینی فاتحہ کرتے ہین یہہ محض غلط ہے کیونکہ اس فقیر نے اکثر ثقات اہل دیار عرب
سے کہ جو متفق علیہ فریقین ہین دریافت کیا معلوم ہوا کہ دستور آیہ خوانی و سورہ خوانی
جیساکہ یہان شیرینی پر کرتے ہین نہین ہے بلکہ شیرینی کبھی اثنای مولد خوانی مین
اور کبھی بعد مولد خوانی کے تقسیم ہوتی ہے بلکہ اس فاتحہ ہندیہ مروجہ پر جب کوئی اہل
عرب ذی علم مطلع ہوتا ہے تو سوای منع کے جواز کا حکم نہین دیتا ہے کیونکہ یہہ
طریق ایصال ثواب کا زمانہ شفیع المذنبین رحمۃ للعالمین و صحابہ و تابعین و تبع
تابعین و ائمہ مجتہدین مین نتھا اور نہ ابتک خاص شرفای عرب کا یہہ دستور ہے

بنا رعلیہ میرے نزدیک طریقہ مروجہ مشروع نہین باقی قیام کرنا جو وقت ذکر ولادت
کے کرتے ہین میرے نزدیک یہہ بے اصل ہے اور کوئی اولۂ شرعیہ سے ثابت نہین
اور کرنا عرب کا کسی فعل کو بعد قرون ثلثہ یعنے نوی برس کے حجت نہین ہے ابن الہمام
اور عینی اور ملا علی قاری وغیرہ رحمۃ اللہ علیہم اپنی کتابون مین لکھ گئے ہین دیکھیے
جسکا جی چاہے اور استشہاد یعنے بطور شاہد کے ایک کتاب کی عبارت جو میرے
پاس اسوقت موجود ہے لکھے دیتا ہون قلت ہذا انما کان فی زمن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
والخلفاء الراشدین الی انقضاء القرون الثلثۃ فہی تسعون سنۃ واما بعد
ذالک فقد تغیرت الاحوال وکثرت البدع ... کما فی زماننا ہذا علی ما لا یخفی انتہے
ما فی العینی یعنے عینی حنفی نے لکھا ہے کہ مین کہونگا سلامت رہنا اہل مدینہ کا بدعات
سے اور اونکے فعل کا حجت اور دلیل ہونا سوا اسکے نہین کہ تہا حال ہے آنحضرت صلی اللہ
علیہ وسلم و خلفا کے زمانہ مین قرون ثلثہ کے گذرنے تک کہ یہہ دستور رہا
لیکن بعد قرون ثلثہ کے بیشک تحقیق متغیر ہوئے احوال اور بہت ہوئے ان بدعتین
خصوصًا ہمارے زمانہ مین فقط تمام ہوا مطلب عبارت مذکورہ کا اور نیز ملا علی قاری نے
مستقل ایک رسالہ بدعات حرمین مین لکھا ہے دیکھیے جسکا جی چاہے و باقی رہا
خوشبو کا ملانا چونکہ ذکر مولد مثل ذکر پند و نصائح کے ہے اور وعظ و پند و نصائح
برابر زمانہ صحابہ و تابعین و تبع تابعین و ائمہ مجتہدین مین جاری رہا لیکن اسکا التزام
نہ تہا اور اب جو کہ اسکو التزام کر لیا ہے اور اس کنگل اور لوبان وغیرہ جلانے کو
اور مولد خوان کے آگے رکہنے کو رکن ذکر ٹہرا لیا بنا رعلیہ باین التزام مالا یلزم
خالی کراہت سے نہین ہے فقط جواب سوال تاسع کرامت اولیاء اللہ کی
حق ہے جیسا کہ عقائد نسفی اور شرح فقہ اکبر وغیرہ مین لکہا ہے کرامات الاولیاء
حق یعنے کرامات اولیاؤنکی کتاب و سنت سے ثابت ہے اوسمین کسی اہلسنت علیہم

انکار نہین اور پوشیدہ نرہے کہ بہت سے ولی اللہ رحمہم اللہ ایسے بہی گذرے
ہین کہ اونسے ایک کرامت بہی صادر نہین ہوئی تو اس سے یہ لازم نہین آتا ہے
کہ وہ بزرگان طریقت ولی اللہ نہ تھے کیونکہ صدور کرامات ولی ہونیکو شرط و لازم
نہین ہان البتہ استقامت علی الدین ولایت مین شرط ہے جیسا کہ تعریف ولی سے
کہ اہل عقائد و اہل تصوف لکہتے ہین سمجہا جاتا ہے الولی ہو العارف باللہ وصفاتہ
ما یمکن لہ المواظب علی الطاعات المجتنب عن السیآت المعرض عن الانہماک فی
اللذات والشہوات واللھوات انتہی ما فی شرح الفقہ الاکبر یعنے ولی اوسکو کہتے
ہین کہ عارف ہو بقدر طاقت بشری اپنی ساتہہ ذات وصفات حق سبحانہ و تعالی کے
مواظب ہو یعنے مواظبت و مداومت کرنیوالا ہو طاعات و عبادات پر مجتنب ہو
یعنی اجتناب و پرہیز کرنیوالا ہو بری باتون سے و معرض ہو یعنے اعراض
کرنیوالا ہو لذتون و شہوتون مین پڑنے سے پس ولی کے واسطے مواظبت
علی الطاعات شرط ہوئی اور اسی مواظبت کو استقامت عرف مین کہتے ہین اور
بغیر اس استقامت کے ولی ہونا ممکن نہین پس طالب صادق کو چاہیے کہ طالب استقامت
کا رہے نہ طالب کرامت کا کیونکہ نفس مدالت جو تجھ مین ہے وہ طالب کرامت کا ہے اور پروردگار
تیرا تجہسے استقامت طلب کرتا ہے اگر مدعی بطلب خاطر ہی رہ شرح فقہ اکبر مین صاحب
طریقت ابو علی جرجانی سے نقل کرتے ہین کہ [illegible] الاستقامۃ لا طالب الکرامۃ
فان نفسک متحرکۃ فی طلب الکرامۃ وربک یطلب منک الاستقامۃ انتہی ما فی
شرح فقہ اکبر اور پہر اوسی کتاب مین شیخ سہروردی رح سے نسبت عطا ہونے خرق
عادات یعنے کرامات کہ جو بزرگون کو بعض اوقات مین فضلا من اللہ عطا ہوتی ہے
لکہتے ہین کہ حکمت اس کرامات کے عطا ہونے مین اور فائدہ اس خرق عادات کے
صادر ہونیکا بزرگان موصوفین کو یہہ تہا کہ اپنے اس خرق عادت و کرامت و آثار

قدرت کو دیکھکر یقین زیادہ ہوا اور عزم زہد پر اور ارادہ موجبات حرص ہوا اسے
خارج ہونے پر دنیا مین قوی ہوا اور عبارت اوسکی یہہ ہے والحکمۃ فیہ ان یرداد
بما یری من خوارق العادات وآثار القدرۃ یقیناً فیقوی عزمہ علی الزھد فی
الدنیا والخروج من دواعی الھوی پس سمجھنا چاہیئے کہ سائل کا یہہ سوال کہ اگر
حق ہے تو بعد ممات بہی حق ہے یا نہین اسکا کیا مطلب ہے اگر یہہ مطلب ہے کہ
صدور کرامات بعد ممات بہی حق ہے یا نہین تو اسکا جواب میرے نزدیک یہہ ہے کہ کوئی
معتبر روایت صراحۃً کتاب فقہ و عقائد کی اسکے حق ہونے مین میری نظر سے نہین
گذری باقی اشارۃً موافق تصریح شیخ الطریق شیخ سہروردی رحمۃ اللہ علیہ اوسکی
حقیت کے بطلان سمجھی جاتی ہے کسواسطے کہ اب صدور کرامات یعنے خرق عادات
سے اون بزرگون کو کچھ فائدہ نہین کیونکہ وہ بزرگان اس دار المحن اور دار الفتن
سے دار العشرت و دار الوصال کو پہونچے اب کوئی درجہ یقین کی زیادتی
رہا خیر بہر کیف اور علماء و فقہاء حنفیہ سے اس بارہ مین سوال کرنا چاہیئے جو بہ
کتاب و سنت سے تحقیق ہوا وسپر اعتقاد حقیت کا کرنا لازم ہے کیونکہ یہہ مسئلہ
عقائد کا ہے اور اگر یہہ مطلب ہے جیسا کہ ہے دیکھنے میں آتا و بعض جہلا کا ہے کہ جو خرق
عادات حالت حیات مین بذکر مید و نصائح کے صادر ہوئی تہی بعد ممات بہی
اون بزرگون سے وہ خرق [illegible] صادر ہوتی ہے یہہ حق ہے یا نہین
تو ایسا اعتقاد بیشک خلاف اہل سنت والجماعت کے ہے خصوصاً ہمارے فقہاء حنفیہ
کے اصول کی بنا پر محض باطل ہے جیسا کہ ماہر کتب عقائد و فقہ پر پوشیدہ نہیں ہے
اور علم تصوف مین بہی ہمارے بزرگان قادریہ رحمۃ اللہ علیہم خوب تصریح کہہ دیا ہے
دیکھے جسکا جی چاہے واللہ اعلم و علمہ اتم حررہ محمد اسحق بدوسری البہاری

مہر مولوی محمد اسحق صاحب | محمد اسحق

۲۸۶

استفتا کیا ارشاد ہے اس باب مین کہ زید مدعی نے ایک دعوی بیجا عمرو مدعا علیہ پر کیا عمرو نے اس نالش کی جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھہ روپیہ مہاجن سے قرض لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اوسکو اپنے قرضہ کا سود بھی ادا کرنا پڑا چنانچہ اصل روپیہ عمرو نے مدعی کی جوابدہی مین صرف کیا اور اوسکا سود مہاجن نے عمرو کے دوسرے مال بنا الصن سے وصول کیا الغرض زید کی نالش نے عمرو کو ایک سو دس روپیہ کا زیر بار کیا سو روپیہ صرف نالش کی جوابدہی مین ہوا اور دس روپیہ سود مہاجن کو دینا پڑا اب نالش زیر بار کے بعد زید نے عمرو کے ساتھہ جز مدعا بہا پر اس طور سے مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا عمرو زیر بار بوجہ نالش زید مدعی کے ہوا اوسکا معاوضہ زید نے اپنے ذمہ قبول کیا اور اسکو درج مصالحت کیا کہ کل مصارف ضروری اس نالش کے جسکا عمرو ہوا اوسکو زید ادا کرے گا اسوقت مین قاضی کو عند المخاصمہ دس دس روپیہ کا یا معاوضہ جو عمرو کو سود مین دینا پڑا یا زید سے دلانا جائز ہے یا نہین اور عمرو کو اوسکا لینا مباح ہے یا نہین اور نیز سود دینا قرض بلا سود کے نہ ملنے کی وقت عند الحوائج جائز ہے یا نہین فقط

ہو المصوب خرچہ متعلقہ عدالت جو بحسب قوانین حکام لازم ہوتا ہے مدعا علیہ کو مدعی سے لینا نہین درست ہے ہان اگر مدعی بطیب خاطر دیوے وہ مختار ہے مگر معاوضہ سود کا جو عمرو کو دینا پڑا مدعی سے دلانا حاکم کو نہین جائز ہے اور نہ عمرو کو لینا درست ہے اور سود دینا کسی حالت مین درست نہین ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۸۷

استفتا کیا فرماتے ہین علمای شرع شریف اس مسئلہ مین کہ زید نے جو مدعی ہے ایک دعوی بیجا بکر مدعا علیہ پر کیا بکر نے اس جوابدہی کے واسطے مجبورانہ کچھہ روپیہ مہاجن سے لیا چونکہ قرضہ بلا سود میسر نہوا لہذا اوسکو اپنے قرضہ کا سود بھی

[illegible]

ادا کرنا پڑا اور بکر نے جو روپیہ لیا تھا اوسکو زید کی نالش کی جوابدہی مین صرف کیا
اور مہاجن نے اپنے زر سود کو بکر سے وصول کیا الغرض زید کی نالش نے بکر کو اصل
اور سود دونون کا زیر بار کیا اور اب اس زیر باری کے بعد زید نے بکر کے ساتھ جزء عا
بہا پر اس طور پر مصالحت کی کہ کل مصارف جسکا بکر بوجہ نالش زید مدعی کے زیر بار ہوا
وہ زید نے اپنے ذمہ لیا اور اقرار کیا کہ ہم کل مصارف اس نالش کے جسکا بکر زیر بار
ہوا ہے بکر کو ادا کرینگے اور اس خرچہ کے تعیین کے لیئے ایک شخص عمر خالد برضای
فریقین صرف اسلیئے ثالث مقرر کیا گیا کہ وہ مقدار اوس کل خرچہ کا مشخص اور متعین
کرکے جسکا بکر مدعا علیہ بوجہ نالش زید مدعی کے زیر بار ہوا ہے عدالت مین داخل
کردے اب ثالث مقدمہ کو مقدار خرچہ مین اوس زر سود کا بھی شامل کرنا جائز ہے یا نہین
جسکا بکر بمجبوری زیر بار ہوا ہے بینوا توجروا فقط

ہو المصوب نہین جائز ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی فقط

استفتا ۴۸۸ بالفعل اس مقام مین ایک مسجد تیار ہوتی ہے اور
چندہ مین اوسکی تیاری تجویز ہوئی ہے بحث یہہ ہے کہ اہل ہنود کا روپیہ اسکی تعمیر
کے واسطے لیا جا سکتا ہے یا نہین درحالیکہ وہ بلا تحریک احدی شریک ہون اور
درحالیکہ کسیکی تحریک پر رضامند ہون دونون صورتون مین جو فتوی ہو اوس سے
آگہی بخشی جاوے فقط

ہو المصوب حسب تصریح معتبرات مال ہنود کا تعمیر معابد خاصہ اہل اسلام مین
صرف کرنا درست نہین ہے بناءً علیہ صورت مسئولہ مین روپیہ ہنود کا خواہ بہ تحریک غیر
خواہ بلا تحریک دینی نہین لینا چاہیئے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۸۹ **استفتا** سوال چه میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین اندرین
صورت شخصی بقدر بلندی یک مکان کرسی بلند ساخته بران مسجد تعمیر نمود و پیش
کرسی مذکور مکانات بطور مسافرخانه مسقف ساخته بالای سقف آن صحن مسجد قرار
داد پس حاصل استفتا اینکه بالای سقف صحن مسجد قرار دادن جائز است یا بودن
صحن مسجد بالای کرسی ضروری بود بینوا توجروا ۱۲

هو المصوب اگر مکانات بغرض نفع مسجد و صرف آمدنی آن بمسجد ساخته شده
باشند بودن صحن مسجد بالای سقف آن مضائقه ندارد و الا نشاید که درین حال
صحن مذکور بحکم صحن مسجد نخواهد ماند والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی ۱۲

۲۹۰ **استفتا** کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید نے وارث ذیل چھوڑ کر
انتقال کیا پس ترکہ زید کتنے سہم پر تقسیم ہوگا۔ زوجہ ایک۔ دو دختر ایک بہائی اخیافی۔ ایک ماں

هو المصوب صورت مسئولہ مین بعد ادای ما تقدم علی الارث و رفع موانع ارث
کل ترکہ ستائیس سہام پر منقسم ہوگا منجملہ اوسکے تین سہم زوجہ کو اور آٹھہ آٹھہ سہم
ہر ایک دختر کو اور چار سہم ماں کو اور اسیقدر بہائی اخیافی کو ملیگا واللہ اعلم

سوال دیگر زید نے وارث ذیل چھوڑ کر انتقال کیا پس ترکہ زید کتنے سہم پر تقسیم
ہوگا۔ ایک زوجہ۔ دو دختر۔ ایک بہائی حقیقی۔ ایک ماں ۱۲

هو المصوب بصورت مسئولہ بعد ادای حقوق مقدمہ علی الارث و نبودن
موانع ارث کے مجموعہ ترکہ چوبیس سہام پر منقسم ہوگا اوسمین سے تین سہم زوجہ
کو اور آٹھہ آٹھہ سہام ہر ایک دختر کو اور چار سہم ماں کو اور ایک سہم بہائی حقیقی کو
دیا جاویگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ۱۲

۴۶۱

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ہندہ اور مریم دائنان ہین اور زید مدیون زید نے
بکر پر حوالہ کیا و نیز عمرو باپ زید نے برضای زید مدیون بحضور ہندہ اور مریم دائنان محتاز
رقعہ بنام بکر یہ تحریر کیا کہ اس قدر روپیہ ہندہ اور مریم کو دینا زر مندرجہ رقعہ جیسا
زنگی زید مدیون ہندہ اور مریم دائنان مجرا کیا جائیگا چنانچہ حسب تحریر رقعہ مذکور دیکر زید
کل دین مریم بمقدار مندرجہ رقعہ بدفعات منجانب زید مدیون مریم کو ادا کر دیا اور جو مقدار
دین ہندہ مندرجہ رقعہ تہی بعض اوسکا بدفعات ہندہ کو ادا کیا اور بعض اوسکا باقی
جسکا دعوی مذکور بنا حوالہ بنام بکر ہے اور اقرار بکر نسبت ادای بقیہ دین ہندہ بشہادت شہود
ثابت ہے اب ہنگام مطالبہ ہندہ نسبت بقیہ دین خود بکر بعد ادای کل دین مریم و بعض
دین ہندہ نسبت ادای دین ہندہ منکر حوالہ ہے بعد اظہار صورت نزاعی بخدمت مفتیان
شرع متین یہ التماس ہے کہ از روی روایات فقہ اور مسائل شرعیہ حضور محیل و محتال
و محتال علیہ ہنگام حوالہ شرط صحت حوالہ ہے یا نہین اور اگر یہ صورت فرض کیجاوے
کہ جسوقت عمرو نے بحضور ہندہ اور مریم دائنان زید مدیون بہ مضمون مذکور روپیہ مندرجہ
رقعہ منجانب زید مدیون بنام بکر تحریر کیا تہا تو بلا رضا اور بلا امر زید مدیون لکہا تہا
اور نہ کچہ دین زید مذکور ذمہ بکر تہا اور نہ کوئی شے زید کی بطور ودیعت عند البکر تہی
الا بکر نے موافق مضمون رقعہ نوشتہ پدر زید مدیون زر مندرجہ رقعہ بدفعات ہندہ
اور مریم کو اسطرح کہ کل دین کا مریم کو اور بعض دین ہندہ کا ادا کیا من حیث الشرع
عقد حوالہ منعقد ہے یا نہین اور اگر محتال لہ ہی مجلس حوالہ مین موجود نہو مگر اوسکی
جانب سے کوئی شخص فضولی حوالہ کو قبول کرے گا تو بصورت ہذا بحسب الشرع حوالہ منعقد
ہے یا نہین بینوا توجروا

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب باب صحت حوالہ حضور محیل و محتال علیہ

بمجلس حوالہ شرط نہین فقط حضور محتال لہ بمجلس حوالہ شرط ہے مگر جبکہ کوئی شخص

از جانب محتال لہ حوالہ کو قبول کرے گا تو اوس وقت مین بلا حضور محتال لہ بھی حوالہ صحیح ہے
چنانچہ در فتاوی حمادیہ مرقوم ہے ویشترط حضور الثانی الا ان یقبل ای الحوالۃ
فضولی ای لاجل الغائب لا حضور الباقین ونیز فتاوی عالمگیری مین دربارہ عدم
حضور محتال علیہ تصریح ہے وعبارتہ ہکذا ولا یشترط حضرۃ لصحۃ الحوالۃ حتی لو احال
علی رجل غائب ثم علم الغائب فقبل صحت الحوالۃ اور حوالہ بلا رضا و بلا امر محیل بھی
صحیح ہے چنانچہ روایت در مختار بہذا العبارۃ شرط لصحتہا رضی الکل بلا خلاف الا
الاول وہو المحیل فلا یشترط علی المختار شرنبلالیہ عن المواہب و روایت فتاوی
حمادیہ بہذہ العبارۃ و اما رضاء المحیل وہو مدیون فلیس بشرط ذکرہ فی الزیادات
ونیز روایت فتاوی احمدی نسبت اسکی بھی نیز بحالت عدم لزوم دین محیل بذمہ محتال علیہ و عدم
وجود شے محیل عند المحتال علیہ بھی حوالہ صحیح ہے چنانچہ کافی مین مصرح ہے کہ حوالہ
عام ہے مقیدہ و مطلقہ مقیدہ وہ ہے کہ محتال علیہ پر محیل کا دین ہو یا اوسکے
پاس کوئی عین ہو محیل کا بطریق غصب یا ودیعت یا اور طرح سے اور مطلقہ برخلاف اوسکے
ہے اور قول بعض فقہا درباب تعریف حوالہ مطلقہ مقید اسکا ہے کہ محیل حوالہ کو تقیید
بدین یا عین نکرے چنانچہ بفتاوی عالمگیری درباب تقسیم حوالہ مرقوم ہے وہی
نوعان مطلقۃ و مقیدۃ فالمطلقۃ ان یرسل الحوالۃ و لا یقیدہا بشئ مما عندہ
من ودیعۃ او غصب او دین او محیلۃ علی رجل لیس لہ علیہ شئ مما ذکرنا کذا فی
التبئین باعتبار تعریف ثانی حوالہ مطلقہ محیل اپنا دین یا وہ شے جو پاس محتال علیہ
ہے محتال علیہ سے طلب کرسکتا ہے کما یفہم ہذا من روایۃ الوقایۃ و روایات اکثر
الکتب الفقہیۃ اور جب بادای بعض ہندہ ونیز بشہادت شہود رضامندی بکر محتال علیہ
بقبول حوالہ ثابت ہے تو اب انکار بکر محتال علیہ نسبت عدم قبول حوالہ غیر مقبول ہے
واللہ اعلم بالصواب الیہ المرجع والمآب ۱۲

فی البحر الرائق حضور محتال علیہ شرط صحت حوالہ نہین جیسا کہ درر شرح غرر مین ہے الشرط قبول المحتال او نائبہ ورضی الباقین لا حضورہما انتہی بلکہ رضا محیل بھی مذہب مختار
مختار شرط نہین رد المحتار مین ہے لا یخفی ان اشتراط رضا المحیل مبنی علی روایۃ
القدوری وھی خلاف المختار انتہی بنا برعلیہ صورت مسئول عنہا مین محتال علیہ پر ادای
بقیہ دین بھی واجب ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۹۲
استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک
مسجد کے متولیون مین سے تین شخص موجود ہین اور تینون غنی صاحب نصاب ہین منجملہ اون
ایک شخص چاہتا ہے کہ جو مکان متعلقہ مسجد مال وقف سے بالای دروازہ وغیرہ مسجد
مذکور اوس چندہ سے جو واسطے مسجد کے جمع ہو لیئے ہین بہ تصرف ذاتی اپنے رکھی
اہل و عیال بطور سکونت ان مکانات مین رکھون اور جو آمدنی دوکانات متعلقہ مسجد
ہوتی ہے اوسمین سے تنخواہ لینے واسطے بعوض تولی یا وعظ گوئی چاہتا ہے اور یہہ
خواستگاری اسواسطے ہے کہ مین نے لوگون سے کوشش کر کے روپیہ واسطے تعمیر مسجد کے
جمع کرایا ہے پس حسب شرع شریف لینا تنخواہ کا اور تصرف مکانات مذکورہ متولی غنی
کو بلا رضامندی دیگر متولیان جائز ہے یا نہین اور اگر متولی خود خواستگار ہو اور
دیگر اشخاص باشندگان شہر برخلاف دیگران و متولیان اجازت رہنے مکانات کے
اور یہہ کہ تنخواہ دین آمدنی مسجد سے تو دینا دہندگان کو اور لینا غنی مذکور کو جائز ہے
یا نہین بینوا توجروا

ھو المصوب متولی کو تصرف مکانات مذکورہ مین اور اوسمین سکونت کرنا اور آمدنی
وقف سے تنخواہ زائد لینا نہین درست ہے رد المحتار مین ہے وفی الجواہر القیم اذا
لم یراع الوقف یعزلہ القاضی وفی خزانۃ المفتین اذا تبع القیم لنفسہ فیضمن اللہ

من يده قال البيري يوخذ من الاول ان الناظر اذا امتنع من اعادة الكتب الموقوفة
كان للقاضي عزله ومن الثاني لو سكن الناظر دار الوقف ولو باجر المثل له عزله لانه نص
في الخزانة الاكمل انه لا يجوز له السكنى ولو باجر المثل انتهى البتہ متولی کو تنخواہ او سقدر
جو واقف نے مقرر کردی ہو اور اگر نہ مقرر ہو تو بقدر اجر المثل لینا درست ہے
درمختار مین ہے ليس للمتولي اخذ زيادة على ما قرره الواقف اصلا ويجب صرف
جميع ما يحصل من نماء وعوائد شرعية وعرفية لمصالح الوقف الشرعية الكل من
فتاوى المصنف قلت لكن سيجيء في الوصايا عن مر ايضا ان للمتولي اجر مثل عمله انتهى
والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه
الجلي والخفي ؎

۲۹۳ **استفتا** ایک شخص نے ایک آدمی سے کہا کہ تم اپنی لڑکی کے ساتھ ہمارا
نکاح کردو چنانچہ لڑکی کے باپ سے کہا کہ تمہاری زوجہ منکوحہ موجود ہے ہم اپنی لڑکی کا ساتھ
تمہارا نکاح نہین کرینگے تب اوس مرد نے جواب دیا کہ میری زوجہ منکوحہ قریب المرگ ہے
یقین ہے کہ امروز فردا مین گذر جاوے بعد اوسکے لڑکی کے باپ نے کہا کہ ہم اقرار کرتے ہین
کہ جب زوجہ منکوحہ تمہاری مرجاویگی تب اپنی لڑکی کے ساتھ تمہارا نکاح کردینگے چنانچہ
بعد اس بات کے اوس مرد کے باپ نے جو طلبگار نکاح کا تھا کہا کہ ہم اپنے بیٹے سے
چار آدمی کے سامنے اوسکی زوجہ منکوحہ کو طلاق دلوا دینگے چنانچہ مرد طلبگار نکاح نے
بموجب استرضا اپنے باپ کے اپنی زوجہ منکوحہ کو طلاق دیا مگر اس لفظ کے ساتھ مین
طلاق دیتا ہون وزیر کی بیٹی کو جو میری زوجہ منکوحہ ہے پس مرد طالق نے اشارہ اپنی
زوجہ منکوحہ کا اور نام زوجہ کے باپ کا تو صحیح وقت طلاق کے بیان کیا مگر نام اصلی
اپنی زوجہ کا وقت طلاق کے نہین لیا بلکہ وقت طلاق کے نام دوسری عورت کا لیا
یعنے مرد طالق کی زوجہ منکوحہ کا نام مسماة راجی ہے پس پر وقت طلاق کے یہہ نام نہین لیا

مساۃ پوٹنی کے نام سے طلاق دیا حالانکہ یہہ مساۃ پوٹنی رشتہ مین اوسکی سالی ہوتی ہے
اور وقت طلاق کے چار آدمی گواہ موجود تھے چنانچہ یہہ تینون گواہان بیان کرتے
ہین کہ مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے کہا ہے کہ مین طلاق دیتا ہون اپنی زوجہ
منکوحہ کو کہ جو بیٹی وزیر کی میرے نکاح مین ہے مگر نام مین صرف فرق کردیا یعنے اوسکی
منکوحہ کا نام مساۃ راجی تہا اور مرد طالق نے وقت دینے طلاق کے مساۃ پوٹنی کے
نام سے طلاق دیا پس یہہ طلاق نزد علمای شرع شریف صحیح ہوا یا نہین فقط

ہو المصوب اگر مجلس طلاق مین زوجہ مساۃ راجی موجود تہی اور طالق نے اوسکی طرف
اشارہ کرکے کہا کہ یہہ زوجہ میری طالق ہے تو اس صورت مین طلاق پڑجاویگا گو اوسنے
نام لینے مین خلاف کیا اور اگر زوجہ راجی اوس مجلس مین نہ تہی اور نہ اوسکی طرف اشارہ
کیا فقط اسی قدر کہا کہ مین طلاق دیتا ہون وزیر کی بیٹی کو جو میری زوجہ ہے مساۃ پوٹنی
تو اس صورت مین زوجہ پر طلاق نہ پڑے گا رد المحتار حاشیہ درمختار مین ہے ولو اجتمعت
الصفة والتسمية مع الاشارة كما لو كان له امرأة بصيرة فقال امرأته هذه
العمياء طالق واشار الى البصيرة تطلق انتہی اور بہی اوسمین ہے لو حلف ان خرج
من المصر فامرأته عائشة كذا واسمها فاطمة لا تطلق ان خرج انتہی اور درمختار مین ہے
في النهر قال فلانة طالق واسمها كذلك وقال عنيت غيرها دين ولو غيره صدق
قضاء وعلى هذا لو حلف لاشه بطلاق امرأته فلانة واسمها غيرها لا تطلق انتہی
حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ ایک عورت مساۃ محفوظن
ہندہ ایک لڑکا رشتہ زید شیر خوار ہے اور ایک عورت دوسری مساۃ شریفن ایک
[illegible] مساۃ محفوظن نے وہی شیر جو کہ زید کو پلاتی تہی ہندہ کو ایکبار
[illegible] پلایا اوس صورت مین زید اور ہندہ دونو شریکی بہائی بہن
ہوا [illegible]

ہوسکتی ہین یا نہین بشرط ہونے مدکے پہر اگر ہندہ کی مان نے ایک دوسری لڑکی مسماۃ
زینب کو جنی کہ اوسنے زید کا دودہ نہین پیا ہے مگر باپ اور مان وہی ہین جو ہندہ کے
ہین تو اس صورت مین زید اور زینب سے نکاح ہوسکتا ہے یا نہین بشرط جائز نہونے
نکاح درمیان زید و زینب کے پہر اگر بسبب عدم یاد کے سہواً درمیان زید و زینب کے نکاح
ہوگیا ہو اور اوسی نکاح مین زید سے زینب کو لڑکا یا لڑکی پیدا ہوچکے ہو تو اس
صورت مین کیا حکم علمای مقلدین امام اعظم رح کے دیتے ہین مسئلہ گواہی ثبوت دودہ پلانے
کے صرف مادر رضاعی اور مادر رضیعہ کے قول پر تمام ہوسکتی ہے یا اور گواہ سوا ان دو کے
حسب قول امام اعظم رح مسئلہ مسماۃ بصیرن کو کہ عمر اوسکی گیارہ یا بارہ برس کی ہے اوسکے مان باپ
جبر ابنا راضگی اوسکے ساتہہ عبد اللہ کے نکاح کردیا ہو اور بعد اوسکے دو تین مہینہ جبراً مسماۃ
[illegible]ورہ عبد اللہ کے ساتہہ رہی ہو بعد اوسکے مسماۃ اپنے مان باپ کے گہر چلی آئی ہو اور
عبد اللہ شوہر اوسکا دور دیس چلا گیا ہو پہر پرسان حال اوسکا نہین ہوتا ہو تو اس
صورت مین مسماۃ کو پہونچتا ہے کہ کسی عالم شرع کے پاس جاکر اپنی ناراضامندی ساتہہ
شوہر کے ظاہر کرکے نکاح فسخ کرادیوے اور شوہر سے طلاق لے لیوے بینوا توجروا

ہوالمصوب دودہ پینے والے پر مرضعہ کی سب اولاد اور شوہر مرضعہ کی اولاد دوسری
زوجہ سے حرام ہوجاتی ہے اور دودہ پینے والے کے بہائی بہن کیطرف حرمت نہین
آتی ہے بنا بر علیہ نکاح زید کا ساتہہ ہندہ کے ناجائز اور ساتہہ زینب کے جائز ہے
خزانۃ الروایات مین ہے اذا ارضعت صبیۃ تحرم ہذہ الصبیۃ علی زوجہا
وعلی ابائہ واولادہ وعلی اب المرضعۃ وعلی اولادہ ولا اصل ان اقرباء المرضعۃ
واقرباء زوجہا اقرباء الرضیع اقرباء الرضیع لیسوا اقرباء المرضعۃ انتہی اور باب رضاعت مین
شہادت دو مرد یا ایک مرد اور دو عورت کی واسطے ثبوت رضاعت کے ضرور ہے فقط
قول مرضعہ کا یا مادر رضیع کا ثبت نہین ہوسکتا مگر اجتناب تنزہ اس صورت مین احوط

ولازم ہے فتاوی عالمگیری حاشیہ مین ہے رجل تزوج امرأة فشهدت امرأة بالرضاعة لا تثبت الحرمة بشهادتها ولكن ان كانت عدلة فان تنزه كان افضل وكما لا يفرق بينهما بعد النكاح ولا تثبت الحرمة بشهادتها تعين تكذلك قبل النكاح انتهى جواب سوال چارم حنفیہ کے نزدیک پدر و مادر نے اگر نکاح صغیرہ کا کر دیا ہو بعد بلوغ کے اختیار فسخ کا نہین اور اگر کسی اور ولی نے نکاح کر دیا تو بحر و بلوغ کے اختیار فسخ کا ہے کذا فی رد المحتار وغیرہ پس صورت مسئولہ مین بعد بلوغ کے اوسکو اختیار فسخ کا نہین ہان در صورت عدم موانست وعدم خبر گیری شوہر اوسکو اختیار خلا کا حاصل ہے کہ مہر معاف کر دیا اور کچھ مال دیکے طلاق لے لیوے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۷۹۵ استفتاء چہ میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین باندرین مسئلہ اول یہ کہ جس عورت کا مرد پانچ یا چھ برس سے زیادہ تک نامعلوم ہوئے نشان تو اس صورت مین عورت مذکورہ کو اختیار ہے کہ دوسرا شوہر کر لیوے یا نہ اور امام مالک وشافعی رحمہما اللہ بیچ ایک قول کے فرماتے ہین کہ جب گذر جاوے چار برس تو تفریق کرا دیوے درمیان اون دونون کے قاضی بعد اوسکے نکاح زوج ثانی سے اور غرض مستفسر کی یہہ ہے کہ بر تقدیر جائز ہونے اس مسئلہ کے فسخ نکاح کی کیونکر قاضی سے کرا دیجاوے کیونکہ اس زمانہ پر آشوب مین بباعث حکام غیر مذہب کے احکام قاضی کے بالکل مسدود ہوگئے ہین پس ایسے وقت مین طریقہ اوسکے فسخ کرنے نکاح کا کیونکر عمل مین لائی جاویگی دوسرا یہہ کہ بعد فسخ کرا دینے نکاح قاضی کے آیا اوسکے لئے کوئی عدت طلاق یا وفات کی کرنا چاہیے یا بدون عدت کے نکاح زوج ثانی کے ساتھ کر لیوے تیسرے یہہ کہ اگر کوئی شخص ضرورت کے وقت بعض مسئلو مین امام شافعی ومالک کے قول پر عمل کرے تو اس صورت مین اوس شخص کو

ہمیشہ کے لیئے کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید کرنا لازم ہوتی ہے یا نہین جو کچھہ
ان مسئلون مین حق ہوا اوسکو بادلہ قویہ کے ساتھہ معتبر کتابون سے مفصلاً بیان
فرمایئے روز جزا مین اجر اسکا ملے گا ۔

ہو المصوب عند الضرورت بعض مسئلون مین امام شافعی و مالک وغیرہ کے
قول پر عمل کرنا درست ہے مگر بشرطیکہ اوس مسئلہ مین جملہ شروط و احکام اوس
امام پر عمل کرے در المختار مین کتاب الصلوٰۃ مین بحث جمع بین الصلوتین مین ہے
ولا باس بالتقلید عند الضرورۃ لکن بشرط ان یلتزم جمیع ما یوجبہ ذلک الامام
لما قدمنا ان الحکم الملفق باطل بالاجماع انتہی اور جسنے تقلید کسی امام کی ایک
مسئلہ خاص مین کی اوسپر یہہ لازم نہین کہ ہمیشہ کل مسئلون مین اوس امام کی تقلید
کرے حسن شرنبلالی رسالۃ العقد الفرید لبیان الراجح من جواز التقلید مین لکھتے ہین
علم ایضاً انہ یجوز العمل بجملۃ مسائل کل منہا علی مذہب مستقل لما علمتہ وبقول
المحقق ابن الہمام وہل یقلد غیرہ ای غیر من قلدہ اولا فی شیئ فی غیرہ ای غیر
ذلک الشیئ کان یعمل اولا فی مسئلۃ بقول ابی حنیفۃ وثانیا فی اخری بقول مجتہد
آخر المختار کما ذکرہ الآمدی و ابن الحاجب انتہی اور مسئلہ مفقود مین حنفیہ کے نزدیک
عند الضرورت بتقلید مالکیہ و شافعیہ بعد چار برس کے نکاح ثانی کر دینا درست ہے
جامع الرموز مین ہے قال مالک ولا وزاعی الی اربع سنین فینکح عرسہ بعدہا
کما فی النظم فلو افتی بہ فی موضع الضرورۃ ینبغی ان لا باس بہ علی ما ظن انتہی اور
رد المختار مین ہے ذکر ابن وہبان فی منظومتہ انہ لو افتی بقول مالک فی موضع الضرورۃ
یجوز انتہی اور امام مالک کے نزدیک بعد گذرنے چار برس کے عدت وفات لازم ہے
اوسکے بعد نکاح جائز ہے بعد اوسکے اگر زوج اول آوے اوسکو کچھہ حق نہوگا
اگر ثانی نے صحبت کی ہو موطا امام مالک و شرح زرقانی مین ہے مالک عن یحیی بن سعید

ان عمر بن الخطاب قال ايما امرأة فقدت زوجها فلم يدر اين هو فانها تنتظر اربع سنين ثم تعتد
اربعة اشهر وعشرا ثم تحل للازدواج وروى نحوه عن علي وعثمان قال مالك وان
تزوجت بعد انقضاء عدتها فدخل بها زوجها او لم يدخل بها فلا سبيل لزوجها الاول
اليها اذا جاء او ثبت انه حي لان الحاكم اباح للمرأة الزوج مع امكان حياته قال مالك
وذلك الامر عندنا فالعقد بمجرده يفيتها ثم رجع مالك من هذا قبل موته بعام وقال
لا يفيتها على الاول الا دخول الثاني غير عالم بحياته واخذ به ابن القاسم واشهب قال
في الكافي هو الاصح من طريق الاثر لانها مسئلة قلد فيها عمر رض انتهى پس حنفيه بهي اس
موافق فتوى دے سكتے ہيں كہ كوئى ضرورت تفريق قاضى و حاكم كى نهين اور ايک روايت حضرت
عمر رض سے عبد الرزاق و بيهقى وغيره نے يه بهى كى ہے كہ اونهون نے بعد آنے زوج
اول كے اوسكو اختيار ديا درميان اسكے كہ اپنى زوجه لے ليوے يا مهر واپس كر
اور اوسكو نه ليوے والله اعلم حرره الراجى عفو ربه القوى ابو الحسنات محمد

تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

(۴۹۶)

استفتا بطور مكتوب بخدمت ذو الفضل والمكرمة مصدر الفضائل منبع الفواضل
جناب مولانا مولوى محمد عبد الحى صاحب لا زالت شموس فيوضكم بازغة كمترين نيازمندان خليل
بعد تبليغ تسليمات و تحيات مسنونه كے ملتمس ہے كہ كتاب عبقات الانوار مولفه حامد حسين
لكهنوى سر سرى نظر سے گذرى اوسمين ايک روايت جسكو درباب خلافت بلا فصل
حضرت على رضى الله عنه و بطلان خلافت شيخين رضوان الله عليهم اجمعين نص
صريح سمجها ہے اور بزعم خود علماى اهل سنت سے نقل كيا ہے ديكهى اوسكا
حواله ايسے كتب مصنفين كے ديئے ہين جنكى حالات سے سنيان ہندى [illegible]
وسعت علم مولانا منظور نيض و كرم جناب سامى كو استفتا چند امر
ديتا ہون براه عنايت جواب عنايت ہو اور بہت جلد عنايت ہو

[illegible]

خیال نزرائے - بدر الدین محمد بن عبد الله شبلی حنفی در کتاب آکام المرجان فی احکام
الجان میگوید و قد ورد ما یدل علی ان ابن مسعود حضر لیلة الجن بمکة غیر لیلة
الحجون فقال ابو نعیم نا سلیمان بن احمد نا محمد بن عبد الله الحضرمی نا علی بن الحسین
بن ابی بردة البجلی نا یحیی بن یعلی الاسلمی عن حرب بن صبیح نا سعید بن مسلم عن ابی مرة
الصنعانی عن ابی عبد الله الجدلی عن عبد الله بن مسعود قال استتبعنی رسول الله
صلی الله علیه وسلم لیلة الجن فانطلقت حتی بلغنا اعلی مکة فخط علی خطا وقال
لا تبرح ثم انصاع فی الجبال فرأیت الرجال ینحدرون علیه من رؤس الجبال حتی حالوا
بینی وبینه فاخترطت السیف وقلت لاضربن حتی استنقذ رسول الله صلی الله علیه
وسلم ثم ذکرت قوله لا تبرح ایتک فلم ازل کذلک حتی اضاء الفجر فجاء النبی صلی الله
وسلم وانا قائم ما زلت علی حالک قلت لو مکثت شهرا ما برحت حتی تاتینی ثم
اردت ان اصنع فقال لو خرجت ما التقیت انا وانت الی یوم القیمة ثم
شبک اصابعه فی اصابعی وقال انی وعدت ان تؤمن بی الجن والانس فاما الانس
فقد امنت بی واما الجن فقد رایت وما اظن الا و اجلی قد اقترب قلت یا رسول الله
الا تستخلف ابا بکر فاعرض عنی فرأیت انه لم یوافقه قلت یا رسول الله الا تستخلف عمر
فاعرض عنی فرأیته انه لم یوافقه قلت یا رسول الله الا تستخلف علیا قال ذلک
والذی لا اله یوما یعتموه و اطعتموا دخلکم الجنة این حدیث ابو نعیم تاج المحدثین
سنتیان روایت کرده و بتغیر لسیر امام احمد حنبل نیز روایت کرده قد روی الامام
احمد عن عبد الرزاق عن ابیه عن مینا عن عبد الله بن مسعود قال کنت مع النبی
صلی الله علیه وسلم لیلة الجن فتنفس فقلت ما بالک یا رسول الله نعیت الی نفسی
یا ابن مسعود قلت فاستخلف قال ومن قلت ابو بکر قال فسکت ثم مضی ساعة ثم تنفس
قلت ما شانک بابی انت وامی یا رسول الله نعیت الی نفسی یا ابن مسعود قلت استخلف

قال من قلت عمر فسكت ثم مضى ساعة ثم تنفس قلت ما شانك تعيت الى نفسى يا بن مسعود قلت فاستخلف قال من قلت على قال والذى نفسى بيده لئن اطاعوه ليدخلون الجنة اكتعين وصاحب اكام المرجان از فقهاء و علماى اعيان و فضلاى نبهاى محدثين عاليشان است ذهبى در معجم مختص گفته محمد بن عبد الله الفقيه العالم المحدث بدر الدين ابو البقاء الشبلى السابقى الدمشقى الحنفى و مصطفى بن عبد الله القسطنطينى الحلبى در كشف الظنون گفته اكام المرجان للقاضى بدر الدين الخ و سيوطى هم در رسالهٔ تحفة الجلساء برؤية الله النساء ازو نقل آورده و موفق بن احمد المعروف باخطب خوارزم در كتاب مناقب على اين روايت آورده و ملا عمر در وسيلة النجا المتعبدين نقل كرده و شهاب الدين احمد در كتاب توضيح الدلائل على ترجيح الفضائل گفته رواه الحافظ ابو نعيم فى كتابه دلائل النبوة و عبد القادر بن محمد الطبرى كه از اكابر علماى مكهٔ معظمه است در كتاب حسن السريرة فى حسن السيرة از دلائل النبوة ازين نقل كرده انتهى عبارة العبقات مختصراً پس امور مستفسره يه هين كه بدر الدين صاحب اكام معتبر علماء سے ہے یا نہیں اور کتاب اکام پایۂ اعتبار کو پہونچی ہے یا نہیں اور مصطفى بن عبد الله و ذہبی وغیرہ سے جو تعدیل نقل کی ہے یہ تعدیل اور معدل بہی قابل اعتماد ہین یا نہیں سیوطی تو معتبر مشہور ہین جیسے خطب خوارزم یمانی کذاب غیر معتبر یا نہین ہمہ یہ روایت ابو نعیم اور امام احمد نے نقل کی ہے یا نہین درصورتیکہ نقل کی ہے تو اسکی کیا توجیہ ہوگی اور دوسری روایت کے ساتھ جسمین لیلۃ الجن عدم ہمراہیت مذکور ہے ولیکن فقدناہ مذکور ہے کیونکر توافق ہوگا آیا واقعہ متعدد پر محمول ہوگا یا دوسری توجیہ کیجائیگی فقط فوائد بہیہ مین جولعنائ جناب مولانا خادم حسین صاحب میرے پاس پہونچی بدر الدین کو دیکہا گیا مگر نہین ملا اس سوال کے جواب کا امیدوار ہون مفصل با سنا د و شواہد

تحریر ہو فقط ملتمس خلیل احمد از مدرسۂ عربی اسلامی ریاست بہاولپور یکم رجب
یوم پنجشنبہ سنہ ۱۲۹۵ ہجری

ہو المصوب از محمد عبد الحی عفا عنہ بخدمت مولوی صاحب مجمع علوم منبع فہوم جناب
مولوی خلیل احمد صاحب دامت مکارمہ بعد اہدای ہدیۂ سلام مسنون مع ضمیمۂ
شوق مشحون ابراز مضمون یہہ ہے عنایت نامہ مورخہ یکم رجب پہونچا مضمون مندرجہ
معلوم ہوا بسبب قلت فرصت کے تحریر جواب مین تاخیر ہوئی معاف فرمائیے گا حقیقت
امور مستفسرہ کی یہہ ہے کہ مؤلف آکام المرجان معتبر ہے جو توثیق حامد حسین نے اوسکی
ذہبی وغیرہ سے نقل کی وہ ٹہیک ہے مینے بہی اونکا حال فوائد بہیہ کی تعلیقات
مین لکہدیا ہے صفحہ ۱۲ مین ملاحظہ فرمائیے گا۔ اور دونون روایتین جو حامد حسین نے
نقل کین ایک تخریج ابو نعیم دوسری تخریج امام احمد وہ دونون بجنسہ آکام المرجان
[illegible] باب نوزدہم مین مذکور ہین مگر روایت امام احمد مین میناء مولی عبد الرحمن
[illegible]ف بن مسعود سے راوی ہے اور میناء کے باب مین لسان المیزان للحافظ
ابن حجر مین اور میزان الاعتدال للذہبی مین ساقط مرقوم ہے اور ابن عراق نے
تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ کے مقدمہ مین لکہا ہے میناء بن ابی میناء
مولی عبد الرحمن بن عوف روی عن مولاہ وعن عثمان وابن مسعود قال ابو حاتم
کذاب لیکن چونکہ روایت ابی نعیم وغیرہ مین ابو عبد اللہ جدلی کی متابعت مروی ہے
اسوجہ سے یہہ حدیث ساقط نہین غایۃ الامر یہہ کہ ضعیف ہوگی بضعف منجبر اور بلحاظ
تعدد طرق اس حدیث کو مرزا محمد معتمد خان بدخشی نے رسالہ تحفۃ المحبین فی
مناقب الخلفاء الراشدین مین منجملہ احادیث حسان کے مذکور کیا ہے اور اس
حدیث مین [illegible] شرکت ابن مسعود رض کی لیلۃ الجن مین مذکور ہے وہ منافی روایت
فقدناہ اللیلۃ [illegible] کے نہین ہے بوجہ اسکے کہ یہہ دو واقعہ ہین آکام المرجان مین

مفصلاً ذکر کیا ہے کہ لیلۃ الجن چھہ مرتبہ وقوع ہوئی بعض لیالی مین ابن مسعود شریک تھے اور بعض میں نہین باقی رہا استدلال حامد حسین کا ساتھہ اس روایت کے اوپر خلافت مرتضوی کے وہ صحیح نہین حقیقت الامر یہہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو استخلاف صریح کسیکے باب مین منظور نتہا بدین خیال کہ اگر صراحۃً کسیکا استخلاف کیا جاوے اور بعض لوگ اوسکی اتباع نکرین تو وہ مستحق عذاب ہو جاوینگے جیسا کہ سیوطی تاریخ الخلفاء مین لکھتے ہین وسر ذلک ای عدم استخلافہ قال البزار فی مسندہ حدثنا عبد اللہ بن وضاح الکوفی حدثنا یحیی بن الیمان حدثنا اسرائیل عن ابی الیقظان عن ابی وائل عن حذیفۃ قال قالوا یا رسول اللہ الا تستخلف علینا قال ان استخلفت علیکم فتعصون خلیفتی ینزل علیکم العذاب واخرجہ الحاکم فی المستدرک انتہی اسیوجہ سے ابن جب ابوبکر و عمر رضی اللہ عنہما نے استخلاف کے واسطے عرض کیا آپنے اعراض و سکوت فرمایا یہہ نہین ثابت ہوتا ہے کہ یہہ اعراض یا سکوت بسبب عدم استحقاق خلافت علی مرتضی رضی اللہ عنہ کے باب مین آپنے نعم وغیرہ کلمات دالہ استخلاف مرتضوی پر ارشاد نہین کیئے تا مسلک فاض بلکہ آپکو چونکہ معلوم تہا کہ مرتضی سے لوگ مخالفت کرینگے اور زمانہ خلافت مین انکے فتن عدیدہ ہونگے اسوجہ سے آپنے اونکی اطاعت و اتباع کی ترغیب فرمائی وبالجملہ فلیست الروایۃ صریحۃ فی استخلافہ ولا فی استحقاقہ بالنسبۃ الی غیرہ دم......

ضمیمہ نمبر ۱ امید کہ ہمیشہ از امور متعلقہ فقیر اطلاع دادہ باشند [illegible]

استفتا کیا فرماتے ہین علمائے احناف رحم کرے اللہ آپ لوگون پر اور برکت دیوے علم مین کہ فیض پہونچاتے رہین علم سے اپنے خلائق کو مین صاحب قدوری کے کہ کہا لا تصح الجمعۃ الا فی مصر جامع [illegible]

کتاب الصلوٰۃ

ولا تجوز فی القری یعنے نہین صحیح ہوتی ہے اداے نماز جمعہ مگر مصر جامع مین اور
نہین صحیح ہوتی گانو مین آیا یہہ صحیح و موافق اصول مقررہ حضرات حنفیہ کے ہے
اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہین
الجواب یہہ قول مذکور صاحب قدوری کا مطابق اصول مذہب حنفی کے
ہے اور فقہای حنفیہ کا بالتمام اسپر اتفاق ہے اسواسطے جمہور مصنفین حنفیہ
چلے ہین جیسا علامہ محمد علاء الدین الحسکفی رح ذکر فے شرح الدر المختار ویشترط
لصحتها سبعة اشياء الاول المصر و فی الکبیری شرح منیة المصلی اما شروط الاداء فستة
ایضا الشرط الاول المصر او فنائه فلا تجوز فی القری عندنا وهو مذهب علی
بن ابی طالب وحذیفة وعطاء والحسن بن ابی الحسن والنخعی ومجاهد وابن سیرین
والثوری وسحنون خلافا للائمة الثلاثة لما روی ابن ابی شیبة عن علی
رضی الله عنه انه قال لا جمعة ولا تشریق ولا صلوة فطر ولا اضحی الا فی مصر
جامع او مدینة عظیمة وصححه ابن حزم فی المحلی وروی مرفوعا وهو ضعیف ولکن
الموقوف فی مثل هذا کالمرفوع لانه من شروط العبادة وهی من احکام الوضع
ولا مدخل للوالی فیها یعنے جیسا کہ علامہ محمد علاء الدین حسکفی نے ذکر کیا در المختار مین
کہ شرط ہے واسطے صحیح ہونے اداے جمعہ کے سات چیزاو مین سے پہلے مصر کا
ہونا ہے اور کبیری شرح منیة المصلی مین ہے کہ شرایط اداے جمعہ کے چھہ ہین پہلے
شہر یا کنارہ شہر ہے نزدیک ہمارے حنفی المذہب کے اور یہہ مذہب ہے صحابہ
مذکورین کا خلاف ہے ائمہ ثلاثہ کے اسلیئے کہ روایت کیا ابن ابی شیبہ نے علی رض
سے کہ نہین ہے جمعہ اور تشریق اور نہ اضحیہ کی نماز سواے مصر جامع یعنے بڑے
شہر کے اور صحیح کیا اس قول کو ابن حزم نے محلی مین اور روایت کیا گیا مرفوع کر کے
حالانکہ یہہ کہنا ضعیف ہے لیکن اس بارہ مین موقوف مانند مرفوع کے ہے اسواسطے

کہ یہہ شرط عبادت سے ہے اور یہہ موضع احکام سے ہے اور گنجائش نہیں خیال تابع
رای کا ہمین اور یہی علامہ شیخ احمد طحطاوی نے حاشیہ مراقی الفلاح شرح نور الایضاح میں صاف
بیان کیا ہے قال ظاھر ما ذکرہ ان الحدیث مرفوع وھو الذی ذکرہ ابو یوسف فی الاملاء
ومحمد فی الاصل ورواہ ابن ابی شیبۃ موقوفا علی علی والموقوف فی مثلہ کالمرفوع
قال الکمال ویکفی بقول علی قدوۃ وفی العینی شرح الصحیح البخاری ثم استدل ابو حنیفۃ
بما رواہ عبد الرزاق عن علیؓ قال لا جمعۃ ولا تشریق الا فی مصر جامع وکذا
رواہ ابن ابی شیبۃ عن حجاج النخعی وروی ایضا بسند صحیح نا جریر عن منصور الخ
وما قال النووی حدیث علیؓ متفق علی ضعفہ فکانہ لم یطلع الا اثر الذی فیہ
الحجاج ولم یطلع علی طریق جریر عن منصور فانہ سند صحیح ولو اطلع لم یقل ما قال
بلکہ واسطے صحت جمعہ کے مخصوص مکان کا ہونا بالاجماع مراد ہے کیونکہ جائز نہیں
جمعہ جنگل اور میدان میں بالاتفاق اسلیے امام شافعیؒ کے نزدیک ادای جمعہ
نہیں سوای ایسے گاؤن کے جہان چالیس مرد آزاد مکلف بستے ہون اور امام احمدؒ
کے نزدیک بھی ایسا ہی ہے اور امام مالکؒ کے پاس صحت ادای جمعہ کے لیے
وہ جگہہ شرط ہے جہان آباد بستی اور مسجد و بازار ہو کما یدل من عبارۃ المیزان
لعبد الوہاب الشعرانیؒ مع قول الشافعی لا تصح الجمعۃ الا فی ابنیۃ یستوطنہا
من تنعقد بہم الجمعۃ من بلد او قریۃ مع قول بعضہم لا تصح الجمعۃ الا فی قریۃ
اتصلت بیوتہا ولہا مسجد وسوق ومع قول ابی حنیفۃ ان الجمعۃ لا تصح الا فی مصر
جامع لہم سلطان اور آیت وجوب جمعہ بھی کچھ مطلق نہیں ہے یعنے ہر جگہ
ہونے کا حکم شامل نہیں جیسا مذکور کبیری میں ہے ان قولہ تعالی فاسعوا
لیس علی اطلاقہ اتفاقا اذ لا یجوز فی البراری اجماعا فانہم قد
قدرنا المصر ہو اولی بحدیث علیؓ اتیا ولا معارض لہ اذ لم ینقل عن

حين فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع في الامصار وفي مراقي الفلاح
ولم ينقل عن الصحابة رضي الله عنهم اجمعين انهم حين فتحوا البلاد اشتغلوا
بنصب المنابر والجمع الا في الامصار دون القرى ولو كان لنقل ولو احادا فلا بد
من الاقامة بمصر وفي حاشية وكذا لم ينقل انه صلى الله عليه وسلم امر باقامة
الجمعة في قرى المدينة على كثرتها اب جب اس سے معلوم ہوا کہ ہمارے علمای
احناف کے پاس بالاتفاق واسطے صحت ادای جمعہ کے مصر شرط ہے اسلیئے حکم
دیدیا بسبب عدم جواز جمعہ کا گاؤن مین کیونکہ انتفای شرط سے انتفای مشروط
لازم آتا ہے لہذا ذکر صاحب الطحطاوی ورد المحتار قال في النهر ولها شرائط وجوب
واداء منها ما هو في المصلي ومنها ما هو في غيره والفرق ان الاداء لا يصح بانتفاء
شرطه ويصح بانتفاء شروط الوجوب وذكر صاحب البناية تصريحا ما يؤيد القول المار
قوله لا تجوز في القرى وانما ذكره مع انه مستفاد من [illegible] السابق نفيا لمذهب
الائمة الشافعي فانه لا يشترط المصر بل يجوز في كل [illegible] مة سكنه اربعون رجلا
احرارا به قال احمد وقال مالك تقام باقل من اربعين پس منافی نہین اس سے
عبارت قہستانی کی جو مذکور ہے تحت قول ماتن کے وتقع فرضا [illegible]
والكلام يشير الى انها تقع فرضا في [illegible] بات والقرى الكبيرة التي فيها اسواق
قال ابو القاسم هذا بلا خلاف [illegible] اذن الوالي والقاضي ببناء المسجد الجامع
واداء الجمعة لان هذا مجتهد فيه فاذا اتصل به الحكم صار مجمعا عليه
[illegible] باذن بذلك لا تصح اقامتها فيها وعليه يحمل ما في البحر لا تصح في قرية
[illegible] لقول علي رضي الله تعالى عنه لا جمعة ولا تشريق ولا صلوة فطر
[illegible] الا في مصر جامع او مدينة عظيمة ثم قال فلا تجب على غير اهل المصر
[illegible] طحاوي و [illegible] ايضا ذكر المصنف وعبارة القهستاني تفيد انه لا بد

من الاذن بالبناء ويالاداء الجمعة ونصبها الیں جب ثابت ہوا الزرمت
ہے کہ قول صاحب قدوری کا مطابق مذہب حنفی کے ہے اور یہی قول اکثر
جمہور فقہای محققین نے اور ترجیح دی اسکو اوپر کے طبقے والے فقیہین بلکہ کوئی
فقیہ مذہب حنفی کے اشتراط مصر برای صحت ادای جمعہ کا انکار نہیں کیا تو
لازم ہے مقلدین پر عمل کرنا ساتھہ اس قول کے جیسا فرمایا سید محمد امین نے
رد المحتار مین فعلینا اتباعھم ویؤیدہ ما قدمہ الشارح فی رسم المفتی واما
نحن فعلینا اتباع ما رجحوہ وما صححوہ کما لو افتونا فی حیاتھم الحق احق بالاتباع
اور جو مقلد خلاف اسکے کرے وہ حکم اوسکا جائز نہین کما فی الدر المختار واما المقلد
فلا ینفذ قضاءہ بخلاف مذھبہ اصلا کما فی القنیۃ قلت ولا سیما فی زماننا فقط

کتبہ العبد الفقیر الحقیر الراجی لطف ربہ الخفی محمد عبد الواحد الحنفی عفی عنہ

فی الواقع آیت فرضیت جمعہ بالاجماع مخصوص ہے پس تقلید اوسکی بحدیث علی
اور حنفیہ نے حدیث علی لا جمعۃ الا فی مصر ہے مرفوعا وموقوفا والموقوف اصح اور اس
مین حکم مرفوع کا رکھتی ہے تخصیص کی ہے کما فی النہر الفائق اور مجرد رای تخصیص نہین کی اور اس
مذہب مین کسیطرح کی مخالفت اصول کی لازم نہین ہے تفصیل اسکی فتح القدیر حاشیہ
ہدایہ وبنایہ شرح ہدایہ للعینی وغیرہ مین موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۴۹۷

استفتا کیا فرماتے ہین علمای احناف رحمکم اللہ کرے اللہ تعالی آپ لوگون پر
اور برکت دے آپ لوگون کے علم مین کہ فیض ہوکر پہنچاتے رہین علم سے اپنے
خلائق کو اس قول مین صاحب قدوری کے کہ لا تصح الجمعۃ الا فی مصر جامع
او فی مصلی المصر ولا تجوز فی القری یعنے نہین صحیح ہوتی ہے ادای نماز جمعہ کی مگر شہر جامع
مین یا عیدگاہ مصر جامع مین اور نہین صحیح ہوتی ہے گانون مین آیا یہ صحیح ہے یا

مقررہ حضرات حنفیہ کے اور ہم مقلدین مذہب حنفیہ کو عمل کرنا اس قول پر لازم ہے یا نہین فقط

الجواب ان عبارت مندرجہ سوال موافق روایات بعض اصحاب الرای کے ہے اور کتب فقہ مین بہی مذکور ہے لیکن انہون نے واسطے تحقیق امر و حرج کے یہہ شرط مقرر کی حقیقتہً موقوفیت صحت ادای جمعہ کا ان شرطون پر نہین ہے چنانچہ علامہ شعرانی شافعی میزان مین اسکی تصریح فرمائی بعد ذکر مسائل الاختلاف کے ان ہذہ الشروط انما جعلہا الائمۃ تخفیفا علی الناس لیست بشرط فی الصحۃ فلو صلی المسلمون فی غیر ابنیۃ و من غیر حاکم جاز لہم ذلک کیونکہ بنظر تحقیق فرضیت جمعہ کے مقید ان شروط قیاسیہ کے ساتھہ نہین کیونکہ جو نص قرآنی و نص حدیث نبوی مثبت فرضیت جمعہ ہے وہ ان شرطون کے ساتھہ مقید نہین کما ذکر العلامۃ الشعرانی فی میزانہ بعد بیان شرائط التی اشترطہا بعض العلماء بالرای لان اللہ تعالی فرض علیہم الجمعۃ و سکت عن اشتراط ما ذکرہ الائمۃ انتہی فیہذا تطمئن القلوب وتستریح النفوس پس اگر ادای جمعہ جو بدلیل قطعی بلا اشتراط قرآن و حدیث مین ثابت ہے ان قیود قیاسیہ ظنیہ غیر مفید ہ کے ساتھہ جو خود ہی فی نفسہ متزلزل اور متردد فیہ ہے مقید مانا جاوے تو لازم آتی ہے تقیید شئی مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس اور وہ نسخ ہے اور اس سے لازم آویگا نسخ کتاب اللہ بالقیاس اور وہ باطل ہے بالاتفاق چنانچہ لکہا ہے ہمارے علمای اصول رحمہم اللہ تعالی نے ولا خلاف بین الجمہور ان القیاس لا یصلح ناسخا وکذلک الاجماع اور جبکہ ہمارے علما حنفیہ رحمہم اللہ تعالی نے زیادت علی الکتاب کو خبر واحد سے جائز نہین رکہا تو قیاس جو دون ہے اوس سے اور وہ بہی کون قیاس جو مختلف فیہ ہے اور جسمین کمال اضطراب ثابت ہے ناسخ مصلح امر بات کا ہرگز اس سے زیادت علی الکتاب جائز ہو

چنانچہ ہمارے بعض علماے حنفیہ نے قرأت فاتحہ کو اسوجہ سے رکن صلوۃ قرار
نہیں دیا کہ اگر اسکو رکن مانا جاوے تو نص مطلق فاقرؤا ما تیسر من القرآن پر زیادت
بخبر واحد لازم ہوگی اور وہ باطل ہے اور اسیطرح حد زنا بکر مین جلاوطن کرا
کو حد نہیں تسلیم کیا تا کہ نص الزانیۃ والزانی فاجلدوا کل واحد منہما مائۃ جلدۃ پر زیادت
بخبر واحد لازم ہوگی اور اسیطرح بہت سے امثلہ اصول کے ہین پس کوئی وجہ نہیں ہے
کہ نص مطلق یا ایہا الذین امنوا اذا نودی للصلوۃ من یوم الجمعۃ فاسعوا الی
ذکر اللہ وذروا البیع کو خبر واحد بھی نہین مقید بشرط طلبیہ قیاسیہ مانا جاوے اگر
بر تقدیر تقیید انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق آیات وموجب زیادت علی الکتاب
ہو اور یہ عقلاً ونقلاً باطل اور تفریق بلا فارق ہے اور جب جمعہ مطلق فرض ہے
جسکے تارک کی نسبت فلا جمع اللہ الخ ارشاد ہوا ہے اور جسکو ہمارے علماء نے اکبر
شعار الاسلام سے لکہا ہے پس اسوجہ سے محققین کے نزدیک جمعہ مصر او
خاصہ کے ساتہہ مقید نہیں بلکہ ہر جگہہ جہان مسلمان او اکرین صحیح ہے اسکی
بخاری کی اس روایت سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت انس نے مقام زاویہ مین جو ایک
چہوٹا سا گاؤن تہا جمعہ پڑہا اسکی مؤید یہہ ہے وکان انس بن مالک فی قصرہ احیانا
یجمع احیانا لا یجمع وہو بالزاویۃ علی فرسخین وعن ابن عباس قال ان اول جمعۃ جمعت بعد
جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مسجد عبد القیس بجواثی قریۃ من قری
البحرین اس حدیث کی صحت پر جمہور علما متفق ہین اور علماء احناف کو بھی بغیر
تسلیم کرنے اسکے کے چارہ نہین اور نیز ثابت ہے کہ حضرت زرارہ اور حضرت مصعب
ابن عمیر نے قبل تشریف آوری آنحضرت صلعم کے مدینہ منورہ مین جمعہ قائم کیا والا
حدود فقہا اس پر صادق نہ تہی اور نیز حجۃ اللہ البالغہ مین حضرت شاہ ولی اللہ
جو بڑے حنفی مشہور تہے یہہ حدیث نقل فرمائی الجمعۃ واجبۃ علی کل قریۃ

جس سے ثابت ہوتا ہے کہ قید مصر نہین پس اس فرض قطعی کو جس حدیث سے صاحب ہدایہ وغیرہ نے مصر مشروط کرنے پر استدلال کیا ہے وہ بتصریح ائمہ حدیث جیسا کہ امام نووی [illegible] ضعیف ہے اور بعض احناف نے جو اسکی تعدیل کی ہے وہ بھی غیر مفید ہے اور اس وجہ سے کہ جرح تعدیل پر مقدم ہے دوسرے درصورت تعدیل بھی وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کے دافع ہو اور حدیث موقوف سے احادیث مرفوعہ معارض ہنی اور تاویلات عقل سے نص قطعی پر زیادتی ثابت کرے حالانکہ یہہ باطل ہے علاوہ اسکے خود فقہاے حنفیہ کے کلام سے مستنبط ہوتا ہے کہ وہی سب بھی اس شروط ظنیہ کا کچھہ اعتبار نہین کرتے ہین چنانچہ صاحب تفسیر احمدیہ وشرح نقایہ وغیرہا کی روایت مین تصریح ہے واللہ اعلم بالصواب علمہ احکم - کتبہ العبد المذنب محمد اسمعیل عفا اللہ عنہ

بسم اللہ الرحمن الرحیم حامدًا ومصلیًا امابعد یہہ جواب مخدوش ہے چند وجوہ انکی تفصیل کے واسطے ایک دفتر چاہیے مختصرًا بیان لکھے جاتے ہین قولہ موافق روایات بعض اصحاب الرای کے ہے یہہ صحیح نہین اسوجہ سے کہ شرط مصر باتفاق حنفیہ ہے ہان تعریف مصر مین انمین اختلاف ہے قولہ شعرانی نے اپنی میزان مین اسکی تصریح فرمائی الخ یہہ کلام شعرانی کا نہین ہے بلکہ میزان مین قال بعض العارفین ان ہذہ الشروط انما جعلہا الائمۃ الخ مذکور ہے قولہ مقیدان شروط قیاسیہ کے ساتھہ نہین یہہ لفظ قیاسیہ کا کہین میزان مین نہین ہے اور شروط ائمہ کے اکثر انمین خصوصًا شرط مصر قیاسیہ نہین ہین بلکہ مستند الی الآثار والاخبار ہین قولہ کما ذکر العلامۃ ایضًا فی میزانہ الخ میزان مین یہہ عبارت تتمہ عبارت سابقہ کا جو قول بعض عارفین ہے علیحدہ نہین ہے قولہ لازم آتی ہے تقیید مطلق اور زیادت علی الکتاب بالقیاس الخ ہرگز نہین آتا اولًا تو اس وجہ سے کہ شرط مصر قیاسی نہین دوسرے اسوجہ سے

کہ تقیید آیت فرضیت جمعہ باجماع صحابہ ومن بعدہم وبتواتر معنوی ثابت ہے حجۃ اللہ البالغہ
مین ہے قد تلقت الامۃ تلقیا معنویا من غیر تلقی لفظ انہ یشترط فی الجمعۃ
الجماعۃ ونوع من التمدن وکان النبی صلعم وخلفاءہ والائمۃ المجتہدین یجمعون فی
البلدان ولا یؤاخذون اہل البدو بل لا یقام فی عہدہم فی البدو ففہموا من
ذلک قرنا بعد قرن وعصرا بعد عصر انہ یشترط لہا الجماعۃ والتمدن انتہی قولہ
تو قیاس جوادون ہے اور کون قیاس الخ حنفیہ نے شرط مصر قیاسا نہین کی بلکہ ہرگز
باجماع علماء صحابہ ومن بعدہم سے یہ امر ثابت ہوا کہ فرضیت جمعہ باب امکنہ مین مطلق
نہین ضرور کسی قید کے ساتھ مقید ہے اور حدیث علی دال ہے اس امر پر کہ اقامت
جمعہ مقید بمصر ہے حنفیہ نے اس تقیید کو اول لکھا قولہ پس کوئی وجہ نہین کہ نص مطلق الخ
محض غلط ہے کیونکہ یہ آیت باب امکنہ مین بالاجماع مطلق نہین فتح القدیر مین ہے
القاطع للشغب ان قولہ تعالی فاسعوا الی ذکر اللہ لیس علی اطلاقہ اتفاقا بین الامۃ
اذ لا یجوز اقامتہا فی البراری اجماعا ولا فی کل قریۃ عند الشافعی بل کان خصوص المکان
مرادا بالاجماع فقدر الشافعی القریۃ الخاصۃ وقدرنا المصر وہو اولی لحدیث علی
وہو لو عورض بفعل غیرہ کان علی مقدما علیہ فکیف ولم یتحقق معارضۃ ما ذکرنا
ایاہ ولہذا لم ینقل عن الصحابۃ انہم لما فتحوا البلاد اشتغلوا بنصب المنابر والجمع
الا فی الامصار دون القری ولو کانت لنقل ولو احادا انتہی قولہ اور بر تقدیر تقیید
انکے نزدیک مستلزم نسخ مطلق آیات الخ ہرگز نہین اس وجہ سے کہ اس مقام مین آیت
مطلق نہین بالاجماع لیس مخصص اسکا اجماع قطعی ہے اور خبر واحد بیین مقدار
تخصیص ہے اور دافع اجمال ما بہ التخصیص ہے قولہ بلکہ ہر جگہ الخ اسکا کون محقق
قائل ہے کہ ہر جگہ ہے کہ بادیہ اور صحرا مین بھی جمعہ فرض ہے قولہ وکان الناس لیعیانا
یجمع لعیانا الجمع ہو بالزاویۃ علی فرسخین اور اگر تو اس فعل انس پر قول علی مقدم ہوگا ثانیا

اس اثر سے یہہ کہان ثابت ہے کہ ہر جگہہ جمعہ جائز ہے کیونکہ جائز ہے کہ زاویہ فنا مصر ہو ثالثا یہہ بہی مطلب ہو سکتا ہے کہ الشیخ زاویہ سے کسی جمعہ کو شہر مین آکر جمعہ پڑہتے تہے اور کسی جمعہ کو نہین نہ یہہ کہ وہین جمعہ پڑہتے تہے رابعا یہہ ثابت ہونا چاہیئے کہ وہ زاویہ کسی تعریف پر مصر نہ تہا خامسا احیانا لا یجمع سے یہہ معلوم ہوتا ہے کہ اونکے نزدیک بہی وہان جمعہ فرض نہ تہا ورنہ کیونکر کبہی چہوڑ دیتے تفصیل ان سب امور کی شروح صحیح بخاری مین موجود ہے **قولہ** وعن ابن عباس الخ یہہ کہان سے معلوم ہوا کہ جواثی مصر نہ تہا اور اطلاق قریہ سے یہہ نہین ثابت ہے کیونکہ کلام اللہ مین جابجا مصر پر اطلاق قریہ کا آیا ہے **قولہ** حالانکہ حدود فقہاء اسپر صادق نہ تہی مدینہ پر اگرچہ سب حدود صادق نہ تہے لیکن حد معتبر تو ضرور صادق ہے **قولہ** بتصریح ائمہ حدیث الخ یہہ غلط ہے سب اسانید اوسکے ضعیف نہین بلکہ بعض صحیح بہی ہین **قولہ** وہ کب صالح اس بات کی ہے کہ اطلاق نص کی رافع ہو الخ اطلاق نص یہان نہین ہے اجماعا **قولہ** اور حدیث موقوف سے الخ یہہ حدیث اگرچہ قول علی رض ہے لیکن اصول مین ثابت ہے کہ قول صحابی مالا یعقل بالرای حکم مرفوع مین ہے اور واجب العمل ہے اور کوئی حدیث مرفوع اسکی معارض نہین

واللہ اعلم وعلمہ احکم ہ

۲۹۹

استفتا ما قولکم فی حق من وطی بالنعم المباح اکلہا وادخل ذکرہ فی فرجہا فانزل وذاہ عادلان مسلمان هل یجوز اکل البہیمۃ الموطوءۃ ولبنہا بینوا توجروا

ہو المصوب لا یحرم لحم البہیمۃ الماکول لحمہا بوطی رجل بہا لکن یکرہ الانتفاع بہا حیا و میتا وینبغی ذبحہا وقتلہا و احراقہا قال فی ضیاء المعاد شرح تنویر الابصار ولا حد بوطی بہیمۃ لانہ لیس فی معنی الزنا فی کونہ جنایۃ وفی وجوب الحد ادعی الیہ لان الطبع السلیم ینفر عنہ والحامل علیہ نہایۃ السفہ او فرط الشبق

لانه يفعله المجوس والذي يروى انه تذبح البهيمة وتحرق وذلك لقطع الحديث به وليس
بواجب هو الذي ثبت في الكتابات الداية مما لا يؤكل لحمها تذبح وتحرق كما ذكرنا وان كانت مما يؤكل
لحمها تذبح ويؤكل عند ابي حنيفة وقالا تحرق هذه ايضا هذا اذا كانت البهيمة للفاعل
وان كانت لغيره كان لصاحبها ان يدفع اليه بالقيمة وفي تبيين الكنز يطالب صاحبها
ان يدفعها اليه بالقيمة ثم تذبح هكذا ذكروا ولا يعرف ذلك الا سماعا فيحمل عليه انتهى و
في العيني تذبح ويكره الانتفاع بها احياء وموتها واطلق الطحاوي بانها يكره اكلها لو
له ذبحت ولم تؤكل وعن ابي يوسف انها لا تحرق اذا كانت تؤكل وكان ابو عبد الله
الجرجاني يقول قول اصحابنا تذبح وتحرق على وجه الاستحباب وأتي ابن عمر برجل اتى
بهيمة فلم يحده وامر بها فاحرقت بالنار انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتاء ما قولكم في رجل يظن ان الاولياء يعلمون ويسمعون نداء
المنادي قريبا وبعيدا ويستمدهم بالفاظ تقولها العامة الجاهلة [illegible]
يقول نذرت له . بينوا توجروا

هو المصوب هذا رجل فاسد العقيدة بل يخشى عليه الكفر فان سماع
الاولياء النداء من بعيد ليس بثابت والعلم الكلي بجميع الجزئيات في جميع الازمان
مختص بالله جل جلاله وقد قال في الفتاوى البزازية من قال ان ارواح المشائخ
حاضرة تعلم يكفر انتهى وذكر فيها ايضا ان من تزوج بشهادة الله ورسوله يكفر لانه
ظن ان الرسول يعلم الغيب انتهى والنذر لغير الله حرام ويحرم المنادى لغير الله
كما بسطه في البحر الرائق والدر المختار وغيرهما والله اعلم حرره الراجي
عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه
الجلي والخفي

ماہ شعبان مرسلہ مولوی محمد قادر بخش از سہسرام

استفتا ما قولکم ایها العلماء الکرام فی هذه المسائل - سادات صحیح النسب کا
یوم القیامت منتفع بالنسب ہونا بادلہ شرعیہ ثابت ہے یا نہین اور بتقدیر اول
انتفاع سے کیا مراد ہے آیا وہ لوگ باوصف بی علم و بے عمل ہونے اور بحالت فسق
و فجور بلا توبہ مرجانے کے بھی بوجہ انتساب الی النبی کے دخول نار سے مطلقاً محفوظ
رہین گے اور مواخذات اخرویہ سے مامون ہونگے یا بعد دخول فی النار و سزا
پانے معاصی کے بشفاعت محمدی صلعم مثل اور مومنین غیر سادات کے داخل
بہشت ہونگے اور اس صورت مین درمیان سادات اور دوسرے مومنین امت
محمدیہ کے کیا فرق ہوگا کیونکہ بفحوای شفاعتی لاهل الکبائر من امتی جملہ مومنین
تحت وعدہ شفاعت داخل ہین - کوئی شخص سادات سے بزوال ایمان و سوء خاتمت
ہو سکتا ہے یا بی ایمان مرنا سادات کا بدلائل شرعیہ و نصوص احادیث ممتنع ہے
اور اگر جائز ہے تو اوسکی دلیل کیا ہے - سوای سادات کے اور اقوام جو شرفا کہے جاتے
ہین اور منتسب طرف صالح کے نسباً و نسبتاً ہین جیسے شیخ صدیقی و فاروقی و عثمانی
و علوی غیر فاطمی وہ لوگ باوصف محروم رہنے کے دولت علم و عمل سے اور مبتلا
بفسق و فجور رہنے اور بلا توبہ مرجانے کے صرف بہ برکت صلاح منتسب الیہم کے
دخول نار و جملہ مواخذات اخرویہ سے محفوظ رہین گے یا بوجہ فاسق و فاجر ہونے
کے سزای اعمال پائین گے اور نسبت الی الصالحین عاقبت مین اون لوگون کے
کام نہ آئیگی - سوای اقوام مذکورہ کے دوسرے اقوام جو بظاہر منتسب طرف
کسی صالح کے نہین ہین جیسے افاغنہ و مغل و دیگر اقوام جو عرفاً ارذال کہے جاتے
ہین اونکے سلسلۂ آبا مین اگر کوئی صالح و ولی گذرا ہو تو بقیاس الی الشیوخ الصدیقین
وغیرہم وہ لوگ بھی باوصف بے ایمان مرجانے یا بحالت فسق و فجور بلا توبہ دنیا سے
رحلت کرنیکے بہ برکت اب صالح کے مواخذات اخرویہ سے مامون رہینگے یا نہین

چونکہ یہ مسائل متنازع فیہا ہیں اور متنازعین اہل علم ہیں جواب ہر شق سوالات کا مفصل و مبسوط بہ تقریر واضح حاوی ادلہ ہر امر مندرج جواب و نقل عبارات معتبرہ رقام فرمایا جاوے فقط

ھو المصوب سادات کا بحالت فسق و فجور مرنے کے بلا توبہ دخول نار اور عذاب سے مطلقاً محفوظ رہنا بوجہ انتساب الی النبی صلی اللہ علیہ وسلم کے نہیں ہے بلکہ آثار اور اخبار سے اوسکے خلاف ثابت ہے نور الدین علی سمہودی جواہر العقدین سے فی فضل الشرفین ذکر ما ینبغی لاہل البیت میں لکھتے ہیں الثالث اجتناب کل قبیح شرعا فان القبیح من اہل ہذا البیت اقبح منہ من غیرہم ولہذا قال العباس لابنہ عبد اللہ کما فی تاریخ دمشق یا بنی ان الکذب لیس احد من ہذہ الامۃ اقبح منہ بی وبک وباہل بیتک یا بنی لا یکون شیء مما خلق احب الیک من طاعتہ ولا اکرہ الیک من معصیتہ فان اللہ ینفعک بذلک فی الدنیا والآخرۃ قلت وجماع ذلک کلہ ان صلی اللہ علیہ وسلم اوصی باہل بیتہ بتقوی اللہ ولزوم طاعتہ کما سبق فی الذکر الرابع وسبق فی اواخر التنبیہ الاول من الذکر السادس قول الحسن بن المثنیٰ انی اخاف ان یضاعف للعاصی منا العذاب ضعفین وواللہ انی لارجوان یوتی المحسن منا اجرہ مرتین انتہی اور یہ روایت قرآنیہ یا نساء النبی من یات منکن بفاحشۃ مبینۃ یضاعف لہا العذاب ضعفین وکان ذلک علی اللہ یسیرا ومن یقنت منکن للہ ورسولہ وتعمل صالحا نوتہا اجرہا مرتین واعتدنا لہا رزقا کریما تا بہ مدلل اس امر پر ہے کہ انتساب الی الصالح باعث تضاعف اجر اعمال صالحہ کا اور تضاعف عذاب اعمال خبیثہ کا ہوتا ہے نہ یہ کہ مطلقا اعمال خبیثہ مغفور ہوں اور اصحاب اعمال سیئہ صرف بوجہ انتساب الی الصالح کے ناجی ہو جاویں اس لئے حق جل شانہ نے ازواج نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر تضاعف عذاب کی بر تقدیر

ارتکاب انکے فواحش کو دی اگر مطلق انتساب الی النبی باعث نجات ہوتا یہ مضمون
نازل نہوتا اور نسب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم یا نسب صدیقی یا علوی یا نسب کسی
اور صالح کا نفع دنیا بروز قیامت باین معنی کہ اگر وہ شخص اعمال صالحہ کرے تو بہ نسبت
اپنے امثال کے درجہ زائد پاوے صحیح ہے یا یہ کہ وہ شخص جسکی طرف انتساب ہے
بہ نسبت اور شخصون کے اسکی طرف زائد التفات کرے اور شفاعت کرے اور باین
معنی کہ شخص منتسب باوجود اعمال قبیحہ کے صرف بوجہ شرافت نسبیہ حق جل شانہ کے
نزدیک مغفور ہوجاویگا اور باوجود اعمال سیئہ صرف انتساب الی الصالح کے ذریعہ سے
نزدیک حق تعالی کے مکرم ہوگا اور مطلقا عذاب سے نجات پاکے مرحوم ہوگا یہ محض خلاف ہے
نص قرآنی ان اکرمکم عند اللہ اتقاکم اسکے غلط ہونے پر شاہد عدل ہے امام
[illegible] الرازی کی تفسیر کبیر مین تفسیر اس آیت مین مرقوم ہے فان قیل ہذا یعنی
عدم اعتبار النسب لیس کذلک فان للنسب اعتبارا عرفا وشرعا حتی لا یجوز
تزویج الشریفة بالنبطی قلنا اذا جاء الامر العظیم لا یبقی الامر الحقیر معتبرا وذلک
فی الحس والشرع والعرف اما الحس فلان الکواکب لا تری عند طلوع الشمس
وجناح الذباب دوی عند ما یکون رعد قوی واما فی العرف فلان من جاء مع الملک
ما یبقی لہ اعتبار ولا التفات اذا عرفت ہذا ففی الشرع کذلک اذا جاء الشرف الدینی
الالہی لا یبقی لما مر ہناک اعتبار لا لنسب ولا لنشب الا تری ان الکافر وان کان
من اعلی الناس نسبا والمؤمن وان کان ادونہم نسبا لا یقاس احدہما بالآخر
وکذلک ما یصلح للمناصب الدینیة کالقضاء والشہادة کل شریف ووضیع اذا
کان دینا صالحا عالما ولا یصلح لشیء منہا فاسق وان کان قرشی النسب وفاروقی
النسب لکن اذا اجتمع فی اثنین الدین المتین ولاحدہما نسب یترجح بالنسب عند
الناس لا عند اللہ لان اللہ یقول وان لیس للانسان الا ما سعی وشرف النسب

لیس مکتسبا ولا یحصل بسعی انتہی اور محمد بن عبد الباقی زرقانی شرح مواہب
لدنیہ میں لکھتے ہیں انما ینظر للاصل والعنصر عند التحلی بالفضائل والتخلی عن
الرذائل انتہی اور مسند احمد بن ابو نضرہ سے مروی ہے حدثنی من شہد خطبۃ
النبی صلی اللہ علیہ وسلم بمنی وہو علی بعیر یقول یا ایہا الناس ان ربکم واحد
وان اباکم واحد لا فضل لعربی علی عجمی ولا لاسود علی الاحمر الا بالتقوی خیرکم
عند اللہ اتقاکم اور صحیح مسلم وغیرہ میں ابو ہریرہؓ سے مروی ہے قال رسول اللہ صلعم
من بطأ بہ عملہ لم یسرع بہ نسبہ اور ابن جریر وغیرہ نے روایت کی ہے قال رسول
صلی اللہ علیہ وسلم ان اللہ لا یسألکم عن احسابکم ولا عن انسابکم یوم القیامۃ
الا عن اعمالکم اکرمکم عند اللہ اتقاکم اور کتاب الادب المفرد میں بخاری نے ابو ہریرہؓ
سے روایت کی قال رسول اللہ صلعم ان اولیائی یوم القیامۃ المتقون وان کان
اقرب من نسب اور معجم طبرانی میں حدیث معاذ میں مروی ہے لما بعثہ رسول اللہ
الی الیمن خرج معہ یوصیہ ثم التفت الی المدینۃ فقال ان ہؤلاء اہل بیتی یرون
انہم اولی الناس بی ولیس کذالک انما اولیائی المتقون من کانوا وحیث کانوا
اور صحیح بخاری میں عمرو بن العاص سے مروی ہے سمعت رسول اللہ صلعم یقول جہارا
غیر سر ان آل بنی فلان لیسوا لی باولیاء انما ولیی اللہ وصالح المؤمنین ہذا لفظ
مسلم اور بخاری نے اسقدر زائد روایت کیا ہے لکن لہم رحم سأبلہا ببلالہا
یعنی اصلہا بالشفاعۃ اور اربعین طائی میں فضیل بن مرزوق سے مروی ہے
سمعت الحسن بن الحسن بن علی بن ابی طالب یقول لرجل یغلوا فیہم ویحکم احبونا
فان اطعنا اللہ فاحبونا وان عصینا اللہ فابغضونا فقال الرجل انکم لذو قرابۃ من
رسول اللہ و اہل بیتہ فقال ویحکم لو کان اللہ نافعا بقرابۃ من رسول اللہ بغیر
عمل بطاعتہ لنفع بذالک من ہو اقرب الیہ منا اباہ وامہ والی الشافی یعنی

یزعمون ان قرابتی لا تنفع ان کل سبب ونسب منقطع یوم القیامة الا نسبی وسببی وان رحمی موصولة فی الدنیا والآخرة اخرجہ البزار وغیرہ اور ایسے ہی دوسری روایت میں ہے قال رسول اللہ صلعم ما بال رجال یقولون ان رحم رسول اللہ صلعم لا ینفع قومہ یوم القیامة بلی وان رحمی موصولة فی الدنیا والآخرة وانی ایہا الناس فرط لکم علی الحوض اخرجہ احمد والحاکم والبیہقی وغیرہم الحاصل قرابت نبوی کو مطلقا غیر نافع کہنا اور سادات وعامہ مومنین کو من کل الوجوہ مساوی سمجھنا تفریط ہے اور اوسکو ایسا نافع سمجھنا کہ باوجود ارتکاب فواحش صرف انتساب الی النبی کو باعث استحقاق نجات جاننا افراط ہے وخیر الامور اوسطہا اس تفصیل سے جواب سوال سوم وچہارم کا بھی معلوم ہو گیا حاجت تفصیل کی نہیں ہے نسب نبوی صلعم کہ جسکی نفع وبقا کی خبر اخبار میں وارد ہوئی جب بانفرادہ باعث نجات واکرمیت عند اللہ بدون انضمام تقوی نہوا البتہ باعث استحقاق زائد شفقت محمدیہ ہونا ثابت ہوا نسب صدیقی یا علوی یا کسی اور ولی وصالح کا کیونکر بانفرادہ منشا نجات ہو سکتا ہے اور جواب سوال دوم کا یہ ہے کہ کسی سید کا مرنا بحالت سوء خاتمہ وزوال ایمان اسکا امتناع عقلاً وشرعاً نہیں ثابت ہے اور ہر سید کا مطلقاً عذاب جہنم سے نجات پا جانا اور ابتداءً جنت میں داخل ہو جانا نصوص معتبرہ سے نہیں ثابت ہے بلکہ عمومات قرآن اور احادیث اسکے خلاف پر دال ہیں باقی وہ حدیثیں کہ اسعاف الراغبین وجواہر العقدین وغیرہ میں مذکور ہیں کہ جنکا مفاد وملخص یہ ہے کہ اہل بیت وسادات کے حق میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعای نجات فرمائی اور پروردگار نے وعدہ اس امر کا فرمایا کہ اولاد فاطمہ پر جہنم حرام ہے اور اہل بیت پر عذاب نہ ہوگا وہ سب عام مخصوص البعض ہیں اور محمول ہیں اوپر صلحاء ومتقین کے

یا صرف اولاد صلبی فاطمہ پر ابن عراق تنزیہ الشریعۃ عن الاخبار الموضوعۃ
مین بعد ذکر حدیث ان فاطمۃ احصنت فرجہا فحرمہا اللہ وذریتہا علی النار
لکھتے ہین ممایدل علی ان الحدیث لیس موضوعا جزم ماعند ابن الجوزی انہ
قال ان ثبت الحدیث فھو محمول علی ذریتہا الذین ھم اولادھا خاصۃ فان
الحسن والحسین سیدا شباب اھل الجنۃ وعلی ذلک حملہ محمد بن علی بن موسی الرضا
فقال ھو خاص بالحسن والحسین واللہ اعلم وروی العقیلی عن ابی کریب انہ
قال ھذا للحسن والحسین ولمن اطاع اللہ منھم انتہی اور اس قسم کی حدیثین جو فضائل
اہلبیت مین وارد ہین نظیر انکی بہت سی احادیث صحاح ستہ وغیرہ مین مروی
ہین کہ جنمین خاص خاص عمل صالح کے کرنے والے پر حکم وجبت لہ الجنۃ یا حرمت
علیہ النار یا فقد دخل الجنۃ یا فقد امن العذاب ونحو ذلک کا دیا گیا ہے چنانچہ
ناظر کتب احادیث پر مخفی نہین ہے پس لازم آتا ہے کہ اصحاب اون اعمال صالحہ
کے بہی اگرچہ سیکڑون کبائر کرین کبہی جہنم مین داخل نہون یا وہ لوگ سوء خاتمہ
سے آمن ہو جاوین اور بہ برکت اوس عمل صالح کے جو اونسے صادر ہوا یہہ
سمجہہ لین کہ ہمکو خوف نہین خاتمہ خواہ مخواہ ہمارا بخیر ہوگا اور باقتضا اوس
حدیث کے ضرور ہمکو مغفرت ونجات حاصل ہوگی حاشا وکلا ھذا لم یقل بہ
احد من الفقہاء والمحدثین والعلماء المعتبرین کما لا یخفی علی من طالع کتب
الکلام والفقہ والحدیث فالجواب الجواب واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا زید نے واسطے رخصت کرانے اپنی زوجہ ہندہ کے عدالت
مین نالش کی ہندہ جو بالغہ عاقلہ ہے وہ دو عذر پیش کرتی ہے اول یہہ کہ زید
نا قابل مقاربت یعنے عنین ہے ثانیا یہہ کہ زر مہر معجل تہا ابہی تک وہ ادا نہین ہوا

ان وجوہ سے وہ اپنے شوہر کے گھر جانے سے انکار کرتی ہے پس آیا وہ عورت
شرعاً مجبور کیجا سکتی ہے یا نہین بینوا توجروا

ھو المصوب اس صورت مین عذر دوم کا اعتبار کیا جاویگا اور عورت
تا ادای مہر معجل اپنے گھر سے جانے پر مجبور نہ کیجاویگی درمختار مین ہے ولها
منعه من الوطی ودواعیه والسفر بها ولو بعد وطی وخلوة رضیتهما لاجل
ما بین تعجیله من المهر کله او بعضه او اخذ قدر ما یعجل لمثلها عرفا به یفتی لان
المعروف کالمشروط انتهی ملخصا اور طحطاوی حاشیہ درمختار مین ہے قوله والسفر الاولی
التعبیر بالاخراج کما عبر به فی الکنز لیعم الاخراج من بیتها کما قاله شارحه انتهی
اور بحر الرائق مین ہے اطلق المصنف الاخراج فیشمل الاخراج من بیتها ومن بلدها
فلیس له ذلک انتهی اور عذر اول مانع رخصت ہونے کا نہین ہے بلکہ مسئلہ
نکاح عنین کا حکم دیا جاوے گا واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفا اللہ عنہ

استفتا ما قولکم فی هذه المسئلة اگر کسی دختر نابالغ کا باپ جو ولی ہے
ہے فضول خرچ اور سفیہ ہو اور وہ جائداد نابالغہ کی برباد وضائع کرتا ہو تو اس
صورت مین نابالغہ کا شوہر یا کوئی اور قریب بمقابلہ باپ کے ولی جائز و مہتمم املاک
نابالغہ شرعاً ہو سکتا ہے جو حفاظت جائداد نابالغہ کی کرے یا بمقابلہ باپ کے
باوجودیکہ وہ مبذر ہے کوئی دوسرا شخص مہتمم اوسکی املاک کا نہین ہو سکتا بینوا توجروا

ھو المصوب ایسی صورت مین کہ باپ مسرف و مبذر ہے حاکم وقت کو چاہئے
کہ اوسکے قبضہ سے جائداد نکال کے کوئی وصی مقرر کر دے کہ وہ حفاظت جائداد
کرے تنقیح الفتاوی الحامدیة مین ہے فی الولوالجیة والخلاصة لو کان الاب
مبذرا متلفا مال ابنه الصغیر فالقاضی ینصب وصیا ینزع مال ابنه عن
یده ویحفظه انتهی واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

۳۷

استفتا بعض زنان ہند چون از قومہ بسجدہ میروند اول بتورک نشستہ پستر بہمان حالت تورک سجدہ میسازند و جمیع سجدات متورکانہ ادا میسازند و دو پارا بجانب راست کشیدہ بعض علما نفی آن میکنند و میگویند کہ نسوان عرب چنین نمیکنند بلکہ در سجدہ پارا مثل مردان قائم و انگشتان را متوجہ بقبلہ میدارند و فعل نسوان ہند بلا دلیل است درین باب انچہ حق باشد بیان کردہ شود

ہو المصوب اصل این است کہ از احادیث برای نسوان اختیار صورتیکہ برای ایشان ستر باشد ثابت است حافظ ابن حجر در تلخیص الحبیر مے نویسند اخرج ابو داود فی المراسیل عن یزید بن ابی حبیب انہ مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحوم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل ورواہ البیہقی بطریقین موصولین لکن فی کل منہما متروک انتہی و در مسند الامام شرح مسند الامام لعلی القاری مذکور است ابو حنیفۃ عن نافع عن ابن عمر انہ سئل کیف کان النساء یصلین علی عہد رسول اللہ صلعم فقال کن یتربعن ثم امرن ان یحتفزن ہو بالحاء المہملۃ والفاء والزای المعجمۃ ای یضمن اعضاءہن بان یتورکن انتہی ازین جہت فقہاء در کتب خود فروع کثیرہ برائے نسوان ذکر کردہ اند کہ دران شرکت مردان نیست منجملہ آن اینہم است کہ در سجدہ نصب قدمین مثل مردان نسازند در بحر الرائق مے نویسد لا تنصب القدمین کما ذکرہ فی المجتبی انتہی و در جامع الرموز است والمرأۃ تخفض ای توقع الخفض المعہود فلا تنصب اصابع القدمین ولا تبدے الضبعین الخ پس نہ قائم کردن زنان ہند ہر دو پا را وقت سجدہ موافق اقوال فقہاء است و اما جلوس تورکی پس در ہر دو قعدہ تشہد نسوان را تورک مسنون است چنانکہ حموی در حاشیہ اشباہ می نویسد قولہ و تتورک

ای فی حال جلوسها للتشهد انتهی ونه درمیان نعیمه مسبوقه والله اعلم حرره ابوالحسنات محمد عبدالحی عفی عنه

استفتا چه میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین که شخصی که امامت یک جماعت صلوة عید نموده باشد امامت جماعت دیگر لصلوة مذکور کردن میتواند یانه خواه آن جماعت دیگر همون روز باشد یا بوجه کدامی امر روز دیگر شود وهمون مسجد یا مکان باشد یا جای دیگر ودر روز دیگر جماعت عید ادا نمودن جائز است یانه خصوص وقتیکه امام جماعت روز اول ودر روز دوم هر دو یک باشد بینوا توجروا

هو المصوب از مقررات فقهای حنفیه که درجمله کتب شان مسطور است این است که نماز عید واجب است واین هم از مقررات است که واجب وفرض که یک مرتبه ادا کرده بار دیگر اگر ادا کرده شود آن نفل خواهد گشت واین هم مقرر است که اقتدای مودی فرض وواجب خلف متنفل ناجائز است واین هم ثابت است که ادای نفل بجماعت علے سبیل التداعی مکروه است تفصیل این جمله امور در کتب فقه مثل درمختار وحواشی آن وبحرالرائق وشرح منیه وغیره موجود است بنا رعلیه در صورت سوال امام جماعت اولے هرگاه یک مرتبه نماز عید ادا کرده وجوب از ذمه اش ساقط گردید پس امامت آن برای جماعت ثانیه جائز نخواهد شد چه مقتدیان جماعت ثانیه اگر صلوة عید بنیت واجب ادا میسازند نماز شان بسبب متنفل بودن امام غیر جائز واگر نفل ادا میسازند ادای نفل بجماعت علے سبیل التداعی لازم خواهد شد واگر بروز اول امام نیت نفل کرده همین فساد بان هم لازم خواهند آمد ودر روز دوم نماز عید بعذر جائز است اگر بروز عید ادا نشده باشد فاما ادای نماز عید دو روز پس جواز آن غیر ثابت والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا چه میفرمایند علمای دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئله که امامت نماز عید در مسجد محله باعتی نموده که منع فتوای مفتی شرع بود ...

که از حکم مفتی شرع خلاف ... روز دوم بمکان امیری نماز عید ادا نمود و زید مذکور
حسب ایمای مقتدیان در آن ... امامت نمود ... مقتدیان نیت روز اول نمود نه خواه
روز دوم پس این امامت جائز است یا نه و نماز هر دو یوم صحیح شد یا نه بینوا توجروا
هو المصوب در در مختار می‌نویسد و لو کانوا ببلدة لا حاکم فیها صاموا بقول ثقة
و افطروا باخبار عدلین مع العلة للضرورة انتهی و در رد المحتار می‌نویسد قوله صاموا
ای افتراضا قوله و افطروا ای ... اعتبار ... الظاهر ان المراد به الوجوب ایضا انتهی
ملخصا بنا بر علیه در صورت سوال هرگاه مفتی فتوی افطار داده بر تمام کسان افطار لازم
شده و ادای نماز عید در آن روز واجب گشته پس زید بروز اول اگر فتوی مفتی تسلیم
نکرده ... نماز عید بر خود واجب نفهمیده امامت کرده نماز مقتدیان که مودی نماز
عید بودند بسبب اقتدای او فاسد گشته و وبال آن بر ذمه امام لازم گردیده و اگر
عید واجب ادا کرده امامتش بروز دوم مفسد گردیده والله اعلم حرره الراجی
عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای شریعت محمدیہ اس صورت مین کہ قصبہ
دیوبند مین پانچ آدمیون نے ہلال رمضان شریف کو جمعہ کے روز کہ جسکا انتیس (۲۹)
تاریخ ہونا بشہادت ایک مرد اور خطوط مختلفہ اطراف و جوانب سے ثابت ہو چکا تھا
باوجود موجود ہونے ابر کے دیکھا پھر انہون نے حاجی محمد انور صاحب کے پاس گواہی
دی اور ادا ہوا ... ہلال کی شہادت کو قبول کیا اور اونکے نزدیک اور حاجی عابد حسین صاحب
کے نزدیک ... گواہون کی عدالت بہی تحقیق تام کے ساتھہ ثابت ہوئی اور باقی
مسطور ... پر بعد قبول ہو جانے گواہی کے شہر مین منادی حاجی عابد حسین صاحب
نے کروائی اور سب شہر والون نے ہفتہ کے روز روزہ رکہا اور کسی نے مخالفت نکی
پہر جب تیس روزے پورے ہو چکے تو شام تک باوجودیکہ مطلع صاف تھا چاند نظر نہ آیا

ہمکو تو یون ہی لازم تھا کہ حکم عید کرتے چنانچہ عبارت درمختار وغیرہ کی اسپر شاہد
ہے کہ بعد صوم ثلثین یقول عدلین محل الفطر لیکن بعد صلوٰۃ مغرب کے چوبیس
آدمیون نے جو خارج مصر سے چاند دیکھکر آئے اور انہون نے روبرو مولانا مولوی
محمد یعقوب صاحب کے حاضر ہوکر گواہی دی اور انہون نے قبول کی اور شہر سے متعدد
جگہہ سے خبرین آئین کہ فلانے مرد نے یا فلانی عورت نے چاند کو دیکھا ہے اور فلان
مکان بلند پر دو آدمیون نے دیکھا ہے اگر جمع عظیم کا خیال ہو تو عبارت درمختار کی
ملاحظہ فرمایئے قیل بلا علۃ جمع عظیم یقع العلم بخبرہم وہو مفوض الی رای الامام
من غیر تقدیر بعدد علی المذہب وعن الامام انہ یکتفی بشاہدین واختارہ فی البحر
وصحح فی الاقضیۃ الاکتفاء بواحد ان جاء من خارج مصر او کان علی مکان مرتفع اخبار
مع اللہ دین تو اوسوقت مولانا صاحب موصوف نے جمع عظیم مین بلند آواز سے پکار کر فرمایا
کہ ہمکو اس گواہی سے یقین حاصل ہوگیا ہے اور کل نماز عید کی ضرور ہوگی اور اگر بالفرض
یہہ گواہ بہی نہوتے تو ہمکو کل عید کرنے مین کچھہ نقصان اور ملامت نہ تہی اسوقت
یہہ سب کتابین فقہ کی موجود ہین جن صاحب کو کچھہ شک و شبہہ ہو تو نکال لین اوسوقت
سب نے حکم کو تسلیم کیا اور کسی نے چون و چرا نکی اور منادی بہی کی گئی اور صبح کے وقت
مختلف قصبات اور دیہات سے بہی چاند دیکھنے کی خبرین آئین اور نماز عید کی پڑہی گئی
مگر چند آدمیون نے انکار کیا اور شریک نہوئے دوسرے روز مولوی عبدالحق صاحب
جو ہمارے ساتھہ روزہ کے افطار کرنے اور صلوٰۃ عید کے بعد شریک تھے اونکو
مخالفین نے امامت کیلئے طلب کیا وہ فوراً اونکے ساتھہ روانہ صلوٰۃ عید کیلئے
ہوئے اتفاقاً وہان ایک شخص اور لگ گئے امامت اونکے کی لیکن خطبہ مولوی محمد نے
پڑہا لہذا آپ سب صاحبون کی خدمت شریف مین عرض ہے کہ موقع امامت
ہم ہین یا وہ غلطی ہمسے ہوئی یا اونسے یہہ منافقانہ چال اونسے ہوئی یا ہمسے

اگر اونسے غلطی ہوئی ہو تو اسپر مہر کرنا وہ ہمارے حکم کو غلط کہتے ہین اور اگر ہمسے
تقصیر ہوا ہے اور غلطی ہوئی تو مطلع کرنا جزاکم اللہ خیر الجزاء اور اگر ہم الحب للہ
البغض للہ کا خیال کرکے کچہہ تہوڑا سا اونسے اعراض کرین تو بہی ہے یا نہین
هو المصوب ماہر ضوابط شرعیہ و واقف کتب فقہیہ پر مخفی نہین ہے کہ اس صورت
مین خطا مخالفین سے ہوئی اور قابل ملامت وہی لوگ ہین بلکہ بسبب نہ تسلیم کرنے شہادت
وحکم مفتی ثقہ کے گناہ اونپر لازم مناسب ہے کہ اونکی تفہیم بطور مناسب کیجاوے
اور اونکی شبہات رکیکہ کا دفع کردیا جاوے اور اگر وہ نہ تسلیم کرین تو مقتضای قول
حق جل شانہ علیکم انفسکم لا یضرکم من ضل اذا اہتدیتم کہ مصداق اوسکا یہی زمانہ
پر جہالت و فتن ہے اور مضمون حدیث دع عنک امر العوام پر عمل کیا جاوے واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین محمدی صلعم اس مسئلہ مین کہ ایک شہر مین
۲۸ شعبان کو کہ بعض جگہہ کے ایک خط سے اوس روز وہان ۲۹ کا بہی خیال تہا چند
شخصون نے اگر شہادت رویت ہلال رمضان شریف کی دی مفتی نے شہادت
قبول فرماکر حکم روزہ کا دیا جبکہ تیئس روزے پورے ہوچکے اور اوس روز مطلع صاف
تہا کسیطرح کی کدورت نہ تہی ہلال شوال وہان کسیجگہہ کسیکو نظر نہ آیا مگر جس محلہ کے
آدمیون نے ہلال رمضان کی شہادت دی تہی اوسی محلہ کے لوگون نے کہ جو بہیل
مختصر تہے اگر شہادت رویت ہلال شوال کی دی مفتی نے حکم افطار کا دیا اور عید الفطر
کی بہی مگر دو سو آدمیون نے اونکی شہادت کو قابل سند نہ جانکر اوس روز تراویح
بہی پڑہی اور روزہ بہی رکہا دوسرے دن کہ سب شہر مین عید تہی اونہونے بہی عید کی
ان لوگون کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ کافر یا منکر کہلا سکتے ہین یا نہین اور وہ اس
[illegible] ہوگی کہ اونسے ترک سلام علیک کیا جاوے اور مصافحہ اونسے چہوڑا جاوے یا نہین

اور عید کے روز کی صبح تھی یا شگل کی اور ایک شخص ایسا ہے کہ اول روز سب کے ساتھ افطار
اور عید کر چکا تھا مگر جبکہ اوسکو یہ خبر معتبر ملی کہ اوس روز کسی جگہہ پر عید نہین ہوئی
فقط اوسی شہر مین ہوئی ہی تو اوسنے دوسری روز بہ نظر احتیاط دوسرے دن
عید مین جاکر نماز پڑہ لی اب اوس شخص کے واسطے کیا حکم ہے آیا وہ اس عمل سے کافر
یا منافق کہلا سکتا ہے یا نہین اور اوسکے پیچھے نماز جائز ہوگی یا نہین اور جو لوگ اول
روز افطار کر چکے ہین اونپر چونکہ سب جگہہ اوس روز روزہ تھا قضا اوس روزہ کی
آویگی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب ہرگاہ مفتی نے شہادت ہلال رمضان وہلال شوال کو قبول کر کے
حکم صوم و افطار کا دیا سب لوگون کو اوسکی تعمیل لازم و واجب ہوگی در مختار مین ہے
لو کانوا ببلدة لا حاکم فیہا صاموا بقول ثقة وافطروا باخبار عدلین مع العلة
للضرورة انتہی اور رد المحتار مین ہے قولہ صاموا ای افتراضا قولہ وافطروا
غیرہ لا باس والظاہر ان المراد بہ الوجوب انتہی بنا بر علیہ جن لوگون نے باوجود
گذرنے شہادت و حکم مفتی کے افطار نہ کیا اور دوسرے دن عید کی وہ گنہگار ہوئے
اونپر توبہ لازم ہے مگر اس سے وہ کافر نہین ہوگئے اور جو شخص دوسرے دن نماز
پڑہی باوجودیکہ اول روز پڑہ چکا تہا اوسنے فعل جہالت و حماقت کا کیا کیونکہ دو
دن نماز عید نہین چاہیئے مگر یہہ کہ اول روز کسی وجہ سے نہ پڑہی گئی ہو اور فقط یہہ
کہ اوس روز کسی جگہہ عید نہین ہوئی بعد گذرنے شہادت و حکم مفتی کے غیر معتبر
و لغو ہے اور جن لوگون نے بر بنای حکم مفتی افطار کیا اونپر قضا اوس روز کی ان
مقامات مین جہان روزہ تہا نہین لازم ہے بلکہ اونپر یہی لازم تہا جو اونہون نے
کیا کسی جگہہ عید ہونا مستلزم اسکو نہین کہ جہان شہادت گذر جاوے وہان بہی
عید ہووے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

واستشہاد موافق شرع شریف کے عمل مین نہین آئی ہے کیونکہ وہ لوگ جن سے علم
بیع کا شفیع کو حاصل ہوا تھا بقول شفیع اوس وقت موجود تھے شفیع نے اونکو چھوڑکر
طلب استشہاد بقول خود بائع غیر ذی ید سے جو ایک گاؤن مین شہر سے بفاصلہ
ایک کوس کے رہتا تہا کی وطلب مواثبت واستشہاد منظرہ اپنے مین شفیع نے حدود
اربعہ مکانات مشفوعہ کا بیان نہین کیا ہے پس قریب کو چھوڑکر بعید سے استشہاد کرنا
وبصورت موجود ہونے گواہ کے اپنی طلب پر گواہ نکرنا وحدود اربعہ مکانات مشفوعہ کا
بیان نکرنا بموجب فتاوی عالمگیری و شامی وہدایہ وغیرہ کے مبطل شفعہ ہے زید موجب
کتب مذکورہ کے یہہ بھی اعتراض کرتا ہے کہ چونکہ طلب استشہاد خود بقول شفیع بہ توقف
عمل مین آئی لہذا وہ بھی مبطل شفعہ ہے بنابرآن سوال یہہ ہے کہ آیا طلب مواثبت
واستشہاد موافق شرع شریف مذہب حنفیہ منجانب شفیع کے عمل مین آئی ہے
یا نہین یا کہ اعتراضات مظہرہ مشتری صحیح ہین اور وارد ہوتے ہین بینوا توجروا

ہوالمصوب عذر اول کہ شفیع نے دونون طلب کے وقت حاضرین کو گواہ نہین
بنایا پس اسوجہ سے کہ گواہ بنانا طلب مواثبت مین لازم نہین غیر معتبر ہے ہدایہ مین ہے
والاشہاد فیہ لیس بلازم وانما ہو لنفی التجاحد انتہی اور نہایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے
وذلک لان طلب المواثبة لیس لاثبات الحق وانما شرط ہذا الطلب لیعلم انہ غیر
معرض عن الشفعة وغیر راض بجوار ہذا الدخیل والاشہاد لیس بشرط فیہ انتہی
اور عنایہ حاشیہ ہدایہ مین ہے الاشہاد فی ذلک لیس بشرط انتہی اور درمختار کے باب
طلب الشفعہ مین ہے الاشہاد فیہ لیس بلازم بل لمخافة التجحد انتہی اور طلب اشہاد
مین جو بعد طلب مواثبت کے بائع یا مشتری یا عقار کے پاس ضرور ہے اگرچہ
ظاہر ہدایہ اور بہت کتب فقہ سے معلوم ہوتا ہے کہ گواہ بنانا ضرور ہے مگر معتبر یہ ہے
کہ اس طلب مین بہی ضرور نہین ہے رد المحتار حاشیہ درمختار مین ہے اقول ظاہر

عبارتهم لزوم الاشهاد فيه لكن رايت فی الخانية انما يسمى الثانی طلب الاشهاد
لا لان الاشهاد شرط بل ليمكنه اثبات الطلب عند جحود الخصم انتهى اور نتائج الافكار
حاشيه ہدايہ میں ہے يمكن ان يمنع لزوم الاشهاد فی طلب التقرير يعنی طلب الاشهاد
ايضا بناء على ما ذكره قاضيخان فی فتاواه حيث قال وانما يسمى الثانی طلب
الاشهاد لان الاشهاد شرط بل ليمكنه اثبات الطلب عند جحود الخصم انتهى فانه
يدل على ان الاشهاد فی طلب التقرير ليس بلازم بل انما هو لنفی التجاحد كما
فی طلب المواثبة وبناء على ما ذكره صاحب الهداية حيث قال واما الاشهاد على
هذا الطلب فليس بشرط وانما هو لتوثقه على تقدير الانكار كما فی طلب الاول انتهى
اور عذر دوم اسوجہ سے غیر معتبر ہے کہ طلب اشہاد میں اسی قدر ضرور ہے کہ یہ
طلب بائع کے پاس ہو یا مشتری کے پاس یا شئے مبیعہ کے پاس عام ازینکہ بائع یا مشتری
ذو الید ہو یا نہو اور ذو الید کو چھوڑ کے غیر ذو الید کے پاس طلب کرنا مبطل شفع
نہیں ہے رد المحتار میں باب ما یبطل الشفعة میں ہے تقدم انه یصح الاشهاد علی المشتری
وان لم یکن المشفوع فی یده وکذا علی البائع وان لم تکن الدار فی یده استحسانا کما
ذکره شیخ الاسلام انتهى اور فتاوی عالمگیریہ میں ہے ان کان المبیع فی ید المشتری
ذکر الکرخی فی النوادر انه لا یصح الاشهاد علی البائع ونص محمد فی الجامع الکبیر انه
یصح الاشهاد علیه بعد تسلیم المبیع استحسانا لا قیاسا کذا فی محیط السرخسی انتهى اور عذر عدم
بیان حدود مکان کا بھی غیر معتبر ہے اسوجہ سے کہ اگرچہ ہدایہ وغیرہ کی ظاہر عبارات
سے معلوم ہوتا ہے کہ ذکر حدود ضرور ہے لیکن معتمد یہ ہے کہ یہ شرط اولویت ہے
نہ شرط لزوم جامع الرموز میں ہے لا بد ان یبین حدود الدار مع کل واحد من
مراتب الثبوت کما فی قاضیخان لکن فی الکافی وغیره ان تبیین هذه الامور لیس بلازم
[illegible] منه انتهى اور عذر توقف کا طلب اشہاد میں اسوجہ سے غیر معتبر ہے کہ طلب اشہاد کو

کیجیے فی الفور ہونا نہیں ضرور ہے اور نہ کوئی مدت خاص یا مسکی مقرر ہے کہ اوس کی
تاخیر کرنا مبطل شفعہ ہووے بلکہ مدار تمکن پر ہے جیسا کہ جامع الرموز میں ہے
انما ذکر کلمة ثم اشارة الی ان مدة هذا الطلب لیست علی فور المجلس بل مقدرة
بمدة التمکن من الاشهاد کما فی النهایة وغیرہ انتهی باقی رہا یہ عذر کہ قریب کو چھوڑ کے
شفیع نے بعید کے پاس طلب اشہاد کیا علی الخصوص جبکہ بعید یعنے بائع اوس مصر میں تھا
اور مکان مشفوع بہ اور مشتری شہر میں تھا پس اگرچہ یہ امر مختلف فیہ ہے کہ قریب
کو چھوڑ کے بعید سے طلب کرنا مبطل شفعہ ہے یا نہیں لیکن اکثر کتب معتبرہ سے
یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ امر مبطل شفعہ ہے جامع الرموز میں ہے فیہ اشارة الی ان
لا اشهاد عند ابعد هولاء مع الاقرب علی ما قال بعض المشایخ وذهب آخرون
الی انه انما یشهد عند الاقرب کما فی المحیط وغیرہ انتهی اور حاشیہ درمختار مسماة
بتعالیق الانوار میں شرنبلالیہ سے منقول ہے لو قصد الابعد من هولاء الثلثة
وترک الاقرب فان کانوا جمیعا فی المصر جاز استحسانا وان بعضهم فیه والبعض
فی مصر آخر او فی الرستاق فقصد الابعد وترک الذی هو فیه بطلت شفعته
قیاسا واستحسانا کما فی التبیین اور رد المحتار میں خانیہ سے منقول ہے ان کان
المتبایعان والشفیع والدار فی مصر والدار فی ید البائع فالی ایهم ذهب الشفیع
وطلب صح ولا یعتبر فیه الاقرب والابعد لان المصر مع تباعد اطرافه کمکان
واحد لانه مختار علی الاقرب ولو یطلب فتبطل وان کان الشفیع وحده فی مصر
آخر فالی ایهم ذهب صح وان احد المتبایعین فی مصر الشفیع فطلب من الابعد
بطلت انتهی اور ایسا ہی فتاوی عالمگیری وغیرہ میں ہے مگر یہ حکم اوس صورت
میں ہے جبکہ اقرب کو بالکل ترک کر دے اور ابعد سے طلب شفعہ کرے اور صورت
مسئول عنہا میں اقرب سے بالکلیہ ترک نہیں پایا گیا اس وجہ سے کہ شفیع نے

طلب اشہاد بائع و مشتری دونوں سے کی غایۃ الامر یہہ کہ اوسنے بائع کی بدین
خیال کہ وہ قابض ہوگا اور کسی وجہ سے تقدیم کی اس لیے جسقدر تاخیر طلب
اشہاد کی مشتری سے لازم آئی وہ مبطل شفعہ نہین کیونکہ قرائن حالیہ اس امر
پر قائم ہین کہ یہہ تاخیر بغرض اعراض نہین اور ایسی تاخیر طلب اشہاد کی جو بغرض
اعراض ہو مبطل نہین عینی بنایہ شرح ہدایہ مین لکھتے ہین اما اذا کان ھناک
مانع و الظاہر انہ ترک الاشہاد لا للاعراض فلا یسقط حقہ انتہی اور یہہ بہی
لکھتے ہین ثم اذا تأخر بعذر کان کما اذا علم فی اللیل فاخر الی الصبح او اقیمت الصلوۃ
ویخاف فوت الصلوۃ فاخرہ لا یسقط شفعتہ انتہی علاوہ ازین شفیع نے جسوقت
طلب مواثبت دو گواہون کے سامنے کی اوسوقت وہ ایک دار مین او نہین دارون
سے جنکی طلب مقصود تہی موجود تہا یعنی طلب اوسکی قائم مقام دونون طلب کے
ہوگئی اور تاخیر اقرب و تقدیم ابعد بہی نہین لازم آئی عینی شرح ہدایہ مین لکھتے
ہین فی مبسوط شیخ الاسلام الشفیع انما یحتاج الی طلب الاشہاد بعد طلب
المواثبۃ اذا لم یمکنہ الاشہاد عند طلب المواثبۃ بان سمع الخبر حال غیبۃ
البائع والمشتری والدار اما اذا سمع المشتری عند حضرۃ ہؤلاء و طلب
المواثبۃ و اشہد علی ذلک فذلک یکفیہ ویقوم مقام الطلبین انتہی اور
یہہ بہی لکھتے ہین حتی لو سمع الشفیع عند حضرۃ احد من البائع والمشتری
او عند الدار و وجد عندہ طلب المواثبۃ و اشہد علی ذلک یکفیہ ویقوم ذلک
مقام الطلبین کذا فی الفتاوی الظہیریۃ انتہی الحاصل صورت سوال مین
بجمیع ضوابط شرعیہ تحقق طلب مواثبت و استشہاد کا ہو گیا اور حق شفعہ
ثابت ہو گیا اور اعتراضات مشتریہ کے قابل اعتبار نہین ہین واللہ اعلم
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا علمای دین و مفتیان شرع متین سے سوالات موافق تفصیل ذیل کے ہین امید کہ جوابات اونکے مدلل بآیات و احادیث یا قول فقہا کے مع عبارت کتب فقہ تحریر فرماوین اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیعُ اَجرَ المُحسِنِینَ فقط

مطلع جس دن ابر و غبار آسمان پر ہو تو رویت ہلال رمضان کے واسطے ایک عادل یا مستور الحال کی گواہی مقبول ہے پس اگر ایک رائی سے زیادہ ہون تو بھی عدالت شرط ہے یا نہیں اگر نہین تو بروز ابر و غبار ما فوق واحد کتنے شخص ہونا چاہیے ۔ ابر و غبار کے دن رویت ہلال شوال مین دو مرد عادل کی گواہی مقبول ہے اور اگر دو سے زیادہ ہون اور زیادہ لوگون کو رویت ہو تو بھی اون سب مین عدالت شرط ہے یا نہین اگر نہین تو کتنے اشخاص ہونا چاہیے اور مطلع صاف ہو پر تو شہادت جمع کثیر کی چاہیے کہ اقل درجہ پچاس آدمی ہین مگر حالت غیم و غبار مین اگر تین آدمی سے لیکر دس آدمی تک کو رویت ہو تو بھی عدالت ضرور ہے یا محض اسلام بس ہے ۔ اگر ایک شہر مین رویت ہلال رمضان کی شنبہ کو ہوئی اور دوسری شہر مین یکشنبہ کو اور کسی نے اوس شہر مین اپنے کسی دوست یا قریب کے خط لکھا کہ یہان رویت شنبہ کو ہوئی مگر مینے نہین دیکھا یا لکھا کہ مینے بھی دیکھا اس صورت مین اوسکی تحریر کے تمسک سے اس شہر والون پر روزہ لازم آتا ہے یا نہین اور شہادت خطوط سے ثبوت رمضانیت ہو سکتی ہے یا نہین اگر ہو سکتی ہے تو خط عامی کا طرف عامی کے یا خبر اخبار مطبوعہ کافی ہے یا کتاب القاضی الی القاضی ضرور ہے چونکہ کتاب القاضی الی القاضی معاملات مین سوای حدود و قصاص کے واسطے دفع حرج کے جواز رکھتے ہین بشرطیکہ دو گواہ اوپر کتابت اور مہر قاضی مرسل کے محکمہ مرسل الیہ مین مع خط مسجل کے حاضر آوین پس شہادت ہلال کے ساتھ بھی دو گواہ بابت کتابت اور مہر قاضی مرسل الیہ کے محکمہ مین حاضر

شرط ہے یا محض خط متضمن رویت کا کافی ہے ۔ خبر تار برقی سے رمضانیت
وعید الفطر ثابت ہوتی ہے یا نہیں ۔ شہر مین نماز عید الفطر کی مثلا سہ شنبہ کو
ہوئی اور توپین موافق عادت کے چلین اور دیہات مین آواز سنائی دی گئی پس
دیہات کے لوگون کو توپو[...] روزہ افطار کرنے کا حکم ہے یا نہیں ۔
اگر ایک شخص یا دو شخص [...]ن خبر دی کہ کل چاند عید الفطر کا بلدہ مین
نظر آیا اور آج شہر مین [...]یا تیون کو اونکے کہنے سے افطار کرنا چاہیے
یا نہیں یا کسی شخص نے کہ[...] قاضی نے مجھے خبر کرنے کو بھیجا ہے کہ آج عید ہے
پس اوسکے قول پر عمل کرنا چاہیئے یا نہیں ۔ لکل اہل البلد رویتہم اس حدیث
پر عمل کرنا جائز ہے یا نہیں بینوا توجروا ۔

ج جواب سوال اول ظاہر کتب فقہیہ سے معلوم ہوتا ہے کہ ثبوت
[...]ن مین عدالت غیر مشروط ہے صرف مستور کافی ہے خواہ ایک ہو خواہ زیادہ
زیادہ کی حالت ابر وغیرہ مین کوئی حد مقرر نہیں ۔ جواب سوال دوم عید کے
[...] حالت ابر وغبار مین صرف دو گواہ عادل ضرور ہین باقی اور زائد اگر ہون
[...] نہ بھی ہون تو کچھ حرج نہیں اسوجہ سے کہ ثبوت ہلال عید نصاب
[...] سے ہو جاوے گا اور باقی ناس کا قول مؤید و معین سمجھا جاوے گا
[...] سوم وچارم اس باب مین صرف خبر تار یا تحریر خطی کافی نہیں جب تک
[...] قاضی الی القاضی کی تحریر نہ پہونچے قاعدہ الخط یشبہ الخط کا مشہور
[...] تار مین مذکور ہے فیلزم اہل المشرق برویة اہل المغرب اذا ثبت
[...] لک بطریق موجب انتہی رد المحتار مین ہے کان یتحمل اثنان
[...] حکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی جواب سوال پنجم افطار کرنا
[...] ہے کہ توپین چلنا موافق عادت شایعہ کے موجب ظن عید ہے

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی ۃ [ابو الحسنات محمد عبد الحی]

استفتا مسماۃ اشرف النساء بالغہ نا کتخدا ہے اور ماں باپ بہائی بہن دادا دادی نانا نانی خالو خالہ پہوپہا پہوپہی اسکی نہین ہین مگر محمد حسین و احمد حسین دو ماموں حقیقی اور مسماۃ صغری ایسی پہوپہی کہ جسکا دادا اور اشرف النساء مذکورہ کے باپ کا دادا باہم دونوں حقیقی بہائی تہے اور صغری مذکور کا پسر عزیز الدین جو اشرف النساء مذکورہ کی علاتی ہمشیر متوفی کا شوہر ہے اور اوسی علاتی ہمشیر متوفی کا پسر نابالغ محمد اسحاق اور چند عصبہ اشرف النساء مذکورہ کے یعنے جد الجد کے جد کی پوتی پوتی کی پسر موجود ہین تو اس صورت مین اشرف النساء مذکورہ کے نکاح کا ولی کون ہے پردہ عمل اگر نکاح اوسکا کسی بالغ یا نابالغ کے ساتھ پڑہ دے تو اشرف النساء مذکورہ کی پرورش اور اوسکے مال کی حفاظت و انتظام کس مدت تک کون کریگا وہی پہوپہی یا ماموں یا عصبہ مذکوران یا اشرف النساء مذکورہ کا بالغ یا نابالغ شوہر یا اور شافعی کی نماز رجب وہ مدت پرورش و حفاظت و انتظام مال و استخفاف شافعیہ ہے نہیں تے تک کون کریگا فقط

ہو المصوب عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی و الخفی [ابو الحسنات]

الولی فی النکاح العصبۃ ... بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ و نصلی علی محمد و آلہ و صحبہ الکریم ۔ اما بعد بعالی خدمت فیض الارث والحجب فانکہ دان کلام الٰہی یابندہ رموزات احادیث مصطفوی امام العلماء قدوۃ البنت ثم بنت الابن ... اولانا مولوی حافظ محمد عبد الحی صاحب قبلہ ادام اللہ تعالے فیوضہا ثم ولد الام ثم لذوی الارحام ... آداب تسلیم واضح رای شریف ہووے کہ عنایت نامہ و الاسع فتوی التہنیا ... انتہی آمروز بار بسکینان ۲۹ شعبان روز پنجشنبہ وصول مسرت شمول ...

الاب و وصیہ و الجد و وصیہ القاضی ...

نفقۃ الصبی بعد الفطام اذا کان لہ مال فی م...

وان کان المیت ترک اموالا و ترک اولادا صغارا ...

باب الولایۃ

از مولوی محمد ممتاز حسین ... ۱۸ ذیقعدہ روز یکشنبہ ...

وکذا کل من یکون وارثا تنفقته فی نصیبه وبعد حد لینظران کان المیت قد اوصی الی رجل فالوصی ینفق علی الصغار من انصبائهم وان کان لم یوص الی احد فالقاضی یفرض لکل واحد من الصغار فی نصیبه بقدر ما یحتاج الیه من النفقة علی قدر سعة اموالهم وضیقها انتہی پس صورت سوال مین متولی نکاح اشرف النساء کا عصبہ ہوگا اور پرورش اوسکی اور صرف اوسکا تا زمان بلوغ اوسکی حصے اشرف النساء کے حصہ ترکہ سے کیا جاویگا اور انتظام اوسکے صرف کا اور حفاظت و انتظام مال کی متعلق ساتھہ وصی پدر یا وصی پدر پدر کے اگر پدر نے یا پدر پدر نے وصی کیا ہو متعلق رہیگا اور بر تقدیر فقدان وصی اب وجد کے انتظام اوسکا تا زمانہ بلوغ قاضی یا نائب قاضی کے ساتھہ متعلق ہوگا اور بعد بلوغ وہ مال اوسکے سپرد کر دینا چاہیے واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ختم اللہ

استفتا چہ میفرمایند علمای دین و مفتیان شرع متین درین مسئلہ کہ زید بشرکت و اعانت ہفت کس عمرو را بآلہ جارحہ عمداً قتل کرد و ورثای عمرو مقتول پنج کس شہود معاینہ و اثبات پیش قاضی گذرانیدند شہود متفق اللفظ و المعنی ادای شہادت کردند علاوہ برین قاضی نیز بر موقع قتل تشریف آوردہ از اہل محلہ و دیگر کسان تحقیقات فرمود غرض کہ قتل کردن زید عمرو را بآلہ جراحت از دست خود و ہمراہ و مددگار بودن دیگر کسان ثابت گردید و زید مذکور پیش قاضی از قتل عمرو انکار کرد و گفت کہ ہمان روز تا آن وقت فلان جا بودم گواہان نفی تواتر من سماعت فرمودہ و شیر کا زید نیز این چنین اظہار کردند این قول مدعا علیہم قبول قاضی نگردید و گواہان نفی سماعت نہ فرمود چنانچہ زید را بقصاص رسانید و ہمراہیان زید را حبس ہفت سال و شش سال تجویز نمود باقی مدعا علیہم محبوس از تجویز قاضی ناراض گردیدہ

درخواست سماعت گواہان نفی تواتر نمودند پس درین حال کہ بوثوق شہادت
بیج کس شہود معائنہ واثبات قاضی قصاص زید کنانید و سماعت گواہان نفی
مدعا علیہم لغو بود بعد قضای قاضی سماعت کردن گواہان نفی تواتر بمقابلہ حجین گواہان
معائنہ واثبات کہ از شہادت آنہا قصاص زید گردیدہ عند الشرع شریف قابل
قبول ہست یا نہ

هو المصوب ہرگاہ قاضی اول بوثوق شہادت ومعائنہ وغیرہ حکم قصاص
وغیرہ دادہ وتعمیل حکم آن ہم کردہ شدہ ومدعی علیہم قبل ازان بشہادت نفی متواتر
کہ اظہار آن می سازند مرافعہ نکردند پس اکنون قول ایشان غیر معتبر وشہادت شان
غیر مقبول خواہ گشت باقتضای عبارت تنقیح الفتاوی الحامدیۃ در کتاب الدعوی
فی الکافی فی کتاب الشہادۃ اذا تضمنت الشہادۃ نقض قضاء ترد انتہی واللہ
اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ زید نے
ہندہ سے نکاح کیا اور بعد نکاح کے چہ مہینے تک ہندہ زید کے مکان پر رہی
بعد اسکے بطیب خاطر میکے مین آئی پہر جتنے مرتبہ زید نے بلانے کے واسطے آدمی
ہندہ کے پاس بہیجا ہر بار والد ہندہ نے کسی نہ کسی حیلہ سے ٹال دیا حتے کہ ایک
سال اسی لطائف الحیل مین گذر گیا بالآخر بحالت مجبوری زید نے بعدالت
منصفی نالش رخصتی کی دائر کی اور والد ہندہ نے درخواست خلع اور تفریق کی
اوسی عدالت مین کی حالانکہ زید مین کسی نوع کا عیب جو موجب خلع وتفریق ہو
نہین پایا جاتا بجز شرارت ہندہ یا والد ہندہ کے دوسری وجہ معلوم نہین ہوتی
اور نہ زید خلع وتفریق پر راضی ہے پس ایسی صورت مین حاکم وقت جبراً خلع و
تفریق کرا دینے کا مجاز ہے اگر مجاز ہے تو بشرط تراضی طرفین یا صرف برضای ہندہ

اگرچہ زید راضی نہو بینوا بسند الکتاب توجروا یوم الحساب

ہو المصوب چونکہ خلع طلاق بائن ہے اور طلاق بغیر رضای شوہر کے اور اوسکے تکلم کے ساتھ الفاظ طلاق کے نہین واقع ہو سکتا ہے پس ایسی خلع بغیر رضا و قبول شوہر نہین ہو سکتا ہے فتاوی عالمگیریہ مین ہے شرطہ شرط الطلاق وحکمہ وقوع الطلاق البائن کذا فی التبیین انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولہم رحمہم اللہ تعالی اس مسئلہ مین کہ ہندہ اور زینب وغیرہ دعوی اشیای متعددہ از قسم نقد و غیر نقد مکانات و دو زنجیر فیل بنام نہاد ترکہ پدری زید پر اور خود قابض اشیای مذکور ہا پر دائر کیا اور ثبوت مین اوسکے چند گواہ اقرار زید پر بہ نسبت دینے حصۂ فرائضی مدعیات کے اشیای مذکورہ مین سے اور دو گواہ اوپر خریدنے مورث مذکور کے ہر دو زنجیر فیل بروپیہ خود اور قبضہ ہونے اوسکے کے گذارے مگر بیان ان دو گواہون خرید کا متفق اوپر ایک قیمت کے نہین ہے ایک گواہ خرید ایک قیمت سے بیان کرتا ہے اور دوسرا دوسری سے اور کوئی گواہ سوا ان دو گواہون کے جو نسبت ہر دو زنجیر فیل کے گذارے ہین نسبت باقی اسباب کے بہ ثبوت ملکیت مورث کے پاس مدعیات کے نہین اور زید نے جواب و دفع دعوے مین انکار ہونے اشیای مذکور ہا سے ملک مورث کی اور ہونا ملک اپنی اور اقرار مورث کا حالت صحت مین ساتھ ہونے ان اشیا کے ملک زید کی نہ اپنی تحریر کیا اور اس اقرار مورث کو بخوبی گواہی گواہون سے ثابت کر دیا پس بموجب اس روایت عالمگیری کے دفع فتاوی رشید الدین میراثا من ابیہ واقام بینۃ واقام المدعی علیہ بینۃ ان اباک اقر حال حیاتہ انہ ملکی یسمع ہذا الدفع فلو اقام المدعی بینۃ انک اقررت ان ہذہ الدار ملک ابی

وحقه يقبل هذا الدفع ايضا وقد تعارض الدفعان فتقبل بينة الارث بلا معارض
انتہی حاکم اشیای مذکورہ کو ترکہ مورث قرار دیکر حصہ فرائضی مدعیات کو انہین
سے دلوا سکتا ہے یا نہین بینوا توجروا ۔

الجواب واللہ سبحانہ الموفق للصواب صورت مسئولہ مین حاکم
اشیای مذکورہ مین سے حصہ فرائضی مدعیات کو نہین دلوا سکتا اسلیئے کہ اس
روایت سے تو بخوبی یہہ امر واضح ہے کہ اقرار مورث کا جو ثابت کیا مدعی علیہ نے
اپنے گواہون سے اپنے حق مین اور اقرار مدعا علیہ کا نسبت میراث ہونے شئے
مدعی بہ سے جو ثابت کیا مدعی نے اپنے گواہون سے دونون بسبب تعارض کے
ساقط ہونگے اور اصل گواہ میراث کے مقبول و معتبر ہونگے پس اب جای لحاظ
یہہ امر ہے کہ جبکہ اقرار مورث اور اقرار زید ہر دو بموجب روایت ہذا کے ساقط
ہوگئے پس ثبوت مگر میراث کا ان گواہون سے ہے یا نہین پس وہ نہین ہے
اسواسطے کہ شہود دیگر گواہون میراث کا نسبت مکانات وغیرہ سوای ہر دو زنجیر فیل
کے تو اظہر من الشمس ہے باقی نسبت ہر دو زنجیر فیل کے سو انکا میراث ہونا بھی ان
دو گواہون سے ثابت نہین ہے بسبب نہونے نصاب شہادت کے اوپر ایک قیمت
معین کے قال فی الهداية ومن شهد لرجل انه اشترى عبد فلان بالف وشهد
اخر انه اشتراه بالف وخمسمائة فالشهادة باطلة لان المقصود اثبات السبب و
هو العقد ويختلف باختلاف الثمن فاختلف المشهود به ولم يتم العدد على كل واحد
ولان المدعي يكذب احد شاهديه وكذلك اذا كان المدعي هو البايع ولا فرق
بين يدعي المدعي اقل المالين واكثرهما فيما بيناه انتهى پس جبکہ کسی شئے مین اشیای
مذکورہ سے ثبوت ترکہ مورث نہوا تو انہین سے حصہ فرائضی مدعیات مجروہ کو دلوا
نہ سکنا اصلا متصور نہین فقط واللہ سبحانہ تعالی اعلم ۔ المجیب محمد عبد القادر عفا عنہ

بی شبہ یہ روایت عالمگیری واسطے دلوانے حصہ فرائض کے صورت مسئولہ میں
کافی نہیں فقط العبد محمد امداد حسین عفا عنہ - اصاب من اجاب واللہ اعلم
بالصواب - قد صح الجواب واللہ اعلم بالصواب
فی الواقع بمقتضای روایت عالمگیری صورت مذکورہ بدون اثبات بینہ میراث
کے حصہ میراث نہیں مل سکتا ہے واللہ اعلم - حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحئی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین و مفتیان شرع متین اس
باب میں کہ اگر بنظر ترویح مصلین اور زینت مساجد جسطرح سے کہ فرش عمدہ اور
شامیانہ وغیرہ سے کیجاتی ہے موسم گرما میں فرشی پنکھا بھی مسجد میں لگایا جاوے
اور اوقات مناسب پر اوسکا استعمال کیا جاوے فقط

ھو المصوب مسجد میں پنکھا فرشی لگانا فی نفسہ مباح ہے کوئی ممانعت شرعیہ
اسمیں نہیں ہے اور نہ کوئی روایت فقہیہ معتبرہ اسمیں نظر سے گذری البتہ ابن الحاج
مالکی نے مدخل میں تحریر کیا ہے ینبغی لہ ان یتحفظ من ھذہ المراوح ان کان فی المسجد
اذ انھا بدعۃ وقد انکر مالک ھذہ الاشیاء التی تعھد فی البیوت ان تعھد فی المساجد
لانھا لم تکن من فعل السلف وان کانت مباحۃ فی غیرہ انتہی لیکن پر ظاہر ہے
کہ اسکا بدعت شرعیہ موجب ضلالت ہے ہونا نہیں صحیح ہے کیونکہ بدعت شرعیہ
عبادات میں ہوتی ہے نہ مباحات میں اسیوجہ سے طرق مباحہ ملبس و مسکن
و مطعم وغیرہ میں بالاتفاق باعث ضلالت نہیں ہیں گو محدثات سے ہوں
البتہ بدعت لغویہ و بدعت مباحہ ہے پس بلحاظ کمال اتباع سلف صالحین کے
اسکا اولی ہوگا اور ارتکاب اسکا موجب ضلالت یا کراہت نہیں ہو سکتا
خصوصاً جبکہ مقصود اوس سے آرام دینا نمازیوں کو اور راحت پہونچانا ہو

مجلس کو ہو فانما الاعمال بالنیات وانما لکل امرء ما نوی اور کتب فقہیہ میں نظائر
اسکے بہت موجود ہیں کہ زمنہ سابقہ میں اونکا وجود نتھا مگر بسبب اغراض صحیحہ
کے حکم اوسکے جواز کا دیا گیا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۱۶
استفتا بطور شوق کوئی جانور چرند یا پرند پالا گیا ہو اوس میں
گناہ ہے یا نہیں اگر گناہ ہے تو کفارہ سے آگاہی بخشیے اور شکار کے بارے
میں کیا فرماتے ہیں

ہو المصوب جانور پالنا بطور شوق کے درست ہے بشرطیکہ اوسکو تکلیف
نہ دے چلپی شرح مختصر قدوری میں ہے لا باس بحبس الطیور والدجاج فی بیتہ
ولکن یعلفہا انتہی اور رد المحتار میں فتاوی قاری الہدایہ سے منقول ہے
یجوز حبسہما للاستیناس انتہی اور جامع الرموز میں ہے لا باس بحبس الطیور
والدجاج فی بیتہ ولکن یعلفہا وہو خیر من ارسالہا فی السکک انتہی اور
شکار کرنا جائز ہے بشرطیکہ محض تلعب وایذای حیوانات مقصود نہو اور بعضوں
نے حرفہ بنا لینا مکروہ لکھا مگر صحیح یہ ہے کہ نہیں مکروہ ہے بزازیہ میں ہے
الصید مباح الا للتلہی او حرفۃ انتہی اور حواشی اشباہ للحموی میں ہے
فیہ نظر لانہ نوع اکتساب بما ہو مخلوق لذلک والاکتساب مباح فیباح
کالاحتطاب انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا اکثر علمای دین تحریر فرماتے ہیں کہ روح میت یک چلہ
کم و زیادہ اپنے گھر میں بعدہ ایک سال تک قبر پر رہکر مقام علیین وغیرہ کو
جاتی ہے پس صحیح تر نزدیک اہلسنت کیا ہے

کتاب الحظر والاباحۃ

کتاب الجنائز

ھو المصوب ظاہر احادیث سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ بعد قبض کے روح علیین کو جاتی ہے بروایت بزار میں ہے فاذا اخرجت روحہ وضعت علی ذلک المسک والریحان وذھب بہ الی علیین اور یہ امر کہ ایک جگہ گھر میں اور ایک سال قبر پر رہکر علیین کو جاتی ہے نہیں ثابت ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مسئلہ ۲۱۴ استفتا آپ نے فرمایا کہ بہشت میں ملاقات ہوگی مگر یہ نہ معلوم ہوا کہ جورو خصم و لڑکے وغیرہ مانند یہاں کے یکجا رہیں گے یا نہیں

ھو المصوب جب جنت میں جاوینگے تو مانند یہاں کے سب یکجا رہینگے اور اگر مراتب درجات مختلف ہونگے تو ایک کے درجے میں دوسرے جاکے یا پاس پہونچ کے ملاقات کرسکیں گے تفصیل اسکی بدور سافرہ فی احوال الآخرہ میں موجود ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مسئلہ ۲۱۵ استفتا جب مریض بمرض شدید ہبہ سادہ کرے اور پہر مرض میں اوسکے افاقہ و تخفیف ہو جاوے حتے کہ اوسکو کوئی خطرہ ہلاک کا نرہے اور غالب گمان عافیت و سلامت کا ہو اور وہ سال کے اندر ابتدای مرض اول سے بوجہ مرض جدید مرجاوے تو وہ واہب مریض بمرض الموت متصور ہوگا یا نہیں اور مرض کیا مرض سابق سے باوجود عدم خوف ہلاک خلل ہبہ میں ہوگا یا نہیں ہوگا تو جروہ؟

ھو المصوب موت قبل گذرنے ایک سال کے امراض ممتدہ میں مطلقا مانع نفاذ ہبہ وغیرہ تبرع مال سے نہیں ہے بلکہ جب خوف ہلاکت ہو ورنہ نہیں صورت مذکورہ میں وہ شخص واہب مریض بمرض الموت متصور نہوگا اور بقای مرض سابق سے اور موت اوسکے سے اندر ایک سال کے بوجہ شدت مرض

باوجود عدم ظن غالب مدت کے مرض سابق سے ہبہ مین خلل نہوگا وقایہ
اور اوسکی شرح لشیخ الدین الہروی مین ہے وھبۃ مقعد ومفلوج واشل
ومسلول یجوز من کل مالہ کھبۃ الصحیح ان طالت مدتہ الی مدۃ کل واحد من
ہذہ الامراض وقد روہ بسنۃ کما فی الہدایۃ وغیرہا فانہ اذا طالت المدۃ
صار بمنزلۃ طبع من طبائعہ ولم یخف موتہ منہ غالبا بان لا یحس ازدیادہ
شیئا فشیئا کالعمی فکان صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح والا ای وان لم تطل
مدتہ وکان بحیث یزداد حالا فحالا ویخاف فیہ الہلاک غالبا فمن ثلثہ انتہی
ملخصا اور شرح مختصر وقایہ للبرجندی مین ہے مرض الموت ما یکون سببا
للموت وذلک اذا کان یزداد حالا فحالا الی ان یکون آخرہ الموت فاذا استحکم
ولا یزداد بعدہ لم یکن سببا للموت وصار صاحبہ فی التصرف بمنزلۃ الصحیح انتہی
اور عینی رمز الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین والا فمن ثلثہ ای ان لم یتطاول
علیہ ذلک بحیث قد خاف منہ یکون کالمریض لانہ حینئذ یکون سببا للموت غالبا
انتہی اور زیلعی تبیین الحقائق شرح کنز الدقائق مین لکھتے ہین ای ان لم یتطاول
یعتبر تصرفہ من الثلث اذا کان صاحب فراش ومات منہ فی ایامہ لانہ فی
ابتدائہ یخاف منہ الموت ولہذا یتداوی فیکون مرض الموت انتہی اور منح الغفار
شرح تنویر الابصار مین ہے وھبۃ مقعد ومفلوج واشل ومسلول من کل مالہ ان
طالت مدتہ سنۃ ولم یخف موتہ منہ والا ای وان لم تطل المدۃ وخیف موتہ منہ فمن
ثلثہ انتہی اور شمنی شرح مختصر وقایہ مین لکھتے ہین والا ای وان لم تطل مدتہ وخیف
موتہ منہا ومات فمن ثلثہ لا تفاق ابتدائہا یخاف منہا الموت ولہذا یتداوی
منہا فیکون مرض الموت انتہی ان سب عبارات سے یہ بات ثابت ہے کہ صرف سال کے
اندر مرجانے سے ہبہ ساقط نہین ہوگا مگر جبکہ خوف ہلاک غالب ہو اور موت [illegible]

سابق سے واقع ہو وے ورنہ نہ واللہ اعلم۔ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات
محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا سوالات، سوالات متعلقہ مقدمہ مذکورہ کہ بذریعہ وکیل عدالت بہ
سوالات بتاریخ ۱۷ جنوری ۱۸۸۳ء آمدہ بود حضرت مولانا واستاذنا الحافظ الحاج ابو الحسنات
محمد عبد الحی صاحب قبلہ جواب استفسار رقم فرمودہ بودند

سوال اول مسلمان ہونے کے لیے ایک مذہب حنفی شافعی وغیرہ ہونا خدا اور رسول
نے شرط کیا ہے یا نہیں اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور اماموں کے وقت میں لوگ
حنفی یا شافعی وغیرہ کہلاتے تھے یا نہیں اور اماموں نے اپنی اپنی تقلید کرنے کو کہا ہے
یا نہیں اور پیغمبر صاحب کے بعد کے سو برس تک مسلمان لوگ تقلید ایک امام خاص کا
نہیں کرتے تھے اور وہ مسلمان غیر مقلد اصحاب اور تابعین اچھے تھے مسلمان تھے
یا ان کے بعد کے مقلدین حنفی شافعی کہلانے والے حدیث اور قرآن کے عامل سے
ناراض ہونے والے اچھے ہیں اور پیغمبر صاحب نے صحابہ اور تابعین غیر مقلد
لوگ کے زمانہ کو اچھا کہا ہے یا نہیں اور اوس کے بعد کے زمانہ میں جھوٹ اور گناہ
پھیلنے کی خبر دی ہے یا نہیں قوی دلیل سے بیان کیجیے فقط

جواب نمبر ۱ نام میرا مولوی عبد الحی بن مولوی عبد الحلیم صاحب ساکن فرنگی محل
عمر تخمینا ۳۲ بتیس سال بالقول صالح بیان کرتا ہوں حنفی وغیرہ ہونا مسلمانی میں شرط
نہیں کیا گیا ہے اور پیغمبر صاحب اور اصحاب اور امام کے وقت میں حنفی شافعی
وغیرہ سے مسلمان موسوم نہ تھے اماموں نے اپنے قول کی تقلید کی اجازت دی
ہے اوس حالت میں جب خلاف قرآن و حدیث نہو مسلمان زمانہ اصحاب اور تابعین
کے اچھے تھے اون لوگوں سے جو عامل متدین قرآن و حدیث سے ناراض ہیں
اور پیغمبر صاحب نے زمانہ صحابہ اور تابعین اور تبع تابعین کو اچھا کہا ہے اور بعد اوسکے

زمانہ مین جھوٹ اور گناہ پھیلنے کی خبر دی ہے فقط العبد محمد عبد اللہ عفا عنہ
سوال نمبر ۲ اگر کوئی ایک امام کا مقلد بادشاہ ہو یا اور کوئی مسجد بنا دے تو وہ
مسجد بنانے والے کی ملکیت مین باقی رہتی ہے یا نہین اور ہر مسجد مین ہر مسلمان
اپنے طور و شروع پر مستحق نماز پڑھنے کا ایک وقت و یک جماعت ہے یا نہین
جواب نمبر ۲ مسجد بنانے والے کی ملکیت مین مسجد نہین رہتی اور اوسمین سب
مسلمان بطور شرع نماز ادا کر سکتے ہین اور ایک وقت اور ایک جماعت سے بھی
پڑھ سکتے ہین الا ایک ساعت مین ایک ہی مسجد مین دو جماعت نہین پڑھ سکتے فقط
سوال نمبر ۳ جو شخص بموجب قرآن و حدیث کے نماز ادا کرے اور ہر مسئلہ مین مقلد
ایک امام خاص کا نہو اور سب اماموں کو برابر برحق جانکر جسکا جو مسئلہ موافق حدیث
کے سمجھے عمل کرے تو وہ مسلمان سنت جماعت ہے یا نہین فقط
جواب نمبر ۳ ایسا شخص مندرجہ سوال سیوم مسلمان سنت جماعت ہے بشرطیکہ
قابلیت قرآن اور حدیث سمجھنے کی رکھتا ہو اور تخریب دین اوسکو منظور نہو فقط
سوال نمبر ۴ آمین بالجہر کہنا نماز مین پیغمبر صاحب کا قول اور فعل ہے یا نہین اور
یہ اسلام کی بات ہے یا کفر کی اور حنفی کی کسی کتابون سے اور صحیح حدیث سے
ثابت ہے یا نہین اور مسلمانون کا فعل قدیم ہے یا نہین فقط
جواب نمبر ۴ آمین بالجہر کہنا پیغمبر صاحب کا فعل ہے اور یہ اسلام کی بات ہے اور صحیح
حدیث سے ثابت ہے اور حنفی بھی اس مضمون کو لکھتے ہین مگر اختلاف ہے اور بہت سے
مسلمانون قدیم کا یہ فعل ہے فقط
سوال نمبر ۵ حنفیون کی کسی کتاب مین آمین بالجہر کہنے والے کے یا اوسکے ساتھ کے
نماز والون کی نماز کا ٹوٹنا یا اور کسی قسم کا حرج اور نقصان ہوتا اوسکے امام نے لکھا ہے یا نہین
جواب نمبر ۵ آمین بالجہر کے سے کہنے والے یا اوسکے ساتھیون کی نماز کا ٹوٹنا یا نقصان

ہونا اور پہونچنا کسی کتاب معتبر حنفی مین نہین لکہا ہے

سوال نمبر ۶ آمین بالجہر سے ناراض ہونا مسلمانون کا فعل ہے یا یہودیون کا حدیث سے کیا ثابت ہے اور کسی امام یا عالم کے قول سے قرآن اور حدیث پر عمل کرنیوالا اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو معیوب سمجہکر خود عمل نکرے اور عمل کرنے والے کو برا جانے وہ از روی قرآن و حدیث کے کون ہے

جواب نمبر ۶ باوصف علم اس امر کے کہ آمین بالجہر کہنا فعل نبوی ہے اوس سے ناراض ہونا کام مسلمان کا نہین ہے اور حدیث کا حال اوپر بیان ہوچکا ہے اور جو قول امام کا یا کسی عالم کا یقیناً خلاف قرآن اور حدیث کے ہو اوس پر عمل کرنا اور قرآن و حدیث کو چھوڑ دینا مسلمان کا فعل نہین ہے اور جو شخص پیغمبر صاحب کے حکم کو با وجود جاننے اس بات کے کہ یہہ حکم نبوی ہے معیوب سمجہے تو وہ شخص مسلمان نہین ہے اور عاملون کو برا جاننا درست نہین ہے فقط

سوال نمبر ۷ امور مذہبی مین شد آمد قدیم و رسم و رواج کو دخل ہے یا نہین اور اگر کوئی زور سے آمین کہنے والا مسلمان آہستہ آمین کہنے والے حنفیون کے ساتھ نماز پڑہ سکتا ہے یا نہین فقط

جواب نمبر ۷ امور و احکام مذہبی مین رسم و رواج کو دخل نہین اور زور سے آمین کہنے والا اگر منظور اوسکو اتباع شریعت ہو اور فتنہ نا منظور ہو تو حنفیون کے ساتھ نماز پڑہ سکتا ہے فقط

سوال نمبر ۸ اگر کسیکو کوئی شخص مسجد مین نماز پڑہنے سے یا اور کسی طرح سے یاد الٰہی سے روکے تو روکنے والے کو اللہ تعالیٰ نے قرآن مین بڑا ظالم اور اوسکو واسطے دنیا مین رسوائی اور آخرت مین عذاب سخت کا حکم کیا ہے یا نہین

جواب نمبر ۸ جو شخص کسیکو مسجد مین نماز پڑہنے سے یا یاد الٰہی سے بغیر وجہ شرعی کے روکے اوسکو اللہ تعالیٰ نے ظالم کہا ہے اور عذاب سخت کا وعدہ کیا ہے فقط

سوال نمبر۹ کسی حاکم کا یہ حکم کہ مسلمان لوگ مسجد مین اندر نماز کے آمین بالجہر نہ کہین دست اندازی امور مذہبی مین ہے یا نہین اور آمین بالجہر کہنے والون کو اس حکم امتناعی سے نقصان دینی ہے یا نہین اور مسجد مین اذن عام واسطے ہر مسلمان کے اپنے طور پر ہے یا نہین فقط

جواب نمبر۹ آمین بالجہر کو منع کرنا امور مذہبی مین دست اندازی ہے اور آمین بالجہر کہنے والون کا نقصان دینی ہے اور مسجد مین ہر مسلمان کے واسطے بطور شرعی نماز پڑھنے کی اجازت ہے فقط العبد محمد عبدالحی عفا عنہ

سوالات جرح وجواب آن مرقومہ جناب مولانا الحافظ الحاج ابوالحسنات محمد عبدالحی صاحب قبلہ دام ظلہ اللہ تعالی

سوال نمبر۱ آپ مقلد ہین یا غیر مقلد و تقیہ کرنا جائز سمجھتے ہین یا نہین

جواب نمبر۱ ہم مقلد ہین اور تقیہ کرنا جائز نہین سمجھتے ہین

سوال نمبر۲ اگر کوئی شخص بظاہر اپنے کو مسلمان کہتا ہو اور اوسکے فعل و حرکت سب خلاف طریقۂ مسلمانون کے و تفرقہ انداز جماعت امت محمدیہ صلعم معلوم ہوتا ہے اور عام مسلمانون کو گمراہ کرنے والا پایا جاتا ہو اوسکے نقض و فریب سے بچنے کے لیئے اوسکو اپنی جماعت سے باہر کر دینا چاہیے یا نہین

جواب نمبر۲ جس شخص کا فعل تمام مسلمانون کے خلاف ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا درست ہے اور جسکا فعل بعض مسلمانون کے موافق ہو اور بعض کے خلاف ہو اور وہ فعل موافق شریعت ہو اوسکو جماعت سے باہر کرنا نہین درست ہے اور جو شخص گمراہ کرنے والا معلوم ہوتا ہو اوسکو بطور شرعی تفہیم کیجاوے کہ وہ گمراہ کرنے سے باز رہے اور جماعت مین تفرقہ ڈالنا نہین جائز ہے فقط

سوال نمبر۳ عام مسلمانون کو ضرور ہے یا نہین کہ حفاظت اس بات کی کرین

کہ مسجد مین فساد و فتنہ ہووے وکوئی ایک مفسد کہ جسکا مقصود یہہ ہووے کہ عام نمازیون
کو متغیر و منغص کر دین کوئی فعل خلاف طریقہ عام نمازیون کے کرنے نہ دین فقط

جواب نمبر ۳ عام مسلمانون کو ضرور ہے کہ فتنہ و فساد سے مسجد کو محفوظ رکھین اور
جس شخص کا فعل موافق شرع کے ہووے اگرچہ طریقہ عام نمازیون کے مخالف ہووے
اوس سے منغص یعنے آزردہ نہوون اور کسی شخص سے ابتدا فساد کی نکرین اور جو مفسد کہ
بدنیتی سے فساد پر آمادہ ہو اوسکے فساد کو بذریعہ حاکم وقت کے دفع کرین

سوال نمبر ۴ مجتہدین نے مسائل کو قرآن و حدیث سے نکالا ہے یا اپنے دل سے لکہا ہے

جواب نمبر ۴ مجتہدین نے مسائل قرآن و احادیث سے نکالے ہین صرف اپنی رای سے حکم نہین دیا

سوال نمبر ۵ آمین بالجہر کہنا حنفیون کے طریقہ کے خلاف ہے یا نہین

جواب نمبر ۵ حنفیہ چپکے سے آمین کہنے کو نماز مین سنت کہتے ہین اور آمین بالجہر کو بھی جائز کہتے ہین

سوال نمبر ۶ اگر آمین بالجہر نہ کہے اور آہستہ کہے تو گنہگار ہوگا یا نہین اور آمین بالجہر کہنے
کا ثواب زیادہ ہے یا کہ فتنہ و فساد و خونریزی سے مسلمانون کے بچنے کا ثواب زیادہ ہے

جواب نمبر ۶ آمین آہستہ کہنے سے گنہگار نہوگا اور فتنہ و فساد و خونریزی سے
بچنے کا ثواب زیادہ ہے آمین بالجہر کہنے سے اسوجہ سے کہ آمین بالجہر کا سنت ہونا
یا آہستہ کہنے کا سنت ہونا صحابہ و مجتہدین مین مختلف فیہ ہے اور فتنہ و فساد کی حرمت

اتفاقی ہے فقط

سوال نمبر ۷ باعتبار دینداری مسلمانون کے مکہ معظمہ و مدینہ منورہ اسلام کا دیس ہے
یا نہین اور مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین تقلید کرنا جاری ہے یا نہین بینوا توجروا

جواب نمبر ۷ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ اسلام کے دیس ہین اور تقلید وہان جاری
ہے فقط تحریر ۲ جنوری [illegible]

۲۲۱

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ بعد خطبہ عیدین کے

جو مصافحہ ومعانقہ لوگوں میں مروج ہے وہ مسنون ہے یا بدعت بینوا توجروا

ہو المصوب وقت مصافحہ ومعانقہ ابتدای ملاقات ہے پس بعد نماز عید کے
مصافحہ ومعانقہ مسنون نہیں اور علما اس باب میں مختلف ہیں بعض بدعت مباح
کہتے ہیں اور بعض بدعت مکروہ ہر علی کل تقدیر ترک اسکا اولی ہے کتاب الاذکار
للنووی میں ہے اعلم ان المصافحة مستحبة عند کل لقاء واما ما اعتاده الناس من
المصافحة بعد صلوة الصبح والعصر فلا اصل له فی الشرع ولکن لا باس به فان اصل
المصافحة سنة وکونهم حافظوا علیها فی بعض الاحوال وفرطوا فی کثیر من الاحوال
او اکثرها لا یخرج ذلك البعض عن کونه من المصافحة التی ورد الشرع باصلها انتهی
اور در مختار میں ہے واطلاق المصنف تبعا للدرر والکنز والوقایة والنقایة
والمجمع والملتقی یفید جوازها مطلقا ولو بعد العصر وقولهم بدعة ای مباحة
انتهی اور رد المحتار میں ہے قد یقال ان المواظبة علیها بعد الصلوة خاصة تؤدی الجهلة الی اعتقاد
سنیتها فی خصوص هذه المواضع مع ان ظاهر کلامهم لم یفعلها احد من السلف نقل عن الشرنبلالی
عن ابن حجر انها بدعة مکروهة لا اصل لها فی الشرع انتهی اور مدخل ابن الحاج میں ہے اجاز المعانقة
ابن عیینة عند اللقاء من غیبة کانت واما فی العید لمن هو حاضر معك فلا واما المصافحة
فانها وضعت فی الشرع عند لقاء المؤمن لاخیه واما فی العید علی ما اعتاده بعضهم عند الفراغ من الصلوة
یتصافحون فلا اعرفه لکن قال الشیخ ابو عبد الله بن النعمان ادرکت بمدینة فاس والعلماء العاملون بعلمهم
متوافرون انهم کانوا اذا فرغوا من صلوة العید صافح بعضهم بعضا فان کان یساعده النقل عن السلف
فیا حبذا وان لم ینقل فترکه اولی انتهی حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا کیا فرماتے ہیں علمای دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ میں کہ جو نوافل بعد نماز
عشا کے بیٹھ کر پڑھے جاتے ہیں اور اوقات میں نوافل بیٹھ کر پڑھنا احادیث مسلسلہ سے ثابت ہے یا نہیں بینوا توجروا

هوالمصوب آنحضرت صلعم سے نماز تہجد کبھی کبھی بیٹھکے پڑھنا ثابت ہوا اور دو رکعت نفل بعد وتر کے بیٹھکے پڑھنا ثابت پائی اور نوافل بعد ظہر اور مغرب یا اور اوقات مین بیٹھکے پڑھنا ثابت نہین ہے بلکہ احادیث مین وارد ہے کہ بیٹھکے پڑھنے سے ثواب کم ملتا ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی

محمد عبد الحی ابو الحسنات | صلی الخفی ۵

۲۲۳

استفتا کیا فرماتے ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ مرد مسلم اور کافرہ سے یا بر عکس از روی زنا فرزند یا دختر پیدا ہو کر قبل بلوغ یا بعد بلوغ کے مرجاوے تو اوسکے تجہیز و تکفین کا کیا حکم ہے بینوا توجروا

هوالمصوب بعد بلوغ کے اگر وہ اسلام لایا تو تجہیز اوسکی مثل مسلمین کے ہوگی اور اگر کفر کو اختیار کیا تو مثل کفار کے اوسکی تدفین ہوگی اور قبل بلوغ کے وہ اپنی مان کے تابع ہے کیونکہ ولد الزنا کا نسب مان سے ثابت ہے نہ زانی سے اور بحر وغیرہ مین ہے ہو تابع لاحد ابویہ الی البلوغ مالم یحدث اسلاما وهو ممیز انتہی پس جبتک کہ وہ ایام تمیز مین اسلام نہ لاویگا اپنی مان کے حکم اسلام اور کفر مین تابع ہوگا واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۲۴

استفتا کیا فرماتے ہین علماے دین اس مسئلہ مین کہ اعتبار اخبار ٹیلیگراف کا درباب رویت ہلال رمضان یا شوال کیا جاوے یا نہین اور در صورت اعتبار حکم صوم یا افطار دیا جاوے یا نہین باوجودیکہ فی زماننا باعتبار اخبارات ٹیلیگراف لاکھون معاملات دنیوی ہوتے جاتے ہین اور کا ہے تفاوت اخبار نہین ہوتا ہے بینوا توجروا

هوالمصوب بحسب ضوابط فقہیہ مجرد اخبارات تار وغیرہ درباب حکم صوم و افطار معتبر نہین در مختار مین ہے یلزم اهل المشرق برویۃ اهل المغرب اذا ثبت

اولئك بطريق موجب انتهى اور رد المحتار مين ہے قوله بطريق موجب كان يتحمل
اثنان الشهادة او يشهد على حكم القاضي او يستفيض الخبر انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه
القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

٣٢٥

استفتا كيا فرماتے ہين علماى دين اس مسئله مين كه قرآن شريف كا تلاوت
كرنے والا ايك ايك آية يا ايك ايك ركوع پڑہتا جاوے اور ترجمه بزبان ہندی يا
فارسى وغيره كرتا جاوے تو شركت كلام در كلام بارى ہوتى ہے يا نہين اور در صورت
شركت ہونے كے كيا حكم ہے بينوا توجروا

هو المصوب ہرگاه مقصود اوسكو فہم معانى قرآن ہے نه صرف تلاوت پس اس
صورت مين كچه حرج نہين ہے والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات
محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

٣٢٦

استفتا كيا فرماتے ہين علماے دين و مفتيان شرع متين اس
مسئله مين كه قاعدهٔ اخيره يا اولے مين وقت شہادت كے سبابه مرفوعه
بعد الا الله كے حلقه توڑكر ركهديوے يا بيچ حلقه مرفوعه تا سلام رہنے ديوے
بينوا توجروا

هو المصوب وسى طور سے حلقه تا آخر رہنے ديوين ملا على قارى مكى كے
رساله تزيين العبارة لتحسين الاشارة مين ہے الصحيح المختار عند جمهور اصحابنا
ان يضع كفيه على فخذيه ثم عند وصوله الى كلمة التوحيد يعقد
الخنصر والبنصر ويحلق الوسطى والابهام ويشير بالمسبحة رافعا لها عند النفي
وواضعا لها عند الاثبات ثم يستمر على ذلك لانه ثبت العقد عند
ذلك بلا خلاف ولم يوجد الامر بتغييره فالاصل بقاء الشيء
على ما هو عليه واستصحابه الى آخر امره ومآله اليه والله اعلم

حرره الراجي عفو ربه القوي أبو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي
والخفي

محمد عبد الحي
أبو الحسنات

خاتمة الطبع

الحمد لله الأحد الصمد الذي لم يلد ولم يولد هو حي قيوم لا يفنى ولا يموت وكل حي ميت إذا آن له كتابه
وإذا آن له وقت ليفوت وأشهد أن لا إله إلا هو خالق الإنس والجان وله الملك والملكوت وحب الله تعالى
واختياره في قلوب المؤمنين من الأزل إلى الأبد منقوش ومثبوت والصلوة والسلام على من بعث بالحجج القاطعة
والبراهين الساطعة إلى كافة الأنام من الأصاغر والأكابر والرتوت وعلى آله وأصحابه الذين صارت من هيبة
جلالتهم أفواه الشرك والطغيان بالخفوت أما بعد فيا أيها المسلمون اعلموا أن الدنيا دار ليس لها
ثبات وقرار وما فيها شيء إلا كتب له الفناء والفرار فاعتبروا بسفر الآخرة ولا تغتروا على الحياة الدنيا
وزينتها لأن متاع الحياة الدنيا قليل والعقبى خير الدار ولا تتحرك ذرة إلا بإذن الله الملك العزيز
القهار فيا إخواني إنما كان حال الدنيا وما فيها هذا فما لنا لا نعود إلى ذكر الجليل الجبار ونترك صحبتها
والفتها لأنه موالي المعاصي الكبار وهو شيء لا يغفره الله في يوم البعث والنشور إلا من تاب بشفاعة
نبيه المختار فيا أيها الماهرون إني أخبركم بخبر ترق به القلوب وتحول الحسرة والحرمان في هذه الدار
وتجري الدموع من العيون وتشق الجيوب وتضطرب الأفكار وهو ذكر رحلة شخص متبول مجيب فقيه محدث
عالم كامل ذي الوجاهة والاعتبار مشهور معروف في الفضل والزهد والورع والتقوى مذكور على ألسنة
الناس في أكناف الديار وأطراف الأمصار الذي كانت حضرته المقدسة محط رحال الكملة والكبار وأقر
له الفضلاء بالفضل والوقار واتفق العلماء على أنه كان عديم النظير في الدهر معتنياً بربه الغفار
وكانت ظلال إفاضاته ممدودة على رؤوس الأنام آناء الليل وأطراف النهار وهو أستاذي وأستاذ الأساتذة
مولانا المحدث الحاج الحافظ المولوي أبو الحسنات محمد عبد الحي اللكنوي الأنصاري الفرنگي محلي
أعطاه الله جنات تجري من تحتها الأنهار وقد تهيأ بغتة لسفر الآخرة من هذه الدار إلى دار القرار
تغمده الله وأعطاه جنة نعيم التي فيها الحور والقصور والأشجار مع الأثمار وكانت وفاته في ليلة

يوم الاثنين المكمل لشهر ربيع الاول سنة اربع وثلاث مائة والف من هجرة رسول المختار فيا ايها المخلصون
قولوا انا لله وانا اليه راجعون وتوبوا الى الله توبة نصوحا واتقوا الله ان الله يحب المتقين ثم اعلموا ان كل نفس ذائقة
الموت بتقدير رب العالمين ثم بعد فيا ايها الناظرين لما كانت هذه المجموعة النفيسة الشريفة
المشتملة على سوالات بطريق الاستفتاء وجواباتها على نهج القضاء من افاداته الكبيرة وتاليفاتها
الكثيرة نافعة للمسلمين ومفيدة للطالبين ثم كانت اصلها مطولا فى جلد ضخيم طويل الحجم كثير الغلط من
تصحيف الناقلين فامرنا ذو المجد الخفى والجلى المولوى محمد خادم حسين العظيم ابادى سلمه الله
ذو الايادى لترتيبه وتقسيمه على جلدين لئلا يشكل طبعه على الطابعين ثم لم يبطل من طول الغة شوق مطالعته عن قلوب
المشتاقين والمنتظرين فقبلت من الشريف فصرفت جهدى فى هذا الامر المنيف فقسمته على جلدين مع ضيق
الفرصة وهجوم الافكار وسميته بمجموعة الفتاوى بعناية الرب الغفار ثم اشار اشارة جميلة
لطبعها وتصحيح الكلام واسقاط الاسقام الى العالم الجليل والفاضل النبيل ابى استاذ المولوى
السيد محمد معشوق على مد ظله العالى فهتم للطبع [illegible] جاهد حق الجهد فى صحة مبانيها
وتحقيق معانيها الا انه ما كان فى اصلها غلطا ناشيا من سهو الناقلين وبعض فتاويها مرقومة بخط غير مربوط لم يقدر
ولم يستطع على قرأته احد من الناظرين فمع الصحة الكاملة ان وقع الشك والشبهة فى بعض الفاظها عند
الماهرين فهو برى منه بمصداق الانسان مركب من الخطاء والنسيان وصحته متعلقة بانظار الناظرين
فلله الحمد على ان ستتم طبع جلده الاول فى شهر الربيع الاول من سنة خمس وثلاث مائة والف من هجرة
رسوله عليه التحية والسلام وارجو منه تسهيل طبع جلده الثانى بحسن الاختتام وآخر دعوانا ان الحمد لله
رب العالمين ثم الصلوة والسلام على رسوله خاتم المرسلين ثم على آله واصحابه اجمعين فقط وانا العبد
العاصى المبتلى بالمعاصى محمد المدعو بعابد على عفا الله ذنبه الخفى والجلى متوطن المصطفى اباد المشتهر
على السنة العوام بكسمنڈى من متعلقات مليح اباد ضلع [illegible] لكنؤ صانه الله عن الفساد بفضله الابدى

ايضا منه فى الفارسية

حيف مولانا ابو الحسنات [illegible]	بود مفتى وفقيه باوقار

هم مفسر هم محدث بود و هست
از تصانیفش بر ارباب کمال
کثرت تالیف تصنیف [illegible]
از بلاد هند تا اقصای روم
شش جهت پر نور بود از [illegible]
اشک خونین ریخت خود چشم قلم
نوحه تا جایز بود با حکم شرع
از هجوم درد آه اهل سوز
چون چنین علامه در خاک [illegible]
شد طمانینت ز قلب اهل فن
کان جناب فخر [illegible] علم و هنر
چون بغیر از صبر دیگر چاره نیست
از برای اخذ تاریخ وفات
ماند از تالیف و تصنیفات او
باش این مجموعه [illegible]
صفحهایش [illegible] سطر [illegible]
دید چون [illegible] الالباب
اصل [illegible] چون از بهر طول
بعد انعام از عنایتهای او
پس بروی الطلبا [illegible]
با مکینش ساحت الفردوس باد
[illegible] العرش هم از طبعش بود
زانکه نامم عابد [illegible]
فاعف عنی یا [illegible]

هم مدرس در میان روزگار
فضل او لاریب گردید آشکار
چون سیوطی گشت از وی [illegible]
ماه او کالشمس فی نصف النهار
چون برفت اگشت ظلمت آشکار
سینهٔ طلاب شد از غم فگار
عالمی گردید از غم سوگوار
چون شب یلدا سیه شد روزگار
روی خود پوشید گردون از غبار
جا گرفته در خواطر انتشار
رفت از دنیا سوی دار القرار
ماند هر کس عاجز و بی اختیار
بر ملا گفتم بچشم اشکبار
فیض جاری در میان روزگار
از افادتهای آن عالی تبار
حرفهایش جمله در آبدار
مولوی خادم حسین نامدار
اهتمام اندر [illegible] فراوان آشکار
ختم جلد اولش شد آشکار
زود در رقم مرغوب [illegible] اختیار
از عنایات خدا جای قرار
مهبط الطاف لطف کردگار
چون [illegible] خائف آمرزگار
[illegible]

حاجی بیت الحرم بود و مستقیم
پس نماند [illegible] علم و فضل او
آستانش از پی طلاب بود
در مقام حل اشکال [illegible]
ناگهان چون [illegible] جهان [illegible]
دست حیرت بر زنخدان [illegible]
رحلت آن شیخ جلیل عالم شد
حیف گم شد از مدارس [illegible]
زلزله بگرفت در جسم قلم
وقت شب بود از ربیع الاخر
گشت حیران هر که بشنید این خبر
کلمه رحمت فرا رفت از زمین
بی سر و پا شد بسال رحلتش
صاحب تصنیف گم شد از جهان
هست [illegible] از فنا و [illegible]
وسعت علم از جوابانش عیان
بهر ترتیبش [illegible]
در دو جلد [illegible] کردم منقسم
فکر کردم چون برای سال او
تاریخش محفوظ ماند از ریا
سال [illegible] هم [illegible]
بعد از آن این [illegible] عصیان
رب اغفرلی ذنوب [illegible]

حافظ قرآن و هم شب زنده دار
[illegible] جناب کردگار
در میان هند [illegible]
[illegible] کرد [illegible]
کرد رحلت جانب دار البقا
گشت دامن تا گریبان تار تار
اهل فن را رفت از دلها قرار
رحل ارباب لسان شد [illegible]
[illegible] گشت [illegible]
سال الف و سه صد افزون [illegible]
غلغله افتاد اندر روزگار
تا بسقف چرخ هفتم ناله دار
علم و فضل [illegible]
هست تصنیفش بعالم یادگار
چون بیان [illegible]
شوکت فضل از بیانش آشکار
بهر طبعش کرد جهد بی شمار
تا بزودی طبع گرد این نگار
[illegible]
سامعش از شرک باشد برکنار
از هجوم فکر و رنج روزگار
نیز باشد این [illegible]
مبتلا [illegible]

صفحه	مضمون استفتا
۱۱۵	استحقاق هر دو لیسران زید موروث در اراضی معطاة بادشاه و یکی از ینها
ایضا	در ادای چهار رکعت فرض احتیاطی بعد جمعه
۱۱۶	در انتفاع از درختهای کجور و نار بهر نوعی که باشد و خوردن آب وی که قبل رسیدن حرارت آفتاب مسکر نباشد
۱۱۷	عدم استحقاق عمرو چیزی را که هنده مجرد اقرارش کرد
۱۱۸	لزوم ایفاء وعدهٔ مقر یا وارث وی اگر مقر با نوارث وصیت درین باب کرده است و عدم ثبوت استحقاق مقر له جز مجرد اقرار مقر
۱۱۹	جواز خوردن طعام مطبوخ از دست هنود و هم خوردن آب از دست وی
ایضا	جواز نماز از جامه شسته شده از دست هنود
۱۲۰	عدم کراهت طعام محفوظ که حاملش حجام باشد و طهارت آب محفوظ که حاملش کهار باشد
ایضا	عدم جواز فروختن کافر خود را یا اولاد صغار خود را بدست مسلمانان و جواز خریدن کافر کرده را مفرور کنانیده

صفحه	مضمون استفتا
	در دار الاسلام می فروشند و دخول کافر در غلامی بجهاد اگر مال غنیمت موافق شرع تقسیم کرده شود
۱۲۱	در حکم شخصیکه مسجد یا مکان مقدس را بشکند
۱۲۲	املاک وقف ملک کسی نیست
ایضا	جواز نکاح شخصیکه از بطن منکوحهٔ سابقه زید بود و همشیرهٔ منکوحهٔ ثانیه وی
ایضا	مراد از حدیث ستفترق امتی الخ مسلمانان هستند و سب شیخین موجب کفر نیست و قبول توبه از روافض
۱۲۳	حلت گوشت بغیر کراهت او در مذهب حنفیه
۱۳۱	عدم جواز نقل اسباب مسجد منهدم برای مسجد دیگر
۱۳۳	تفصیل حکم اقتداء مقتدیان در عشرهٔ ثانیه رمضان بحافظیکه در عشرهٔ اولی ختم بدیگر مسجد کرده
۱۳۵	جواز فسخ نکاح رافضی از سنیه بوجه فسق او نه بوجه کفر او
۱۳۶	در حکم شخصیکه ششتم مثال آنحضرت صلعم نزد سید بلد
۱۳۹	در حکم نماز وتر بجماعت بعد از آنکه نماز عشا تنها خوانده شد

صفحہ	مضمون استفتا
۳۱۰	ذکر حکم اعتبار رویت ہلال کی بجانب دیگر و در تعیین مسافت در میان این ہر دو بلد و در تعیین مسافتیکہ بوی اختلاف مطالع میشود
۳۱۱	حرمت ضرب آمین بالجہر گو و عدم تحلل و ارباذ و ان تنبیہ باذن عالم بدون تحجیر این فعل
ایضا	لزوم توبہ برکسیکہ آمین بالجہر گو را زد و کسیکہ آمین بالسر گو را ملامت کرد
۳۱۲	جواز زیادتی ثمن بسبب اجل و عبارت صلح ہدایہ مخالف عبارات منقولہ نیست
۳۱۳	جواز استعمال پارچہ کہ رنگہای لقتندہ منقش ست بدو شرط
۳۱۴	وقوع سہ طلاق بر ہندہ وقتیکہ زوجش سہ بار لفظ طلاق ادا کرد و عدم جواز نکاحش بوی بدون تحلیل
ایضا	عدم ثبوت حرمت بسبب رضاعتیکہ بعد از دو سال باشد و عدم ثبوت چنین رضاعت
۳۱۵	عدم صلیت جنین و سجدہ کہ بعضا نزد تربہ کردہ می‌شوند و موضوعیت حدیث حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا در وی
۳۱۶	نزول آیۃ الیوم اکملت الخ در حجۃ الوداع

صفحہ	مضمون استفتا
	بمقام عرفات یا در حکم غدیر و عدم علاقہ این آیت و آیہ یا ایہا الرسول بلغ الخ با امامت حضرت علی رض و عدم ذکر خلافت ایشان در قصہ من کنت مولاہ الخ
۳۱۸	عدم جواز نکاح زید با مرتضعہ ہندہ وقتیکہ زید از ہندہ زنا کرد
۳۱۹	حرمت زوجہ شخصیکہ مادر زوجہ را بحالت شہوت لمس کرد بران شخص
۳۲۰	ترجیح گواہان عمرو کہ مدعی حدوث دروازہ زید کہ مرورش در زمین عمرو است بر گواہان زید کہ مدعی قدم اوست
۳۲۴	صحت نماز عید یکہ تعین یافت بفتوی مفتیکہ شہادت رویت ہلال بتاریخ بست و نہم از دو شخص مسافر ثقہ قبول کرد باوجود عدم رویت او دران تاریخ در شہر و عدم خروج آن مفتی از حنفیت
ایضا	عدم جواز وقف مالیکہ مالکش واقف نیست
ایضا	عدم جواز وقف مشاع مشترک محتمل القسمۃ
۳۲۵	عدم جواز تغییر قاضی و حاکم متولیی را کہ واقف بشرط عدم تغییر ایشان از وی قضا کرد دیگر وقتیکہ خیانتش ثابت شود

صفحه	مضمون استفتا
۳۹۵	در زیارت موی مبارک نبوی و شرکت محفل زیارت آن که از امور ممنوعه عنها خالی نیست و اول بغیر اسناد منسوب با آنحضرت است
۳۹۸	عدم جواز استعمال زیورات که بهنگام رفتار از آن آواز برمی آیند و خضاب احمر خشک بمذهب امام اعظم رح و عدم مس نزد صاحبین رح
۳۹۹	فتوی در حدیث رابر طاق بنه این کلمه موجب ارتداد و باعث کفر است و ارتداد موجب فسخ نکاح
۴۰۰	عدم جواز نکاح پسر پسر با دختر دختر بوقت ثبوت حرمت رضاعت
۴۰۱	در کیفیت اختلاف صحابه و تابعین و ائمه مجتهدین علیهم الرضوان در اکثر مسائل شرعیه و در صحت و عدم صحت اقتدای حنفی بمالکی و حنبلی و شافعی
۴۰۸	جواز تعدد نماز عیدین مطلقا در یک موضع یا مواضع
۴۰۹	ادای نماز ظهر بعد نماز جمعه احتیاطا جائز است بنابرین که جمعه فرض یا جائز نیست و نماز ظهر بعد جمعه فرض است
۴۱۰	حقیقت مسائل ثالث یعنی معلوم المعنی متشابه الکیفیت منجمله مسائل چند در باب آیات صفات
۴۱۳	لزوم اعادهٔ نماز فجر و عشاء و وتر به نیت قضا بعد غسل در حالت مشاهدهٔ اثر منی بر پارچه

صفحه	مضمون استفتا
	و عدم تذکر احتلام و احتمال درین که این از احتلام شب گذشته است یا از پیشتر
ایضا	جواز تجارت تنباکو خوردنی و نوشیدنی بغرض تحصیل منفعت و فراغت معاش
۴۱۴	مغایرت نماز وتر که وقتش بعد صلوة عشا تا طلوع صبح است و در وجوب و سنیت وغیره اش اختلاف است و واقع هست با نماز تهجد و اشتراک آن هر دو در اطلاق
۴۱۸	در شبهائیکه آنحضرت در آن تراویح بجماعت ادا کرده اند ادا کردن نماز تهجد علیحده از آنحضرت مروی نیست
۴۱۹	بعد ادای تراویح و وتر باول شب ادای تهجد با آخر شب مخالف سنت نباشد بلکه از آنحضرت صلی الله علیه وسلم و صحابه رض بثبوت رسیده
ایضا	نماز وتر به سه رکعت بسه طور منقول است یکی بفصل سلام مابین رکعتین و رکعت ثالثه دوم هر سه رکعت بیک تشهد در آخر سوم بدو قعده و یک سلام همچو نماز مغرب لکن بطریقین اولین باسانید معتبره از آنحضرت مروی و بطریق ثالث از آنجناب بسند غیر معتبر و از صحابه باسانید معتبره

صفحه	مضمون استفتا	صفحه	مضمون استفتا
۴۵۰	استفتا در صلوة ظهر بعد جمعه		بدر رود و علی الاعلان مرتکب زنا شود و مهور را شعار خود سازد و زوجش باو واسطه ندارد آن زن مطلقه نیست و ادای زکاة بشش [illegible]
۴۵۲	عدم جواز تحصیل منافع مرهون با وجود حلال و مباح گردانیدن راهن بر مرتهن آن منافع را		
۴۵۳	درصورتیکه زید یکقطعه نوت نزد عمرو باعوض نهاده که عمرو منافعش بزید داده باشد پس اینچنین منافع حرام قطعی و سود صریح ست	ایضا	جواب سوال چهارم زکاوین بصورت خروج زن از خانه شوهر یا انتقال از وی بدیگری هم بر شوهر باقی ست و اما نان و نفقه پس ساقط
ایضا	انقلاب نحاس وغیره بطرف ذهب و فضه نزد اکثر ارباب شرع و جمعی از علمای حکمت ممکن ست	۴۶۰	اطلاق لفظ معلم بر خیر و شر بر آنحضرت علیه صلوة الله الاکبر خارج از سوء ادبی نیست
۴۵۶	در بعض روایات ارسال یدین وارد است	ایضا	نوشیدن داروئیکه آمیزش خمر دران اگرچه اندک باشد مطلق نیست یا شیفتن حرام ست
ایضا	خوردن آنحضرت لحم بقر را صراحةً بروایتی از نظر نگذشته		
۴۵۷	خواندن انبیاء و اولیاء کرام از قریب و بعید بطریق استمداد در همه حال عموما و در حالت ندا خصوصا ایشانرا حاضر و ناظر دانستن و انجاح حاجت نمودن حرام و شرک صریح ست	۴۶۱	جواز اقتدا و غاسل بجنب متیمم
		ایضا	منجمله روافض منکر ضروریات دین کافر و صرف تبرائی کافر نیست و خلاف کننده لا تقربوا الزنا فاسق ست نه کافر و آنکه رد البلا بمعنی در ذریعه دفع بلا گفتن جائز بلکه اولی ست
۴۵۹	جواب سوال اول بمجرد گفتن لفظ میں تجهکو چهوڑیا طلاق واقع خواهد شد	ایضا	ذبیحه رافضی اگر منکر ضروریات دین ست ناجائز الا درست و جرم زنا از توبه نصوح معفو میشود
ایضا	جواب سوال دوم نکاح ثانی زوجه درصورتیکه زوج زوجه را از خانه خود بدر کرده بوجهی از نفقه وغیره خبرش نگرفت ممکن نیست الا بعد طلاق	۴۶۲	زر خرچه گرفتن زید را شرعا جائز نیست
ایضا	جواب سوال سوم زن منکوحه اگر از خانه شوهرش	۴۶۳	تجارت چرم غیر مدبوغ حرام ست و تجارت غله بهر طور درست ست اگر معامله خلاف شرع